بدیہہ - بے سوچے جلدی سے کہہ دینا - ظاہر

بدیہات - وہ چیزیں جن کے سمجھنے میں فکر نہ کرنی پڑے۔

بدیہی - ظاہر - جس میں دلیل کی ضرورت نہ ہو۔

بذر الکتان - السی

بذع - ڈر - خوف

بذل - بخشش - گھوڑے کی باگ خرچ۔

بذلہ - لطیفہ

بذور - جمع بذر - دانہ

بر - بر - بغل - بغل

بر - خشکی کا قطعہ - نیکوکار

بر - نیکی

بر - گندم

برآمدگی دماغ - ناک کا بانسہ

براءت۔ پاک ہونا۔ دُور ہونا۔
بُرات۔ روپیہ وصول کرنیکا چک حصہ۔
برادر۔ بھائی
برادر صلبی } سوتیلا بھائی۔ وہ بھائی
برادر بطنی } جنکی ماں ایک ہو اور باپ علیحدہ۔
برادر رضاعی۔ دودھ بھائی
برادر دادا سی۔ بڑا بھائی
بُرادہ۔ چُورہ۔ بُورا۔ سفُوف۔
برار۔ جمع بَر۔ جنگل
برازہ۔ ایسا جنگل جس میں درخت نہ ہوں۔
برازہ۔ پاخانہ۔ میلا۔ نجاست۔
برازندہ۔ سنجیلا
براش۔ فراش۔ زخم
براعت۔ فصاحت و بلاغت کمالیت
براعتہ الاستہلال } کتاب یا قصیدہ کے شروع کے شعروں میں ایسے الفاظ لانا جس سے ساری کتاب کا مطلب ظاہر ہو۔

بُراق۔ بجلی کیطرح تیز۔ رسول کریم کی شب معراج کی سواری کا گھوڑا۔
برّاقی۔ ریشمی کپڑے کی چمک
برآمد۔ نکاس۔ خرچ
برآمدن۔ باہر نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ طلوع ہونا۔
بُرّان۔ کاٹنے والی تلوار۔ تیز
برانڈی۔ برانڈی
برآورد۔ اخراجات کا کاغذ۔ تقسیم تنخواہ کا رجسٹر۔
برآوردن۔ باہر لانا
برآویختن۔ لٹکانا
براہیم۔ حضرت ابراہیم
براہمہ۔ جمع برہمن
براہین۔ جمع برہان۔ دلیلیں
برایا۔ رعیت۔ پبلک۔ جمع بریہ
بربار۔ اوپر کی طرف
برบالیدن۔ آسمان کا چڑھانا
بربست۔ قاعدہ۔ قانون
بربری۔ وحشی

بربط - عود - ایک ساز کا نام
برتافتن - بل دینا - موڑنا
بُرج - گنبد - آسمان کے بارہ حصوں میں سے ایک حصہ۔
برجاس - تیر کا نشانہ
برجستن - کودنا
برجستہ - ابھرا ہوا - ٹھیک
برچیدن - چننا - چُگنا
برجیس - مشتری
برحق - درست ٹھیک - سچ
برخاستن - اُٹھنا
برخوردار - پھلدار - بچہ، لڑکا
برخ - کچھ
برخوردن - ملاقات - ملنا
برَد - اولا
بُرد - سردی - خبردار
بُرد - دھاری دار کپڑا - شطرنج میں بادشاہ کے سوائے باقی کل مہروں کا کٹ جانا
برداشتن - اُٹھانا
برداشت - بیان - سہارنا

بُردبار - متحمل - صابر
بُردجرد - ہمدان کے قریب ایک قصبہ کا نام۔
برد بافت / بُردن } فیصلہ کن جنگ کرنا۔
بُرد عجوز - سخت جاڑا - عین سردیوں کے سات دن
بُردن - لیجانا
بُردہ - زرخرید غلام - قیدی
برد یمانی - یمن کی چادر
برز - عقلمندی - زیبائش
بُرز - قدر - مرتبہ
برزخ - موت سے قیامت تک کا زمانہ۔
برزن - گلی - کوچے
برزین - ایک آتش خانہ اور ایک کتاب کا نام۔
برشتن - بھوننا
برشگال - موسم برسات ساون کا مہینہ۔
برص - کوڑھ کی بیماری

برطبق۔ موافق
برطرف۔ ملازمت سے علیحدگی
برقلہ۔ کلاہ۔ پگڑی کے اندر رکھنے کی ٹوپی۔
برع۔ غالب آنا
برعکس۔ برخلاف۔ اُلٹا
بُرغ۔ پشتہ
برغمان۔ اژدہا
بُرغوث۔ پسّو۔ کیک
برق۔ بجلی
برقرار۔ قائم
برقع۔ نقاب۔ عورت کے چھپنے کا پردہ۔
برک۔ بیٹھے ہوئے اونٹوں کی جماعت۔
برگ۔ درخت کا پتّہ۔ ساز و سامان۔
برکات۔ جمع برکت
برکہ۔ پانی کا حوض
برگردیدن۔ پھرجانا۔ وعدہ خلافی
برگ ریزہ۔ پت جھڑ۔ خزاں
برگزیدن۔ چننا۔ انتخاب کرنا۔ پسند کرنا۔
برگستواں۔ گھوڑے اور سوار کا جنگی لباس۔
برگشتن۔ باغی ہونا۔ پھرجانا۔
برگشتہ۔ پھرا ہوا۔ باغی۔ منحرف
برگ و نوا۔ کھانے کا سامان۔ ساز و سامان۔
برم۔ محافظ۔ غم سے عاجز و بے قرار۔
برمک۔ عرب کے ایک بزرگ خاندان کا نام۔
برمال کردن۔ بھاگنا
برم چیدن۔ ہاتھ سے کسی عضو کو ملنا۔
برملا۔ علانیہ۔ عوام کے رُوبرو
برنا۔ جوان
برنج۔ چاول
برنجن۔ بازوبند۔ کنگن۔ ایک زیور۔
برند۔ تلوار کا جوہر

برنشاندن - بٹھلانا
برنغار - لڑائی میں بادشاہ کے داہنے ہاتھ کی فوج۔
بروت - مونچھ
بروج - جمع برج
بروجرام - پروگرام
بروز - باہر نکلنا۔ ظاہر ہونا
بروزات - انکشافات
بروکسل - برسلز بلجیم کا تخت گاہ
بروز دادن - ظاہر کرنا
برون - باہر
برہ - بکری کا بچہ۔ برج حمل
برہان - دلیل۔ عقل کی رو سے کوئی وجہ۔
برہیختن - کھینچنا۔ تعلیم کرنا
برہم - الٹ پلٹ۔ ناراض
برہنگی - ننگاپن
برہنہ - ننگا
بری - الگ۔ پاک
بریاں - بھنا ہوا
بریہ - خلقت۔ پبلک۔ دنیا کے لوگ

بُریدن - کاٹنا
بُرید - ڈاک کا ہرکارہ۔ قاصد
بریشم - ریشم
بریق - روشن - چمکتا ہوا
برین - بلند ترین
برتی گردانیدن - الٹا دینا
بز - پونجی - کپڑا
بُز - بکری
بزاز - کپڑا بیچنے والا
بزاق - تھوک
بُزدل - ڈرپوک
بزر - بیج
بزرجمہر - نوشیرواں کا وزیراعظم جو اعلےٰ درجہ کا دانا تھا۔
بزرقطونا - ایک مشہور دوائی۔ اسبغول
بزرگر - کاشتکار۔ کسان
بزرگوار - بزرگوں کی مانند بزرگ
بزرخ - آفتاب کا روشن ہونا
بزغالہ - بکری کا چھوٹا بچہ
بزل - سختی - شدت

بزلہ۔ لطیفہ
بزم۔ مجلس
بزم گاہ۔ جائے عیش
بزور۔ زور کے ساتھ
بزور۔ جمع بزر۔ بیج
بزوغ۔ سورج چاند وغیرہ کا روشن ہونا۔
بزن بہادر۔ دلیر۔ بدمعاش
بزن گاہ۔ موقع
بزہ۔ بدنصیب۔ خطا
بزہ کار۔ گنہگار۔ خدا کا مجرم
بس۔ کباب بھوننے کی سیکھ۔ کانٹی۔
بسا۔ فارس کے ایک شہر کا نام اکثر۔
بساتین۔ جمع بُستان۔ باغات
بساط۔ فرش۔ بچھونا۔ سامان۔ شطرنج کھیلنے کا کپڑا۔
بساط کتاب۔ بک سٹال
بساطی۔ خردہ فروش۔ دکاندار
بسالت۔ بہادری۔ دلیری
بسان۔ بیخ و بن سے اکھڑنا
بشام۔ ہنستا ہوا
بشان۔ اُسی طرح کا۔ مانند ویسا ہی۔
بسائط۔ اربعہ عناصر۔ جمع بسیط
بسباسہ۔ جاوتری
بَسبَس۔ بسابس جمع۔ بنجر زمین بیابان۔ بے آب و گیاہ جنگل۔
بست۔ بیس۔ ۲۰
بُستہ۔ پارسل
بستان۔ باغ۔ پھولوں کا باغیچہ
بستان افروز۔ گل کلغا۔ مرغ کی کلغی۔
بستر۔ بچھونا۔ بساط۔
بُستم۔ بیسواں۔ ۱/۲۰ حصہ
بستہ۔ نقمہ
بستن۔ باندھنا۔
بستنی۔ برف لیموں
بستہ۔ پیکٹ۔ بنڈل
بُسد۔ مرجان۔ مونگا۔ سرخ کلیاں

بُسر۔ خرما جو پکنے کے قریب ہو۔
بسطام۔ ایک شہر کا نام
بسط۔ بچھانا۔ پھیلانا۔ گفتگو کرنیوالا
بُسطت۔ کشادگی
بسقمات۔ بسکٹ
بسمل۔ زخمی۔ گھائل۔ سخت مجروح۔
بسم اللہ۔ خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں۔
بسلمہ۔ مخفف بسم اللہ
پَسند۔ بس کیا ہوا۔ پسند کیا ہوا۔
بسوتم۔ بستانم
بسیار۔ بہے۔ بہت
بسیچیدن۔ ارادہ کرنا
بسیچ۔ قصد۔ ارادہ
بَسیط۔ مفرد۔ فراخ
بَسیم۔ مسکرانیوالا
بشارت۔ خوشخبری
بشاشت۔ خوش خلقی۔ کشادہ روئی۔

بشاش۔ خوش
بشخانیدن ونانن سے چھیلنا
بشر۔ آدمی۔ انسان
بُشرہ۔ چہرہ۔ مکھ
بُشریٰ۔ خوشخبری۔ حضرت یوسف کو کنویں سے نکالنے والے شخص کا نام۔
بشریت۔ آدمیت۔ آدمی ہونا
بشقاب۔ بڑی رکابی
بشیر۔ خوشخبری دینیوالا۔ خوبصورت حضرت رسول اکرم کا ایک صفاتی نام۔
بصارت۔ بینائی۔ نظر
بصائر۔ جمع بصیرت۔ زیرکی۔ دانائی۔
بصر۔ آنکھ۔ نظر۔ بینائی
بصرہ۔ ایک مشہور شہر کا نام جو عراق عرب میں واقع ہے۔
بصل۔ پیاز۔ خنجر
بصلمہ۔ پیاز کی گٹھی۔ خود آہنی
بصیر۔ دانا۔ بینا۔ جاننے والا۔

بصیرت۔ دانائی
بضاعت۔ پونجی۔ تھوڑا سا مال
بضعہ۔ پارۂ گوشت
بط۔ بطخ
بطالو۔ آلو
بطال۔ ناچیز آدمی معطل
بطالت۔ بیکاری۔ ہزل
بطالت۔ دلیری۔ تعطیل
بطالہ۔ آلو
بطانہ۔ پوشیدہ راز۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں قیمتی دوست
بطحا۔ صحرائے مکہ معظمہ
بطر۔ بہت خوشی کرنا۔ تکبر
بطر۔ بوتل
بطرح دادن } رعیت کے ہاتھ ظلم و ستم اور زبردستی سے کوئی چیز دینا۔
بطریق۔ نصرانی اور آتش پرستوں کا پیشوا۔ افواج روم کا سردار۔
بطری۔ بوتل

بطش۔ حملہ۔ دلیری
بطک۔ شراب کی صراحی
بطل۔ پہلوان۔ بہادر
بطلان۔ جھوٹ۔ ضائع ہونا
بطل۔ بوتل
بطلیموس۔ ایک مشہور یونانی حکیم کا نام ہے جس نے کتاب مجسطی تصنیف کی۔
بطن۔ پیٹ۔ شکم
بطناب انداختن۔ پھانسی دینا
بطون۔ جمع بطن۔ پوشیدگی۔
بطے۔ سست۔ کاہل
بطیش۔ سختی سے پکڑنیوالا
بطین۔ پیٹو۔ بہت کھانیوالا
بعث۔ قیامت۔ اٹھنا۔ جگانا
بعثت۔ برانگیختی۔ بیداری
بعث و نشر۔ روز قیامت
بعد۔ پیچھے
بعد۔ دوری
بعر۔ بعرہ۔ اونٹ بکری وغیرہ کی مینگنیاں۔

بعض - کچھ - کوئی
بعل - ایک بت کا نام - شوہر - مالک -
بعلبک - ملک شام کا ایک شہر
بعوض - پشہ - مچھر
بعید - دُور
بعیر - اونٹ
بعینہٖ - ویساہی - بالکل
بغا - چاہنا
بغا - زنا کرنا - حرامکاری
بغام - نرم آواز - ہرن وغیرہ کی آواز -
بغاوت - پھرنا - نافرمانی کرنا
بغچہ - بقچہ - کپڑوں کی گٹھڑی
بُغدا - قصاب کی کیما کرنے کی بڑی چھری -
بغداد - ایک شہر کا نام جو ملک عراق کا دارالخلافہ ہے -
بغداد خالی - خالی پیٹ
بُغرا - یخنی دار چاول - چاولوں میں گوشت ملا کر پکایا ہوا -
بغض - کینہ - دشمنی
بغضا - سخت عداوت
بغل - خچر
بغل طاق - بندوق کی پیٹی
بغلق - ایک پرندے کا نام - مجازاً تیتر -
بغلی - حمائل شریف - چھوٹا قرآن مجید جو سفر میں ہمراہ لیجاتے ہیں -
بغی - پھرا ہوا - باغی
بفت - کپڑا بننا
بق - مچھر - پشہ
بقا - باقی رہنا - ہمیشگی
بقاع - جمع بقعہ مکان
بقال - ترکاری فروش - ہیجڑا
بقایا - جمع باقی کی
بقچہ - کپڑوں کی گٹھڑی
بقر - گائے
بُقراط - ایک نامور یونانی حکیم کا نام ہے -
بقسمات - بسکٹ

بقل۔ ساگ پات
بقلتہ الحمقا۔ خرفہ کا ساگ
بقم۔ مجیٹھ
بقیہ۔ بچا ہوا
بُکا۔ آہ وزاری
بکارت۔ دوشیزگی۔ کنوارپن
بکارخوردن۔ کام آنا
بکاست۔ گونگاپن
بکادل۔ باورچی۔ باورچی خانہ
بکتر۔ ایک زرہ جو لڑائی کے
وقت پہنتے ہیں۔
بکر۔ دوشیزہ۔ کنواری عورت۔
نازک۔
بکر۔ جوان اونٹ۔ نام قبیلہ
بکر۔ بکرہ۔ صبح کا وقت
بکم۔ جمع ابکم۔ گونگے
بکم۔ گونگاپن
بکور۔ سویرے اُٹھنا
بک۔ مینڈک
بکس۔ صندوق
بگارا۔ سامان لادنے کی کشتی

بگلہ۔ بزرگ
بگلر بیگ۔ امیرالامرا
بل۔ بلکہ
بلا۔ مصیبت۔ دُکھ۔ تکلیف
بلاتحاشا۔ فوراً۔ اسی وقت۔
بغیر سوچنے کے۔
بلاد۔ جمع بلد۔ شہر
بلادت۔ بیوقوفی۔ دماغ کی کمزوری
ذہن کی خرابی۔
بلاغ۔ پہنچانا
بلاغت۔ تھوڑے لفظوں میں
مطلب ادا کر دینا جب
حال گفتگو کرنا۔
بلاق۔ ایک زیور۔ پانی کا چشمہ
بلا کردن۔ نہایت عجیب کام کرنا
بلاگرداں۔ صدقہ۔ تصدیق کی
ہوئی چیز۔
بلال۔ حضرت رسول صلعم کے
اصحابی اور موذن کا نام۔
بلاہت۔ احمق پن۔ سادگی
بلبال۔ اندوہ وغم

بلبان - منہ سے بجانے کا ایک باجہ -

بُلبُل - ایک چھوٹی سی خوش الحان چڑیا -

بلبلہ - دشوار - مصیبت - غم

بلجیک - بلجیم

بلجاق - قبضۂ شمشیر

بلخ - خراسان کے ایک شہر کا نام

بلدان - جمع بلد - شہر

بلد } شہر - بستی - قصبہ
بلدہ }

بلد بودن - جاننا - واقف ہونا

بلدی کردن - رہنمائی کرنا

بلشریک - بلجیم

بلشت - بالشت

بلع - نگلنا

بلعم باعور - ایک بہت بڑا عالم اور بزرگ تھا جسنے عورت کے کہنے پر حضرت موسےٰ کے حق میں بددعا کر کے اپنی بزرگی گنوا لی -

بلغار - ایک صوبہ اور ایک شہر کا نام ہے -

بلغا - جمع بلیغ کی - خوش کلام لوگ -

بُلغہ - جمع بالغ

بلقیس - شہر سبا کی ملکہ جو حضرت سلیمان کے ہاتھ پر ایمان لائی

بلکہ - مال مسروقہ جس سے چور کا پتہ لگ جائے -

بطل - تیزی ،

بلوا - تندرستی

بلود - ہنگامہ - سختی

بلور - ایک شفاف پتھر - شیشہ

بلوط - ایک درخت کا نام ہے جسکی چھال کے رنگ سے چمڑے رنگے جاتے ہیں -

بلوغ - بالغ ہونا - پہنچنا

بلوغیت - سن بلوغ کو پہنچنا

بلوق - بنجر زمین

بلہ - بے وقوف

بلے - ہاں

بلیّات۔ جمع بلا۔ مصیبتیں
بلیٹ۔ ٹکٹ ریل وغیرہ کا
بلید۔ کند ذہن
بلیغ۔ خوش بیان جو بحال فصاحت سے گفتگو کرنیوالا۔
بلیل۔ آواز۔ سرد اور خوشبودار ہوا
بلیوز۔ کونسل جنرل
بلیناس۔ ایک مشہور حکیم کا نام ہے جو سکندر اعظم کا مصاحب تھا۔
بم۔ راگ کا ایک مقام۔ گیت کی ایک طرز۔
بمبو۔ بل جو باہر نکلا ہوا ہو
بمبوتی۔ جہاز پر مال لانے والے مزدور۔
بمجرد۔ فوراً
بن۔ بیٹا
بُن۔ بنیاد۔ جڑ
بنا۔ معمار
بنابر۔ اسلئے اسی سبب سے
بنات۔ جمع بنت۔ بیٹیاں
بنات۔ بانات
بنات النعش۔ قطبی تارے کے گرد گھومنے والے سات تارے۔
بناور۔ جمع بندر۔ سوداگروں کی وہ بندرگاہیں جو سمندر کے کنارے واقع ہوں۔
بنادق۔ جمع بندوق
بناگوش۔ کان کی لو
بنان۔ انگلیوں کی پوریاں
بنائی ع۔ معمار
بنائے۔ بنیاد
بنت۔ بیٹی
بنت الجبل۔ صدائے بازگشت
بنت الشفت۔ بات چیت
بنت العنب۔ دختر رز۔ شراب
بلنج۔ اجوائن خراسانی
بنج۔ بھنگ
بند۔ قید
بندباز۔ نٹ
بندر۔ بندرگاہ

بُندُق ۔ فندق ۔ ایک قسم کا میوہ غُلیلہ ۔
بندقہ ۔ گولی
بندگل ۔ پھولوں کا ہار
بندن ۔ باندھنا
بندہ ۔ غلام
بندی ۔ قیدی
بندی خانہ ۔ قید خانہ ۔ جیلخانہ
بنصر ۔ چھنگلیا کے ساتھ کی انگلی
بنفش ۔ نیلگوں ۔ آسمانی رنگ
بنگ ۔ بھنگ
بنگاہ ۔ اسباب کی کوٹھڑی ۔ گودام
بنگش ۔ کشمیر کی ریاست میں ایک علاقہ کا نام ۔
بَنُوں ۔ بیٹے
بُنہ ۔ اسباب ۔ سامان
بنی ۔ بیٹے ۔ ابن کی جمع
بنیاد ۔ مکان وغیرہ کی ابتدا ۔ جڑ شروع ۔
بنیان ۔ بنیاد ۔ دیوار
بُنیہ ۔ زور ۔ طاقت
بنین ۔ بیٹے
بُو ۔ مہک ۔ امید ۔ خُو
بُو ۔ باپ
بواب ۔ دربان
بوارخ ۔ ظاہر ۔ صریح طور پہ
بوادی ۔ جمع بادیہ ۔ جنگل صحرا ریگستان ۔
بوار ۔ سخت خرابی
بوارق ۔ جمع بارقہ ۔ بجلیاں
بواسیر ۔ مشہور بیماری
بواطن ۔ جمع باطن ۔ اندرپوشیدگی
بوالعجب ۔ نرالا انسان جسکو دیکھ کر لوگ تعجب کریں ۔
بوالفضول ۔ سست آدمی جو ہاتھ سے کچھ نہ کرے لیکن عذر بنانے جانتا ہو ۔
بوالہوس ۔ لالچی ۔ حریص
بوبکر ۔ حضرت صدیق خلیفہ اوّل کا نام
بوبو ۔ آنکھ کی پتلی
بوتراب ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ۔

بونہ۔ مُنار کی کٹھالی۔ اونٹ کا بچہ۔
بُونہ۔ جھاڑی
بوتیمار۔ بگلا۔ ایک آبی جانور کا نام۔
بوج۔ کاگ
بوجی۔ چھوٹی نسل کا کتّا
بوچ کش۔ کاگ نکالنے کا پیچ
بوخارہ۔ انجن
بوخلاف۔ عزازیل۔ ابلیس شیطان
بود و باش۔ رہنا سہنا۔
بُود جاری۔ بجٹ
بودنہ۔ بٹیر
بودن۔ ہونا۔ رہنا
بُور۔ سُرنگ گھوڑا
بورانی۔ ایک قسم کا کھانا
بورق۔ ایک دوائی۔ شورہ
بُورہ۔ سہاگہ۔ کھانڈ
بوزنہ۔ بندر
بُوزہ۔ شراب۔ بئیر
بُوس۔ چومنا
بوس۔ دُکھ۔ تکلیف۔ رنج
بوسلی۔ سختی۔ مصیبت
بوستان۔ باغ۔ گلستاں
بوسہ۔ چومنا
بوسیدن۔ چومنا۔ بوسیدہ ہونا
بوسیدہ۔ پرانا
بوغاز۔ آبنائے
بوغاز دریائے سیاہ } درہ دانیال
بُوغرہ۔ ایک قسم کا کھانا
بوق۔ بگل۔ قرنہ۔ باجہ
بوقلمون۔ رومی دیبا۔ رنگا رنگ۔
بوق زدن۔ دیوالیہ ہونا
بول۔ پیشاب
بوم۔ اُلّو۔ ان جوتی زمین۔ محو
بوم طلا۔ زرخیز زمین۔ طلائی زمین کا کپڑا۔
بوم بارد۔ گولہ باری
بون۔ فرق۔ زیادتی
بوئیدن۔ سونگھنا

بہ۔ اچھا
بہ بہ۔ واہ واہ
بہا۔ رونق۔ زیبائی
بہا۔ قیمت
بہار۔ نارنگی کا پھول
بہار۔ فصل ربیع
بہاراں۔ موسم بہار
بہائم۔ جمع بہیمہ۔ چوپائے جانور
بہبود۔ بھلائی
بہجت۔ خندہ پیشانی سے سلوک کرنا
بُہت۔ حیرانی۔ اچنبھا
بہتان۔ افترا۔ دوش۔ جھوٹا
الزام۔
بہجت۔ خوشی۔ تازگی
بہر۔ واسطے۔ لئے
بُہرہ۔ حصہ۔ اتفاق
بہرام ستارہ مریخ۔ عراق کے ایک
بادشاہ کا نام
بہرکیف۔ ہرطرح
بہرماں۔ ایک پھول کا نام۔
یاقوت سُرخ

بہزاد۔ ایک نقاش کا نام ہے
بہشت۔ جنت
بہق۔ چھینٹ۔ جسم کے دھبے
بہلول۔ خوش خلق۔ راہبر ایک
فقیر کا نام۔
بہم۔ ساتھ
بہم برآمدن۔ غصہ میں آنا
بہم خوردن۔ ٹکرا جانا
بہمن۔ فارسی کا گیارھواں مہینہ
کیانی خاندان کے ایک
بادشاہ کا نام۔
بہی۔ مصلحت۔ بہتری۔ ایک
میوہ کا نام۔
بہی دانہ۔ میوہ بہی کا بیج
بہی۔ روشن۔ چمکتا ہوا
بہیر۔ اسباب
بہیمہ۔ چوپایہ مثلاً گائے بھینس
اونٹ۔ گھوڑا وغیرہ۔
بہین۔ بہت اچھا تحفہ
بے۔ بغیر۔ سوائے
بیابان۔ ویران جنگل۔ سوائے

بیات - رنج و غم - ٹھٹھرا ہوا
بیاض - نوٹ بک - سفیدی
بیاض البیض - انڈے کی سفیدی
بیاع - خرید و فروخت کرنیوالا - دلال
بے باق - کچھ باقی نہ رہا ہو
بیت - گھر - شعر
بیت اللہ - خدا کا گھر - کعبہ شریف -
بیت الحزن - غم کا گھر
بیت العتیق } خانہ کعبہ
بیت الحرم
بیت اقصیٰ - بیت المقدس - یروشلم -
بیت الخلا - پاخانہ - جائے ضرور
بیت الشرف - ستارے کی اعلیٰ بلندی -
بیت الماء - پاخانہ - جائے ضرور
بیت المال - سرکاری خزانہ
بے تحاشا - فوراً - بغیر تامل کے
بے تونت - کسی جگہ شب باشی کرنا -

بے چوبا - بے چوب کے خیمہ - آسمان -
بے چول - جس کا کوئی ثانی یا نظیر نہ ہو -
بے صرف - فوراً
بے حضور - رنجیدہ - غمگین - غیر حاضر -
بے ہمیت - بے عزت - بے شرم -
بیخ - جڑ - اصل
بیختن چھاننا
بید - بید کا درخت
بیداً - بیدان - ہلاک ہونا
بید انجیر - ارنڈ کا درخت
بید برگ - تیر کی ایک قسم جس کی نوک بید کی طرح ہوتی ہے -
بید مجنوں } ایک قسم کا درخت جسکی شاخیں نازک ہوتی ہیں -
بید موسے
بے داد - ظلم و ستم

بیدق۔ شطرنج کا پیادہ
بیر۔ کنواں۔ چاہ
بیرانہ۔ ویرانہ
بیرق۔ چھوٹا نیزہ۔ چھوٹا ڈنڈا علم کا
بیروں۔ باہر
بیزار۔ رنجیدہ۔ تنگ آیا ہوا
بیژن۔ ایران کے ایک مشہور پہلوان گیو کا بیٹا۔
بیزدادن۔ جھلانا۔ جھونکا دینا
بیس۔ بدنصیب
بئس القرین۔ بیش۔ زیادہ
بے سواد۔ جاہل
بے شائبہ۔ بیشک۔ بے حیلہ
بیشہ۔ جنگل
بیشی۔ زیادتی۔ برتری
بیص۔ سخی۔ تردد
بیضا۔ روشن۔ سفید۔ فارس کا ایک شہر۔
بیضہ۔ انڈا
بیضۃ الخدر۔ پردہ نشین عورت
بیضوی۔ انڈے کی شکل کا
بیضاوی۔ بیضا کا باشندہ
بیطار۔ حیوانات کا ڈاکٹر۔ سلوتری۔
بیع۔ فروخت کرنا
بیعت۔ مرید ہونا۔ کسی کا چیلہ ہونا۔
بے عزشہ۔ ذلیل
بے غل وغش۔ بے کھوٹ۔ بغیر کسی شبہ کے۔
بیغا۔ اُلّو
بیگ۔ امیر۔ سردار
بیگلر بیگ۔ امیرالامرا۔ سپہ سالار اعظم۔
بیگم۔ خاتون۔ نیک عورت
بیل۔ کدال۔ پھاوڑا
بیم۔ خوف
بیمہ۔ وہ محصول جو روپیہ یا مال کی حفاظت کے عوض دیا جائے کہ ضائع ہونے پر محصول لینے والا اسکا معاوضہ دیوے۔

بینش - بینائی - نظر
بین - درمیان
بینہ - حمام میں وہ جگہ جہاں
کپڑے اُتارتے ہیں -
بے نوا - بے سروسامان - غریب
بینی - ناک
بیّن - ظاہر - روشن
بے نیاز - بے پرواہ
بے نونت - عورت کا طلاق
پاکر شوہر سے جدا ہونا
بیوت - جمع بیت - گھر
بیوتات - شاہی محل
بیور - دس ہزار
بیوہ - شوہر مردہ عورت
بیہودہ - بے فائدہ - ناحق فضول

## باب الپاء

پا - پاؤں - بنیاد
پا افتادن - گھبرا جانا

پا افراز - کفش - جوتا
پا انداز - دروازے کے سامنے
جوتے اُتارنے کا بچھونا
پا بلند کردن - بھاگ جانا
پا برجا - ثابت - قائم
پا برنجن - پازیب - پاؤں
کا زیور -
پابند - رسی - گرفتار
پابوس - قدمبوسی
پاپ - پوپ
پاپا - والد
پاپوش - جوتا
پاتکون - پتلون
پاتابہ - پاؤں میں باندھنے کی
پٹی -
پاتیل - پتیلہ - دیگچہ
پاجامہ - وہ کپڑا جو کمر سے نیچے
پہنتے ہیں -
پاجی - نالائق - کمینہ
پاچال - جولاہے کے پاؤں لٹکانے
کا گڑھا -

پاچک - اوپلا - گوبر
پاچکہ - جوتا - جراب
پاچہ - پیارہ کی اصطلاح
پاچہ درمالیدن - ابٹنا
پادر - تخت
پاداش - بدلہ - عوض
پادر رکاب - آمادہ سفر
پادزہر - تریاق - زہرمہرہ
پادشاہ - بادشاہ
پادشاہ عین
پادشاہ خفتن } آفتاب سے مراد ہے
پادشاہ نیم روز
پار - سال گذشتہ
پارچہ - کپڑا
پارس - ملک فارس
پارسا - پرہیزگار
پارسال - پچھلا برس - گذشتہ سال
پارلیمنٹ - پارلیمنٹ
پازیب - پازیب - پاؤں کا ایک زیور -
پارہ - ٹکڑا - دھات
پارہ دوز - خیمہ سینے والا - پیوند لگانیوالا -
پارہ کار - شوخ - بدمعاش
پارہ شدن - ٹکڑے ہونا - پھٹ جانا -
پارس - پیرس
پارینہ - پرانا - قدیمی
پاز - صاف - لطیف - نیچا
پاس - محافظت - تین گھنٹہ کے برابر یعنی ایک پہر -
پاسبان - نگہبان - چوکیدار
پاسبک کردن - بچہ پیدا ہونا -
پاستان - گذشتہ
پاسپرٹ - پاسپورٹ
پاسخ - جواب
پاس خاطر - لئے - واسطے
پاسداری - نگہبانی - طرفداری
پاسنگ - وہ پتھر جو ترازو کے پلڑوں کا وزن درست کرنے کیلئے رکھتے ہیں -
پاسوز - عاشق

پاسہ - خواہش - غم
پاش - پھٹنا - ٹکڑے ٹکڑے
پاشنہ - پاؤں کی ایڑی
پاشیدن - چھڑکنا - بکھیرنا
پاصفحہ - نٹ نوٹ
پاک - بے گناہ - بے نقص
پاکباز - پارسا - نیک آدمی
پاکٹ - پیکٹ - لفافہ
پاکش - موزے
پاکوفتن - ناچنا
پاکی - تعریف - اُسترہ کا استعمال
پاکیزہ - صاف - بے نقص
پالان - گدھے کی کاٹھی
پالغز - خطا - لغزش
پالودن - پاک صاف کرنا
پالودہ - فالودہ - پاک صاف
پالنگ - شکاربند - گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسی - کوتل -
پالیدن - پاک کرنا
پالیز - خربوزہ کا کھیت

پام - رنگ
پامال - روندا ہوا - مصیبت زدہ
پان - رنگ - مشہور کھانے کا پتا -
پانزدہ - پندرہ - ۱۵
پائے - پاؤں - پایہ
پایاب - دریا میں تھوڑا پانی جس سے آدمی پیدل عبور کر سکے -
پایان - آخر - انتہا
پائے باف - جولاہا
پائے بند - بیڑی - کسی کام میں گرفتار -
پائے تابہ - موزہ - جراب
پائے تخت - دالخلافہ دارالسلطنت
پائے خانہ - جائے ضرور
پائدار - مضبوط
پائے زیب - مشہور زیور پاؤں کا
پائے کاشت - وہ کسان جو دوسرے گاؤں سے جوتنے کیلئے آئے

پاۓ کوب ۔ ناچنے والا ۔ رقاص
پاۓ گاہ مرتبہ ۔ درجہ
پاۓ مال ۔ روندا ہوُا
پاۓ مرد ۔ معاون و مددگار
پائمردی ۔ مددگاری ۔ امداد
پائمزد ۔ قاصد کی مزدوری
پائیدن ۔ ٹھہرنا
پائیز ۔ فصلِ خزاں
پائندہ ۔ ٹھہرنیوالا ۔ مضبوط
پایہ ۔ رتبہ ۔ پاؤں
پائین نیچے کا
پائیں پرست ۔ فرمانبردار
پتک ۔ ہتھوڑا
پتیارا ۔ لڑاکی نٹ کھٹ عورت
پتیارہ ۔ آفت
پتو ۔ پٹو ۔ کمبل
پجارہ ۔ اینٹ پکانے کا آوا
پچ شدن ۔ دب جانا
پچل ۔ گندہ
پخ پخ ۔ فراشوں کی ٹوپی
پختن ۔ پکانا
پخت ۔ احمق
پختنی ۔ پلٹس
پخسیدن ۔ پگھلنا
پختہ ۔ پکا ہوُا
پخش ۔ ملائم ۔ کچلا ہوُا
پخمہ ۔ بدنما
پدر ۔ باپ
پدرام ۔ آراستہ ۔ خوابگاہ
پدرانہ ۔ باپ کی طرح
پدروار ۔ باپ کی مانند
پدرسوختہ ۔ حرام زادہ
پدرود ۔ رخصت کرنا
پدری ۔ باپ کی
پدید ۔ ظاہر ۔ ہویدا
پدیدار ۔ نمودار ۔ ظاہر
پذیر ۔ قبول کرنیوالا قبول کر
پذیرائی ۔ قبولیت
پذیرفتن ۔ منظور کرنا ۔ ماننا
پذیرہ ۔ قبول ۔ راہنمائی کرنا
پرُ ۔ بھرا ہوُا
پر ۔ جانور کا پر

پراگندگی ۔ بکھرنا ۔ پریشانی
پراگندن ۔ منتشر کرنا ۔ بکھرنا
پرانیدن ۔ اُڑانا
پر بار ۔ موسم گرما میں پہننے کا مکان
پرپرک ۔ فرکی ۔
پرپر کردن ۔ پھڑپھڑانا
پرتابیان ۔ تیرانداز
پرت شدن ۔ بلندی سے گرنا
پرتستان ۔ پروٹسٹنٹ عیسائیوں کا فرقہ ۔
پرتغال ۔ پرتگال ۔ میٹھا لیموں سنگترہ
پرتگاہ ۔ ڈھلان زمین
پرتو ۔ سایہ ۔ روشنی ۔ شعاع
پرچانگی ۔ خسیسی
پرچم ۔ جھنڈے کا پھریرا
پرچیں ۔ کھیت کی باڑ جو خاردار شاخوں سے بناتے ہیں
پرچیں شدن ۔ پیوست کرنا ۔ مضبوط ۔
پرخاش ۔ جنگ ۔ جھگڑا

پرداختن ۔ مشغول ہونا ۔ خالی کرنا
پرداذن ۔ گھمانا
پردگی ۔ پوشیدگی
پردل ۔ بہادر
پردہ ۔ چک چلمن ۔ اوٹ موسیقی کا ایک مقام ۔
پردہ پوش ۔ بھید کو پوشیدہ رکھنے والا ۔
پردہ دریدن ۔ رازفاش کرنا
پردہ زنبورک ۔ چق
پردہ نشین ۔ پردہ دار عورت
پردہ ہفت رنگ } آسمان
پردہ دیرسال } آسمان
پرزہ ۔ ٹکڑا ۔ چیتھڑا
پرس ۔ دریافت ۔ پوچھ
پرسا ۔ خبرگیر
پرسان ۔ پوچھنے والا
پرستار ۔ لونڈی
پرستار ۔ تیماردار ۔ نرس
پرستک ۔ ابابیل
پرستش ۔ عبادت

پرستن ۔ عبادت کرنا
پرستو }
پرستوک } ابابیل
پرسیدنی ۔ پوچھنے کے لائق
پرسیاوش } ایک قسم کی گھاس
پرسیاوشاں } جو بطور دوائی کے استعمال ہوتی ہے
پرسیاں ۔ عشق پیچاں
پرغونہ ۔ بدصورت ۔ زشت
پرقاز ۔ مصوروں کا مُوقلم
پرک ۔ ستارہ سہیل
پرکار ۔ دائرہ کھینچنے کا آلہ غیلند
پرکالہ ۔ ٹکڑا
پُرکردن ۔ غصہ دلانا
پرکوفت کردن ۔ خوب کوٹنا
پرگنہ ۔ ضلع کا ایک حصّہ
پُرگو ۔ بکواسی ۔ باتونی
پرگیاہ ۔ گھاس کا تنکا
پرمر ۔ انتظار ۔ اُمید
پُرمک ۔ ندنگ
پرمکنادہ ۔ پالے کا مارا ہوا

پرموں ۔ زینت ۔ آرائش
پرملا ۔ مرغابی
پرن ۔ ثریا کے ستارے
پرندہ ۔ اڑنے والا ۔ چڑیا
پرنس ۔ شہزادہ
پرنگ ۔ جوہردار تلوار کی چمک
پرنیاں ۔ دیبا ۔ ریشمی کپڑا
پرنیاں خو ۔ اچھی عادت والا
پروا ۔ خوف ۔ رغبت
پروار ۔ ٹھنڈک دار مکان جہاں جانور کو پالا جاتا ہے ۔
پرواری ۔ موٹا تازہ
پرواز ۔ اُڑنا ۔ زر نثار کرنا
پروانگی ۔ اجازت ۔ طلب کا حکم
پروانہ ۔ پتنگا ۔ حکم نامہ ۔ چھوٹا سا اُڑنے والا پرندہ ۔
پروبال ۔ پر ۔ بازو
پروغزام ۔ پروگرام
پرسیدن ۔ پوچھنا
پرستش ۔ پوجنا

پرورانیدن - پلوانا

پروردگار - پالنے والا - خدا

پروردن - پالنا

پرورش - پالنا

پرویز - چھلنی - نوشیرواں کے پوتے کا نام - فتحمند

پرویزن - چھلنی

پروین - ثریا - ستاروں کے ایک گروپ کا نام -

پرده / پره } دامن - کناره

پرّه - پہیئے کا ارّه

پره بینی - نتھنوں کا درمیانی پرده

پره قفل بر کلید زدن } اُلٹا کام کرنا - برخلاف

پرہما - کلغی

پرہیز - بچنا - گناه یا کسی مضر یا ناپاک چیز سے دُور رہنا

پرہیزگار - بچنے والا - پارسا

پرہیزیدن - پرہیز کرنا - بچنا -

پری - خوبصورت عورت - ایک ریشمی کپڑا - جنّن

پری پیکر - نہایت خوبصورت معشوق -

پری خواں - ساحر - جنّات کو قبضہ میں رکھنے والا

پریدن - اُڑنا

پُریدن - بھرنا

پریر - پریروز - پرسوں - پرسوں کا گزرا ہوا دن -

پریزاد - پری کی نسل سے نہایت خوبصورت -

پریشان - حیران - پراگنده

پریشانی - پراگندگی - حیرانی

پری شب - پرسوں کی گذری ہوئی رات -

پری گرفته - آسیبی - وه شخص جس پر جن عاشق ہو اور غیب کی خبریں دے

پزاوه - اینٹیں پکانے کا آوا -

پزشک ۔ ڈاکٹر۔ حکیم۔ طبیب
پزشکی ۔ طبابت
پژمان ۔ مرجھایا ہوا۔ غمگین
پژ بیدن ۔ پکانا
پژمردن ۔ کملانا
پژمردہ ۔ کملایا ہوا۔ غمگین
پژوہش ۔ تلاش۔ جستجو
پژوہندہ ۔ جاسوس۔ تلاش کرنیوالا
پژوہیدن ۔ تلاش کرنا۔ کھوج لگانا
پس ۔ پیچھے ۔ اسلئے ۔ تب
پس افگندن } آمدنی کا کچھ حصہ جو
پس انداز } باقی بچایا جائے ۔
پسانیدن ۔ بیچنا
پساویدن ۔ ہاتھ سے ملنا
پس آہنگ ۔ چنداول۔ فوج کا
پچھلا حصہ ۔
پست ۔ کمینہ ۔ نیچا۔ کم
پستان ۔ چھاتی ۔ عورت کے شیر دان
پستہ ۔ ایک مشہور میوہ
پستہ شکر فشاں ۔ معشوق کے لب
پستی ۔ نشیب ۔ بہان

پس خوردہ ۔ بچا ہوا کھانا ۔
جوٹھا ۔
پسر ۔ لڑکا
پسراک ۔ خچر
پس رو ۔ پیچھے چلنے والا
پس فردا ۔ آنیوالا پرسوں
پس کوچہ ۔ گلی
پسندیدن ۔ پسند کرنا
پس وپیش ۔ آگاہ ۔ پیچھا ۔
سوچ بچار ۔
پسیج ۔ عزم ۔ زادِ راہ
پسین ۔ پچھلا ۔ گذرا ہوا
پشام ۔ تاریک ۔ سیاہ چیز
پشت ۔ پیٹھ
پشتارہ ۔ بوجھ ۔ پیٹھ پر اٹھانے
کی گٹھڑی ۔
پشت پناہ ۔ مددگار ۔ حمایت
پشتک ۔ گھوڑے کا پچھلے
پاؤں کے بل کھڑا ہونا ۔
دولتی مارنا ۔
پشت گردنی ۔ دھول

پشتہ - تودہ - طومار
پشتی بان - پناہ دہندہ - معاون سہارا -
پشتی - مدد - پرورش - گاؤ تکیہ
پشک - بلی - گربہ
پشک - قیمت - بھیڑ بکری وغیرہ کی مینگنی -
پشم - اون
پشمین - اونی
پشمینہ - اون کا کپڑا
پشہ - مچھر
پشیز - بودہ - زر قلب - کھوٹہ سکہ
پشیمان - شرمندہ
پشیمانی - پچھتاوا
پطر کبیر - پیٹر اعظم
پغار - غرور - گھمنڈ
پغارہ - پچر - لکڑی کا جوڑ
پغنہ - سیڑھی - زینہ
پف - پھونکنا - ہوا کا جھونکا
پفک - دھونکنی
پف بورزی - ظاہر نمائش

پگاہ - صبح
پگک - عورت کا سینہ - بچہ کا کھلونا -
پل - دریا پر گذرنے کا خشکی کا بناوٹی راستہ -
پلارک - تلوار کا جوہر
پلاس - خیمہ - موٹا کپڑا - ٹاٹ
پلاس انداختن - پریشان انداختن
پلان - پالان
پلاؤ - گوشت اور چاول ملا کر پکائے ہوئے - مزیدار کھانا
پلک - آنکھ کے پردے کے بال
پلک - حقہ کا کش
پلہ - طعنہ
پلنگ - چیتا
پلنگ زدن - تال دینا
پلنگینہ - چیتے کی کھال کا کپڑا
پلہ - ڈھاک کا درخت - سیڑھی زینہ -
پلہ پلہ - رفتہ رفتہ

پلّہ ۔ ترازو کا پلڑا
پلیتہ ۔ چراغ کی لپٹی ہوئی بتی فتیلہ
پلید ۔ ناپاک
پلیس ۔ پولیس
پناد ۔ کرۂ ہوا جو زمین اور پانی پر محیط ہے ۔
پناگیر ۔ بازار ۔ میلہ
پنام ۔ تعویذ ۔ قلعہ
پنبہ ۔ روئی
پنبہ دانہ بنولا
پنبہ زن ۔ حلاّج ۔ روئی دھنکنے والا ۔
پنبہ کردن ۔ خاموش ہونا ۔ تار تار جُدا کرنا ۔
پنبہ شدن ۔ بھاگنا ۔
پنبہ نہادن ۔ فریب دینا
پنج ۔ پانچ ۔ ۵
پنج ارکان ۔ روزہ ۔ نماز ۔ حج ۔ زکوٰۃ ۔ کلمہ ۔
پنجاہ ۔ پچاس ۔ ۵۰
پنجاہم ۔ پچاسواں حصّہ ۔ $\frac{1}{50}$

پنجم ۔ پانچواں
پنجر ۔ چٹکی
پنجرہ ۔ قفس
پنجرہ ۔ جالی دار کھڑکی
پنجشنبہ ۔ جمعرات ۔ وِیروار کا دن ۔
پنجۂ مریم ۔ ایک قسم کی گھاس
پند ۔ نصیحت ۔ بھلائی کی بات
پندار ۔ سمجھ بوجھ ۔ غرور
پنداشتن ۔ سمجھنا ۔ معلوم کرنا
پنک ۔ اون کی گُچھی ۔
پنہاں ۔ پوشیدہ ۔ باطن میں چھپا ہوا ۔
پوپک ۔ پھندنا
پوٹ ۔ گلا سڑا چمڑا ۔ بکری کا جگر ۔
پوناس ۔ پٹاس
پوتہ ۔ خزانہ ۔ جانوروں کے معدہ کا پہلا حصّہ
پوچ ۔ خالی ۔ کم عقل ۔ کمینہ
پوخ ۔ پُخنہ

پود - بانا بُننے کا سوت
پودہ - گھاس - ترکاری - بوٹا
پور - بیٹا - راجہ پورس جو سکندر اعظم یونانی کے ساتھ دریائے جہلم کے کنارے لڑا تھا -
پورتسموت - پورٹس ماؤتھ انگلستان کی مشہور بندرگاہ -
پورتوگال - پرتگال
پورچک - دیمک
پوز - منہ - ہونٹ
پوزش - عذر - معذرت معافی چاہنا -
پوست - چھلکا - بدگوئی
پوست خانہ - ڈاکخانہ
پوستہ - ڈاک
پوستیں - کھال کی کُرتی
پوش - غلاف - ڈھکنا - زرہ
پوشاک - لباس
پوشش - پہننے کے کپڑے
پوشک - بلی
پوشیدن - پہننا - چھپانا

پوشیدہ - چھپا ہوا
پوطدار - خزانچی
پوف کردن - آگ جلانے کے لئے پھونک مارنا -
پوک - خالی
پول - پیسہ - سکّہ - پل
پول سُرخ - اشرفی
پول سفید - روپیہ
پول سیاہ - پیسہ
پول کاغذی - نوٹ
پول گیر - آمدن - روپیہ ہاتھ لگنا -
پول قلابی } کھوٹا سکّہ
پول مغشوش }
پولابا - کسی حواس کی مدد سے جاننا -
پولابی - حواس کے ذریعہ جانی ہوئی چیز -
پولاد - فولاد - لوہے کی سب سے بڑھیا قسم
پولادخای - سرکش گھوڑا
پولاد پنج - شجاع - جنگجو

پولک - چھلکا - ہڈی کا بٹن
پولک - پیچ - ڈھبری
پولٹیک - پولیٹیکل - حکمت عملی
پویہ - گھوڑے کی ایک چال
پوئی - پویہ چلنا
پوئیدن - دوڑنا - جستجو کرنا
پہ پہ - کلمہ تحسین و تعریف
پہر - آتش پرستوں کا سکول
پہر - ایک دن رات کا آٹھواں حصہ
تین گھنٹہ کا عرصہ
پہرہ دار - چوکیدار - سنتری
پہلوان - جسیم و طاقتور آدمی -
بہادر -
پہلو - نام ملک - شانہ - پسلیاں
پہلو کردن } انکار کرنا - بات
پہلو تہی کردن } سے پھر جانا -
پہلوی - فارسی کی قدیم زبان
پہن - چوڑا - فراخ - کشادہ
پہنا - فراخ ہونا
پہنک - فتنہ
پہنہ - رزمگاہ

پے - قدم - پاؤں
پی - چوبی پیالہ
پیاپے - پے در پے - لگاتار
پیادہ - پیدل
پیام - پیغام - کوئی بات کہلا بھیجنا
پیانو - پیانو باجہ
پیپ - پیپہ
پیچ - چوڑیاں - تاب و خم - فریب
داؤ -
پیچا پیچ - پیچیدہ - پیچ در پیچ -
گھونگروالا -
پیچ تاب - گرہ - غصہ
پیچنش - مروڑ - ایک مشہور بیماری
پیچک - عشق پیچاں - سوت کی پیچان
پیچیدن - لپیٹنا
پیچیہ - عشق پیچاں کی بیل - لبلاب
پیدا - مولود - ظاہر
پیدا کردن - پتہ لگانا - ڈھونڈنا
پیداوار - حاصل فصل کی آمدنی
پیر - بوڑھا - تجربہ کار -
پیشوا -

پیراستن - سجانا - چھانٹنا
پیرزادہ - سوتیلی اولاد
پیرزال - بڑھیا
پیرسال - بوڑھا آدمی
پیرمغاں - رندوں اور آتش
پرستوں کا مرشد - مجازاً
معشوق -
پیرامن - پیرامون - آس پاس -
گرد و نواح
پیراہن - لباس - قمیص
پیرایہ - سجاوٹ - آرائش -
پیرز - گھاس پھوس - پرال
پیروز - کامیاب - فتحمند
پیزارہ - جوتا
پیزیدن - چھاننا
پیزن - پیزنہ - چھلنی
پیس - برص - کوڑھ کی بیماری -
سفید دھبے -
پیس اندام - کوڑھی
پے سپردن - چلنا - چلانا
پے سوز - موم بتی

پیسہ - ابلق
پیش - سامنے - آگے
پیشانی - ماتھا - بے شرمی
پیش آہنگ - پیشرو - آگے
چلنے والا -
پیش تختہ - ڈسک
پیشتو - پستول
پیش خدمت - ملازم - وہ نوکر
جو ہمیشہ آقا کے
ساتھ رہے -
پیش دست - سامنے کام کرنیوالا -
نائب - نقد روپیہ -
پیش طاق - چھجہ - کمرہ
پیش فنگ دادن - فوجی سلام
پیش کار - سامنے کام کرنیوالا
نائب -
پیش کش - نذرانہ - تحفہ - قربانی
پیش نہاد - دل کا ارادہ
پیش گاہ - برساتی
پیشوا - رہنما - مرشد - ہادی
پیشواز استقبال - عورت کی ایک پوشاک

پیشوائی ۔ راہنمائی ۔ ہدایت
پیشہ ۔ کسب و ہنر
پیشین ۔ سابقہ ۔ پہلا
پیشینیان ۔ زمانہ سلف کے لوگ
پیشینہ ۔ پہلے والا
پیغارہ ۔ گالی گلوچ
پیغام ۔ پیام
پیغان ۔ عہد و پیمان ۔ فضول بکواس ۔
پیغمبر ۔ پیغام لانیوالا
پیغولہ ۔ گوشہ ۔ کونا ۔ کنج
پیک ۔ قاصد
پیکار ۔ لڑائی ۔ ارادہ
پیکان ۔ تیر ۔ برچھی یا نیزہ وغیرہ کی بھال ۔
پیکر ۔ جسم
پیل ۔ فیل ۔ ہاتھی
پیلبان ۔ فیلبان ۔ مہاوت
پیلپا ۔ پاؤں کے ورم کی بیماری
پیل پایہ ۔ ستون ۔ کھمبا
پیلہ ۔ ریشم کا کیڑا

پیلہ کردن ۔ اصرار کرنا
پیلہ ور ۔ خردہ فروش ۔ عطار
پیما ۔ پیمائش کرنے والا
پیمان ۔ قول و اقرار ۔ وعدہ
پیمائش ۔ ناپنا
پیمانہ ۔ ناپنے کا آلہ ۔ شراب پینے کا پیالہ ۔
پیمودن ۔ ناپنا
پینہ دوز ۔ پرانے سامان خصوصاً چمڑے یا کپڑے کا سینے والا ۔ موچی ۔
پینگی ۔ غنودگی
پیوستن ۔ ملانا ۔ جوڑنا ۔ مضبوط کرنا
پیوستہ ۔ ہمیشہ ۔ ملا ہوا ۔
پیوند ۔ جوڑ
پیہ ۔ چربی
پیہم ۔ لگاتار ۔ پے در پے ۔ برابر

# باب التاء

**تا**۔ تک۔ اسلئے۔ تاکہ
**تاب**۔ طاقت۔ چمک۔ گرمی و روشنی
**تاباں**۔ چمکنے والا
**تاب داں**۔ روشن دان۔ دریچہ
**تابستان**۔ موسم گرما
**تابش**۔ گرمی۔ چمک
**تابع**۔ ماتحت۔ فرمانبردار
**تابعدار**۔ تابع میں رکھنے والا۔ افسر۔ حاکم۔ غلط العام ماتحت۔ فرمانبردار۔
**تابعین**۔ جمع تابع۔ حکم بجالانیوالا
**تابناک**۔ نہایت چمکیلا۔ روشن
**تابوت**۔ مردہ کا صندوق
**تابہ**۔ توا جس پر روٹیاں وغیرہ پکاتے ہیں۔
**تابیب**۔ فریاد۔ آہ و فغاں
**تابید**۔ ہمیشہ و دوام کرنا
**تابیدن**۔ چمکنا۔ پھسلنا بہکانا

**تابین**۔ پیروی کرنا
**تاپاک**۔ اضطراب۔ بیقراری
**تاپو**۔ جزیرہ۔ اناج کی کوٹھی
**تاپوغ**۔ کھرپا
**تاتار**۔ ایک ملک کا نام ہے
**تاتو**۔ ٹٹو
**تاثر**۔ اثر قبول کرنیوالا۔
**تاثیر**۔ اثر کرنا
**تاثیل**۔ مال کی زکوٰۃ دینا
**تاثیم**۔ کسی کو گنہگار ٹھہرانا
**تاج**۔ بادشاہ کے پہننے کی ٹوپی
**تاج خروس**۔ گل کلغا۔ مرغ کی کلغی۔
**تاجدار**۔ بادشاہ
**تاجر**۔ سوداگر
**تاجک** / **تاجیک** } وہ شخص جو عرب میں پیدا ہوا ہو اور ایران میں پرورش پائی ہو۔
**تاج گردوں**۔ آفتاب
**تاجیل**۔ ایک وقت و مدت مقرر کرنا
**تاجور**۔ بادشاہ

تاجوری - بادشاہی
تاخت - دوڑ - حملۂ سپاہ
تاختن - دوڑنا - حملہ کرنا
تاخّر - دیر کرنا - اخیر کرنا
تاخیر - دیر
تادب - زباندانی - سیکھنا
تادی - پہنچا دینا - ادا کر دینا
تادیب - ادب دینا - علم سکھانا
تادیم - روٹی کو سالن سے ملانا
تار - اندھیرا - سوت کا ڈورا
تارات - جمع تارت - لوٹ - کئی بار
تاراج - لوٹ - غارت - تخریب
تاران - تاریک - اندھیرا
تارک - چھوڑنے والا - ترک کرنیوالا -
تارک - مانگ - چوٹی
تارکش - تار کھینچنے والا
تارپود - تانا بانا -
تار مار - پریشان
تاریخ - مہینہ کا کوئی دن - واقعات اور حادثات کا علم -

تاریخ نوروزی - بادشاہ کے جشن نوروز میں جو تاریخ بدلی جاتی ہے -
تازہ - ہلہ - دوڑ
تازی - عربی
تازیانہ - کوڑا - چابک
تازیدن - دوڑنا
تاسع - نہم - نواں
تاسف - افسوس کرنا
تاسہ - پریشانی - غم - انبوہ - فکر
تاسی - غم خوری کرنا - تسلی دینا
تاسیس - بنیاد رکھنا - مضبوط کرنا
تاش - صاحب - شریف
تاغ - پہاڑ - کوہ
تاغہ - خالو
تاغی - باغی
تافتن - بٹنا - چمکنا
تافتہ - بٹا ہوا - ریشمی کپڑا
تافہ - تھوڑی اور کم قدر چیز
تافیف - تف کرنا - اُف
تاقی - ٹوپی - کلاہ سر کے پہننے کی چیز

تاک۔ انگور کی بیل
تاکید۔ مضبوط کرنا۔ بار بار کہنا
تالاب۔ جوہڑ۔ رکا ہوا پانی
تالار۔ ہال۔ بڑا کمرہ
تالار مویہ۔ دعوت کا کمرہ
تالف۔ الفت اور محبت کرنا
تال مال۔ پریشان حیران
تالم۔ دردناک ہونا۔ حیران ہونا۔ غم کرنا۔ پریشان ہونا۔
تالی۔ قائم مقام۔ نائب
تالیف۔ کتاب بنانا
تام۔ پورا۔ تمام۔ مکمل
تامل۔ سوچنا۔ محل وقوع
تامم۔ ماں بنانا۔ مادر کہنا
تامیم۔ ارادہ کرنا۔ قصد کرنا
تانس۔ محبت پیدا کرنا
تانی۔ دیر کرنا
تانیس۔ مادہ۔ مونث
تاؤ۔ غصہ۔ گرمی
تاوان۔ جرمانہ
تاویل۔ اور ہی معنی بیان کرنا

تاہل۔ شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ بیوی بنانا۔
تائب۔ توبہ کرنے والا
تائق۔ شائق۔ شوق رکھنے والا
تائید۔ مدد کرنا
تب۔ بخار۔
تبادر۔ باہم دوڑنا۔ کسی کام میں پیش پانا۔
تبادل۔ تبدیل کرنا۔ ایک دوسرے سے بدلنا۔
تبار۔ اولاد
تبارک۔ بزرگ ہوا۔ آسمان
تبارک اللہ۔ اللہ پاک ہے
تباشیر۔ سپیدۂ صبح۔ ایک مشہور دوائی۔
تباعد۔ دور ہونا
تباغض۔ دشمن رکھنا۔ بغض رکھنا
تباہل۔ ایک دوسرے پر لعنت کرنا
تباین۔ مخالف۔ جدا ہونا
تبتل۔ تارک دنیا ہو کر خدا کی عبادت کرنا۔

تبجیل۔ عزت و احترام کرنا
تبحر۔ علم میں دریا کی مثل ہونا
تبخیر۔ بخار ہونا۔ بخار بنکر اُٹھنا
تبدل۔ عوض کرنا۔ بدلنا
تبدی۔ ظاہر ہونا۔ جنگل میں رہنا
تبر۔ زر۔ سونا
تبر۔ کلہاڑا
تبرا۔ نفرت کرنا۔ دشمن ہونا۔ بے زاری۔
تبرخون۔ سرخ صندل کی لکڑی
تبرطل۔ رشوت لینا
تبرع۔ بخشنا
تبرک۔ برکت لینا۔ برکت حاصل کرنیکی چیز۔
تبرکات۔ برکت لینے کی چیزیں
تبرید۔ سرد کرنا
تبریز۔ ظاہر کرنا۔ بزرگی میں بڑھنا نام شہر۔
تبریق۔ تیز نظر سے دیکھنا۔ سفر اختیار کرنا
تبسم مسکرانا۔ کلی کا کھلنا

تبصر۔ دیکھنا
تبصرہ۔ عینک
تبعہ۔ برُا نتیجہ۔ دُکھ۔ عذاب
تبعات۔ لوازم۔ گناہ کے عذاب۔
تبعیت۔ تابعداری۔ فرمانبرداری
تبقیہ۔ باقی رہنا
تبلیغ۔ پہنچانا
تبنی۔ بیٹا بنانا۔ متبنہ بنانا
تبیین۔ بیان کرنا
تبیر۔ اُجڑا ہوا۔ برباد
تبیان۔ معنے کا روشن کرنا۔ وضاحت سے بیان کرنا۔
تبیرہ۔ ڈھول۔ نقارہ
تبیین۔ بیان کرنا
تپانچہ۔ تھپڑ۔ دریا یا جوہڑ کی لہر۔
تپاک۔ گرمجوشی۔ محبت
تپش۔ گرمی۔ جلن
تپنچہ۔ بندوق
تپلہ۔ موٹا اور بھدا آدمی

تپلا۔ اُپلا
تپہ۔ ٹیلا
تپیدن۔ تپنا۔ تڑپنا
تتبع۔ ڈھونڈنا۔ پیروی کرنا
تتار۔ ملک تاتار
تتری۔ تاتاری۔ تاتار کا رہنے والا۔ تاتار سے نسبت رکھنے والا۔
تتق۔ پردہ
تتلی۔ پیروی کرنا
تتمہ۔ تمامی۔ بقیہ۔ اخیر
تتمیم۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا
تتن۔ تمباکو
تثاقل۔ سستی کرنا۔ اپنے کو ثقیل ظاہر کرنا۔
تثاوت۔ جماہی
تثلیث۔ تین خدا کو ماننا۔ تین حصوں میں بانٹنا۔
تثنی۔ جھکنا۔ ناز سے چلنا
تثنیہ۔ دو کرنا۔ صیغہ تثنیہ
تجار۔ سوداگر

تجاحد۔ انکار کرنا
تجادل۔ آپس میں لڑائی کرنا
تجاذب۔ کھینچنا
تجارب۔ آزمانا
تجارب۔ آزمائش۔ جمع تجربہ
تجاوز۔ حد سے گزر جانا
تجاہد۔ کوشش کرنا
تجاہل۔ جان بوجھ کر نادان بننا
تجدید۔ جدید کرنا۔ نئے سرے سے کوئی کام کرنا۔
تجربہ۔ آزمانا
تجرد۔ تنہائی۔ اہل وعیال کے بغیر زندگی بسر کرنا۔
تجرع۔ گھونٹ گھونٹ پینا
تجرید۔ مجرّد کرنا۔ تنہا کرنا
تجزی۔ جزجز کرنا۔ تقسیم کرنا
تجزیع۔ تسلی دینا۔ گھبراہٹ دور کرنا۔
تجسد۔ موٹا ہونا
تجسّس۔ جستجو کرنا۔ تلاش کرنا
تجسم۔ موٹا ہونا۔ ظاہر ہونا

تجلی - روشنی - خدائی نور
تجمل - خوبصورتی - شان و شوکت
تجنب - پرہیز کرنا
تجنن - جنون ظاہر کرنا - احمق پن دکھانا -
تجنیس - ہم جنس ہونا
تجوید - خاص کرنا - حروف و حرکات ثلاثہ کا صحیح استعمال -
تجویز - جائز کرنا
تجولیف - کھوکھلا رکھنا
تجویل - طواف کرنا - کسی چیز کے گرد گھومنا -
تجہیز - شادی کا جہیز دینا - مردہ کا کفن دفن کا سامان کرنا -
تحاب - باہم محبت کرنا
تحارب - لڑانا
تحائف - جمع تحفہ
تحت - نیچے - زیر
تحت الثریٰ - زمین کے نیچے
تحت الشعاع - قمری مہینوں کے آخری دو تین دن -

تحت القہوہ - بسکٹ جو چائے کے ساتھ کھائے جاتے ہیں -
تحتم - واجب ہونا
تحدث - بات - قصہ یا واقعہ بیان کرنا -
تحدر - نیچے گرنا - تنزل میں آنا
تحدی - ارادہ کرنا - عاجز ہونا
تحدید - حد قائم کرنا - چھری وغیرہ کو تیز کرنا -
تحدیق - گھور کر دیکھنا - نگاہ سے رعب ڈالنا -
تحرز - پرہیز کرنا - محافظت
تحرک - حرکت کرنا
تحریر - لکھنا
تحریص - لالچ دینا
تحریض - بھڑکانا - برانگیختہ کرنا
تحریف - حرف بدلنا
تحریک - حرکت دینا
تحسر - حسرت - افسوس
تحسین - تعریف کرنا
تحصّن - قلعہ بند ہونا - محصور ہونا

تحصیل - حاصل کرنا
تحف - نادر اشیا
تحفگی - تحفہ پن - خوبی
تحفہ - نادر اور نرالی چیز
تحقق - ثابت ہونا
تحقیق - معلوم کرنا - کھوج لگانا
تحکم - حکومت کرنا - دعویٰ کرنا
تحلیل - حل کرنا - اجزا کا کھولنا - ہضم کرنا -
تحمل - برداشت کرنا
تحمید - حمد کرنا - پاکی بیان کرنا
تحمیل - بوجھ لادنا
تحول - حوالہ کرنا
تحویل - سپرد کرنا - ہنڈی
تحویلدار - خزانچی
تحیت - زندگی بخشنا - سلام کہنا مبارکباد کہنا -
تحیر - حیرانگی
تخالف - مخالفت کرنا
تخت - بیٹھنے کی چوکی - مجازاً بادشاہ کی مسند -
تخت گاہ - بادشاہ کے رہنے کا مکان -
تخریب - خراب کرنا
تخریق - پارہ پارہ کرنا چیرنا
تخسّر - کمی کرنا -
تخشع - عاجزی کرنا
تخصیص - خاص کرنا
تخلص - خلاصی - مختصر نام جو شاعر اپنے لئے اشعار میں لاتے ہیں -
تخلل - خلال ڈالنا - بیچ میں حائل ہونا -
تخلید - مقیم ہونا - ہمیشہ رکھنا
تخلیص - خلاصی ہونا - رستگاری
تخلیط - ملانا - خلط ملط کرنا
تخلیف - خلیفہ بنانا - جانشین بنانا -
تخلیل - دانتوں میں خلال کرنا - سرکہ بنانا -
تخلیہ - تنہائی
تخم - بیج

تخمہ۔ بدہضمی
تخمیر۔ خمیر اُٹھانا
تخمیناً۔ اندازہ سے
تخمینہ۔ سری سری طور سے حساب کرنا۔
تخوّف۔ خوف کرنا۔ ڈرنا
تخویف۔ ڈرانا
تخیل۔ خیال کرنا
تخییل۔ خیال دلانا
تدابیر۔ تدبیر کی جمع۔ تجویزیں
تداخل۔ ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
تدارک۔ فوت شدہ چیز کو پانا
تداول۔ دست بدست ملنا
تداوی۔ دوا کرنا
تداین۔ اُدھار خریدنا
تدبیر۔ غور کرنا۔ تجویز
تدریج۔ درجہ بدرجہ۔ آہستہ آہستہ
تدریس۔ درس دینا
تدفین۔ زمین میں دفن کرنا
تدقیق۔ باریک بنانا

تدہیر۔ چہرے کا چمکنا۔ دولتمند ہونا۔
تدلیس۔ کپڑے کو میلا کرنا۔ اپنی آبرو کو عیب لگانا۔
تدویر۔ دور دینا۔ گھومنا
تدوین۔ دیوان تالیف کرنا
تدین۔ دینداری کرنا
تذبذب۔ فکر و سوچ۔ شک و شبہ۔
تذرو۔ ایک صحرائی پرند۔ سیمنہ
تذکرہ۔ ذکر۔ یادداشت
تذکرہ۔ پروانہ۔ راہداری۔ پاسپورٹ
تذکیر۔ یاد کرنا
تذلیل۔ ذلیل کرنا
تذہیب۔ ملمع کرنا
تر۔ بھیگا۔ لتھڑا۔ نمدار۔ گنہگار
تراب۔ مٹی
تراجز۔ شعر خوانی میں مقابلہ کرنا۔
تراجدی۔ ٹریجڈی
تراجی۔ امید رکھنا

تراخی - سستی کرنا۔ قصور کرنا
ترازو - میزان۔ تکڑی
تراش - کاٹ۔ آرائش
تراشہ - چھلکا۔ ایک پتھر تراش آلہ۔
تراشیدن - چھیلنا۔ کاٹنا
تراضی - راضی ہو جانا
تراق - تڑاق
ترامو / ترامِوہ } ٹراموے۔ ٹریموے
تراکم - انبوہ۔ مجمع
تراکیب - جمع ترکیب
ترانہ - گیت۔ راگ
تراوش - ٹپکنا
تراویدن - ٹپکنا
تُرُبا - مُولی
تُربت - مٹی۔ قبر
تُربچہ - مولی
تُربز - تربوز۔ ہندوانہ
تربیت - پرورش کرنا۔ پالنا۔

تربیع - مربع بنانا۔ دو برجوں کے درمیان ۹۰ درجے کا زاویہ بنانا۔
ترتیب - درست کرنا
ترتیل - کسی کلام کو تعدیل ارکان اور وضاحت کے ساتھ بڑھانا۔
ترجمان - ایک زبان کا مطلب دوسری زبان میں بیان کرنے والا۔
ترجمہ - ایک زبان کو دوسری زبان میں بدلنا۔
ترجیح - بڑائی دینا۔ افزوں کرنا
ترجیع - رجوع کرنا۔ مصیبت کے وقت انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا۔
ترجیع بند - ایک قسم کی نظم جس میں چند اشعار کے بعد ایک ہی شعر آتا ہے اور سب اشعار ملکر بند ہوتا ہے۔

ترحیم۔ سنگسار کرنا
ترحل۔ کوچ کرنا۔ کسی سے برائی کرنا۔
ترحّم۔ رحم کھانا
ترحیب۔ مرحبا کہنا
ترخان۔ وہ رئیس یا افسر فوج جسکو بادشاہ کی تعظیم معاف ہو۔
ترخیص۔ رخصت دینا۔ کسی کام کی اجازت دینا۔
ترخیم۔ دُم کاٹنا۔ اختصار کرنا
ترڈد۔ فکر و اندیشہ۔ کاشتکاری آمد و رفت۔
تردامن۔ نقارہ۔ گنہگار۔
تردستی۔ ہاتھ کی صفائی
تردماغ۔ عقلمند۔ مدّبر
تردی۔ کنویں میں گرنا۔ کپڑا اوڑھنا۔
تردید۔ رد کرنا
ترديف۔ گھوڑے پر کسی کے پیچھے سوار ہونا۔ لفظوں کا باہم ردیف ہونا۔

ترده۔ دیمک
تر زبان۔ خوش کلام۔ فصیح
ترس۔ ڈر۔ خوف
ترسا۔ آتش پرست۔ خوفزدہ
ترساں۔ ڈرنیوالا
ترسانیدن۔ ڈرانا
ترسناک۔ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ
ترسو۔ بزدل
ترسیل۔ ارسال کرنا بھیجنا
ترش۔ کھٹّا
ترشح۔ ٹپکنا
ترش رو۔ تُندمزاج۔ ناراض
ترشی۔ کھٹائی۔ خفگی
ترشی۔ اچار
ترصد۔ امید رکھنا۔ گھات لگانا
ترصیص۔ مضبوط کرنا۔
ترصیع۔ مرصّع کرنا۔ جواہرات کو کسی چیز میں جڑنا۔ موزوں کلمات تحریر میں لانا۔
ترطیب۔ تر کرنا

ترغیب - رغبت دلانا - مائل کرنا
ترغہ - ایک قسم کی چڑیا
ترفہ - آسودگی - خوشحالی
ترفیہ - آسودہ کرنا -
ترقب - امید رکھنا -
ترقہ - پٹاخہ -
ترقی - زیادہ ہونا - بلند ہونا
ترقیق - باریک و پتلا بنانا
ترقیدن - پھٹنا
ترقیم - رقم کرنا - تحریر کرنا - لکھنا
ترک ! - علیحدگی - چھوڑ دینا
ترکان - بیگم - خاتون وغیرہ کی
طرح عورتوں کا لقب
ترک - ملک ترکستان کے باشندے
چونکہ ترکستان کے لوگ اکثر
خوبصورت ہوتے ہیں اسلئے
مجازاً ترک کے معنے معشوق
ترکتازہ - حملہ
ترکش - تیردان
ترکمان - ایک جنگجو اور رہزن
قوم کا نام -

ترکہ - ورثہ - مردہ کا چھوڑا ہوا مال
ترکی - ترکستان کی زبان
ترکی تمام شدن } مات ہونا - غرور جاتا رہنا -
ترکیب - مرکب کرنا - طریقہ
کے معنوں میں مستعمل ہے
ترکیدن - پھٹنا - شق کرنا
ترمیم - مرمت کرنا - اغلاط کی
درستی کرنا -
ترن - ٹرین
ترن بخار - ریل گاڑی
ترنج - لیموں - مشہور پھل
ترنگ - دھات کی جھنکار -
ترنم - گیت گانا - راگ
ترنواٹے - ٹریموے
ترویج - رواج دینا - چلانا
ترویح - رات کو آرام کرنا -
رمضان کی نماز تراویح
میں ہر چہار رکعت کے
بعد کا وقفہ -
ترہ - ساگ پات - کمینہ - نالائق

ترہات ۔ بیہودگیاں۔ بکواس
ترہیت ۔ ڈرانا
تریاق ۔ زہرمہرہ ۔ رفع زہر کی دوائی۔
تریاک ۔ افیون
تزاحف ۔ قریب ہونا
تزاحم ۔ باہم اختلاف کرنا۔ مخالفت۔
تزاور ۔ زیارت کرنا
تزائید ۔ زیادہ ہونا
تزک یا توزک ۔ قانون و قواعد۔ کسی بادشاہ کے واقعات زندگی اُسکی اپنی زبان سے۔
تزکی ۔ پاک صاف کرنا
تزکیہ ۔ پاک کرنا
تزلزل ۔ زلزلہ آنا
تزندق ۔ زندیق و کافر ہونا
تزوی ۔ گوشہ نشین ہونا۔
تزویج ۔ زوجہ بنانا۔ شادی کرنا جوڑا بنانا۔

تزویر ۔ مکر و فریب کرنا
تزہّد ۔ عبادت و تقوی اختیار کرنا۔ پرہیزگاری۔
تزئین ۔ زینت دینا۔ آراستہ کرنا۔ سجانا۔
تسابب ۔ ایک دوسرے کو گالی گلوچ دینا۔ گندہ دہانی۔
تسارع ۔ چلنے میں تیزی اور سرعت چاہنا۔
تساقط ۔ باہم گرنا
تساوی ۔ مساوی۔ برابر ہونا
تساہل ۔ سستی کرنا۔ آسان جاننا
تسبیح ۔ سبحان اللہ کہنا۔ اللہ کی حمد بیان کرنا۔
تسخیر ۔ مسخر کرنا ۔ تابع کرنا
تسدید ۔ مضبوط کرنا۔ درست کرنا
تسدیس ۔ چھ حصوں میں تقسیم کرنا دو برجوں کے درمیان ساٹھ درجہ کا فاصلہ ہونا۔

تسرّع۔ سرعت کرنا۔ تیزی کرنا
تسطیر۔ سطر بندی کرنا۔ تحریر کرنا۔
تسع۔ نو۔ ۹
تسعون۔ نوّے۔ ۹۰
تسلسل۔ سلسلہ بندی لڑی میں پرونا۔
تسلّط۔ حاکم و غالب ہونا
تسلی۔ اطمینان۔ ڈھارس
تسلیخ۔ کھال کھینچنا
تسلیم۔ سلام کرنا۔ ماننا
تسمہ۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا
تسمین۔ موٹا کرنا
تسمیہ۔ نام رکھنا
تسنیم۔ جنت میں بہنے والی ایک نہر۔
تسوید۔ سیاہ کرنا۔ لکھنا
تسہیل۔ آسان کرنا۔ سہل بنانا
تشر۔ دھمکی
تشابہ۔ باہم مشابہ ہونا۔ ہمشکل ہونا۔

تشارک۔ شرکت کرنا۔ شامل ہونا
تشاکل۔ ہو بہو۔ بعینہٖ ایک شکل ہونا۔
تشاہد۔ باہم گواہی دینا
تشبث۔ چنگل مارنا
تشبیہ۔ کسی کو ایک دوسری چیز سے مثال دینا۔
تشبیب۔ شباب کا ذکر کرنا۔ غزل کہنا۔
تشتّت۔ پریشانی و پراگندگی
تشخّص۔ تعین ہوجانا
تشخیص۔ شناخت کرنا۔ مقرر کرنا
تشدید۔ سخت کرنا۔ مضبوط کرنا
تشریح۔ شرح کرنا۔ مفصل بیان کرنا۔ کھولنا۔ علم طب میں بدن کا حال بیان کرنا۔
تشریف۔ خلعت۔ شرف بخشنا۔ بزرگ کرنا۔
تشریفات۔ جلوس
تشفی۔ تسلی۔ تسکین

تشک - تو شک
تشکک - شک و شبہ میں پڑنا
تشکیک - شک میں ڈالنا
تشکیل دادن - مشکل بنانا
تشنج - بدن سے اعضاء اینٹھ جانا
تشنگی - پیاس
تشنہ - پیاسہ - خواہشمند
تشنیع - بُرا بھلا کہنا
تشیع - اپنے کو شیعہ کہنا
تشییع - مسافر کو راہ تک جا پہنچانا۔
تشین - شاندار اور باعزت بننا
تشہد - کلمہ شہادت پڑھنا
تشہیر - مشہور کرنا - رسوا کرنا
تشئید - مضبوط کرنا
تصابی - عورت کو فریفتہ کر لینا۔ کھیل کود کی طرف رغبت کرنا۔
تصادف - باہم ٹکرانا
تصادق - باہم دوستی کرنا - راستبازی کرنا۔

تصادم - باہم ٹکرانا - باہم ملنا
تصارم - باہم جدائی کرنا
تصاعد - بلند ہونا - اوپر چڑھنا
تصاغر - اپنے آپ کو حقیر ظاہر کرنا۔
تصافح - مصافحہ کرنا
تصافق - خرید و فروخت میں باہم ہاتھ ملانا
تصانیف - جمع تصنیف تصنیف کی ہوئی کتابیں۔
تصاویر - جمع تصویر
تصحیح - صحیح کرنا
تصحیف - کتاب لکھنا - لکھنے میں الفاظ کے فرق کی کچھ غلطی ہونا
تصدق - صدقہ کرنا
تصدی سامنے آنا
تصدید - تالی بجانا
تصدیر - کسی کو صدر میں بٹھانا کتاب کا عنوان لکھنا۔
تصدیع - تکلیف دینا۔

تصرف۔ قبضہ کرنا۔ اپنے استعمال میں لانا۔
تصریح۔ صراحت کرنا۔ واضح کرنا
تصریع۔ مصرعہ لگانا۔ کسی کو مار کر زمین پر گرانا۔
تصریف۔ گردان کرنا۔ ترکیب صرفی کرنا۔
تصغیر۔ چھوٹا کرنا
تصفیہ۔ صفائی کرنا
تصلیب۔ سولی دینا
تصمیم۔ پختہ و خالص کرنا
تصنیع۔ صنعت کرنا صفت کرنا
تصنیف۔ کوئی کتاب بنانا۔ قسم قسم علیحدہ کرنا۔
تصنیف۔ گیت۔ راگ
تصوّر۔ خیال
تصوّف۔ وہ روحانی علم جس پر صوفی چلتے ہیں۔
تصویر۔ صورت بنانا
تضاد۔ ایک دوسرے کی ضد باہم مخالف ہونا۔

تضاعف۔ دوگنا
تضحیک۔ ہنسی۔ ٹھٹھا
تضرر۔ نقصان ہونا
تضرّع۔ منت و زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔
تضمید۔ ضماد کرنا۔ لیپ کرنا۔
تضمن۔ پیٹ میں ڈالنا۔ ملا لینا
تضمین۔ کسی کے کلام کو اپنے کلام میں باندھنا۔
تضییع۔ ضائع کرنا
تطابق۔ مطابقت۔ باہم مطابق ہونا
تطاول۔ ظلم و جفا
تطبیق۔ مطابق کرنا۔
تطعیم۔ چیچک کا ٹیکہ لگانا۔ تابعداری۔
تطریب۔ خوشی میں ڈالنا
تطوع۔ حکم ماننا۔ خدمت کرنا
تطلیق۔ طلاق دینا۔
تطویل۔ طول دینا۔ لمبا کرنا
تطییب۔ خوشبودار کرنا
تطہیر۔ پاک کرنا۔ ختنہ کرنا۔

تظاہر۔ باہم مدد کرنا
تظلم۔ ظلم سے فریاد کرنا
تعارض۔ اعتراض کرنا۔ کسی کے ساتھ آنا۔
تعارف۔ جان پہچان
تعارف کردن۔ تحفہ بھیجنا
تعاشق۔ باہم محبت کرنا
تعاضد۔ باہم مدد کرنا
تعاقب۔ پیچھا کرنا
تعاقد۔ آپس میں اقرار و وعدہ کرنا۔
تعال۔ برتر۔ بلند
تعالی۔ بلند ہونا۔ اعلےٰ و افضل
تعانق۔ گلے ملنا
تعاون۔ باہم امداد کرنا
تعاہد۔ ایک دوسرے کی حفاظت کرنا عہد و پیمان کرنا۔
تعب۔ تکلیف۔ کلفت
تعبیر۔ خواب کے معنے بتانا
تعبیہ۔ آراستہ کرنا۔ پوشیدہ کرنا
تعجب۔ حیرانگی۔ نرالاپن۔ اچنبھا

تعجیل۔ جلدی کرنا
تعدّد۔ شمار
تعدّی۔ ظلم کرنا۔ تکلیف پہنچانا
تعدیل۔ عدل کرنا۔ درست کرنا۔
تعذر۔ عذر کرنا
تعذیب۔ عذاب کرنا۔ دکھ دینا
تعذیر۔ عذر کرنا
تعرّض۔ پیش آنا۔ رکاوٹ ڈالنا دخل دینا۔
تعرّف۔ شناخت کرنا
تعریت۔ ننگا کرنا
تعریض۔ چھیڑنا۔ کسی کو کام پر لانا۔
تعریف۔ معنے بیان کرنا۔ سراہنا۔
تعریفہ۔ نرخنامہ
تعزیت } ماتم پرسی کرنا۔ ماتم کرنا۔
تعزیہ
تعزیر۔ سزا دینا
تعزیل۔ ملازمت سے علیحدہ کرنا

تعسف ۔ بے راہ چلنا
تعشق ۔ عاشق ہونا محبت کرنا
تعصب ۔ طرفداری کرنا کینہ رکھنا ۔
تعطر ۔ عطر لگانا
تعطل ۔ معطل ہونا ۔ بیکار ہونا
تعطیل ۔ معطل کرنا ۔ کسی کام کو کچھ عرصہ کیلئے بند کرنا ۔
تعظم ۔ بزرگ ہونا
تعفن ۔ بدبو ہونا ۔ عفونت ۔
تعفین بو ۔ ٹنکچر آیوڈین
تعقب ۔ تعاقب کرنا پیچھا کرنا
تعقل ۔ سمجھنا ۔ فکر کرنا
تعلق ۔ علاقہ رکھنا
تعلقہ ۔ علاقہ
تعلل ۔ دوبارہ شراب پلانا سبب ہونا ۔
تعلیل ۔ علیل ہونا ۔ وجہ بیان کرنا ۔
تعلم ۔ علم سیکھنا
تعلیق ۔ ایک چیز کو دوسری سے لٹکانا

تعلیقہ ۔ اسباب کا ضبط کرنا ۔ خط ۔
تعلیم ۔ علم سکھانا
تعمق ۔ غور و خوض کرنا ۔ تہ تک پہنچنا ۔
تعمل ۔ عمل میں لانا
تعمید ۔ بپتسمہ دینا ۔ عیسائی بنانا
تعمیر ۔ عمارت بنانا
تعویج ۔ کج کرنا
تعویذ ۔ پناہ دینا
تعویر ۔ ایک آنکھ پھوڑ دینا یک چشم کرنا ۔
تعویض ۔ عوض دینا ۔ بدلہ دینا
تعویق ۔ باز رکھنا ۔ بند کرنا
تعویل ۔ بھروسہ کرنا
تعہد ۔ ضامن بننا ۔ ذمہ لینا
تعیش ۔ عیش کرنا ۔
تعین ۔ مقرر و خاص کرنا
تعینات ۔ تشخیص خصوصیات
تعید ۔ عید کرنا ۔ ملاکر خوشی کرنا ۔

تعئیر - بعن طعن کرنا
تعئیل - کینے کو روٹی دینا - کینے کو پالنا -
تغابن - باہم نقصان اُٹھانا افسوس -
تغار - مٹی کا ڈھیر - پھولوں کا گملہ -
تغاری - مٹی کا کونڈا
تغازل - باہم غزل کہنا
تغافل - دیدہ و دانستہ غفلت کرنا -
تغائر - آپس میں فرق ہونا
تغذی - غذا کھانا
تغرب - دوری اختیار کرنا سفر کرنا -
تغزیہ - غذا دینا - پرورش کرنا
تغلب - غالب ہونا - غلبہ کرنا
تغلیط - غلطی میں ڈالنا
تغمہ - میڈل - تمغہ
تغیر - متغیر ہونا - بدلنا
تغیظ - غیظ میں آنا - غصہ کرنا

تَف - بدبو - حرارت - روشنی -
تُف - تھوک
تفاح - سیب
تفاحش - بدزبانی فحش بکنا -
تفاخر - فخر کرنا - اپنے تئیں بزرگ جاننا -
تفادی - فدیہ دے کر جان چھڑانا -
تفاریق - جدائیاں - تھوڑا تھوڑا کرکے دینا -
تفاسیر - جمع تفسیر - قرآن مجید کی شرح -
تفاصیل - جمع تفصیل - مفصل حالات -
تفاوت - فرق - فاصلہ
تفت - گرم - سوختہ
تفتہ - جلا ہوا - عاشق
تفتن - گرم ہونا - غصہ میں آنا -
تفتیح - کھول دینا
تفتیدن - گرم ہونا - خفا ہو جانا -

تفتیش ۔ تلاش کرنا۔ کھوج نکالنا
تفحّص ۔ جستجو ۔ تلاش
تفریح ۔ سیر۔ کشائش ۔ آسودگی
تفرد ۔ اکیلے ہونا ۔ گوشہ نشینی
تفرس ۔ فراست ۔ تیز ہونا ۔ دانائی
آثار سے نتیجہ نکال لینا ۔
تفریس ۔ درندہ بن ۔ چیرنا پھاڑنا
تفرقہ ۔ جدائی
تفریح ۔ فرحت دینا ۔ تازہ کرنا
تفریط ۔ کم کرنا ۔ ضائع کرنا
تفریع ۔ اصل چیز سے نکالنا
تفریق ۔ جدا کرنا ۔ فاصلہ دینا
تفسیدن ۔ گرم ہونا
تفسیر ۔ قرآن مجید کی شرح کرنا ۔
مفصل ۔ واضح کرنا ۔
تفصیل ۔ جدا کرنا ۔ فاصلہ دینا
تفضیح ۔ فضیحت کرنا ۔ رسوائی کرنا
تفضیل ۔ فضیلت دینا ۔ بزرگ کرنا
تفطیر ۔ روزہ افطار کرنا
تفقد ۔ مہربانی و عنایت کرنا ۔
تفقہ ۔ علم فقہ جاننا

تفکّر ۔ سوچ بچار کرنا ۔ فکر کرنا
تفکن ۔ افسوس کرنا ۔ شرمندہ ہونا
تفکہ ۔ میوہ کھانا ۔
تفلدان ۔ ہڈیاں ڈالنے کی
طشتری ۔
تفنگ ۔ بندوق
تفنگچی ۔ بندوقچی
تفوق ۔ فوقیت ۔ برتری حاصل
کرنا ۔
تفوہ ۔ کلام کرنا
تفویض ۔ فیض کرنا ۔ سپرد کرنا
تفہم ۔ سمجھنا
تقابل ۔ باہم مقابلہ ہونا
تقاتل ۔ باہم جنگ کرنا
تقادم ۔ قدیم ہونا ۔ پرانا
تقادیر ۔ جمع تقدیر ۔ اندازہ ۔
مقدار ۔
تقارب ۔ باہم قریب ہونا
تقاریر ۔ جمع تقریر ۔ گفتگو ۔ لیکچر
تقاصر ۔ کسی کام میں کوتاہی کرنا ۔
خطا و قصور کرنا ۔

تقاضا - خواہش
تقاطر - قطرہ قطرہ ٹپکنا
تقاطع - ایک دوسرے کو کاٹنا
تقالیب - جمع تقلیب - گردش
لوٹنا -
تقاوی - قوت دینا - وہ روپیہ
جو سرکار کاشتکاروں کو کاشت
کیلئے بطور قرضہ دیتے ہیں -
تقاویم - جمع تقویم - جنتریاں
پتریاں -
تقبل - قبول کرنا
تقبیل - بوسہ دینا
تقدس - پاک - پاک کرنا
تقدیر - اندازہ کرنا - قسمت
تقدیس - پاک کرنا
تقدیم - مقدم کرنا
تقرب - نزدیکی
تقرر - مقرر کرنا
تقریب - نزدیک کرنا - قریب کرنا
کسی کام کیلئے آدمیوں کا
اکٹھا ہونا -

تقریباً - تخمیناً - قریب قریب
تقریر - مقرر کرنا - گفتگو - لیکچر
تقریض } کسی کی تعریف یا ہجو
تقریظ } میں شعر کہنا -
تقسیم - بانٹنا - حصہ کرنا
تقشیر - چھیلنا - چھلکا اُتارنا
تقصیر - کوتاہی - قصور
تقطیر - قطرہ قطرہ ٹپکانا
تقطیع - ٹکڑے کرنا - شعر کا وزن
تقفیل - قفل لگانا
تقلب - پھر جانا - پلٹنا
تقلد - پیروی کرنا
تقلیب - پلٹنا - پھرانا - اُلٹنا
تقلید - پیروی کرنا - گلوبند ڈالنا
اپنے ذمہ کام لینا -
تقلیدچی - ایکٹر
تقلیدی - وہ شخص جو بغیر تحقیق
کے کسی کی پیروی
کرے -
تقلیل - کم کرنا - تھوڑا کرنا
تقویٰ - پرہیزگاری - خدا کے احکام
سے ڈرنا -

تقویت ۔ قوت دینا
تقویم ۔ قیمت دینا ۔ جنتری ۔
پیدا کرنا ۔
تقی ۔ خدا سے ڈرنا ۔ پرہیزگاری
تقیید ۔ قید کرنا ۔ بند کرنا ۔
تقیل ۔ دوپہر کے وقت کا سونا
تکاثر ۔ کثرت ۔ افزوں ہونا
تکاثف ۔ کثیف ہونا
تکارم ۔ کرم کرنا ۔ بخشش کرنا
تکاسل ۔ سُست اور کاہل ہونا
تکافو } باہم برابر ہو ۔
تکافی }
تکاکو ۔ جمع ہونا ۔ کلام میں عاجز
ہونا ۔
تکالیف ۔ جمع تکلیف
تکان ۔ دھکا ۔ جھٹکا
تکانیدن ۔ ہلانا
تکاور ۔ تیز گھوڑا
تکاہل ۔ اپنے کو کاہل بنانا
تکبّر ۔ غرور کرنا ۔ اپنے تئیں بڑا
اور بزرگ سمجھنا ۔

تکبیر ۔ بڑا بنانا ۔ اللہ اکبر کہنا
تکثیر ۔ کثرت کرنا ۔ زیادتی کرنا
تکدر ۔ مکدر ہونا ۔ میلا ہونا ۔ سیاہ
ہونا ۔
تکدو ۔ تگ و دو ۔ دوڑ
دھوپ کرنا ۔
تکذیب ۔ جھٹلانا
تکرار ۔ بار بار پھرانا
تکرر ۔ بار بار کرنا
تکریم ۔ عزت کرنا
تکسیر ۔ شکستہ کرنا ۔ توڑنا
تکسّل ۔ سُست ہونا
تکفّل ۔ ضامن ہونا ۔ پرورش کا
ذمہ دار ہونا ۔
تکفیر ۔ کافر کہنا ۔ کفارہ دینا
تکفیل ۔ کفالت کرنا
تکفین ۔ مُردہ کو کفن پہنانا
تکل تو ۔ گھوڑے کیلئے گدی
تکلیس کردن ۔ کشتہ کرنا
تکلّم ۔ بات کرنا ۔ گفتگو
کرنا ۔

تکلہ مغاں - ترکستان میں جاڑا بسر کرنے کا ایک مقام۔
تکلیف - دُکھ - رنج -
تکمہ - گریبان کی گھنڈی - بٹن
تکمید - گرم پانی سے بدن کو سینکنا -
تکمیل - پورا کرنا -
تکنیف - گھیرنا
تکون - وجود میں آجانا
تکوین - وجود دینا - بنانا
تکہ - ٹکڑا - آزاربند
تکیہ - سہارا کی شے - ٹیک لگانے کی کوئی چیز -
تکیہ زدن - بھروسہ کرنا
تگ - دوڑنا - کنواں کی تہ
تگاپو - دوڑ دھوپ
تگرگ - ژالہ - اولا
تگ وپو }
تگدو } دوڑ دھوپ جستجو
تگش - ایک تُرک بادشاہ کا نام -
تل - تودہ - ٹیلہ
تلازم - باہم لازم ہونا
تلاش - ڈھونڈھ بھال - جستجو
تلاشی - تباہ و برباد ہو - ایٹ جانا - ڈھونڈنا - ڈھونڈنے والا -
تلاطم - لہروں کا تھپیڑے مارنا -
تلاعب - ملکر کھیلنا
تلافی - تدارک پانا - پورا کرنا
تلاقی - ملاقات کرنا
تلامذہ }
تلامیذ } جمع تلمیذ - شاگرد
تلاوت - قرآن مجید پڑھنا
تلبیس - لباس پہننا - مکر و فریب کرنا -
تلبیہ - حاجیوں کا لبیک کہنا
تلجیف - ناز سے چلنا
تلخ - کڑوا
تلخہ - صفرا - پتہ
تلخیص - خلاصہ کرنا - چھڑانا
تلذذ - لذت اُٹھانا -

تلطّف - مہربانی کرنا
تلفٖ - ضائع کرنا
تلفّظ - الفاظ کا منہ سے بولنا
تلفّق - کسی چیز کے ساتھ ملنا
تلقّی - ملاقات کرنا
تلقین - نصیحت کرنا
تلگراف - تار برقی
تلگراف بے نسیم - وائرلیس
تلگرافی - تار بابو
تلمبہ - آگ بجھانیکا انجن
تلمّذ - شاگردی
تلواسہ - غم - بیقراری
تلوّث - آلودہ ہونا
تلوّن - رنگ برنگ - غیر مستقل
طرح طرح کا -
تلویح - روشن کرنا - واضح کرنا
تلوین - رنگا رنگ - کئی طرح کا
تلاہب - شعلہ مارنا
تلئین - نرم کرنا - نرم ہونا
تلی فون - ٹیلیفون
تم - تاریکی

تماثل - مثال ہونا - مشابہ ہونا
تماثیل - جمع تمثیل - مثال دینا -
تصویریں - شاہی حکم -
تماجد - باہم بزرگی جتانا
تمادی - کشیدگی - دوری
تمارض - بیماری کا بہانہ کرنا
تماسخ - مسخ کرنا - تبدیل ہیئت
تماشا - سیر کرنا
تمالک - مالک ہونا
تمائم - جمع تمیمہ - تعویذات
تمتّع - فائدہ اٹھانا
تمثال - صورت - جسم -
فرمانِ شاہ -
تمثّل - مثال دینا - سامنے ہونا
تمثیل - مثال دینا - تشبیہ دینا
تمجید - بزرگ کرنا
تمدّد - کشیدگی -
تمر - کھجور
تمرّد - سرکشی
تمساح - مگرمچھ - نہنگ
تمسخر - ہنسی ٹھٹھا کرنا
تمسّک - کسی چیز میں چنگل مارنا مجازاً
دستاویز -

تمسکن - ذلیل و خوار ہونا فقیری اختیار کرنا -
تمشی - ارادہ - خواہش - جاری کرنا - پیدل چلنا
تمشیت - مرضی ہونا - رواں ہونا -
تمطی - انگڑائی
تمغات - اسباب تجارت پر - محصول کی مہر -
تمغاچی - محرّرہ چونگی
تمغہ - نشان - شاہی حکم - مہر
تمکن - قائم ہونا
تمکنت - غرور
تمکین - مرتبہ - جگہ پکڑنا
تملق - چاپلوسی - خوشامد - عادت پکڑنا -
تملک - مالک ہونا
تملیک - کسی کو مالک بنانا
تمن - دس ہزار آدمی
تموز - گرمی - ماہ ساون
تموّل - مالدار ہونا -

تمہید - بچھونا - ہموار کرنا - شروع
تناد - پکارنا - قیامت
تنادم - ہم نشینی کرنا
تنازع - جھگڑا
تنازل - نازل ہونا - باہم اُترنا
تناسب - باہم نسبت رکھنا
تناسخ - تبدّل - روح کا ایک جسم کو چھوڑ کر دوسرے میں چلے جانا -
تناسل - بچہ جننا - نسل بڑھانا
تنافر - نفرت کرنا
تنافی - ایک دوسرے کی نفی کرنا
تناقض - مخالفت ہونا - توڑنا
تناور - قدآور - قوی
تناول - کھانا کھانا - پینا
تناہی - کسی چیز کو روکنا انتہا کو پہنچنا -
تنبان - شلوار - پاجامہ
تنبل - سست
تنبول - پان - چھوٹی کمان
تنبیہ - آگاہ کرنا - تنبیہ کرنا -

تنبیہ - سزا دینا - واقف کرنا -
تنجیم - علم نجوم جاننا - ستارہ شناسی -
تنخواہ - محنتانہ
تُند - تیز - سخت
تُند باد - آندھی
تُند خو - سخت مزاج - بدمزاج
تندرست - جس کو کوئی بیماری نہ ہو -
تن در دادن - قبول کرنا
تندر - بجلی کی آواز - کڑک گرج -
تندُو - مکڑی
تنذیر - ڈرانا - احکام الٰہی سے ڈرانا -
تنزل - اُترنا - کم ہونا
تنزہ - پاک ہونا - بے عیب ہونا خوشی -
تنزیب - ایک قسم کا سوتی کپڑا -
تنزیل - نازل کرنا - قرآن مجید

تنزیہ - دُور کرنا - پاک کرنا -
تنسق - منتظم ہونا
تنسک - خدا پرستی - پارسائی
تنسکوب - ٹیلسکوب - دُوربین
تنسل - نسل جاری کرنا
تنسیق - انتظام کرنا
تنشیط - خوش کرنا
تنصر - نصاری بننا - عیسائی ہونا
تنصیف - آدھا آدھا کرنا - نصف کرنا -
تنظیر - نظیر لانا - مثال لانا
تنظیف - پاک کرنا
تنظیم - سوئی میں تاگا ڈالنا انتظام کرنا -
تنعیش - عیش میں رہنا - آرام کرنا -
تنعیم - ناز و نعمت میں پرورش کرنا -
تنفیر - نفرت کرنا
تنفس - سانس لینا
تنفیذ - حکم جاری کرنا

تنقل - نقل کرنا - کھانا
تنقذ - نقد دینا
تنقیح - پاک و صاف کرنا
تنقیص - گھٹانا - کم کرنا
تنقیہ - پاک صاف کرنا
تنک - باریک - کم - پتلا
تنکیر - عام کرنا - بھیس بدلنا
تنگ - درہ - تنگ اہڑا
تنگا - کونڈہ جس کا پیٹ بڑا ہو۔
تنگار - سہاگہ
تنگیارہ - ایسا مقام جہاں کسیکو دخل نہ ہو۔
تنگ چشم - حریص - کنجوس
تنگدست - مفلس
تنگدل - بخیل - کنجوس
تنگنائے - کوچہ - تنگ گلی
تنگہ - ایک قسم کا سکہ
تنگہ - چمڑے کا جانگیا
تنگی - تکلیف - مفلسی - غریبی تنگدستی۔

تنمیہ - درخت یا جاندار کا بڑھنا چغلی کرنا۔
تنور - روٹی پکانے کی جگہ - روشن ہونا۔
تنوع - پانی نکلنے کی جگہ - قسم قسم کا۔
تنوم - سونا - رویائے دیکھنا
تنومندی - قوی و فربہ ہونا
تنویر - روشن کرنا - نور حاصل کرنا۔
تنوین - نون پیدا کرنا - دو زبروں یا زیروں یا پیشوں کا پڑھنا۔
تنہ - درخت کا دھڑ
تنیدن - تننا
تنین - اژدہا - بڑا سانپ
تواب - توبہ قبول کرنیوالا
توابل - گرم مصالح
تواتر - لگاتار - پے درپے
توارد - ایک جگہ اترنا دو شخصوں کا مضمون آپسمیں لڑجانا۔

تواری۔ غائب ہونا
توازی۔ باہم برابر ہونا
تواصل۔ ملنا
تواصی۔ ایک دوسرے کو وصیت کرنا
تواضع۔ فروتنی۔ عاجزی
تواضع سمرقندی۔ جھوٹی خاطرداری
توافر۔ کثرت۔ وافر ہونا
توافق۔ موافقت کرنا
توافی۔ پورا کرنا۔ کنبے کا زیادہ ہونا۔
توالد۔ اولاد پیدا کرنا
توالی۔ متواتر
توام } جڑواں بچے جو ایک
توامان } ساتھ پیدا ہوں۔ برج جوازا۔
توان۔ طاقت
توانستن۔ سکنا
توانگر۔ دولتمند
توب۔ توبہ کرنا
توبرہ۔ تھیلا
توبہ۔ خدا کیطرف رجوع کرنا۔ آئندہ گناہوں سے بچنے کا عہد کر کے سابقہ گناہوں کی معافی چاہنا۔
توبیخ۔ جھڑکنا
توپ۔ فوج۔ ایک بندوق کی قسم کا لیکن بہت بڑا جنگی اوزار۔
توپا۔ ٹھان
توپ زن۔ توپچی
توپہ۔ اصلح خانہ۔ خزانہ میگزین
توت۔ تود۔ مشہور میوہ دار درخت شہتوت۔
توتیا۔ سُرمہ
توثیق۔ مضبوط کرنا۔ حکم
توجع۔ درد پیدا کرنا
توجہ۔ خیال۔ غور
توجیہ۔ معنے بیان کرنا۔ حسن بیان۔
توحد۔ واحد ہونا۔ یکتائی
توحید۔ خدا کو ایک ماننا

توختن - جمع کرنا
تودّد - دوستی - محبت
توده - ڈھیر
تودیع - وداع کرنا - رخصت کرنا
توریدہ - درخت کا پھولنا یا خسارں پر سُرخی آنا -
تورع - پرہیزگاری
تور - فریدوں شاہ ایران کے سب سے بڑے بیٹے کا نام -
تورہ - قانون بیلیس - کابل
توریت - حضرت موسےؑ کی آسمانی کتاب -
توریہ اصل کے خلاف ظاہر کرنا
توز - بھوج پتر - مشہور پتہ
توزّر - وزیر کا کام کرنا -
توزک - انتظام - آرائش
توزیدان - جمع کرنا
توزین - دو چیزوں کا باہم وزن کرنا -
توس کردن - یکبا جام صحت پینا

توسّط - اعتدال - واسطہ کرنا
توسّل - وسیلہ کرنا - ذریعہ
توسن - گھوڑا
توسیع - وسیع کرنا - کشادہ کرنا
توش - طاقت - قوت
توش دان - سفر کی خوراک رکھنے کا برتن -
توشک - بچھونا
توشمال - خانساماں
توشہ - اخراجات راہ
توشیع - بدھی - ہنسلی گلے کی - زیبائش کرنا - ایک علمی صنعت -
توصیف - وصف بیان کرنا تعریف کرنا -
توضیح - واضح بیان کرنا - مفصل بیان کرنا -
توطن - وطن اختیار کرنا -
توطیہ - پاؤں سے ملنا - آسان کرنا - تمہید -
توضیف - وظیفہ مقرر کرنا -

توعد۔ ڈرانا
تورغ۔ ترکی فوج کا جھنڈا
توغل } کامل مشق کرنا۔ مہارت
کردن } حاصل کرنا۔
توفق۔ موافقت کرنا
توفی۔ وفا کرنا۔ پورا کرنا
توفیر۔ وفور۔ زیادتی
توفیق۔ موافق کرنا۔ طاقت
توق } غلبہ شہوت
توقان }
توقد۔ آگ بھڑکانا
توقف۔ دیر کرنا۔ وقفہ دینا
توقی۔ محافظت
توقیر۔ وقار ماننا۔ عزت کرنا
توقیف۔ وقف کرنا۔ روکنا
توکل۔ بھروسہ
توکن۔ تمکین ہونا۔ کسی جگہ قرار پکڑنا۔
توکیل۔ وکیل کرنا۔
توگوشی۔ طمانچہ
تول۔ چھالے

تولاّ۔ محبت۔ دوستی
تولیت۔ بلا
تولد۔ پیدا کرنا
تولی۔ بھرجانا۔ چھاجانا۔ حاکم ہوجانا۔
تولید۔ پیدا کرنا۔ جنانا
تولیر۔ پیرس کے ایک محل کا نام۔
توما۔ ٹامس
توں۔ سوراخ شطرنج۔ حمام
توں ناب۔ بھڑ بھونجا
تونل۔ ٹنل
توہج۔ آگ کا روشن ہونا۔ جواہر کا چمکنا۔ خوشبو کا پھیلنا۔
توہم۔ وہم کرنا۔ خام خیالی
توہین۔ اہانت کرنا۔ ذلیل و بے عزت کرنا۔
توے۔ اندر
تہ۔ نیچے۔ تلے
تہ دن۔ بیلن

تہ سکہّ ۔ سکہّ کی پشت
تہ گیری ۔ کھُرچن
تہاوتی ۔ تحفہ بھیجنا
تہالک ۔ باہم ہلاک ہونا
تہامہ ۔ ارض مکہّ
تہاون ۔ خوار و ذلیل رکھنا
تہبند ۔ دھوتی ۔ چادر جو بجائے پاجامہ استعمال ہوتی ہے
تہتک ۔ رسوائی ۔ ہتک کرنا ۔ بے عزتی کرنا ۔
تہجّی ۔ ہجے کرنا ۔ مفرد حروف کا پڑھنا ۔
تہجّد ۔ رات کو جاگنا ۔ رات کی نماز ۔
تہجین ۔ بے عزت کرنا
تہ خانہ ۔ مکان کے نیچے کا زمین دوز کمرہ ۔
تہدید ۔ ہدایت کرنا ۔ ڈرانا
تہذیب ۔ آراستہ کرنا ۔ پاک کرنا ۔ عقلمندی
تہلکہ ۔ ہلاک ہو جانا ۔ مٹ جانا ۔

تہلل ۔ چہرہ کا خوشی کے وقت کھِل جانا ۔ بجلی کا روشن ہونا ۔ چمکنا ۔
تہلیل ۔ لا الہ الا اللہ کہنا
تہمت ۔ جھوٹا الزام لگانا ۔ عیب لگانا ۔
تہمتن ۔ دلاور ۔ رستم پہلوان کا لقب ۔
تہ نشین ۔ تہ پر بیٹھنے والا ۔ تلچھٹ ۔
تہنیت ۔ مبارکبادی
تہ و بالا ۔ زیر و زبر ۔ نیچی اونچی
تہوّر ۔ مردانگی ۔ قوت غضب
تہوّع ۔ ابکائی کا بہانہ کرنا ۔ قے ۔
تہویل ۔ خوف دلانا ۔
تہی ۔ خالی ۔
تہیدست ۔ مفلس ۔ قلاش
تہیگاہ ۔ کمر ۔ پیٹ
تہی مغز ۔ کم عقل ۔ بے وقوف
تہبیہ ۔ تیاری ۔ ارادہ

تیاتر۔ تھیٹر
تیار۔ موجزن۔ جلد رفتار آمادہ
تیب۔ قطار۔ صف
تیپہ زدن۔ ٹھوکر لگانا
تیت پیت۔ تتر بتر
تیر۔ مشہور آلۂ حرب
تیر انداختن۔ بندوق چلانا
تیر پشت۔ خارپشت
تیر تفنگ۔ کارتوس
تیر پرتاب۔ ایک قسم کا تیز تیر۔ جہاں تیر گرے۔
تیر و تختہ۔ بیلن
تیر چرخ۔ بدھ کا ستارہ
تیر دستی۔ عصا۔ لاٹھی
تیر ماہ۔ شمسی مہینہ جب آفتاب برج سرطان میں ہو۔
تیرہ۔ تاریک۔ سیاہ۔ پہیّہ
تیرہ روزگار۔ بدنصیب
تیز۔ چالاک۔ چست۔ اچھی کاٹ کرنیوالی دھار۔
تیسیر۔ آسان کرنا

تیسک۔ جنڈول
تیشہ۔ بسولا
تیغ۔ تلوار۔ خنجر
تیغا۔ چھوٹی تلوار
تیغ دلاکی۔ اُسترہ
تیغ کوہ۔ پہاڑ کی چوٹی
تیغوس۔ ایک قسم کا بخار
تیقّن۔ یقین کرنا
تیقون۔ سفید باز
تیماج۔ بھیڑ بکری کی کھال
تیمار۔ بیمار کی خدمت
تیمچہ۔ چھوٹی دکان
تیمم۔ پانی نہ ملے یا کوئی اور عذر ہو تو وضو کی بجائے پاک مٹی پر وضو کی نیت سے ہاتھ مار کر ہاتھ منہ پر پھیر لیتے ہیں۔
تیمّن۔ یُمن و برکت حاصل کرنا۔ داہنی طرف سے کام کرنا۔
تین۔ انجیر۔ ایک مشہور میوہ
تیول۔ جاگیر
تیہ۔ جنگل۔ بیابان۔ غرور کرنا
تیہو۔ تیہورج۔ تیتر۔ بٹیر

# باب الثاء

ثابت۔ قائم۔ مضبوط
ثاوہ۔ موٹے بدن کی عورت
ثادق۔ برسنے والا بادل
ثار۔ قصاص۔ دشمنی
ثاقب۔ روشن۔ چمکدار
ثاقل۔ ثقیل۔ بھاری
ثالث۔ تیسرا۔ فیصلہ کرنے والا۔ منصف۔
ثالثون۔ تیسواں حصہ۔ $\frac{1}{30}$
ثالثہ۔ لمحہ۔ سیکنڈ
ثالیل۔ مسّہ۔ مہاسہ
ثامر۔ میوہ دار درخت
ثامل۔ زنگ کھائی ہوئی تلوار
ثامن۔ آٹھواں حصہ۔ $\frac{1}{8}$
ثانوی۔ دوئمی۔ دوسرا
ثانی۔ دوسرا
ثانیہ۔ دقیقہ۔ منٹ
ثائرالراس۔ پریشان بالوں والا
ثبات۔ پائداری۔ مضبوطی۔ قیام
ثبت۔ تحریر کرنا۔ لگانا
ثبور۔ ہلاک ہونا۔ عذاب
ثرا۔ دولت۔ مال
ثروت۔ دولت و مال
ثری۔ خاک۔ نمناک مٹی۔ دولت۔
ثریا۔ پروین۔ وہ چھ ستاروں کا مجموعہ جو آپس میں تفاوت نہیں کرتا۔
ثرید۔ شوربا میں بھگوئے ہوئے روٹی کے ٹکڑے۔
ثعابین۔ جمع ثعبان۔ اژدھا۔ بڑا سانپ۔
ثعال۔ مادہ لومڑی
ثعالب۔ جمع ثعلب۔ لومڑیاں ایک دوائی کا نام۔
ثعبان۔ بہت بڑا سانپ۔ اژدھا
ثعلب۔ لومڑی۔ رویا۔ ایک دوائی
ثغر۔ اگلے دانت۔ کنارے۔ ملک کی سرحد۔

ثغور - جمع ثغر - کفار کی ملک کی سرحد
ثقات - جمع ثقہ - معتبر آدمی
ثقالت - گرانی - بھاری پن
ثقب - جمع ثقبہ - سوراخ
ثقبہ - سوراخ - درز
ثقبہ عینیہ - آنکھ کے اندر روشنی جانے کا سوراخ -
ثقل - بوجھ
ثقلین - دو گروہ (جن و انسان)
ثقہ - معتمد آدمی
ثقیل - بھاری - نہ ہضم ہونیوالی
ثلاث - تین
ثلاثا - منگل کا دن
ثلاثی - وہ صیغہ جس میں تین حرف ہوں -
ثلب - عیب - برائی
ثلث - تیسرا حصہ $\frac{1}{3}$
ثلثان - تین حصوں سے دو - $\frac{2}{3}$
ثلثون - تیس - ۳۰
ثلج - برف
ثلم - سوراخ کرنا -

ثم - پس - پھر
ثمان - آٹھ - ۸
ثمانین - اسی - ۸۰
ثمر - پھل - نتیجہ
ثمرہ - بدلہ - نتیجہ
ثمن - قیمت - قدر
ثمن - آٹھواں حصہ - $\frac{1}{8}$
ثمین - قیمتی - گراں
ثنا - تعریف
ثنایا - سامنے کے چار دانت
ثنائی - دو حرفی - دو اگلے دانت - ثناء کرنیوالا -
ثواب - نیکی کا بدلہ - اچھا عوض
ثوابت - ستارے جو حرکت نہیں کرتے
ثواقب - روشنی دینے والی چیزیں
ثوب - کپڑا
ثور - بیل آسمان کا دوسرا برج - مکہ معظمہ میں ایک پہاڑ کا نام -
ثوران - گرد و غبار اٹھنا فساد ہونا
ثوم - لہسن - پیر
ثیاب - جمع ثوب - کپڑے
ثیبتہ - شوہر دیدہ عورت

# باب الجیم

جا۔ جگہ

جابر۔ جبر کرنیوالا۔ ظالموں پر ظلم کرنے والا۔ مجازاً اللہ تعالےٰ کا ایک نام۔

جابلسا۔ مغرب۔ مغرب میں ایک شہر

جابلق۔ معبّر۔ خواب کی تعبیر بتانے والا۔

جابلقا۔ مشرق میں ایک شہر کا نام۔

جابنیتہ۔ حوض۔ پانی کا گڑھا

جاثلیق۔ نصرانیوں کا مذہبی سردار

جاجم۔ ایک قسم کا فرش

جاحد۔ انکار کرنیوالا۔ صحیح کرنے والا۔ جلدی کرنیوالا

جاحظ۔ ایک عالم کا نام

جاداد۔ مالیت۔ ملکیت

جادہ۔ جادہ۔ راہ راست۔ طرز

جادل۔ جدال کرنے والا۔ جنگ کرنیوالا۔

جادی۔ طالب۔ بخشش۔ جداۃ + جمع

جاذب۔ جذب کرنیوالا۔ کشش کرنیوالا۔ قوت جاذبہ

جار۔ پڑوسی۔ پناہ مانگنے والا کھینچنا۔

جار۔ منادی۔ ڈھنڈورہ

جارحہ۔ جرّاح۔ زخم کرنیوالا

جارچی } منادی کرنیوالا
جارزن }

جاروب۔ جھاڑو۔

جاری۔ رواں۔ چلتا ہؤا

جاری مجریٰ۔ قائم مقام

جاریہ۔ کشتی۔ آفتاب۔ لونڈی آب رواں۔

جارغ۔ بے قرار و بے صبر

جازم۔ مضبوط کرنیوالا۔ ساکن کرنیوالا۔

جازی۔ بدلہ دینے والا۔ کافی

جاسِد۔ جما ہوا۔ منجمد خون
جاسَین۔ اعلےٰ مرتبہ
جاسوس۔ راز جاننے والا۔ پوشیدہ طور پر حالات دریافت کرنے والا۔
جاکوح۔ ہتھوڑا
جافی۔ جفا کرنیوالا۔
جاگیر۔ قطعہ زمین جو سرکار سے عطا ہو۔
جاگیردار۔ وہ شخص جس کو جاگیر ملی ہوئی ہو۔
جالس۔ بیٹھنے والا
جالع۔ بےحیا آدمی
جالہ۔ جھاڑ
جالی۔ جلا دینے والا۔ صاف کرنے والا۔
جالینوس۔ یونان کے نامور حکیم و طبیب کا نام تھا۔
جام۔ شراب کا پیالہ۔ ایک شہر کا نام۔

جامِ جہاں نما۔ } کیخسرو بادشاہ کا
جامِ جہاں بین } علم نجوم سے بنایا ہوا جام جس میں سے دنیا کے تمام حالات معلوم کئے جاتے تھے
جامدان۔ کپڑوں کا صندوق
جامح۔ سرکش
جامد۔ جما ہوا پتھر۔ وہ لفظ جو نہ تو خود مشتق ہو اور نہ اس سے کوئی مشتق بن سکے۔
جامعیت۔ جامع ہونا۔ سب خوبیاں جمع کرنے والا ہونا۔
جابوس } بھینسا۔ نر بھینس
جاموس }
جامہ۔ کپڑا۔ شراب کا پیالہ
جامہ دار۔ حمام میں جس شخص کو کپڑے سپرد کئے جاتے ہیں۔
جامہ وجیرا۔ روئی کا کپڑا

جامہ کن۔ حمام کا ایک حصہ جہاں کپڑے اُتار کر رکھے جاتے ہیں۔
جامی۔ شہر جام کا باشندہ۔ ایک شاعر کا تخلص۔
جان۔ روح۔ زندگی۔ طاقت
جان آزاری۔ دُکھ دینا
جاناں۔ معشوق
جانب۔ طرف
جانباز۔ جان پر کھیلنے والا بہادر گھوڑوں کے سوداگر۔
جاں بلب۔ قریب المرگ
جانبین۔ طرفین۔ دونو طرف۔
جانشین۔ قائم مقام۔ گدی نشین
جانفشانی۔ سخت محنت وسعی
جان کاہ۔ جان کو گھٹانیوالا۔ سخت تکلیف دہ۔
جان کندن۔ نزع کا وقت۔ جان نکلنے کی تکلیف
جاں گذا۔ جان کو کاٹنے والا۔ سخت تکلیف دہ۔

جاں نواز۔ معشوق۔ جان کو بڑھانے والا۔
جانی۔ مخلص دوست۔ میری جان
جانی۔ گنہگار۔
جاوداں۔ ہمیشہ
جاورس } ایک قسم کا غلہ۔
جاویدن } باجرا۔
جاوید }
جاویدان } ہمیشہ۔ برقرار
جاہ۔ مرتبہ۔ عزت
جاہل۔ بے علم۔ کم عقل
جاہلیت۔ جاہل ہونا۔ اسلام سے پہلے بُت پرستی کا زمانہ۔
جائے۔ جگہ
جائداد۔ مال واسباب ونقدی
جائر۔ جور کرنے والا۔ ظالم۔ حق سے باطل کی طرف جانے والا۔
جائز۔ مطابق شرع۔ صحیح
جائزہ۔ انعام۔ بدلہ۔ امتحان
جائع۔ بھوکا۔ گرسنہ

جابفنہ ۔ ٹیلہ ۔ نہایت گہرا زخم ۔
جوائف جمع ۔
جائگاہ ۔ جگہ ۔ مقام
جُب ۔ گہرا کنواں
جُبا ۔ خراج ۔ باج
جبّار ۔ جابروں پر جبر کرنے والا ٹوٹے کو جوڑنے والا ۔ خدا کا نام ۔
ال ۔ جمع جبل ۔ پہاڑ ۔
جبان ۔ نامرد ۔ ڈرپوک ۔
جباہ ۔ جمع جبہ ۔ پیشانیاں ۔
جبائت ۔ خراج جمع کرنا ۔ مال و دولت اکٹھا کرنا ۔
جُبر ۔ ہٹی ۔
جبروت ۔ عظمت ۔ غرور
جبر و مقابلہ ۔ ایک علم جس سے معلوم مقدار میں معلوم کرتے ہیں ۔
جبرئیل } خدا کا بندہ ۔ روح الامین
جبرائیل } فرشتہ مقرب جو خدا کی طرف سے وحی لانے پر مامور ہے ۔

جَبَل ۔ پہاڑ ۔ کوہ
جبلت ۔ پیدائش ۔ طبیعت ۔ ذات
جبلی ۔ ذاتی ۔ طبعی
جَبَلی ۔ پہاڑی ۔ پہاڑ کا رہنے والا ۔
جُبن ۔ دودھ کو پھاڑ کر سفیدی کو الگ کیا ہوا پنیر ۔
جبون ۔ بزدل
جبہ ۔ پیشانی
جبین ۔ پیشانی
جبیرہ ۔ موچ
جتک ۔ گوند
جُثہ ۔ جسم ۔ بدن
جچہ ۔ زچہ ۔ بچہ جننے والی عورت ۔
جحد ۔ انکار کرنا
جحس ۔ ایک اصحابی کا نام گھوڑے کا بچھیرا ۔ غصہ ۔
جحف ۔ گیند کھیلنا ۔ پاؤں سے مارنا
جحم ۔ آگ بھڑکانا ۔ تیز کرنا
جحمرش ۔ بدصورت عورت ۔ بڑھیا خرگوش ۔ سانپ ۔
جحیم ۔ دوزخ کے چھٹے طبقہ کا نام

جَدّ - باپ دادا - بزرگی - خوش بختی
جِدّ - کوشش - سعی
جداً - کوشش کی رو سے
جدار - دیوار - بھید
جدال جدل - جنگ
جداول - جدول کی جمع - نہریں
صفحہ کی سطریں -
جدائی - دوری - جدا ہونا -
جدّت - تیز فہمی - تازگی
جُدث - قبر
جَدَد - ہموار زمین
جَدَر - آبلے کا نشان
جُدُر - جمع جدار - دیواریں
جُدَری - چیچک - ایک مشہور و
عالمگیر بیماری -
جدول - نہر - لکھائی صفحہ کے
حاشیہ کی لکیریں -
جدہ - دادی (باپ کی والدہ) عرب
کی مشہور بندرگاہ -
جدی - بزغالہ - بچھورا - برج کا نام
جس کو مکر کہتے ہیں -

جدّی - ایک دادا کی اولاد
جدید - نیا
جدید - رنگروٹ
جدیر - لائق - سردار
جذام - کوڑھ - خرابی خون کی
ایک مشہور اور بدتر
مرض -
جذاہر - بیوفا - عہد شکن - جھوٹا -
جذان - کنکریاں
جذانتہ - جمع جذان - کنکری
جذب - کشش کرنا - کھینچنا
جذبہ - دل کا جوش - سخت
کشش -
جذر - جڑ سے اکھیڑنا - علم حساب
میں جس عدد کو فی نفسہ ضرب
کریں اسکو جذر اور حاصل
ضرب کو مجذور کہتے ہیں -
جذر اصم - طاق عدد - جن کا
پورا پورا جذر نہ حاصل
ہو سکے -
جذبزہ - لیاقت

جرِّ ثقیل۔ ایک آلے اور ایک علم
کا نام جس میں بھاری
چیزوں کے کھینچنے کے
قاعدے ہوتے ہیں۔
جرجرہ۔ بڑے چڑا
جرجرک۔ ایک قسم کا کپڑا
جرد ہ۔ نالی
جردہ۔ ایک قسم کا بگلہ
جرختی۔ خاکی رنگ کا تیتر
جرجیس۔ ایک پیغمبر صاحب کا
نام ہے جن کو انکی اُمت
قتل کر دیتی تھی لیکن وہ
پھر زندہ ہو ہو کر احکام
الہی سناتے تھے۔
جرنگ۔ دھات کی جھنکار
جذع۔ درخت کا تنہ
جذل۔ اُس درخت کی جڑ جس
کی شاخیں کاٹ ڈالی
گئی ہوں۔
جذم۔ جڑ
جذوت۔ کھینچنا

جذوع۔ جمع جذع۔ شاخیں
جذوہ۔ آگ کی چنگاری
جذی۔ جڑ
جذبہ۔ کشش۔ کھینچنا۔
جراب۔ موزہ۔ گائے کا پوست
جرأت۔ دلیری۔ بہادری
جرّاح۔ زخم کرنیوالا۔ پھوڑا پھنسی
چیرنے والا۔
جراحت۔ زخم
جراد۔ ٹڈی
جرّار۔ بہادر۔ بھائی۔ کثیر
جرارۃ۔ ایک سخت زہریلا بچھو
بہادر لشکر۔
جرائد۔ جمع جریدہ۔ دفتر۔ جرانخار
دست چپ۔
جرائم۔ جمع جرم۔ گناہ خطائیں
جرب۔ کھجلی۔ خارش
جرع۔ گھاو۔ زخم
جرع۔ گواہی میں شستہ کرنا تحقیق
کرنا۔
جرز۔ بیابان۔ صحرا۔ بنجر زمین۔

جرس - زنگولہ گھنٹی کی آواز
جرع - پینا -
جرعب - بدخو آدمی -
جرعہ - گھونٹ -
جِرم - تن -
جُرم - گناہ -
جرہ - دلیر - باز - گھوڑا -
جِرّہ جنگلی کی گھاس
جری - بہادر - دلیر -
جریان - پانی کا رواں ہونا مردوں کی ایک بیماری -
جریب - زمین کو ماپنے کا ایک پیمانہ -
جریث - بارماہی - گرگوجھ
جریح - زخمی - گھائل
جرید - قاصد - جاسوس
جریدہ - دفتر - کتاب - رسالہ
جریرہ - گناہ - قصور
جریم - گنہگار - خشک خرما - جمع کرنے والا -
جریمانہ - جُرمانہ

جریمہ - گناہ - جُرم - تاوان
جُز - سوائے - بغیر
جُزبُز - چھن چھن کی آواز
جزا - بدلہ - عوض -
جزائر - جمع جزیرہ
جزایل - جمع جزیلہ مضبوط چیز
جزر - گاجر - زردک
جزر - (مد و جزر) - سمندر میں پانی کا اُتر جانا میوہ توڑنا
جزرسی - کفایت شعاری -
جزر و مد - سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ - جوار بھاٹا -
جَزَع - بے صبری - ناشکیبائی
جزم - ساکن کرنا - پکا - مضبوط
جزو - حصّہ - ٹکڑا
جزوکش - جزدان
جزو لایتجزی - نہایت چھوٹا - جس کے حصّے نہ ہو سکیں -
جزوی - تھوڑا - حصّہ کا
جزویات - افراد - حصّے -

جزیرہ۔ ٹاپو۔ خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔
جزیل۔ بڑی اور محکم چیز۔ بہت
جزیہ۔ تاوان۔ وہ تاوان جو کفار سے لیا جاتا ہے۔

جسارت۔ دلیری۔ مردانگی
جسامت۔ جسم ہونا۔ حجم
جستجو۔ تلاش۔ ڈھونڈنا
جستن۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا
جسد۔ جسم۔ بدن
جسدی۔ جسمی
جسر۔ پل
جسم۔ بدن۔ وجود
جسمانی۔ جسم والا۔ جسم کا
جسم تعلیمی۔ طول۔ عرض بلندی گہرائی۔
جسور۔ جمع جسر
جسوم۔ جمع جسم۔ بدن
جسیدہ۔ لکھنے والوں کا دفتر۔ درخت کا تنہ۔

جسیم۔ موٹا۔ کلاں جسم
جشا۔ آروغ۔ ڈکار
جشب۔ بغیر سالن کے روٹی کھانا۔
جشب۔ انار کے چھلکے۔
جشر۔ رانڈوا آدمی
جشن۔ عیش کی مجلس
جشن سدہ۔ پارسیوں کا جشن جو ماہ بہمن کی بارھویں تاریخ کو ہوتا ہے۔
جعابت۔ تیردان بنانا۔
جعال۔ رشوت۔ گرم تعریف کے لائق۔
جعبہ۔ ترکش۔ تیردان
جعبہ۔ میز کی دراز۔ صندوقچی
جعد۔ گھنگریالے بال
جعدہ۔ بھیڑیا۔ زلف
جعفر۔ ایک آدمی کا نام۔ ندی نالہ۔
جعفری۔ ایک قسم کا گیندے کا پھول۔ خالص سونا۔

جَعل۔ کرنا۔ بنانا
جُعَل۔ ایک سیاہ رنگ کا کیڑا۔ گبریلا۔
جَعلی۔ بناوٹی۔ جو اصلی نہ ہو۔
جغرات۔ دہی
جغرافیہ۔ زمین کے حالات۔ تمام دنیا کے پہاڑ۔ دریا شہر۔ سمندروں وغیرہ کے حالات۔
جغرافیان۔ علم جغرافیہ کے جاننے والے۔
جفا۔ جور وستم
جفار۔ علم جفر جاننے والا
جُفت۔ جوڑا
جُفتا۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ
جُفتن۔ ملنا۔ ملانا۔ سہارا دینا۔
جُفتہ۔ دولتی مارنا۔ سُرین یعنی چُوتڑ۔
جُفتہ زدن۔ دولتی مارنا
جفت شدن } جماع کرنا
جفتیدن }

جفتی۔ جفت ہونا
جفر۔ غیب کے حالات بتانے کا علم۔ مکہ معظمہ میں ایک مقام کا نام۔
جفن۔ مژگان۔ تلوار کا نیام
جفتک انداختن۔ دولتی مارنا
جفنگ گفتن۔ لغو بکنا
جک زدن۔ جھک مارنا
جفون۔ پلکیں۔ مژگان
جگارہ } سیگار
جیگرہ }
جگر۔ کلیجہ۔ حوصلہ۔ اُمید
جگر بند۔ دل کا ٹکڑا۔ مجازاً بیٹا
جَل۔ ایک خوش آواز جانور کا نام
جِل۔ بزرگ ہوا
جُل۔ جھول
جَلا۔ نکال دینا
جِلا۔ روشن۔ صفائی
جلّا۔ صیقل گر
جَلّاب۔ کھینچنے والا ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانیوالا۔

جلاجل ۔ گھونگھرو ۔ جھانجھ ۔ ایک جھنکار دار زیور ۔
جلّاد ۔ سرکار کیطرف سے مجرموں کو اُن کے جرم کے مطابق سزا دینے والا ۔
جلاَدت ۔ چُستی ۔ جوانمردی
جلال ۔ بزرگ ہونا ۔ بزرگی
جلالی ۔ جلال الدین اکبر بادشاہ سے منسوب سن و ماہ جو اُس سے جاری کئے ۔
جلا وطن ۔ وطن سے نکال دینا
جلائل ۔ بزرگیاں
جلب ۔ کھینچنا ۔ سوداگری کا مال ملک بملک لے جانا ۔
جلبندی ۔ بقچیلا
جلباب ۔ چادر ۔ اوڑھنی
جلجلہ ۔ جھنجھنا
جلتفہ ۔ واسکٹ
جِلد ۔ چمڑا ۔ کھال ۔ پوست
جلد ۔ تازیانہ ۔ کوڑا ۔ شتاب
جلد گر ۔ کتاب کی جلد بنانیوالا
جلدو ۔ انعام ۔ صلہ ۔ نیک بدلہ
جلدی ۔ شتابی ۔ چالاکی
جلسا ء ۔ جمع جلیس ۔ مجلس کے لوگ ۔
جلسہ ۔ محفل ۔ نشست
جلف ۔ ناپاک ۔ کمینہ ۔ وہ چیز جس کا پیٹ خالی ہو ۔
جلق ۔ ہاتھ سے مردی کھونا ۔ مُشت زنی ۔
جلقو ۔ باز کی ڈوری
جلگہ ۔ مَرغزار ۔ چراگاہ
جلم بر ۔ گوڈر پوش
جلنار ۔ معرب گلنار ۔ انار کا پھول
جلو ۔ گھوڑے کی باگ ۔ کوتل گھوڑا
جلوت ۔ اپنے کام کو لوگوں کو دکھانا ۔
جلوا نتادن ۔ اوت لینا
جلود ۔ حیوانات کے چمڑے مجمع
جلودار ۔ ہیڈ کوچوان

جلوکش - لگام
جلوایز - تیز قدم گھوڑا
جلوس - بھیجنا
جلوط - بے حیا عورتیں
جلوع - عورت کا ہر وقت اور
ہر طرح اپنے چہرے کو
کھلا رکھنا - بے پردگی -
جلوگیر - تخفیف کرنا
جلول - گھر سے نکل جانا
جَلی - روشن کرنا موٹا خط
جلید - برف - مضبوط
جلیس - ہمنشیں
جلیل - بزرگ
جم - مخفف جمشد - ایران کے ایک
مشہور بادشاہ کا نام -
جم - تمام - بہت
جماجم - قوم کے سردار
جماد - بے جان چیزیں مثلاً پتھر
مٹی وغیرہ -
جمادات - جمع جماد - پتھر مٹی
وغیرہ -

جمادی - بے جان چیز
جمادی الاول - عرب کا چھٹا قمری
مہینہ -
جمادی الآخر } عرب کا چھٹا
جمادی الثانی } قمری مہینہ -
جمازہ - تیز رفتار اونٹنی
جماع - صحبت کرنا - عورت و
مرد کا مباشرت کرنا -
جماعت - گروہ
جمال - حُسن - خوبصورتی
جَمّال - شتربان
جماہیر - جمع جمہور - آدمیوں
کا گروہ
جمبازہ - سانڈنی
جمجمہ - کھوپڑی - کاسۂ سر
جمد - برف -
جمدھر - کٹار - چھوٹی تلوار
جمرد - آگ کی چنگاری
جمرک - جونگی
جمرہ - کوئلہ کا جلنا
جمشت - ایک قیمتی پتھر

جمشید۔ ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔
جمع ۔ اکٹھا کرنا۔ جماعت
جمع الجمع ۔ جمع کی جمع جیسے رسم سے رسومات۔
جمعدار
جماعہدار } چند سپاہیوں کا افسر
جمعہ۔ پتھروں کا ڈھیر
جمعہ۔ آدینہ۔ جمعرات سے اگلا دن۔ نماز جمعہ۔
جمعور۔ بڑی جماعت
جمعیت۔ گروہ۔ دل جمعی۔ جمع ہونا۔
جَمل۔ اونٹ
جملی۔ جڑوان
جُمل۔ اعداد ابجد کا حساب
جملگی۔ تمام۔ سب
جملہ۔ فقرہ۔ تمام۔ کلام کا ایک حصہ۔
جمود۔ جمنا
جموع۔ جماعتیں۔ جمع کی جمع
جمہور۔ گروہ
جمیز الفوادر۔ ذہین آدمی
جمیع ۔ سب۔ تمام
جمیعاً۔ سب کے سب
جمیل۔ خوبصورت۔ حسین
جِنّ۔ ایک مخلوق جو غیب ہے دکھائی نہیں دیتی۔
جناب ۔ درگاہ۔ بزرگی کلمۂ ادب
جنابت۔ ناپاکی۔ دوری
جُنّات۔ جمع جنت بہشت
جِنّات۔ جمع جن کی۔ دیو
جناح۔ بازو
جناح ۔ گناہ
جنادع ۔ کیڑے پتنگے۔ حشرات الارض مینڈک سانپ وغیرہ
جنادف۔ موٹا آدمی
جنادل۔ جمع جندل۔ پتھر
جنازہ۔ میت جو دفن کیلئے لے جائیں۔ مردہ کیلئے دعا۔
جناغ
جناق } زین پوش۔ پیالہ

جنان۔ بہشت
جُنان۔ دل
جنان الیل۔ رات کی سیاہی
جنان الناس۔ آدمیوں کا گروہ
جُنان۔ ڈھال۔ سپر
جنب۔ پہلو۔ ناپاکی
جُنبش۔ حرکت کرنا
جنبیدن۔ ہلنا
جنت۔ بہشت
جنجال۔ جھگڑا۔ لشکر۔ فوج
جُند۔ لشکر۔ فوج۔
جِنس۔ قسم۔ نوع۔ مال۔
اجناس جمع۔
جنسیہ۔ ایک جنس کا ہونا
جنگ۔ لڑائی
جنگ گاہ۔ لڑائی کا میدان
جن گرفتہ۔ آسیب زدہ
جنوب۔ دکن
جنود۔ جمع جند۔ لشکر۔ افواج
جنودِ کبریا۔ خدائی لشکر۔
فرشتے۔

جنون۔ دماغی مرض۔ پاگل پن
غصّہ۔
جنیبت۔ کوتل گھوڑا۔ اونٹ
جنید۔ بغداد کے ایک ولی
کا نام۔
جنین۔ وہ بچہ جو ابھی ماں کے
پیٹ میں ہو۔
جو۔ زمین کے اندر کی ہوا
جُو۔ نہر
جُو۔ تلاش
جواب زدہ۔ جس سے مطالبہ
طلب کیا جائے۔
جوّاد۔ سخی۔ بہت بخشش کرنے
والا۔ اللہ تعالےٰ
جواذب۔ جمع جاذب۔ کشش
کرنے والی چیزیں۔
جوازی۔ تیز رفتار اونٹنیاں
جواز نامہ۔ اجازت نامہ
جوارح۔ حیوانات کے اعضاء
جوارش۔ ہاضم اور خوش مزہ دوائی
جو کئی ادویات کا مرکب ہو

جواری۔ بہاریہ۔ لونڈیاں کنیزیں
جواز۔ جوزفروش۔ اخروٹ بیچنے والا۔
جواز۔ درست ہونا مطابق شرع جائز۔
جوال۔ گول جس میں غلہ بھرتے ہیں۔ بوری۔
جوالق۔ بورے۔ تھیلے
جوامع۔ تمام۔ لوہے کی زنجیریں جامع مسجد۔
جوامع الکلم۔ قرآن مجید
جوان سنگدیدہ۔ تجربہ کار۔
جوانب۔ طرفین
جواہر۔ جمع جوہر۔ قیمتی پتھر۔ خوبیاں۔
جوائب۔ دور کی خبریں
جوائز۔ بخشش۔ تحائف
جوب۔ چشمہ
جوجک۔ خارپشت
جوجہ۔ جوزہ
جوخ۔ بانات کا تھان

جُود۔ سخاوت۔ بخشش
جودت۔ تیزی۔ خوبی۔ تیز رفتاری۔
جودی۔ ایک پہاڑ جہاں حضرت نوحؑ کی کشتی اٹکی تھی۔
جور۔ ظلم۔ ستم۔ قسم۔ طریقہ۔
جوراب۔ موزہ۔ جراب
جوز۔ اخروٹ۔ ناریل
جوزا۔ دو پیکر۔ تیسرے برج کا نام۔
جوزبندی۔ فقیروں کی جھولی
جوزبویا۔ جائفل
جوزہ۔ روئی کا پھل۔ کپاس کی دوڈی۔
جوزہندی۔ بہاری۔ ناریل
جوسق۔ محل۔ کوشک
جوش۔ غصہ۔ ابال
جوشش۔ جوش
جوشاندن۔ جوش دینا۔ اُبالنا۔

جوشن - لڑائی کے وقت پہننے کی زرہ - لوہے کا کوٹ
جوشیدن - جوش مارنا - اُبلنا
جوع - بھوک
جوع البقر } ایک بیماری جس میں خواہ کتنا ہی کھایا جائے بھوک رفع نہیں ہوتی -
جوع الکلب
جوغ - جوالہ
جوغن - ہاون
جوف - پیٹ کے اندر کی خالی جگہیں
جُوق } فوج - گروہ
جُوقی
جولاق - جلاہا
جولان - دوڑنا - گھوڑا دوڑانا ایک کھیل -
جولانگاہ - گھوڑ دوڑ کا میدان
جولانی - تیزی - پیالہ - گھوڑا
جولاہ - جولاہا کپڑے بُننے والا - مکڑی -
جولہ - جلاہا - مکڑی - ترکش -
جولیدن - اُلجھنا
جوہر - جو بذات خود قائم ہو ایک قیمتی پتھر - خوبی -
جوہر اول - عقل کل - بجبرئیل
جوہر علوی - آسمان
جوہری - جواہرات کا کام کرنے والا - نوبتیوں والا -
جوہی - ایک قسم کا پھول
جوئی - غم کی سوزش - عشق کا غم -
جوئے - نہر
جویا - ڈھونڈنے والا
جوئبار - نہر - وہ علاقہ جہاں بہت سی نہریں ملتی ہوں
جوئیدن - ڈھونڈنا
جہات - جمع جہت - طرفین
جہاد - کافروں سے صرف مذہب اور خدا کیلئے جنگ کرنا -
جہاز } وہ اسباب جو والدین اپنی لڑکی کو شادی کے موقع پر دیتے ہیں - مردہ کا اسباب کفن وغیرہ
جہیز

جہال ۔ جمع جاہل
جہالت ۔ نادانی ۔ بے علمی
جہانۃ ۔ جوان لڑکی
جہانیاں ۔ دنیا کے رہنے والے لوگ ۔ خلق اللہ ۔
جہانیدن ۔ اُچھالنا ۔ کُدانا
جہت ۔ طرف
جہد ۔ کوشش
جہر ۔ کُھلا ہوا ۔ بلند آواز سے پڑھنا ۔
جہراً و سرّاً ۔ علانیہ و مخفی
جہل ۔ نادانی ۔ جہالت
جہلا ۔ جمع جاہل
جہندہ ۔ کودنے والا
جہنم ۔ گہرا کنواں ۔ دوزخ ۔ دوزخ کا پانچواں طبقہ
جُہود ۔ قوم یہود
جَہور ۔ جفاکش ۔ محنتی
جہور ۔ دلیر آدمی
جہول ۔ بیوقوف ۔ نادان بے علم
جہون ۔ نزدیک ہونا ۔

جہیدن ۔ کودنا ۔ اُچھلنا
جہیز ۔ سامان و اسباب جو لڑکی کو شادی کے موقع پر دیا جائے ۔ مردہ کا اسباب ۔
جیاب ۔ جمع جیب
جیادا ۔ جمع جید و جمع جواد ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔
جیب ۔ گریبان ۔ پیراہن ۔ کپڑے کی جیب ۔
جیحوں ۔ بلخ کے قریب ایک دریا کا نام ۔
جید ۔ لمبی اور پتلی گردن
جیران ۔ جمع جار ۔ پڑوسی ہمسائے ہرن ۔
جیرت غوز ۔ بے ڈول ۔ بھدّا
جیزہ ۔ روزانہ یا ماہوار ی راشن یا تنخواہ ۔
جیش ۔ لشکر
جیعان ۔ بھوکے
جیفہ ۔ کلغی ۔ پگڑی پر باندھنے کی کلغی ۔

جیفہ - مُردار حیوان جس میں بُو آ گئی ہو -
جیق - بچہ کی چیخ
جیق جیق - چڑیوں کی چوں چوں
جیل - آدمیوں کا گروہ - فوج
جیلاں - ملک گیلان
جیوش - جمع جیش لشکر
جیوہ - پارہ

# باب الجیم فارسی

چابک - چست - چالاک گھوڑا
چابک خرام - تیز چلنے والا
چابکدست - ہاتھ کے کام میں چالاک شخص
چابک سوار - گھوڑوں کو چالیں سکھانے والا
چابکی - چُستی - چالاکی
چاپ - چھاپنا - مُہر
چاپار - ڈاک - قاصد - گھوڑا -
چاپار خانہ - ڈاک گھر - وہ مقام جہاں ڈاک کے گھوڑے رکھے جاتے ہیں -
چاپار دولتی - سرکاری ڈاک
چاپاری رفتن - ڈاک گاڑی سے جانا -
چاپل - چُست
چاپ کردن - چھاپنا
چاپلوس - خوشامدی
چاپلوسی - خوشامد
چاپیدن - لوٹنا
چاتم زدن - چند سنگینیں ایک دوسرے کے سہارے سے رکھنا -
چادر - خیمہ
چادر بچہ - ایک قسم کا برقعہ
چادر کافوری - صبح صادق
چادر لاجورد - آسمان
چار ابلشیخ - اربعہ عناصر - چار ارکان
چار آئینہ - ایک قسم کی زرہ کا نام -

چار بالش - بادشاہ کا تخت مسند۔
چار بند - دنیا - جہاں۔
چار پایہ - چوپایہ - حیوان نیز چار پائی۔
چار پائی - پلنگ - کھاٹ
چار ثانہ } اربعہ عناصر
چار جوہر }
چار دہ - چودہ - ۱۴
چار سُو - چاروں طرف
چار شانہ - موٹا - قدآور
چار شنبہ - بدھوار۔
چار طاق - چارگوشہ خیمہ - راوٹی
چارق - غیر مہذب لوگوں کا ایک قسم کا بھدّا سا جوتا۔
چار قُب - امیروں کا ایک قسم کا لباس۔
چار قد - عورتوں کے سر کا رومال۔
چار گام - تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
چار گوشہ - مُردے کا تابُوت - چوکون۔
چار مادر - اربعہ عناصر
چار مغز - اخروٹ
چار میخ } ایک قسم کی سزا جس میں
شدن } چت لٹا کر ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ دیتے ہیں۔
چاروا - چوپایہ
چار وادار - چوپائے کرایہ پر چلانیوالا۔
چارہ - تدبیر - علاج
چاشت - چوتھا حصہ دن گذرے ہوئے - ایک پہر گذرے
چاشنی - نمونہ کے طور پر تھوڑی سی چیز چکھنا۔
چاشنی گیر - باورچی
چاق - تندرست
چاق چوریا - بُنیان اور پاجامہ ایک ساتھ جُڑا ہُوا۔

چاک - پھٹا ہوا - پھولوں کا ٹوکرا -
چاکر - خدمتگار - ملازم - نوکر -
چاکش - بندوق کا گھوڑا
چالش - غرور کی چال - ناز سے ٹہلنا -
چالش گیر - مغرور - مٹک کر چلنے والا - دلاور -
چال کردن - چھتا بنانا
چامح - گہرا اور تاریک کنواں
چام - پہاڑ کی گھاٹی - طرز - طریقہ
چامہ گوئی - شاعری
چانہ - ٹھوڑی - فلک اسفل
چانہ زدن - بکواس کرنا -
چانگی کردن - بکواس کرنا
چاؤ چاؤ - شور و غوغا چڑیوں کی چوں چوں -
چاؤ - برا بسری لوٹا
چاؤش - لشکر اور کارواں کا نقیب -
چاویدن - فریاد کرنا

چاہ - کنواں - گہرا گڑھا
چاہ زنخ - ٹھوڑی کا گڑھا
چاہء - ندی
چائے - ایک پودے کی پتیاں جو پکا کر پیتے ہیں -
چپ یا پال - بائیں طرف -
چپاؤ - دھاوا - چھاپہ
چپاؤ کردن - چھاپہ مارنا
چپ راہ - پگڈنڈی
چپوق - ایک قسم کا ٹاٹپ -
چپاتی - پھلکا - توے کی پکی ہوئی روٹی -
چپر - چھپّر
چپقلش - لڑائی - مقابلہ
چتر - چھتر - سر کے بال
چتر ابگوں - آسمان
چتر روز - سورج - آفتاب -
چتر زریں - سورج
چتر سیمابی - بدر - چودھویں رات کا پورا چاند -

چترسیمیں۔ چودھویں رات
کا چاند۔
چترعنبریں۔ رات
چترکحلی۔ سیاہ بادل۔ آسمان
چترنور۔ آفتاب
چتوک } چڑیا۔ کنجشک
چتوق }
چخ۔ تلوار کا نیام۔ پردہ۔ جھگڑا
چخاچخ۔ لڑائی کے موقع پر تلوار
کی کاٹ کی آواز۔
چخیدن۔ لڑائی چاہنا۔ لڑائی
ہونیکی کوشش کرنا۔
چرا۔ کیوں چرنا
چراگاہ۔ حیوانات کے چرنے
کی جگہ۔
چراغ۔ روشن دیا۔ گھوڑے
کا سیخ پا ہونا۔
چراغ گاز۔ گیس لیمپ
چراغک۔ جگنو
چراغ پا۔ گھوڑے کا بدک کر
اگلے پاؤں اُٹھانا۔ غصّہ میں
بھڑک اُٹھنا۔

چرانیدن۔ چرانا
چرب } غالب ہونا۔
چربیدن } غلبہ پانا۔
چرب پہلو۔ موٹا تازہ
چرب دست۔ چالاک دست
چرب زبان۔ چاپلوس۔ ایسا
باتونی جو جھوٹ کو
سچ کر دکھائے۔
چرب قامت۔ دراز قد
چرب و خشک۔ بُرا بھلا۔
سخاوت و بخل
چربک۔ خوشامد۔ طنز
چربہ۔ وہ کاغذ جسکو تصویر پر
رکھکر نقل اتارتے ہیں۔
چرتی زدن۔ اونگھنا
چرخ۔ آسمان۔ چرخہ۔ گھومنے
والی چیز۔ کمان
چرخ انداز۔ تیرانداز
چرخ خیاطی۔ کپڑا سینے کی
مشین۔
چرخ دولابی۔ آسمان

چرخ زن - پلٹنے والا - استاد
چرخ کمان - کمان کا حلقہ
چرخگی زدن - چرخ مارنا - چکر لگانا -
چرخہ - پھرنیوالا - سوت کاتنے کا چرخہ -
چرخی - گھومنے والی چیز
چرد - رنگ
چرغ - ایک شکاری پرندہ
چر غلینہ - کمینہ شخص
چرک - زخم - پیپ - کان کا میل -
چرک شدن - میلا ہونا
چرگر - پیش نماز امام - گانے والا -
چرکیں - میل سے اٹا ہوا -
چرگی خرگی - بدمزاجی
چرم - چمڑا
چرمینہ - چمڑے کی بنی ہوئی چیز -
چرندہ - چرنیوالا - چوپایہ

چریدن - چرنا
چریک - بیگاری بھرتی
چسپانیدن - چپکانا
چست - چالاک - تیز - محکم
چستہ - بکری اور بھیڑ وغیرہ کا شیرِدان -
چستی - چالاکی - تیزی - درستی
چش - چکھنا - مخفف چشم
چشانیدن - نمونے کے طور پر چکھنا -
چشم - آنکھ - امید
چشم آب دادن - نظر بندی تماشہ کرنا -
چشمارو - ڈراونا - پھٹے ہوئے چیتھڑوں سے ایک پتلا بنا کر کھیت میں کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ جانور کھیت کا نقصان نہ کریں -
چشم بد - بد نظر
چشم بے آب - بے شرم و حیا -

چشم پوشی۔ اغماض
چشم خانہ۔ حلقۂ چشم
چشم خروساں۔ انگوری شراب
چشم داشت۔ بھروسا کرنا۔ امید رکھنا۔
چشم دریدہ۔ بے شرم
چشم زد۔ طرفۃ العین۔ پل
چشم زخم۔ نظر بد
چشم سیاہ کردن۔ لالچ کرنا
چشم سفید۔ گستاخ
چشم فرنگی۔ عینک
چشمک۔ عینک۔ دشمنی
چشم نمائی۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ
چشمہ۔ پانی کا زمین سے پھوٹنا۔ پانی کا سوتا۔
چشمہ آتش فشاں۔ آفتاب
چشمہ خضر۔ آب حیواں۔ آب حیات۔
چشمہ قند } معشوق کا دہن
چشمہ نوش }
چشیدن۔ چکھنا

چغانہ۔ قحبہ۔ فحش بکنے والی بے حیا عورت۔
چغالہ۔ میوۂ خام
چغامہ۔ قصیدہ۔ نظم میں کسی کی تعریف کہنا۔
چغان } موسیقی کا ایک سارنگی کی قسم کا ساز۔
چغانہ }
چغد۔ اُلّو
چغدول۔ لشکر کا پچھلا حصّہ
چغل۔ چغلی کھانیوالا۔ ایک برتن کا نام۔
چُخت۔ انگور یا کدو وغیرہ کی بیل چڑھانیکی لکڑی۔
چَف۔ دستانہ
چُفت۔ موٹا۔ فربہ اندام
چفت و ریز۔ کنڈی زنجیر
چفتہ۔ بہتان۔ الزام۔ خمیدہ چیز۔
چفتہ۔ کرکٹ کا بیٹ
چق۔ مدھانی۔ دہی کو مدھ کر مکھن نکالنے کی لکڑی۔

چق کردن۔ کتے کا بہ گانا۔
چقاچق۔ لڑائی کے وقت تلوار کی کاٹ کی آواز۔
چقماق۔ ایسا پتھر جس سے آگ نکلے۔
چقندر۔ ایک ترکاری کا نام
چکاچک۔ جنگ کے وقت ہتھیاروں کی کاٹ کی آواز
چکاں۔ ٹپکتا ہوا
چکاندن۔ ٹپکانا
چکاوک۔ سرخاب۔ ایک پرندہ راگ کی ایک آواز۔
چکس۔ ہتھوڑا۔ بندوق کا گھوڑا
چکلہ۔ پرگنہ۔ قطرہ۔ گھونٹ
چک کردن۔ کتے کو دھتکارنا
چکن۔ کشیدہ۔ زردوزی
چکہ۔ چھوٹا۔ قطرہ
چکیدن۔ ٹپکنا
چگل۔ ترکستان میں ایک حسن خیز شہر۔
چگونگی کیفیت حال کلمہ استفہام۔

چل۔ چہل۔ چالیس
چلاؤ۔ خشکہ۔ پختہ چاول
چلپاسہ۔ چھپکلی
چلبچی۔ چلپچی۔ طشت
چلپزہ اندان۔ جھلسنا
چلغوزہ۔ درخت چیڑ کا پھل
چلک مستہ۔ گلی ڈنڈا
چلواری۔ لٹھا
چلوق۔ ایک پرندہ
چلہ۔ چالیس دن تک کوئی درد وغیرہ جاری رکھنا۔
چلی۔ احمق پن۔ دیوانگی۔
چلیپا۔ نشان صلیب جو نصاری لوگ رکھتے ہیں۔
چلیدن۔ چلنا۔ پھرنا۔
چلینگ۔ پھولوں کا گملہ
چم۔ نمی۔ نقص
چماق۔ لاٹھی۔ ڈنڈا
چمیدن۔ ناز سے چلنا۔ مٹکنا لچکنا۔

چمان } ناز کی چال - شراب
چمانہ } کا پیالہ -
چمبانہ نشستن - اُکڑوں بیٹھنا -
چمن - باغ - گلزار
چنار - ایک مشہور درخت - جس کو پنجہ انسان سے تشبیہ دیتے ہیں -
چناں - اس طرح
چموس - سرکش
چنبر - آسمان - ہلکا - ہنسلی - کمند -
چنپور - حلقہ گردن
چنبل - فقیر - ہاتھوں اور پاؤں کی بمثل داد ایک بیماری -
چنڈال - رذیل - چوہڑا - کمینہ
چنداں - اسقدر
چندانکہ - جتنا کہ - جسقدر
چنداول - پچھلی فوج کا دستہ -

چندن - ایک خوشبودار لکڑی صندل کا درخت -
چندیں - اتنے - اسقدر
چنگ - سارنگی چنگل پنجہ - ہاتھی کا آنکس -
چنگاک - مچھلی کا کانٹا
چنگل } جانور اور آدمی کا پنجہ
چنگال }
چنگال - کھانیکا کانٹا
چنگلوک - دھاگے کی ریل
چنگ مریم - ایک قسم کی گھاس کا نام -
چنگی - چنگ بجانیوالا
چنہ - مخفف چانہ - ٹھوڑی - فلک اسفل
چو - طرح - وقت
چوب - لکڑی
چوبا - رکن - کھم - چھت کے نیچے کی تھونی -
چوب پنبہ - کاگ
چوب ترکہ - قمچی

چوب کالکہ ۔ گاڑی کا بم
چوبدار ۔ بادشاہ کے آگے چلنے
والا ملازم ۔ بھانسی
چوب دستی ۔ ہاتھ کی لکڑی عصا
چوب شگاف ۔ لکڑی چیرنے
کی پیچر ۔
چوبک ۔ وہ تختہ جس پر چوکیداروں
کا افسر اُن کو ہوشیار
رکھنے کیلئے لکڑی کی
چوٹیں لگاتا رہتا ہے ۔
چوبک زن } نقارہ بجانیوالا
چوبکی ۔ }
چوبیں ۔ لکڑی کا بنا ہوا
چوپال ۔ گڈریا ۔ بھیڑ بکریوں
کا چرواہا ۔
چوپوق ۔ چُرٹ ۔ پائپ
چوپوق لو ۔ ایک نام
چوترہ ۔ چبوترہ
چوخا ۔ اوورکوٹ
چودن ۔ کانسی
چوری ۔ چُورہ

چوزہ ۔ مرغی کا بچہ
چوغا ۔ بالوں کا گھیرا
چوکی ۔ چوکیداروں کا مقام
محافظوں کا دفتر ۔
چوکیدار ۔ نگہبان ۔ پہرہ دار
چوگاں ۔ ہاکی کھیلنے کا ڈنڈا
چوگاں بازی ۔ کرکٹ
چوگاں سنبل ۔ زلف معشوق
چوں ۔ مثل ۔ مانند ۔ جو ۔ جب
حرف شرط ۔
چوں چرا ۔ حجت ۔ تکرار ۔ وجہ
دریافت کرنا ۔
چونی ۔ تو کس طرح ہے ۔ حال
دریافت کرنا ۔
چہ ۔ مخفف چاہ ۔ کنواں
چہار ۔ چار ۔ ۴
چہار بالش ۔ اربعہ عناصر ۔ چار
طرفیں ۔ تکیہ
چہار چوب ۔ چوکھٹ
چہار دانگ ۔ چاروں طرفیں
چہاردہ ۔ چودہ

چہاردہم - چودھواں - $\frac{1}{14}$
چہارسو - چاروں طرف
چہارشنبہ - بدھوار کا دن
چہارطاق - خیمہ
چہارگانہ - چار
چہارم - چوتھا
چہارنعل - سرپٹ
چہاریار - حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چاروں خلفاء کرام صدیق اکبرؓ - عمر فاروقؓ - عثمان غنیؓ - علی کرم اللہ وجہہٗ
چوبچہ - غلیظ پانی کا حوض
چہچہہ - بلبل اور چڑیوں کی چہک
چہر } منہ - شکل
چہرہ }
چہرہ پرداز - شکل بنانے والا - مصوّر -
چہل - چالیس - ۴۰
چہلم - چالیسواں - مُردہ کا چالیسواں دن -
چیت - چھینٹ
چیچک - مشہور آبلہ دار بیماری -
چیدن - انتخاب کرنا - چُننا
چیر - غالب - فتحمند - بہادر
چیرہ دست - زبردست - کاریگر -
چیرہ دستی - زبردستی
چیستان - بجھارت - پہیلی
چیں برابرو } غصہ سے
افگندن } پیشانی پر تیوری ڈالنا -
چین - شکن - بل - مُلک چین -
چینہ دان - پوٹہ - جانوروں کے معدہ کا پہلا حصّہ -

## باب الحاء

حاتم۔ عرب کے قبیلہ طے کا ایک سردار جو سخاوت و خدمت خلق خدا میں بے نظیر تھا۔
حاتم اصم۔ ایک ولی اللہ کا نام۔
حاجب۔ دربان۔ چوبدار۔ ابرو
حاجت۔ خواہش۔ احتیاج
حاجز۔ دو چیزوں کے درمیان مانع۔ راہِ مکہ معظمہ میں ایک منزل۔
حاج۔ حج کرنیوالا۔ جمع حاجی
حاجیہ۔ حاجن۔ حج کرنیوالی عورت۔
حاد۔ تند و تیز
حادث۔ نیا۔ اتفاقیہ
حادثہ۔ واقعہ۔ مصیبت
حاذق۔ دانا۔ عقلمند۔ ماہر۔ لائق
حار۔ گرم۔ گرمی پہنچانیوالا۔ میل
حارث۔ کسان۔ شیر۔ درندہ عرب کے ایک شخص کا نام
حارس۔ پاسبان۔ سنتری۔ محافظ۔
حارص۔ لالچی۔ حرص کرنیوالا
حارق۔ دہکتا ہوا۔ گرم۔
حازم۔ استوار۔ عقلمند۔ دُور اندیش۔
حاسد۔ حسد کرنے والا۔
حاسر۔ بات کرتے رُک جانیوالا برہنہ۔ بے ہتھیار۔
حاسہ۔ محسوس کرنیوالی قوت حواس خمسہ۔
حاشا۔ ہرگز۔ پناہ۔ پاکی
حاشہ کردن یا زدن } انکار کرنا
حاشیہ۔ کنارہ۔ خدمتگار
حاشیہ نشین۔ خوشامدی۔ اہل کار۔
حاصد۔ کھیتی کاٹنے والا

حاصر۔ حصر کرنے والا۔ روکنے والا
حاصن۔ پارسا۔ پرہیزگار
حاصنہ۔ پرہیزگار عورت
حاضرات۔ جنات کو قابو میں رکھنے کا علم۔
حاضر جواب۔ فوراً معقول جواب دینیوالا۔
حاضری۔ ماحضر۔ جو کچھ حاضر ہو۔
حاضِن۔ بچہ کی پرورش کرنیوالا۔
حاضنہ۔ دایہ۔ کھجور کا خوشہ دار درخت۔
حاطب۔ لکڑہارا۔ حواطب حطاب جمع۔
حاطب اللیل۔ رات کو لکڑیاں چننے والا۔ ادھر ادھر کی باتیں ملا کر کرنیوالا۔
حافِد۔ دوست۔ رشتہ دار۔ خدمتگار۔
حافر۔ گھوڑے کا سُم۔ چاہ کنندہ۔
حافظ۔ حفظ کرنے والا۔ محفوظ رکھنے والا۔ مجازاً وہ شخص جسکو قرآن مجید زبانی یاد ہو۔
حافظہ۔ یاد رکھنے کی قوت۔
حافی۔ ننگے پاؤں والا
حاکی۔ حکایت بیان کرنیوالا
حال۔ موجودہ زمانہ۔ وجد
حالا۔ ابھی۔ اب
حالب۔ دودھ دوہنے والا۔ جسم کی ایک رگ۔
حالک۔ بہت زیادہ
حالم۔ بالغ۔ سن بلوغ کو پہنچنے والا۔
حالی۔ واقف حال۔ جلد زیور سے آراستہ۔
حالی شدن۔ آگاہ ہونا
حالی کردن۔ سمجھانا
حام۔ حضرت نوحؑ کے بیٹے کا نام

حامتہ۔ شرفا۔ رشتہ دار۔
حامد۔ تعریف کرنیوالا
حامض۔ ترش۔ کھٹا
حامل۔ بوجھ اُٹھانیوالا
حامل وحی۔ جبرائیلؑ فرشتہ
حاملہ۔ حمل والی عورت۔ باردار
حامی۔ حمایت کرنیوالا۔ گرم۔ مددگار۔
حانث۔ قسم وسوگند توڑنیوالا۔ گنہگار۔
حانوت۔ دکان
حانیتہ۔ شراب فروش۔ شراب
حاوی۔ احاطہ کرنیوالا۔ گھیرنے والا۔
حاویہ۔ وہ عورت جو حاوی ہو۔
حایرہ۔ حیران۔ متعجب۔ برگشتہ
حائض۔ ناپاک عورت۔ وہ عورت جسکے حیض کے دن ہوں۔
حائط۔ دیوار
حایک۔ جولاہا
حائل۔ بیچ میں آنیوالی چیز۔ مانع۔
حَب۔ گولی
حُب۔ محبت
حِبَا۔ احسان۔ سخاوت
حباب } پانی کا بُلبلہ
حباب الماء } پانی کا بُلبلہ
حَبّاب۔ جمع حب۔ دانے۔ گولیاں۔
حبارے۔ تودری ایک جانور۔
حبّال۔ رسّی بٹنے والا
حبال۔ رسّیاں۔ پھندے
حبالہ۔ رسی۔ جال
حبالے } حملدار۔ حملدار عورتیں
حبائل } حملدار۔ حملدار عورتیں
حَبّذا۔ بہت خوب
حِبر۔ دوات میں ڈالنے کی سیاہی۔ تکوکار
حَبس۔ قید

حبش ۔ حبشیوں کا ملک
حبط ۔ نیست ہونا ۔ ثواب جاتا رہنا ۔ بیکار ہونا ۔
حبل ۔ رسی ۔ ڈور ۔ رگ
حبل المتین ۔ قرآن شریف
حبل الورید ۔ گردن کی رگ
حبلے ۔ حاملہ ۔ باردار عورت
حبوب ۔ جمع حب کی ۔ گولیاں دانے ۔
حبور ۔ خوش کرنا
حبوط ۔ ضائع ہونا ۔ جاتا رہنا باطل ہونا ۔
حبہ ۔ گولی ۔ دانہ
حتف ۔ موت
حتم ۔ حکم کرنا ۔ واجب کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔
حتمی ۔ استوار ۔ مستقل
حتن ۔ برابر ۔ ہمسر
حثو ۔ تیز دوڑنا
حثوو ۔ ایک جگہ ٹھہرنا ۔

حج ۔ مقررہ وقت پر قاعدہ کے مطابق خانہ کعبہ کی زیارت کرنا ۔
حجاب ۔ پردہ
حجاؔب ۔ پردہ دار ۔ دربان لوگ ۔
حجاج ۔ بہت حجت کرنیوالا ۔ بغداد کے ایک ظالم فرمانروا کا نام ۔
حجاؔج ۔ جمع حاج کی ۔ حاجی لوگ ۔
حجاز ۔ ملک عرب کا وہ حصہ جس میں مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ شامل ہیں ۔
حجاؔل ۔ جمع حجلہ ۔ ڈولیاں ۔ چھپر کھٹیں ۔
حجاؔم ۔ فصد کھولنے والا ۔ پچھنے لگانے والا ۔
حجامت کردن ۔ خون نکالنا ۔ پچھنے لگانا

حجب۔ جمع حجاب۔ پردے
حُجّت۔ دلیل و برہان
حُجج۔ جمع حجت۔ دلیلیں۔
حَجَر۔ پتھر
حجراسود۔ سیاہ پتھر۔ کعبہ میں ایک مبارک پتھر ہے جسکو چھونا یا بوسہ دینا فرائض حج میں شامل ہے۔
حُجُرات۔ جمع حجرہ۔ کوٹھڑیاں۔
حجرہ۔ کوٹھڑی۔ دکان۔
حجری۔ جواہرات کا ڈبہ
حَجَل۔ چکور۔ کبک
حجل۔ پازیب۔ ایک مشہور پاؤں کا زیور۔
حَجَل۔ چکور۔
حجلہ۔ دُلھن کا چھپر کھٹ
حجم۔ جسامت۔ وجود۔ جُثہ۔
حِجیٰ۔ کنارہ۔ عقل
حَد۔ گناہ کی سزا۔ عبرت دلانا تعویذ۔

حدا
حدی } وہ گیت جو شتربان گاتے ہیں تاکہ اونٹ راگ کے سننے میں مصروف ہو کر سفر کی تکان محسوس نہ کرے
حداب۔ قحط سالی
حداثت۔ نیاپن۔ شروع
حداثت سن۔ خورد سالی۔ بچپن
حدّاد۔ لوہار۔ آہنگر
حِداد۔ ماتم کے سیاہ کپڑے۔ جمع حدید۔ لوہا۔
حدائیں۔ انتہا
حدائق۔ جمع حدیقہ۔ باغات
حدب۔ کبڑاپن۔ بلند زمین۔
حِدّت۔ تیزی
حدث۔ پلیدی۔ بے وضو ہونا۔
حدثان الدھر۔ زمانہ کی مصیبتیں۔
حدج۔ ڈولی
حدحد۔ پست قد آدمی
حدَر۔ آنسو کا جاری ہونا۔

حدس۔ عقلمندی۔ فہم۔ فراست
حدقہ۔ آنکھ کا گھیرا
حدم۔ تپش۔ آتش
حدوث۔ کسی چیز کا نیا پیدا کرنا۔
حدود۔ جمع حد
حدیث۔ رسول کا کلام۔ خبر۔
حدیث السن۔ نوجوان آدمی
حدید۔ لوہا
حدیقہ۔ احاطہ دار باغ
حذا۔ مقابل۔ برابر
حذاق۔ دانا۔ لائق
حذاقت۔ دانائی۔ زیرکی۔ لیاقت۔
حَذَر۔ پرہیز کرنا۔ دور رہنا۔
حذر۔ ڈرنیوالا
حذف۔ گرا دینا۔ کسی لفظ کا کلمہ سے خارج کردینا۔
حذق۔ لیاقت۔ زیرکی
حَذل۔ پیراہن۔ جامہ۔ ازار۔

حذور } خوفزدہ۔ ڈرنیوالا
حذیر }
حذیفہ۔ ایک اصحاب رسولؐ کا نام۔
حرّ۔ گرمی۔ پتھریلی زمین
حُرّہ۔ آزاد جو غلام نہ ہو۔ گھوڑا۔
حراب۔ جمع حرب لڑائیاں
حرّاث۔ جمع حارث۔ کسان لوگ۔ کاشتکار۔
حراثت۔ کاشتکاری
حراج۔ نیلام
حرّاج۔ نیلام کرنیوالا
حرارت۔ گرمی
حرارت } بدن کی گرمی جس
غریزی } سے انسان زندہ رہتا ہے۔
حُرّاس۔ حارس۔ محافظ۔ نگہبان۔
حراست۔ محافظت۔ نگہبانی
حراف۔ اچھی طرح گفتگو کرنے والا۔ تیز زبان۔

حراقہ۔ تار پیڈو
حرام۔ شریعت کی رو سے منع۔ ناجائز۔
حرام توشہ۔ نمک حرام۔
حرامی۔ چور۔ ڈاکو۔ راہزن
حَرْب۔ لڑائی
حَرَب۔ طیش میں آنا
حِرْبا۔ گرگٹ
حرب گاہ۔ لڑائی کا میدان۔ عرصۂ کارزار۔
حربہ۔ لڑائی کا ہتھیار
حرث۔ بونا۔ کاشت کرنا۔ آگ جلانا۔ قرآن شریف پڑھنا۔
حرج۔ گناہ۔ قصور۔ سختی
حِرز۔ پناہ کی جگہ۔ بازو بند۔ تعویذ
حَرَس۔ پاسبانی کرنا
حِرص۔ لالچ۔ طمع
حَرَض۔ یمن کا ایک شہر۔ مہلک بیماری۔ آزار عشق۔

حرف۔ بات۔ سخن۔ تلوار کی دھار۔ عیب۔ حرفِ تہجی۔
حِرَف۔ پیشہ کرنا۔ کسب کرنا
حِرَف۔ جمع حرفہ۔ پیشے
حرف بارگیر۔ وہ حرف جو کسی کا تکیہ کلام ہو۔
حرف بودن۔ قرار پانا
حرف دونا / شدن } بات ردّ ہونا
حرف شق۔ درشت کلام
حرف دل گفتن۔ لغو بکنا
حرف گیر۔ عیب جو۔ نکتہ چین
حِرفہ / حرفت } پیشہ۔ کسب۔ ہنر
حَرْق۔ جلنا۔ دانت کٹکٹانا
حَرَق۔ آگ۔ شعلہ۔ بجلی
حرقت۔ جلن۔ سوزش
حرکات۔ جمع حرکت۔ ہلنا جُلنا۔ زبر۔ زیر۔ پیش۔

حرکت۔ جنبش۔ ہلنا
حَرَم۔ زنانہ محل۔ منکوحہ عورت
خانہ کعبہ کے گرد احاطہ۔
حِرم۔ حرام چیز
حُرم۔ حج کا احرام باندھنا
حرام ہونا۔
حِرمان۔ یاس۔ محرومی
حُرمت۔ احترام۔ عزت۔
حرام ہونا۔
حَرَم سرا۔ زنانخانہ۔ زنانہ مکان
حَرَم گاہ۔ محلسرائے
حَرمَل۔ کالا دانہ۔ اسپند۔
حرمین۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ
حروب۔ جمع حرب۔ لڑائیاں
حُرود۔ اپنے کام سے علیحدہ
ہونا۔ دُور ہونا۔
حرُور۔ گرم ہوا۔ لُو
حروف معجمہ۔ نقطہ دار حروف
حروف۔ جمع حرف
حروق۔ ایندھن۔ بجلیاں۔
جلانیکی لکڑیاں۔

حرُون۔ سرکش گھوڑا
حُرہ۔ آزاد عورت
حُرّیت۔ آزادگی۔ غلامی سے
آزاد ہونا۔
حریر۔ ریشمی کپڑا۔ مجازاً کاغذ
حریرہ۔ ریشمی کپڑا۔ ایک قسم
کا کھانا۔
حریری۔ ریشمی کپڑے بیچنے
والا۔
حریز۔ قوی بازو۔ طاقتور۔
پہلوان۔
حریص۔ حرص کرنیوالا۔ طمعی۔
لالچی۔
حریف۔ ہم پیشہ۔ شریک
حرّیف۔ تیز مزہ۔ وہ چیز جو
اپنی تیزی سے زبان
کو کاٹے۔
حریق۔ سوزش۔ شعلہ
حریم۔ چار دیواری۔ گھر
حزاز۔ سر کی بھولی
حزام۔ جانور کا تنگ کسنا

حزامت - کام میں ہوشیار ہونا
حزب - رومیوں کا گروہ۔ جماعت ۔
حزب اللہ - اللہ والوں کا گروہ نیک لوگوں کی جماعت ۔
حزب اعتدالی - ماڈریٹ
حزب غالی - اکسٹریمسٹ
حزم - مضبوطی - ہوشیاری دُور بینی - جانور کا تنگ کسنا ۔
حُزمہ - دستہ - لٹھ
حَزَن } غم - اندوہ - رنج تکلیف
حُزن }
حزِن - غمگین
حزیران - رومیوں کا نواں مہینہ جو سخت گرمی میں آتا ہے ۔
حزیں - رنجیدہ
حِسّ - معلوم کرنا - آگاہ ہونا - محسوس کرنا ۔
حساب - گنتی - شمار - علم حساب

حساب الجمل - ابجد کا حساب
حسّاد - حاسد کی جمع - دُکھ و حسد کرنیوالے لوگ ۔
حساف - کھیت کاٹنا
حسام - تیز شمشیر - تیغ کی دھار ۔
حِسّان - جمع حسین کی - خوبصورت لوگ ۔
حَسّان - رسول صلعم کے ایک مداح عربی شاعر کا نام بہتر - خوب
حسان عجم - رسول صلعم کے ایک مداح خاقانی شاعر کا لقب ۔
حَسَب - کسی چیز کا شمار یا اندازہ کرنا - دین یا خاندان کی بزرگی و بڑائی ۔
حَسْب - موافق - گِنتا - کافی ہونا - مطابق ۔
حَسبی و کفی - کافی ہے

حَسَد۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔ کسی کی کامیابی پر دُکھ کرنا۔
حسرت۔ افسوس۔ مایوسی ارمان
حَس حَس کردن۔ جانوروں کا ہانپنا۔
حِس مُشترک۔ ایک قوت ہے جس میں محسوسات کی تمام صورتیں حواسِ خمسہ کے ذریعہ منقش ہوتی ہیں۔
حَسَنؓ۔ نیک۔ خوبصورت۔ حضرت رسول صلعم کے نواسے کا نام۔
حُسن۔ خوبصورتی۔ زیبائش
حسنات۔ نیکیاں۔ جمع حَسنہ
حسن صباح۔ ایک ولی اللہ کا نام۔
حسنہ۔ بھلائی۔ بہتری۔ نیکی۔
حسنیٰ۔ نہایت خوبصورت عورت
حسو۔ پرندے کا پانی پینا
حسود۔ بہت حسد کرنیوالا
حسود۔ جمع حاسد

حِسی۔ محسوس ہونیوالی چیز
حسیب۔ حساب۔ گنتی
حسیر۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔ حسری جمع۔
حسیس۔ نرم آواز
حُسین۔ خوبصورت
حُسینؓ۔ حَسن کی تصغیر۔ رسول صلعم کے چھوٹے نواسے کا نام۔
حشا۔ پیٹ اور سینہ کی چیزیں مثلاً دل۔ تلی۔ پھیپھڑہ۔ جگر وغیرہ۔
حُشاس } رمق۔ مجروح یتھوڑی
حُشاسہ } جان جو باقی رہ گئی ہو۔
حشائش۔ جمع حشیش سوکھی گھاس۔
حشحشہ۔ حرکت کرنا۔ ہلنا جُلنا جُنبش کرنا۔
حشد۔ فصل کا اچھی طرح سے اُگنا۔ جمع کرنا۔
حُشر۔ گروہ۔ بھیڑ۔ اکٹھ

حشر۔ اُٹھانا۔ مجازاً روز قیامت
حشرات ⎫ وہ جانور جو زمین
حشرات الارض ⎭ میں رہتے ہیں
چوہے۔ مینڈک
سانپ وغیرہ۔
حشری۔ نفس پرستی
حشفہ۔ آلۂ تناسل کا سر
حشم۔ نوکر چاکر۔ خدمتگار اونٹ
گھوڑے۔
حشمت۔ مطیع و خدمتگار لوگ
حشمت۔ بزرگی۔ رعب۔ حیا
حشو۔ بھرنا۔ روئی جو لحاف
وغیرہ میں بھری جاوے۔
حشیش۔ گاہ۔ گیاہِ خشک
حصا۔ جمع حصاۃ۔ سنگریزے
پتھر کے ٹکڑے۔
حصاۃ۔ سنگریزہ۔ ٹھیکری
حصاد۔ کھیت کاٹنا
حصاد۔ کھیت کاٹنے والا
حصار۔ قلعہ۔ گڑھی۔ کوٹ۔
حصان۔ بہتر و خوب گھوڑا

حصانت۔ پرہیزگاری
حصر۔ مضبوطی۔ پرہیزگاری
حصص۔ جمع حصّہ
حصن۔ قلعہ۔ جمع پناہ
حصول۔ حاصل ہونا
حصون۔ جمع حصن۔ قلعے۔
گڑھیاں۔
حصّہ۔ جزو۔ ٹکڑا
حصیر۔ چٹائی۔ بوریا
حصین۔ مضبوط۔ پختہ اُستوار
حضّار۔ حاضر لوگ۔ حاضرین
حضانت۔ بچہ گود میں لینا
حضر۔ ٹھہرنا۔ اقامت۔
گھر میں رہنا۔
حضرات۔ جمع حضرت۔ بزرگ
حضرت۔ بزرگ۔ درگاہ۔
کلمہ ادب و تعظیم۔
حضرمتہ۔ کلام میں غلطی
کرنا۔
حضور۔ درگاہ ہونا۔ حاضر
ہونا۔ کلمہ تعظیم۔

حفیض - نشیب - پستی - تنزل - گہرائی -
حطاب - جمع حاطب - لکڑہارے
حطام - ریزہ - تھوڑی سی پونجی
حطب - لکڑی - ایندھن
حطیم - خانہ کعبہ کی بیرونی دیوار -
حظ - لذت - فائدہ - نصیب -
حظوظ - جمع حظ
حظیرہ - احاطہ لکڑی وغیرہ کا
حظیظ - حظ یافتہ - صاحب نصیب
حفاظ - نگہبانی - شرم و مروت کرنا -
حفّاظ - جمع حافظ
حفد - خدمت - جلدی کرنا
حفر - زمین کھودنا -
حفرہ - کھودی ہوئی زمین - گڑھا -
حفظ - زبانی یاد کرنا
حفی - مہر - جاننے والا - دانا -
حفیر - کھدی ہوئی قبر -

حفیظ - محافظ - نگہبان - اللہ تعالےٰ کا نام -
حق - انصاف - سزاوار - راست اللہ تعالےٰ کا نام -
حقار - بگلہ
حقارت - نفرت کرنا - حقیر جاننا - ذلت -
حقانی - اللہ والا - جو اللہ کی محبت کے سوائے اور کوئی خیال نہ رکھتا ہو -
حقانیّت - خدا کا ذکر کرنا - سچائی -
حقائق - جمع حقیقت
حقب - اونٹ کے کجاوہ کا تنگ -
حقب - زمانہ -
حقب } مدت مدید - اسّی
حقبہ } برس کا زمانہ -
حق بین - انصاف کرنیوالا - منصف -
حق الرّحمت - کمیشن

حق السعی۔ فیس محنتانہ۔ کمیشن۔
حق السکوت۔ منہ بھرائی
حق الکلام۔ وکیل کا محنتانہ
حق القدم۔ ڈاکٹر کی فیس
حق القلم۔ محرر کا حق
حق الملوک۔ شاہی ٹیکس
حقدار۔ مستحق۔ وارث
حِقد۔ بغض۔ کینہ۔ عداوت
حقن۔ کسی چیز نکلنے سے رکاوٹ کرنا۔
حُقنہ۔ دوائی کی پچکاری۔ جو سخت قبض کے مریضوں کو کرائی جاتی ہے۔
حقود۔ سخت دشمن
حقوق۔ جمع حق
حُقہ۔ ڈبہ جس میں جواہرات رکھے جاتے ہیں۔
حُقہ بازہ۔ بازی گر۔ عیار۔ مداری۔
حقیر۔ ذلیل۔ کمینہ۔ کم مرتبہ۔
حقیقی۔ اصلی۔ مجازی کے اُلٹ
حک۔ چھیلنا۔ کھرچنا
حکاک۔ رگڑنے والا۔ نگینہ ساز۔
حکام۔ جمع حاکم
حَکم۔ انصاف کرنیوالا منصف۔ حاکم۔
حِکَم۔ جمع حکمت
حکم۔ فرمان۔ پروانہ
حکم نامہ۔ پروانہ
حکماء۔ جمع حکیم
حکم۔ نشانچی۔ جس کا تیر خطا نہ جائے۔
حِکمت۔ علمِ طِب۔ دانائی۔ عقلمندی۔
حکمت الٰہی۔ وہ علم جس میں الٰہیات کا بیان ہو
حکمت مُدنی۔ نظم و نسق شہر کے قواعد۔
حِکّہ۔ کھجلی۔ خارش

حکیم۔ طبیب۔ دانا۔ دانشمند
حل۔ کھولنا۔ مشکل کو آسان کرنا۔
حِل۔ حلال ہونا۔ زنانخانہ سے باہر نکلنا۔ کفارہ دینا۔
حِلاّب۔ دودھ دوھنے والا۔
حَلاّج۔ دُھنیا۔ روئی دھنکنے والا۔ حضرت منصور کے باپ کا لقب۔
حُلاحِل۔ سردار۔ افسر۔ چوہدری
حلاف۔ حلف اُٹھانیوالا۔ بہت قسمیں کھانیوالا۔
حلاق۔ حجام۔ نائی۔ دلاک
حلال۔ روا۔ جائز۔ موافق شرع
حَلاّل۔ گرہ۔ کھولنے والا۔ تل کا تیل بیچنے والا۔ مشکلکشا۔
حلال خواستن۔ مرتی دفعہ دوسروں سے گناہ بخشوانا۔
حلال خور۔ خاکروب۔ بھنگی۔

حلاوت۔ مٹھاس۔ شیرینی
حلائیب۔ گروہ۔ چچیرے بھائی اور انکی اولاد۔
حَلایل۔ جمع حلیلہ۔ نکاحی عورتیں۔
حَلْب۔ دودھ دوھنا۔
حَلَب۔ مُلک شام میں ایک شہر کا نام۔
حلبی۔ شہر حلب سے نسبت و تعلق رکھنے والا۔
حلبی۔ ڈبیا
حلبی تفقی۔ مٹی کے تیل کا ٹین۔
حلبہ۔ میتھی
حلبشان۔ صبح و شام
حِلّت۔ مباح ہونا۔ حلال ہونا
حَلتیت۔ انگوزہ۔ ہینگ
حَلَس۔ موٹا کمبل۔ پلاس
حلف۔ سوگند۔ قسم۔ اقرار۔ عہد و پیمان۔

حَلَف - قسم کھانا
حَلَفا - جمع حلیف - قسم کھانے والے -
حلقوم - شاہ رگ - نرخرہ
حلقۂ احاطہ - گھیرا - مجلس کا دورہ - زنجیر -
حلقہ بگوش - غلام
حلقہ بہ در زدن } دروازہ کھٹکھٹانا
حلقہ بینی - ایک زیور - ناک کی نتھ -
حلقہ زریں - سونے کی بالی - بجلی -
حلک الغراب - کوّے کی چونچ -
حُلل - جمع حلہ - جامہ - کپڑے
حِلم - نرمی - بُردباری
حُلم - رویائے - خواب کی ادیکھی ہوئی چیزیں -
حَلمہ - سرِ پستان - بھٹنی
حلو - شیریں - میٹھا -

حلوان - بکری کا بچہ - بزغالہ -
حلوائے بے دُود - میٹھے پھل -
حلول - اُترنا - ملنا - واجب ہونا
حُلہ - پوشاک - لباس - کپڑے
حِلہ - مکہ معظمہ کی راہ میں ایک منزل - مجلس
حلیّ - زیور -
حلیب - کچا دودھ
حلیف - ہم عہد - تیز زبان
حلیف اللسان - مفصل بیان کرنیوالا - فصیح کلام -
حلیل - شوہر
حلیلہ - جوہر - بیوی
حلیم - نرم طبیعت - رحمدل - بُردبار - ایک قسم کا کھانا -
حلیمہ - رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دایہ کا نام مبارک -

حلیہ۔ شکل۔صورت۔خلعت
حُلیہ۔ زیور
حم۔ سسرال کے رشتہ دار
حُما
حُماۃ } خوشدامن۔ ساس
حُمات۔ جمع حامی۔ مددگار
حمّاد۔ بہت حمد و تعریف کرنیوالا
حمافی۔ گرمی کی زیادتی
حمار۔ گدھا۔ حمور۔حمرات جمع
حمارۃ۔ سختی
حماست۔ دلیری۔ ایک کتاب کا نام۔
حُماض۔ ایک قسم کا ساگ۔ ترشہ۔
حماقت۔ احمق پن۔بیوقوفی
حمّال۔ بوجھ اُٹھانیوالا
حم الظہرہ۔ دوپہر کی سخت گرمی۔
حمام۔ فاختہ۔ کبوتر
حمّام۔ گرمابہ۔ نہانے کی جگہ۔

حمامش عرق } اس سے کچھ
پس نے دہد } بھی دستیاب نہیں ہوتا۔
حمّام زناں۔ جہاں سخت شور دغوغا ہو۔
حمایت۔ طرفداری۔ نگہبانی
حمایدہ۔ جمع حمیدہ اچھی خوبیاں نیک خصلتیں۔
حمایل۔ تلوار کا پرتلہ۔ بغل میں دبائے رکھنے والی چیز۔چھوٹا قرآن مجید۔
حُمت۔ سیاہی۔ سخت گرمی
حمد۔ تعریف۔ اللہ تعالےٰ کی تعریف۔
حمدونہ۔ بندر۔ بوزنہ
حُمر۔ احمر۔ سُرخ رنگ کی چیز
حُمُر۔ جمع حمار۔ گدھا
حُمراء۔ مونث۔ سُرخ رنگ
حمرالابل۔ اصیل اونٹ
حمرۃ۔ سُرخ
حمرہِ مغربی۔ شام کی سُرخی

حمزہ۔ درندہ شیر۔ رسول صلعم کے چچا صاحب کا نام جو ایمان لے آئے تھے۔
حمس۔ غصہ دلانا۔ آوازہ۔ طرفدار ہونا۔
حِمّص۔ چنا۔ نخود
حمض۔ تلخ مزہ گھاس
حمق۔ بے وقوفی
حمقا۔ جمع احمق۔ بیوقوف۔
حَمَل۔ بھیڑ۔ بکری۔ ہرن وغیرہ کا بچہ۔ آسمان کا پہلا برج
حَمْل۔ بوجھ اُٹھانا۔ قیاس۔ بچہ جننے والی عورت۔
حَملہ۔ دھاوا۔ ہلہ
حَمَلہ۔ جمع حامل۔ بوجھ اُٹھانیوالا
حمو۔ سسرالی رشتہ دار
حموضت۔ ترشی۔ کھٹائی
حمول۔ صابر۔ باربردار متحمل
حمی۔ بخار
حمیت۔ غیرت۔ عزت پرہیز کرنا۔ حفاظت۔ شرم۔

حمید۔ ستودہ۔ تعریف کیا گیا۔ خدا کا ایک نام۔
حمیر۔ جمع حمار۔ گدھے۔ نام قبیلہ بنی سبا کا۔
حمیقہ۔ بھنگی عورت
حمیم۔ رشتہ دار۔ گرمی کی تپش
حنا۔ مہندی
حنان۔ بڑا مہربان
حنائش رنگے ندارد } اُس کا رعب نہیں۔
حنانہ۔ نوحہ کرنے والا۔ وہ عورت جو دوسرے شوہر کی کمائی سے سابقہ شوہر کی اولاد کی پرورش کرے۔
حنبلی۔ امام حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے پیرو لوگ۔
حنجرہ۔ نرخرہ۔ شاہ رگ۔ گلا۔
حنطت
حنطہ } گیہوں۔ گندم
حنظل۔ اندرائن کا پھل۔ ثمہ۔

حنفی۔ امام ابو حنیفہ رح کے پیرو لوگ۔

حنق۔ عداوت۔ کینہ

حنک۔ تالو۔ کینہ

حنیذ۔ بکری یا گائے وغیرہ کا بھُنا ہوا بچہ۔

حنیف۔ دین کے احکام پر ثابت رہنے والا۔ دین کا سچا پیرو۔

حنین۔ بہت رونا۔ خواہشمندی حاجت۔

حوّا۔ حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی صاحبہ کا نام۔ اُم الناس۔

حواجب۔ جمع حاجب۔ دربان عزت۔ پردہ۔

حوادث۔ جمع حادثہ سخت واقعہ زمانہ کے مصائب و آلام۔

حواری۔ سفید اندام۔ حضرت عیسیٰ کے اصحاب دھوبی

حواس۔ جمع حاسہ کی۔ وجودی طاقتیں جو پانچ ظاہر اور پانچ باطن کی ہیں۔

حواس خمسہ ظاہر۔ } قوت ذائقہ۔ باصرہ سامعہ۔ شامہ۔ لامسہ

حواس خمسہ باطنی } پانچ باطن کے حس حس مشترک خیال متفرقہ۔ واہمہ۔ حافظہ

حواطب۔ جمع حاطب۔ لکڑ ہارے

حوافر۔ جمع حافر۔ گدھے یا گھوڑے وغیرہ کے سُم۔

حوالت } حوالہ } دوسرے کو کوئی چیز دینا یا سپرد کرنا۔

حوالی شہر۔ شہر کے گردو نواح کا علاقہ یعنی شہر کے نزدیک کی زمین۔

حوامل۔ حاملہ عورتیں

حوائج۔ جمع حاجت کی۔ ضروریات

حُوت۔ مچھلی۔ بارھویں بُرج کا نام۔

حُور۔ سفید رنگ۔ سیاہ چشم و بال عورت۔

حُور۔ حوراء کی جمع۔ بہشتی عورتیں۔
حورالعین۔ زنان سفید پوست وسیاہ چشم۔
حَوس۔ کسی چیز کے حصول کیلئے سخت کوشش کرنا۔
حوس الفواد۔ تیز دل
حَوض۔ کپڑا سینا
حوصلہ۔ جانور کا پوٹا۔ معدہ۔ مجازاً ہمت وطاقت۔
حَوضہ۔ مثل حوض کے
حَوط۔ خبر گیری کرنا۔ رکھنا۔
حَول۔ توانائی۔ طاقت۔ بازگشت
حولان۔ گذرنا
حویقہ }
حوقلہ } لاحول ۔ ۔ ۔ الخ کہنا
حوم۔ شکاری جانور کا کسی چیز کے گرد پھرنا۔
حومتہ البحر۔ دریا میں زیادہ پانی کی جگہ۔
حَیّ۔ زندہ۔ ایک قبیلہ کا نام۔ خدا کا نام

حَیَا۔ باران۔ بارش
حیاء۔ شرم
حیات۔ زندگی
حیاض۔ جمع حوض
حیاط۔ دالان
حیاکت۔ کپڑا سینا
حیال۔ بڑا حیلہ گر
حیتان۔ جمع حوت مچھلیاں
حیثیت۔ وضع۔ طور وطریق۔ مجازاً مالی اور جسمانی طریقہ۔
حید۔ گناہ کی طرف رغبت کرنا
حیدر۔ شیر ژیاں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔
حیران۔ ہکا بکا
حیرت آباد۔ حیرت کا مقام
حیرم۔ گائے
حیرہ۔ پشت گردن۔ گدّی۔
حیز۔ مخنث۔ نامرد
حیزبون۔ پیر زال۔ بڑھیا عورت۔

حَیِّز۔ احاطہ۔ مکان
حیص بیص۔ لڑائی، شور، ہنگامہ
حیض۔ عورتوں کو معمولی ماہواری خون آنا۔
حیضا۔ حالت حیض میں عورت
حیط۔ احاطہ۔ چار دیواری
حیف۔ ظلم۔ افسوس
حِیَل۔ تدبیریں۔ حیلے
حیلق۔ مصیبت۔ بلا
حیلہ۔ تدبیر۔ فن۔ بہانہ۔ فریب
حِین۔ وقت۔ روز قیامت۔ ہنگام۔
حیوان۔ جاندار۔ زندہ چیز جو اپنے ارادہ سے حرکت کرے
حیوان الیف۔ پالتو جانور
حیوان اہل۔ پالتو جانور
حیوان ولود۔ دودھ پلانے والا جانور۔
حیوانات۔ جمع حیوان
حیوانی۔ حیوان کا
حیہ۔ مار۔ سانپ

## باب الخاء

خابور۔ بچر۔ پھالہ
خائت۔ چیل
خاتمہ۔ انجام۔ کتاب کا آخری حصہ یا مضمون
خاتون۔ بیگم۔ بی بی
خاتون فلک } آفتاب
خاتون یغما } آفتاب
خاتون عرب۔ لقب حضرت فاطمہ جنت خاتون کعبہ شریف
خاج۔ صلیب
خادِع۔ فریبی۔ مکار، جعلساز
خادم۔ خدمت کرنیوالا۔ نوکر غلام۔
خاذل۔ شکست یافتہ
خار۔ کانٹا
خاربن۔ کانٹے دار جھاڑی
خاربند۔ کانٹے دار درختوں کی باڑ۔

خارا۔ سخت پتھر
خارا تراش۔ سنگ تراش
خاربست۔ انگور وغیرہ کی ٹٹی
خارپشت۔ جنگلی خاردار چوہا۔
ساہی۔
خار خار کردن۔ گدگدانا
خارج۔ باہر۔ الگ
خارجہ۔ بیرونی طور پر
خارچنگ۔ سرطان۔ کیکڑا
خارش } کھجلی کا مرض
خارشت }
خارشتر۔ خاردار گھاس
خارطہ۔ نقشہ
خارطہ تاریخ۔ کیلنڈر
خارق۔ خلاف عادت۔ چیرنے
پھاڑنے والا۔
خارق عادت۔ خلاف معمول
کام۔ نبیوں اور
ولیوں کے معجزات
وکرامات۔
خارک۔ خشک چھوہارا

خارم۔ ٹھنڈی ہوا۔ مفسد
خار بدن۔ کھجانا۔
خار نہادن۔ حکم نہ ماننا
خازق۔ نیزہ
خازن۔ خزانچی
خازنہ۔ جورو کی بہن۔ سالی
خاستن۔ اُٹھنا۔ کھڑا ہونا
خاسر۔ خسارہ اٹھانے والا
زیانکار۔
خاسف۔ دُبلا آدمی
خاس۔ ساس۔ خوشدامن
خاشاک } کوڑا کرکٹ
خاشہ }
خاقنع۔ گڑگڑانے والا عجز
کرنیوالا۔
خاشت۔ تیز تلوار۔ کسی میں
داخل ہونیوالا۔
خاشی۔ خوفناک۔ ڈرپوک
خاص۔ ذاتی۔ نج۔ مخصوص۔
خاصدان۔ پان رکھنے کا
برتن۔

خاصہ۔ مخصوص۔ خاصیت۔ امیروں کا کھانا۔
خاصرہ۔ تہیگاہ۔ کمر
خاصیت۔ خواص۔ اثر۔ طبعیت۔
خاضع۔ متواضع۔ فروتنی کرنیوالا۔
خاطب۔ خطیب
خاطر۔ ذہن۔ دل۔ دھیان خیال۔
خاطر آمدن۔ یاد آنا
خاطر کوفتہ۔ غمگین
خاطر جمع۔ اطمینان قلب دل کی تسلی۔
خاطر نشان۔ یقین دلانیوالے دلنشین۔
خاطف۔ بجلی کی چمک
خاطی۔ خطا کار۔ گنہگار
خافض۔ نیچے لانیوالا پست کرنیوالا۔ اسم اللہ تعالے۔

خافق۔ دھڑکنے والا جس کا سر ہلتا رہے۔ درخت وغیرہ
خافقین۔ مشرق و مغرب
خاقان۔ شاہ چین کا خطاب
خاک۔ مٹی۔ راکھ
خاکِ بسیط۔ زمین
خاک بیز } نیاریہ۔ راکھ سے
خاک پیز } چاندی سونا الگ کرنے والا۔ باریک بین۔
خاک تودہ۔ خاک کا ڈھیر جس پر تیر اندازی کی مشق کرتے ہیں۔
خاک دادن۔ کھجور کے نر درخت کا زہرہ مادہ درخت سے ملانا۔
خاکدان۔ دنیا۔ جہان
خاک نژاد۔ خاک سے بنا ہوا
خاکروب۔ بھنگی۔ حلال خور
خاک ریز۔ پشتہ

خاکگ - بیل
خاکسار - عاجز
خاکی - مٹی کا بنا ہوا
خاک بیضہ - مرغی کا انڈا -
خاگینہ }
خایہ ریز } انڈوں کا سالن
خال - ناموں - تِل - سیاہ دانت
خالد - ہمیشہ رہنے والا - رسول صلعم کے ایک بہادر اصحابی
خالص - بغیر ملاوٹ کے
خالصہ - خاصہ - سرکاری چیز یا زمین -
خالصہ تیولی - گورنر یا حاکم کی جاگیر جو اُسے بادشاہ سے ملی ہو -
خالع - طلاق چاہنے والی عورت
خالف - پیچھے آنیوالا ضدی -
خالق - پیدا کرنیوالا خدا -
خالو - ماں کی بہن کا شوہر - موسا -
خالہ - ماسی - ماں کی بہن -

خام - کچا - خالص مُصفّٰی شراب
خام دست - ناتجربہ کار -
خام ریش - احمق - ظریف -
خامس - پانچواں - ⅕
خامش - چُپ
خام طمع - بیہودہ لالچ رکھنے والا
خایِل - کمینہ - حقیر - گمنام
خاموش - چُپ
خاموشیدن - چُپ رہنا
خامہ - قلم
خامہ سربا - پنسل
خامہ زدن - قلم پہ قط لگانا
خامی - کمی - کچاپن
خان - امیر - رئیس - پہلے زمانہ میں ترکستان کے فرمانرواں کا لقب ہوتا تھا -
خانخانہ - مالک سرا امیر الامرا
خاندانہ - گھرانہ - قبیلہ - خانوادہ
خانہ - دوست -
خان سالار - گودام یا توشہ خانہ کا داروغہ -

خانساماں۔ مالک سامان۔ خوراک کے سامان کا داروغہ۔

خانف۔ مغرور۔ شیخی خورہ

خانقاہ۔ تکیہ۔ فقیروں کے رہنے کی جگہ۔

خانم۔ شریف بیوی۔ نیک عورت

خانماں۔ گھر کا مال اسباب

خانوادہ۔ خاندان۔ قبیلہ

خانہ۔ گھر

خانہ بدوش۔ بے ٹھکانہ۔ جہاں روزی دیکھی وہیں چلا جانیوالا۔

خانہ جنگی۔ آپسمیں جنگ کرنا

خانہ زاد۔ گھر کا پیدا کیا ہوا۔ غلام۔ نوکر

خانی۔ چھوٹا حوض۔ توران کا ایک سکہّ۔

خاور۔ مشرق

خاوری۔ مشرقی۔ خراسانی۔ سورج۔

خاوند۔ مالک۔ صاحب

خاوی۔ ویران۔ غیر آباد

خاوی البطن۔ خالی پیٹ

خاویہ۔ غیر آباد زمین

خائب۔ محروم۔ بدنصیب۔ ناامید۔ مایوس۔

خایسک۔ ہتھوڑا

خائض۔ خوض کرنیوالا۔ بڑی غور کرنیوالا۔

خائف۔ ڈرپوک۔ خوف کھایا ہوا۔

خائل۔ حفاظت کرنیوالا

خائن۔ خیانت کرنیوالا۔ امانت کا مال ہضم کرنیوالا۔

خایہ۔ انڈا۔ مرغی کا بیضہ

خائیدن۔ چبانا

خبا۔ خیمہ

خبائث۔ جمع خُبثہ۔ پلیدیاں ناپاکیاں۔

خبایا۔ جمع خبا۔ پوشیدگیاں۔ خیمے۔

خبّاز۔ باورچی نانبائی

خباط۔ دیوانگی احمق پن
خب خب۔ بوسہ کی آواز
خبث۔ پلیدی۔ برائی میل کچیل
خبث الحدید۔ لوہے کا میل کچیل۔
خبر۔ پیغام۔ قصہ۔ رسول کریم کی حدیث شریف۔
خبرت۔ امتحان۔ آزمائش دانائی
خبرت۔ کسی چیز کا جاننا
خبری۔ راوی۔ مؤرخ
خبز۔ روٹی
خبز۔ روٹی پکانا
خبط۔ جنون۔ دیوانگی
خبع۔ قیام کرنا۔ چھپانا
خبل۔ جنون۔ عقل میں فتور ہونا
خبن۔ حرف ساکن کا گرادینا۔ دامن چھڑانا۔
خبی۔ پردہ میں۔ پنہاں۔ پوشیدہ
خبیث۔ بڑا ناپاک۔ بدباطن
خبیر۔ خبر رکھنے والا۔ جاننے والا۔

ختام۔ مُہر کرنے کی موم یا لاکھ
ختان۔ نزع۔ فتنہ
ختع۔ اندھیری رات میں چلنا
ختل۔ ملکِ ختلان کا نام۔ فریب دینا۔
ختلی۔ ملک ختل کا گھوڑا۔
ختم۔ مہر کرنا۔ تمام ہونا۔ تمام قرآن مجید کا پڑھ لینا۔
ختم۔ مُہر کی ہوئی چیز
ختن۔ داماد
ختن۔ فتنہ کرنا
ختن۔ ایک ولایت کا نام جہاں کا مشک (کستوری) مشہور ہے۔ ایک شہر کا نام۔
ختنہ۔ سنت کرنا۔ ایک اسلامی رسم
ختون۔ داماد ہونا
خجالت۔ شرمندگی۔
خجستہ۔ ہمایوں۔ مبارک۔ با برکت۔
خجل۔ شرمندہ۔ سرگشتہ
خجلت۔ شرمندگی

خُجند۔ ماوراءالنہر میں ایک قصبہ کا نام۔

خچیر۔ پسندیدہ۔ خوبصورت

خَدّ۔ چہرہ۔ رخسار

خُدا۔ پاک۔ صاحب

خداج۔ نقصان۔ خسارا

خدا خدا کردن } ڈرتے ڈرتے کوئی کام کرنا۔ نہایت آرزومندی۔

خدادِیش کردن۔ جگالی کرنا

خدارت۔ پردہ نشینی

خُدّاع۔ دھوکا دینا

خُدّام۔ جمع خادم۔ نوکر۔ غلام

خداوند۔ خاوند۔ مالک صاحب

خداوندگار۔ بڑا مالک

خدایا۔ اے میرے خدا کلمہ ندا

خدائعٔ۔ جمع خدیعت۔ دھوکا فریب۔

خدائیگان۔ خداوند تعالےٰ۔ شہنشاہ۔

خدائیٔ۔ مخلوق۔ خدا ہونا۔

خِدَر۔ پردہ

خدر۔ کسی عضو کا بے حس ہوجانا۔

خدرۃ۔ بہت سخت اندھیرا

خدشہ۔ موچ

خِدشہ۔ کھٹکا۔ شک و شبہ۔ خوف۔ خلش۔

خِدع۔ دغا و فریب دینا

خدعت۔ فریب دینا۔ دغابازی

خدَعہ۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔

خدم۔ جمع خادم۔ نوکر چاکر

خدمت۔ ملازمت۔ چاکری

خدمتی۔ نذرانہ۔ تحفہ

خدنگ۔ تیر۔ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی کے تیر بنتے ہیں۔

خُدُوک۔ رنج۔ پریشانی۔ غصہ۔ رشک۔

خدیجہ۔ حضرت رسول صلعم کی سب سے پہلی بیوی صاحبہ کا نام مبارک۔

خدیعت۔ مکر و فریب۔ دغا
خدیو۔ شاہان مصر کا لقب مالک خاوند۔
خذع۔ کاٹنا۔ گوشت کا قیمہ کرنا
خذف۔ ٹھیکری۔ سنگریزہ
خذل } مدد کرنا چھوڑ دینا۔
خذلان } بدقسمت ہونا۔
خذول۔ شرمندہ۔ بدقسمت
خر۔ گدھا۔ بڑا احمق
خراب۔ مست۔ مدہوش ویرانہ
خرابات۔ شراب خانہ۔ قمار خانہ
خراباتی۔ جواریہ۔ شرابی
خرابہ۔ اُجڑا اُجاڑ۔ ویران
خراج۔ زمین کا محصول
خراخر۔ خراٹے لینا
خرّاد۔ لکڑی کو صاف کرنیوالا
خراد۔ لکڑی کو صاف اور گول کرنا
خرادی۔ خراد کا کام کرنیوالا
خرّاز۔ چمار۔ موچی۔ چمڑے کا کام کرنیوالا۔
خرازی۔ چھری۔ کانٹا۔

خراس۔ آٹا پیسنے کی بڑی چکی جس کو بیل چلاتے ہیں۔ کولھو۔
خراش۔ چھیلنا
خراط۔ خرادی۔ لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر صاف کرنے والا۔
خراطت۔ لکڑی کو عمل خراد کے ذریعے صاف کرنا۔
خراطیم۔ جمع خرطوم۔ ہاتھی کی سونڈ۔
خراطین۔ کیچوے
خرافات۔ بیہودہ بکواس
خرافت۔ بکواس۔ دروغگوئی۔
خرافہ نام ایک عربی جو بہت جھوٹ بولتا تھا۔
خرام۔ ٹہلنا۔ مٹک کی چال
خراماں۔ ناز سے چلنے والا۔
خرامیدن۔ مٹک کر چلنا
خرانبار۔ گروہ۔ مجمع
خرایدہ۔ کنواری اور شرمیلی عورتیں

خربزہ۔ خربوزہ۔ ایک پھل
خربط۔ قاز۔ بڑی قسم کی بط
احمق شخص۔
خربندہ۔ گدھے کا غلام یعنی
گدھوں کا مالک۔
خربشہ۔ ٹیلہ
خرج۔ باہر نکلنا۔ صرف۔ خرچ
لاگت۔
خرچنگ۔ کیکڑا۔ سرطان
خرچہ۔ صرف۔ لاگت
خرچین۔ کاٹھی کا تھیلہ۔ چارجامہ
خرخاکی۔ مکڑی کا کیڑا
خرخر کردن۔ غرغر کرنا۔
خرخشہ۔ جھگڑا۔ تنازع۔
خرد۔ چھوٹا۔ ریزہ
خردمرد۔ ریزہ ریزہ
خرد۔ عقل۔ دانائی
خردمند۔ زیرک۔ عقلمند
خرداد۔ اساڑھ کے مطابق
ایک مہینہ۔
خردل۔ رائی۔ ایک غلّہ

خردل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔ بزدل
خردہ۔ ریزہ۔ چنگاری
خردہ کردن۔ روپیہ یا نوٹ
وغیرہ توڑنا۔
خردہ بینی۔ عیب نکالنا۔ نکتہ
چینی۔
خردہ فروش۔ بساطی
خرز۔ جوتا و موزہ سینا
خرزہرہ۔ کنیر کا درخت
خرس۔ مٹکا
خرس۔ بھالو۔ ریچھ
خرسک۔ بچوں کا ایک کھیل
خرسک۔ دری
خرسند۔ راضی۔ خوش و خرم
خرسنگ۔ بڑا پتھر
خرشید۔ سورج۔ آفتاب
خرطوم۔ ہاتھی کی سونڈ
خرف۔ احمق۔ بیہودہ و
بوڑھا۔
خرق۔ پھاڑنا۔

خرقِ عادت۔ معجزہ و کرامات وہ کام جو اولیا و انبیا سے خلاف عادت ظہور میں آئے۔
خرقہ۔ صافی
خرقہ۔ گدڑی۔ فرسودہ کہنہ کپڑا پُرانا کپڑا۔
خرقہ ساختن۔ کپڑے پھاڑنا
خرک۔ کچا انگور۔ گدھا
خرکس۔ بیوقوف۔
خرگ۔ انگارہ
خرگاہ۔ بڑا خیمہ
خرگوش۔ ایک مشہور چوپایہ سیا
خرّم۔ شاداں۔ خوش
خرما۔ چھوہارا
خرمست۔ احمق جو اپنی بیوقوفی کی وجہ سے کہا نہ مانے
خرمگس۔ کھٹا۔ بڑی مکھی
خرمن۔ کھلیان۔ غلہ کا بھوسہ سمیت تودہ۔
خرمہرہ۔ کوڑی
خرموش۔ بڑا چوہا
خروار۔ غلہ کا ڈھیر جو کم از کم گدھے کے اُٹھانے کا بوجھ ہو۔
خروج۔ خارج ہونا۔ نکلنا۔ حکم سے منحرف ہونا۔
خروس۔ مرغ
خروش۔ شور۔ جوش
خروط۔ احمق۔ بدکار عورت
خروع۔ نازک بدن عورت بدکار عورت
خروف۔ برّہ۔ بھیڑ بکری کا بچہ
خرزہ۔ کیچڑ۔ کھلی
خرہ۔ دیمک۔ خارپشت
خریدہ۔ نابالغ لڑکی۔ ناسفتہ موتی شرمیلی عورت۔
خریر۔ عقاب کے پر کی آواز۔ خراٹے کی آواز۔
خریص۔ دریا کا کنارہ۔ خلیج
خریطہ۔ خط کا لفافہ۔ تھیلی
خریطہ۔ نقشہ

خریف۔ موسم خزاں فصل خریف جوار کمی وغیرہ کا موسم۔
خریق۔ نشیب زمین جس میں پانی جمع ہونے کی وجہ سے روئیدگی بہت ہو۔
خریم۔ شجاع۔ دلیر۔ نڈر
خز۔ ریشمی کپڑا
خز۔ نیولا
خزاں۔ موسم برگ ریز
خزانچی۔ خزانہ رکھنے والا
خزانہ۔ روپیہ پیسہ نقدی کا گودام بندوق کا وہ حصہ جس میں کارتوس رکھے جاتے ہیں
خزائن۔ جمع خزانہ
خزر۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ گوشہ چشم سے دیکھنا۔
خزرج۔ سرد ہوا۔ ایک قبیلہ کا نام۔
خزعبل } ہنسی کی بات۔
خزعبیل } بیوقوفی کی بات۔
خزف۔ سفال۔ ٹھیکری۔

خزل۔ آہستہ چلنا۔ ٹھٹک جانا
خزم۔ چھپنا۔ عروض میں شعر اوّل کی زیادتی جس کا تقطیع میں اختیار نہ ہو۔
خزن۔ گوشت کا باسی ہو کر بدبودار ہو جانا۔
خزو۔ ترہیب۔ ارادہ سے روکنا۔
خزی۔ ذلت۔ رسوائی
خزندہ۔ رینگنے والا کیڑا
خزیدن۔ گھسنا۔ چھپنا۔ رینگنا
خنزیر۔ سوٴر
خزینہ۔ خزانہ
خس۔ تنکا۔ گھاس۔ حقیر۔ بخیل
خسارت۔ زیان۔ نقصان
خساست۔ کنجوس۔ کمینگی
خساں۔ نہ غروب ہونے والے اور نہ حرکت کرنے والے ستارے۔ مثلاً قطب ستارہ
خساں۔ کمینے۔

خساندن } اتر کرنا۔ داڑھی
خسانیدن } دانتوں میں چبانا
خسائس۔ بری چیزیں۔ برائیاں
کنجوسیاں۔
خِسّت۔ بخیلی۔ کمینگی
خس بدنداں } معافی مانگنا۔ امان
گرفتن } چاہنا۔ عاجزی کرنا
خستہ۔ مجروح۔ گٹھلی۔ آلوچہ۔
ایک قسم کی مٹھائی۔
خستگی۔ ماندگی۔ تکان
خستن۔ زخمی ہونا۔ زخمی کرنا۔
خستو۔ میوہ کا دانہ
خستوانہ۔ گُدڑی۔ فقروں کا
خرقہ۔
خُسر۔ شوہر یا جورو کا والد۔
سسر۔
خُسران۔ نقصان۔ خسارہ
خُسر پورہ۔ سالا
خسرو۔ شہنشاہ۔ عادل۔
نوشیرواں کے پوتہ
کا نام۔

خسروانہ۔ شاہانہ
خسروانی۔ ایک قسم کی شراب
قیمتی کپڑا۔ راگ
کی ایک قسم۔
خسف۔ چاند گرہن۔ زمین میں
دھنس جانا۔
خَسَک۔ گوکھرو جو دشمن کی
راہ میں پھیلائے جاتے ہیں
خسوف۔ چاند گرہن۔ زمین میں
دھنس جانا۔
خسور۔ خسارہ اٹھانیوالا
خسوادن۔ کاٹنا
خسیدن۔ چبانا
خسیس۔ بخیل۔ کمینہ نالائق
خَش۔ ساس۔ خوشدامن
خشب۔ لکڑی۔ ہیزم
خشت۔ اینٹ۔ نیزہ
خشت مال اینٹیں تھاپنے والا
خشخاش۔ پوست کا دانہ پوست
کا بیج۔
خش خش۔ کھڑکھڑ کی آواز

خُشف ۔ پتھر پر سر دے مارنا۔ پیسنا۔
خُشک ۔ سوکھا ہوا۔ بخیل ۔ بدمزا
خُشکار ۔ اَن چھنا آٹا
خُشک مغز ۔ سودائی ۔ دیوانہ
خشم ۔ ناراضگی ۔ خفگی ۔ غصہ
خشمگیں ۔ غصہ کا بھرا ہوا شخص ناراض ۔
خشمناک ۔ غصہ ور
خشن ۔ سخت
خوشنود ۔ مسرور ۔ راضی ۔ خوش
خوشنودی ۔ خوشی ۔ رضامندی
خشودامن ۔ خوشدامن ۔ ساس
خشہ ۔ شاخوں کا چھانٹنا
خشوع ۔ فروتنی ۔ عاجزی
خشونت ۔ سختی ۔ کھردراپن
خشی ۔ خوف
خِشیج ۔ ضد ۔ عنصر ۔ برخلافی
خصّاب ۔ چمار ۔ موچی
خصال ۔ جمع خصلت ۔ عادات ۔

خصائص ۔ جمع خصیصہ ۔ خُو ۔ خاصیت ۔
خِصب ۔ نباتات کی کثرت ۔ فراخ سالی ۔
خَصر ۔ کمر
خصَل ۔ تیر کا نشانہ پر بیٹھنا ۔ جوا کی شرط ۔
خَصلت ۔ عادت ۔ خُو
خَصم ۔ عدو ۔ دشمن ۔ خاوند
خَصمی ۔ دشمنی ۔ خاوندی ۔ مالکیت ۔ عداوت
خصوص ۔ خصوصیت ۔ خاص ہونا ۔
خصوم ۔ جمع خصم ۔ لڑائی کرنا
خصومات ۔ جمع خصومت ۔ عداوتیں ۔ دشمنیاں
خصّی ۔ مخنث کیا ہوا حیوان
خصیب ۔ مقام جہاں غلہ کی ارزانی ہو ۔
خصیہ ملنڈا ۔
خصیان ۔ دو انڈے

خصیف۔ دہی ملادودھ۔ سفید و سرخ رنگ کا پہاڑ۔
خصفتہ۔ دو رنگی فوج
خصیل۔ جوا میں ہارا ہوا آدمی۔
خصیم۔ عداوت رکھنے والا دشمن خصومت رکھنے والا۔
خصین۔ جمع خصن۔ کلہاڑا
خضاب۔ بالوں کو سیاہ کرنے والا رنگ۔
خضاد۔ درد اعضاء
خضارہ۔ دریا
خضب۔ رنگنا۔ رنگ دینا
خضر۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام جنہوں نے آبحیات پیا ہوا ہے۔
خضر۔ سبز ٹہنی
خضرا۔ سبزہ
خضراء الدمن۔ درازقد اور خوبصورت عورت۔
خضرالمناقب۔ آسودہ حال۔ خوشحال لوگ۔
خضرت۔ سبزی۔ ہریاول
خضریات۔ سبزیاں۔ ترکاریاں
خضرنج۔ خربزے کا کھیت۔ کھیرے ککڑی کا کھیت۔
خضور۔ سبزیاں
خضوع۔ عاجزی۔ فروتنی کرنا
خضیب۔ ایک حبشی کا نام۔ سیاہ رنگ سے رنگا ہوا
خط آہن۔ ریل کی پٹڑی
خط رمز۔ شارٹ ہینڈ
خط راہِ آہن۔ ریل کی پٹڑی
خط تلگراف۔ تار برقی کی لائن
خط چلیپا۔ شکستہ خط
خط راہِ مکّہ۔ کہکشاں
خط کش۔ رُول
خطا۔ توران کا چینی سرحد پر ایک شہر جہاں کی اکثر ادویات مشہور ہیں۔
خطاء۔ جرم قصور دانستہ گناہ کرنا

خطاب۔ روبرو بات کرنا۔
حضرت عمرؓ خلیفہ دوم کے
والد کا نام۔
خطابت۔ خطبہ پڑھنا۔
خط استوا۔ زمین کے بیچوں بیچ
کا فرضی خط۔
خطایا۔ جمع خطا۔ گناہ
خِطب۔ دشوار کام۔ حادثہ۔
خُطب۔ جمع خطبہ۔ وہ کلام جس
سے خطاب کریں دیباچہ
خُطَباء۔ جمع خطیب کی۔ خطبہ
خوان۔
خَطبہ۔ ایسا کلام جسمیں خدا کی تعریف
خلقت کو نصیحت دیجائے
دیباچہ کتاب۔
خِطبہ۔ منگنی۔ کسی عورت سے
نکاح کی خواہش کرنا۔
خَطَر۔ آفت۔ دشواری
خَطَف۔ بجلی کا چمکنا
خطِ مستقیم۔ سیدھا خط۔
سیدھی لکیر۔

خطوات۔ جمع خطوہ کی۔ رفتار
کیوقت دو قدموں کا
درمیانی فاصلہ۔
خطوہ۔ قدم
خطّہ۔ قطعہ زمین۔ بڑا شہر
خطیب۔ خطبہ پڑھنے والا۔ لوگوں
کا مخاطب کرنیوالا۔
خِطیر۔ بزرگ۔ بڑا
خِطیہ۔ گناہ۔ خطا
خف۔ سخت زمین۔ موزہ
خِف۔ ہلکا۔ تنک
خِفا۔ پوشیدگی۔ نہانی
خفاجہ۔ عرب کا ایک راہزن
گروہ۔
خفاش۔ چمگادڑ
خفایا۔ جمع خفیہ۔ پوشیدگیاں
خِفت۔ تنک پن۔ ہلکاپن
خفتان۔ لمبا کرتہ۔ ایک قسم
کا لباس۔
خُفتن۔ سونا
خَفَر۔ شرگیں ہونا

خَفرہ - نگہبان - راہبر - بدرقہ
خفقان - دل کا دھڑکنا - ایک دماغی مرض -
خفوق - ستارہ کا غائب ہونا -
خفہ - دم گھٹنا
خفی - پوشیدہ - نہاں - چھپا ہوا -
خفیات - جمع خفیہ - چھپی ہوئی چیزیں - پوشیدگیاں -
خفیدن - چھینکنا - خفا ہونا
خفیف - تنک - ہلکا - کم
خفیق الریح - ہوا چلنے کی آواز سر سر -
خفیہ - پوشیدہ
خَلّ - سرکہ
خِلّ - دوست
خُل - بھوبل
خلا - خالی - پائخانہ
خلاب - کیچڑ دار راستہ
خلاشہ - فضول - کوڑا کرکٹ
خلاص - رہائی - چھٹکارا
خلاصہ - اصل - صاف - نچوڑ -

خلاط - حواس باختگی - ملانا
خَلاع - جمع خلعت
خِلاع - جنون - پاگل پن - دیوانگی -
خلاعت - ماں باپ کے حکم سے باہر ہونا -
خلافت - جانشینی - سب مسلمان بادشاہوں کا شہنشاہ ہونا -
خلاق - بخرہ - نصیب - حصہ
خلّاق - بہت پیدا کرنیوالا
خلاقت - کہنگی - پرانا ہونا -
خلال - فاصلہ - دانتوں کو تنکا سے کریدنا -
خلال مائدہ - سوئیاں
خلالہ - دانت کریدنے کا تنکہ
خلّان - جمع خلیل دوست لوگ
خلانیدن - چبھونا
خلائف - جمع خلیفہ -
خلائق - جمع خلق
خلب - فریب دینا -

خلبوب ۔ فریب دینیوالا
خلت ۔ دوستی ۔ محبت
خلج ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ۔ باہر کو کھینچنا ۔
خلجان ۔ دیوانہ پن ۔ احمقانہ چال
خلج ۔ ترکستان میں ایک حسن خیز شہر ۔
خلخال ۔ پازیب ۔ جھانجھ ۔ پاؤں کا زیور ۔
خُلد ۔ بہشت کا ایک طبقہ ۔ ہمیشگی ۔
خلش ۔ زخم ۔ کسی چیز کا دل میں کانٹے کی مانند چبھنا ۔ جھگڑا ۔
خلط ۔ ملی ہوئی چیز ۔ سودا صفرا بلغم میں سے ایک چیز ۔
خَلع ۔ عورت کا طلاق لینا ۔ نکلنا کپڑے اُتارنا ۔
خلَف ۔ بیٹا ۔ جانشین
خُلَفا ۔ جمع خلیفہ
خُلق ۔ عادت ۔ خو

خَلق ۔ مخلوقات ۔ خدا کی بنائی ہوئی جاندار چیزیں ۔
خَلق ۔ پرانا ہونا ۔ پرانا کپڑا
خَلَل ۔ کشادہ ۔ رخنہ ۔ فتور
خَلو ۔ خلوت کرنا
خُلو ۔ خالی ہونا
خِلوت ۔ تنہائی ۔ اکیلے ہونا
خُلود ۔ ہمیشگی
خُلوص ۔ بے لوث ۔ پاک ہونا ۔ خالص دوستی ۔
خَلّی ۔ کاروبار سے خالی ۔ بے روزگار ۔ بے فکر
خلیلنہ ۔ تھیلا
خلیدن ۔ چُبھنا ۔ گھائل کرنا ۔ زخمی و مجروح کرنا ۔
خلیط ۔ ملا ہوا ۔ شریک
خلیع ۔ عاق بیٹا ۔ جسکو باپ نے اپنی فرزندی سے علیحدہ کر کر دیا ہو ۔
خلیف ۔ درہ ۔ ذہین اور تیز فہم آدمی ۔

خلیفہ۔ جانشین۔ مسلمان بادشاہوں کا شہنشاہ۔
خلیق۔ خوش خلق۔ ملنسار
خلیل۔ سچا دوست
خلیلی۔ ہتھکڑی
خم۔ ٹیڑھاپن۔ کج
خم افلاطون۔ وہ مٹکا جسمیں حکیم افلاطوں موت سے بچنے کیلئے بیٹھتا تھا۔
خمّ۔ قطع کرنا۔ تعریف کرنا
خُم۔ مکہ معظمہ۔ شراب کا مٹکا
خِم۔ خزاں زدہ باغ
خِمار۔ اوڑھنی۔ چادر
خُمار۔ شراب کا نشہ
خمّار۔ شراب فروش۔ شراب کشید کرنیوالا۔
خَمّاسی۔ پانچ والا۔ کلمہ جسمیں پانچ حرف ہوں۔
خمان۔ کمان کا خم
خمانیدن۔ کسی کی حرکات و سکنات کی نقل کرنا
خمپارہ۔ گولہ
خم خانہ } شراب خانہ
خم کدہ
خمد۔ آگ کا بجھنا
خمک زدن۔ تالی بجانا
خُم گِرد۔ گوشہ
خم در خم۔ پیچ در پیچ
خم و چم۔ پچدار
خمر۔ اعلےٰ درجہ کا شراب
خِمر۔ ناتجربہ کار
خُمرُ۔ چٹائی۔ بوریا
خمیرہ۔ مٹلیا۔ خم کا تصغیر
خِمل۔ دوست صادق
خمس۔ پانچ
خِمس۔ پانچواں حصہ $\frac{1}{5}$
خِمسون۔ پچاس
خمسہ۔ پانچ والا۔ پانچ مصرعوں کا بند وغیرہ۔
خمسہ متحیرہ۔ پانچ ستارے یعنی مشتری۔ زہرہ۔ مریخ۔ عطارد زحل۔ سیدھا اور الٹا چلنے والے

خمسن - اندازہ سے بے تحقیق بات کہنا۔
خمود - بیہوش ہونا۔ آگ کا سرد ہونا
خموش - چُپ
خموشیدن - چُپ رہنا۔
خموط - خوشبو یا بدبو ہونا
خمول - گمنامی
خمیازہ - انگڑائی - بدلہ
خمیازہ خشک - بے حاصل آرزو۔
خمیدہ - کج - ٹیڑھا - کُبڑا
خمیدن - جُھکنا - ٹیڑھا ہونا۔
خمیس - جمعرات کا دن - پانچ گز یا فٹ کا کپڑا - لشکر جسکے مقدمہ - قلب ساقہ میمنہ میسرہ پانچ حصے ہوں۔
خمیل - ملائم و پاکیزہ غذا
خمیم - ستودہ - منزّا
خنادق - جمع خندق - پانی کی کھائیاں۔

خنازیر - جمع خنزیر - سور - ایک بیماری کنٹھ مالا۔
خنّاس - دیو - شیطان - بُرا آدمی
خنافس - گوبر کا سیاہ رنگ کا کیڑا - گبریلا۔
خُنّاق - حلق کی ایک بیماری
خنبیدن - تالی بجانا
خَنثیٰ - ہیجڑ - مخنّث
خُنج - نفع
خنجر - تلوار - شمشیر
خنجر - بدبو جو کسی بُری چیز کے جلانے سے پیدا ہو۔
خنداں - ہنستا ہوا۔
خندانیدن - ہنسوانا
خندق - کھائی
خندہ زیر لب - مُسکراہٹ
خندیدن - ہنسنا
خنزیر - خوک - سور
خنصر - چھوٹی انگلی - چھنگلی
خُنق - گلا گھوٹنا
خُنک - سرد - ٹھنڈا

خِنگ۔ زاویہ۔ بیہودہ عاشق۔ گھوڑا
خُنکا۔ خوشخبری۔ خوشامد
خِنگا۔ موٹا تازہ
خُنُو۔ بدسلیقہ۔ بدزبان
خُنُور۔ پانی کا مٹکا۔ کاسہ
خُنیا۔ راگ۔ گیت
خُنیاگر۔ گویا۔ مُطرب
خُنیدہ۔ پسندیدہ
خوابِ خرگوش۔ غفلت کی نیند فریب۔
خوابانیدن۔ سُلانا
خوابیدن۔ سونا
خواتین۔ جمع خاتون۔ نیک عورتیں۔
خواجہ۔ صاحب۔ گھر کا سردار۔ امیری کا خطاب۔
خواجۂ بعث و نشر۔ } مالک روزِ محشر۔ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔
خواجہ تاش۔ ایک ہی مالک کے نوکر۔
خواجہ سرا۔ بادشاہی حرم سرا کا مخنث ملازم۔
خوار۔ ذلیل۔ کھانیوالا
خوارج۔ جمع خارج کی یا فضیلوں کے خلاف لوگ۔
خوارزم۔ ایک شہر کا نام
خارق۔ خلاف عادت کام
خواری۔ ذلت۔ رسوائی
خواست۔ آرزو
خواستگار } طالب۔ چاہنے والا
خواستار
خواستگاری۔ تمنا۔ خواہش
خواستن۔ چاہنا۔ طلب کرنا۔ بُلانا۔
خواستہ۔ چاہا ہوا۔ زر و مال
خواص۔ جمع خاص۔ خاص لوگ اثر۔ خوبیاں۔
خواصی۔ ہر وقت کی خدمتگاری
خواطر۔ جمع خاطر۔ طبیعتیں۔
خوافق السماء۔ سب ہواؤں کے چلنے کی جگہ۔

**خوائی** - پرندوں کے بازوں کے نیچے کے پر۔

**خواقین** - جمع خاقان - بادشاہ چین کے بادشاہوں کا لقب۔

**خوالد** - پہاڑ - پتھر

**خوان** - دسترخوان

**خواندگی** - پڑھائی

**خواندن** - پڑھنا

**خواندہ** - پڑھا ہوا - بلایا ہوا -

**خوان سالار** - باورچی

**خانساماں** - باورچی - کھانے کا سامان رکھنے والا -

**خوان یغما** - عام لنگر - لوٹ کا مال -

**خوانین** - جمع خان - امیر لوگ

**خوبانی** - زرد آلو

**خوباں** - جمع خوب - بمعنی معشوق دلبر -

**خوبروئی** - خوبصورتی

**خوجہ** - مخفف خواجہ - خواجہ سرا - مالک -

**خوج** - شفتالو - آڑو -

**خوختہ** - شفتالو - روشندان

**خود** - آپ (بواؤ معدولہ)

**خُود** - لوہے کی ٹوپی - جو سپاہی جنگ کے وقت پہنتے ہیں -

**خَود** - حسین و نوجوان عورت

**خودبین** - مغرور آدمی

**خود بخود** - آپ ہی آپ

**خودسری** - اپنی رائے کو اعلےٰ سمجھکر کسی کا کہنا نہ ماننا غرور -

**خود کاشت** - وہ شخص جسکی زمین بھی اپنی ہو - اور کاشتکاری بھی آپ ہی کرتا ہو -

**خود را در باختن** - } حواس باختہ ہونا

**خود را تکان دادن** - } بازو پھڑپھڑانا

**خور** - (بواؤ معدولہ) خوراک - سورج مہینہ کی گیارھویں تاریخ -

خور۔ ندی نالہ۔ کاہلی
خورانیدن۔ کھلوانا۔ کھلانا
خورجین۔ بڑے کا تھیلہ
خورد۔ لائق۔ کھایا۔ چھوٹی چیز
خوراک۔
خوردن۔ کھانا
خوردنی۔ خوراک۔ کھانے کے لائق چیزیں۔
خورش۔ اشیا خوردنی۔ خوراک طعام۔
خورشید۔ آفتاب۔ سورج
خورشید لب بام۔ بڑھاپا۔ قریب المرگ
خورنق۔ وہ خوبصورت محل جو بہرام گور کے وزیر نے اسکے لئے بنوایا تھا۔
خورہ۔ جذام۔ کوڑھ۔ فساد خون کی بیماری۔
خوزستان۔ فارس کے ایک صوبہ کا نام۔
خوس۔ عہد و پیمان کا توڑ دینا۔

خوش۔ تر و تازہ۔ راضی
خوشا۔ خوبلے درخت بمبار کبلو
خوشامد۔ چاپلوسی
خوشدامن۔ اہلیہ کی والدہ خاوند کی ماں۔ ساس۔
خوشنود۔ خوش۔ راضی
خوشہ۔ گچھا۔ اناج بھٹہ۔ بالی
خوشیدن۔ خشک ہونا۔ سوکھنا مرجھا جانا۔
خوص۔ آنکھ کا گڑھے میں گھس جانا۔
خوض۔ گہری سوچ بچار۔ پانی میں غوطہ لگانا۔
خوفناک۔ ڈراونا۔ جس سے خوف آوے۔
خوک۔ خنزیر۔ سؤر۔
خوگیر۔ عادت رکھنے والا۔ عادی
خول۔ چھلکا۔ غلاف
خولنہ۔ ہرنی۔ مادہ ہرن
خون ناب۔ خالص خون نعین کے آنسو۔

خوناب - آنسو
خوں ریز - خون بہانیوالا - خونی - قاتل۔
خوں گرفتہ - اجل گرفتہ
خونین - خون سے لتھڑا ہوا - خون کا۔
خوے - (واؤ معدولہ) پسینہ
خوی - نرم اور پست زمین -
خوی - عادت
خوید - گندم یا جو کا سبز پودا
خویش - آپ - اپنا
خویشاوند - رشتے دار - اپنے لوگ -
خویشتن - آپ - اپنا آپ
خویشتن دار - با احتیاط آدمی دانا اپنے مراتب کو نگاہ رکھنے والا -
خویشی - رشتہ داری - قرابت -
خوگیدن - خو پکڑنا - عادت بنانا
خے - کلمہ تحسین - آفرین - مرحبا
خہ - خوش - کلمہ تحسین

خی - مشکوں کی پانی کی پکھال - مشک -
خیاباں - پھولوں کی کیاری - چمن -
خیاباں - پارک
خیابا - وہ چقماق جس سے آگ نہ نکلے -
خیار - کھیرا - ککڑی کی مانند ایک ترکاری -
خیارزہ - ککڑی
خیارک - ایک دنبل جو ران کی جڑ میں ہوتا ہے۔
خیارین - کھیرا اور ککڑی
خیاشیم - جمع خیشوم - ناک کے پردے -
خیاط - سوئی دھاگا -
خیّاط - درزی
خیالہ - گھوڑوں کا رسالہ
خیام - جمع خیمہ - تنبو کپڑے کا مکان
خیّام - خیمہ دوز - ایک عمر نامی ایرانی شاعر کا تخلص۔

خیانت - امانت میں چوری کرنا
خیبت - مایوسی - ناامیدی
خید - تازہ اور سبز گھاس
خیدع - ایسا دوست جو اعتماد کے لائق نہ ہو۔
خَیر - نیکی - بہبود - بھلائی۔
خیّر - بہت نیکی کرنیوالا
خیرات - جمع خیر - بخشش۔
خیرباد - الوداع کے وقت بولنے کا دعائیہ کلمہ۔
خَیر خَیر - بیہودہ
خیرگی - بے حیائی - شوخی۔ حیرت۔
خیرہ - اختیار - رضامندی
خیرہ - پسندیدہ عورت
خیرہ - آنکھوں کے سامنے کا جالا - چکاچوند - چوندھا - بے حیا - بے شرم۔
خیرہ - نیک لوگ
خیرہ رائے - پریشان مشوش کم عقل۔

خیرہ کُش - بے سبب مار ڈالنے والا۔
خیری / خیرو } ایک خوشنما رنگین لیکن بے بو پھول - گل خیرو۔
خیز - اُٹھ
خیزاب - پانی کی لہر
خیزب - نرم گوشت
خیزران - کشتی کا دنبالہ - نیزے۔
خیزل - اُٹھلانا - ناز کی چال
خیزی - تھوک
خیزیدن - اُٹھنا - کھڑا ہونا
خیس - وعدہ خلافی - رنج والم گمراہی۔
خیسانیدن - تر کرانا - بھگوانا
خیسیدن - تر کرنا - بھیگنا - بھگونا۔
خَیش - ایک موٹی تار کا کپڑا
خیش خانہ - امیروں کا مکان جو خیش کپڑے سے خیمہ کے طور پر بنایا جاتا ہے۔

خبیس العمل - اپنے کام میں چالاک اور ہوشیار -
خشوم - ناک کے نتھنے کی ہڈی
خیص - تھوڑی سی بخشش -
خیض - فولادی تلوار
خیط - دھاگا - ڈور
خیط الابیض - صبح کی روشنی
خیط الاسود - رات کی سیاہی
خیط الباطل - سراب - روشندان سے آنیوالی روشنی -
خیطف - تیز روی
خیطل - بلّی - گربہ
خیف - خوف کھانا
خیف - ایک آنکھ نیلی اور دوسری سیاہ ہونا -
خیفا - ایک نیلی اور ایک سیاہ آنکھ والی گھوڑی ایک صنعت کا نام -
خیفہ - خوف خطر - ڈر -
خیگ - مشک - بوتل - چمڑے کا تھیلہ - کپّا -

خَیل - گروہ - جماعتیں - سواروں اور پیدلوں کی جماعتیں -
خیل تاش - ایک ہی مالک کے غلام -
خیل خانہ - خاندان
خَیل خیل - جماعت وار - گروہ گروہ - فوج فوج -
خیلو - چھوٹی کھال
خیلہ - بڑی کھال
خیلے - بہت
خیم - خُو - عادت
خیم - جمع خیمہ
خیمگی - خیمہ میں رہنے والا خیمہ دوز کی سوئی - فراش -
خیو - تھوک
خیول - سواروں کا غول - گھوڑے -
خیولہ - شاہسواری -

## باب دال مہملہ

داء۔ مرض۔ بیماری۔
داء الثعلب۔ بال جھڑ۔ ایک بالوں کی بیماری۔
داء الاسد۔ جذام کی بیماری کوڑھ۔
داء الفیل۔ پیلپائے کی بیماری پاؤں کے ورم کی بیماری۔
داء الکلب۔ جنون سبعی کی بیماری
داب۔ داء۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ خو۔
دابہ۔ زمین پر چلنے والا یعنی چوپایہ رینگنے والا۔
دابۃ الارض۔ ایک چوپایہ جو قیامت کے قریب زمین سے نکلے گا۔
دابۃ السُّو۔ کُتّا
دابر۔ پیچھے چلنے والا۔ انجام۔
دابشلیم۔ ہندوستان کے ایک نامور راجہ کا نام۔
داج۔ بہت تاریکی۔ اندھیرا۔
داجن۔ سیاہ بادل۔ گھنگور گھٹا
داجیہ۔ اندھیری رات۔
داحش۔ باطل۔ دُور کرنیوالا
داحصنہ۔ حجّت۔ باطل
داخلہ۔ اندر آنے والی عورت
داخل ہونا۔ اندرونی معاملات۔
داخول } نشستگاہ۔ بیٹھنے
داخل } کا کمرہ۔ چوپال
داد۔ انصاف عدل۔ فریادرسی ایک بیماری کا نام۔
دادا۔ بڑا بھائی
دادار۔ عادل حاکم
دادخواہ۔ انصاف چاہنے والا فریادی۔
دادک۔ غلام۔ بوڑھا اور ضعیف آدمی۔
دادگر۔ عادل اور منصف حاکم

دادن۔ دینا
دادنی۔ کاشتکار یا پیشہ ور کو
کام جاری کرنے کے لئے زر
پیشگی دینا۔
دار۔ خانہ۔ گھر۔ مکان
دار۔ صلیب۔ سولی
دارا۔ خدا۔ ایران کے ایک کیانی بادشاہ
کا نام۔ رکھنے والا۔
دارا بودن۔ قابض ہونا
دار الآخرت۔ قیامت
دار الامارت۔ دار السلطنت۔
صدر مقام۔
دار الامان۔ امن کا مقام۔ مجازاً مکہ
معظمہ۔
دار البوار۔ دوزخ۔ ہلاکت کا
گھر۔
دار الحرب۔ کفار کا ملک جہاں
کافر لوگ خدا کی عبادت
نہ کریں۔
دار السلام۔ بہت سلامتی کا گھر۔
مکہ شریف۔

دار الخلافہ } بادشاہ یا راجہ کے رہنے
دار السلطنت } کا مقام۔ راجدھانی
دار الشوریٰ۔ کونسل
دار الشفا۔ شفاخانہ۔ ہسپتال
دار الصفا۔ خانہ کعبہ
دار الضرب۔ ٹکسال
دار العیار۔ ٹکسال
دار العدالت } منصفی۔ عدالت۔
دار القضا۔ } کچہری۔
دار الفنا۔ جہاں۔ دنیا
دار القرار۔ جنت۔ بہشت۔
دار المجانین۔ پاگل خانہ
دار الملک۔ بادشاہ کے رہنے
کا مقام۔
دارائی۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
خدائی۔ بادشاہی۔
دارباز۔ بازیگر۔
داربست۔ تختوں کی پاڑ جس پر
بیٹھ کر معمار عمارت
کا کام کرتے ہیں۔ انگور
کی ٹٹی۔

دارج ۔ وہ خاک جو اُڑ کر مکان کے آثار و نشان کو مٹا دے ۔
دارچینی ۔ تج ۔ ایک خوشبودار سیاہی اور سُرخی مائل لکڑی ۔
دارس ۔ حیض والی عورت
دارش ۔ کالا چمڑا
دار ششدر ۔ چھ طرفوں والا مکان یعنی دنیا ۔ کیونکہ اسمیں چھ طرفیں ہیں ۔
دارع ۔ زرہ پوش
دار فلفل ۔ پیپلیں
دار کتان ۔ ایک پرند
دار مدار ۔ انحصار ۔ قرار
دار موش ۔ گلہری
دارو ۔ دوائی
دار وغہ ۔ سپاہیوں کا افسر
دار وگیر ۔ اُلجھن جھگڑا ۔ جنگ ۔ ریاست ۔
دار ہات الدہر ۔ مصائب زمانہ
داری ۔ دولتمند ۔ عطار ۔ ملاح ۔
دارین ۔ دونو گھر ۔ دین و دنیا ۔ دنیا و آخرت ۔
داس ۔ درانتی ۔ گھاس کاٹنے کا آلہ ۔
داس کردن ۔ فلہ کاٹنا
داستاں ۔ کہانی ۔ قصہ
داش ۔ پژادہ ۔ چونہ پکانے کی بھٹی ۔
داشتن ۔ رکھنا
داعی ۔ بلانیوالا ۔ دعاگو ۔ طالب
داعیہ ۔ عزم ۔ خواہش ۔ ارادہ
داعیہ ۔ بلانے والی عورت ۔ دعا کرنیوالی
داغ ۔ دھبہ
دافعہ ۔ دفع کرنیوالی ایک جسمی قوت کا نام ۔
دافق ۔ اُچھلنے کو دنے والا ۔ پانی گرانے والا ۔
دال ۔ دلالت کرنے والا ۔ شاہد ۔ راہنما ۔
دالان ۔ بڑا کمرہ
دالان دار ۔ کاروان سرائے کا قلی ۔

دالب۔ بجھائے نہ بجھنے والی آگ۔
دام۔ جال۔ پھندا۔ ایک وزن۔ سکہ۔ چہ ندے۔
دام و نورہا۔ معزز عورتیں۔
داما۔ دریا۔ سمندر
دامع۔ آنسو بہانیوالا
دامغ۔ سر توڑنے والا
دامنِ شب۔ پچھلی رات
دامنِ کوہ۔ پہاڑ کی تلہتی۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان۔
دانا۔ عقلمند
دانست۔ جان بوجھ۔ واقفیت۔
دانستن۔ جاننا
دانِش۔ دانائی۔ عقلمندی
دانق۔ چور۔ تاوان۔ دانگ ایک وزن۔
دانگ۔ ایک چھ رتی کا وزن۔ طرف۔
دانی۔ کمینہ۔ پاجی۔ حقیر
دانتہ۔ وہ میوہ جس تک ہاتھ نہ پہنچے۔

داؤد۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام جن پر زبور اُتری تھی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے باپ۔
داؤ۔ فریب۔ دھوکا
داور۔ عادل۔ منصف۔ حاکم۔ خدا پاک۔
داہ۔ لونڈی۔ کنیز
داہل۔ حیران۔ متعجب
داہی۔ عقلمند۔ دانا۔ زیرک
داہم۔ سلطنت
داہیہ۔ حادثہ۔ زمانہ کی سختی۔
داہیہ دہوار۔ بلائے عظیم
دایبان۔ شب و روز
دایر۔ پھرنے والا
دائرہ۔ ایک گُنبی خط جسکو محیط کہتے ہیں۔ محکمہ
دائرۃ الرسومات چنگی خانہ
دائم۔ ہمیشہ
دائن۔ قرض دینے والا
دائما۔ ہمیشہ
دائمی۔ ہمیشہ کی

دائی۔ ماموں
دایہ۔ عورت جو بچہ کی پرورش کرے۔
دباش۔ قُلیوں کا جمعدار
دباغ۔ چمڑے کا درست کرنا۔
دباغت۔ چمڑے کا پکانا۔ صاف کرنا۔
دبال۔ گوبر۔
دبیح۔ نقش و نگار
دبدبہ۔ شان و شوکت۔ رُعب۔ ڈھول کی آواز۔ مجازاً مقعد
دُبر۔ پُشت۔
دُبرالشہر۔ مہینہ کی آخری تاریخیں۔
دبستان۔ مکتب۔ سکول
دلبش۔ کڑوا پھل۔ چائے۔
دَلق۔ سرکش
دَبل۔ وبائی بیماری۔ طاعون
دَبن۔ بکریوں کا باڑا یا رہنے کی جگہ بکریوں کو محفوظ رکھنے کی جگہ۔
دبنگ۔ دیوانہ
دبنگ گوز۔ گنوار
دبُور۔ مغربی ہوا
دبوس۔ لوہے کا گُرز
دبہ۔ چمڑے کا تھیلہ۔ کُپا
دبیب۔ زمین پر آہستہ چلنا
دبیر۔ مُنشی۔ کاتب۔ ایڈیٹر۔
دبیر فلک۔ ستارہ عطارد
دبیز۔ موٹا
دبیقی۔ کپڑا۔ شہر دبیق کا بنا ہوا دیبا۔
دثار۔ وہ کپڑا جو ایک کپڑے کے اوپر پہنا جائے۔
دجاجہ۔ مُرغی
دجاجی۔ بہت سیاہ
دَجّال۔ تلوار کا جوہر۔ حضرت عیسیٰ کا مخالف۔
دَجداج۔ سیاہ پانی والا دریا
دَجلہ۔ ملک عراق عرب کا دریا
دُجیٰ۔ اندھیری رات
دخالت داشتن۔ داخل ہونا
دُخان۔ دُھواں
دُخت۔ مخفف دُختر۔ لڑکی۔
دُختر۔ لڑکی۔ بیٹی۔

دخترِ تاک } شراب
دخترِ رز }
دخترک ۔ چھوٹی لڑکی
دختندر ۔ سوتیلی ماں
دُخل ۔ تصرف ہونا ۔ اندر آنا ۔ آمدنی ۔
دخمہ ۔ زرتشت مذہب کے لوگوں کا قبرستان ۔
دخول ۔ دخل دینا ۔ اندر آنا ۔ گھسنا ۔
دخیل ۔ امان ۔ دخل دینے والا ۔
دخیل آوردن ۔ امان چاہنا
دَد ۔ درندہ
دَر ۔ دروازہ ۔ اندر ۔ بیچ
دُرّ ۔ نیکی ۔ خوبی
دُر ۔ موتی ۔ ہیرے جواہر
درا ۔ جرس ۔ گھنٹہ
دُرّاج ۔ تیتر
دراری ۔ روشن ستارے شہزادے
دراز ۔ طویل ۔ لمبا
درازدستی ۔ ظلم

درازشدن ۔ لیٹ جانا ۔ سونا
درازگوش ۔ گدھا ۔ خچر
درازنفسی ۔ کلام کو طول دینا
دراعہ ۔ لمبا کرتہ ۔ چغہ ۔ عبا
درافتادن ۔ جھگڑنا ۔ بحث مباحثہ کرنا ۔
دَرّاک ۔ خوب جاننے والا
درام ۔ خارپشت ۔ جنگلی خاردار چوہا ۔
درآمدن ۔ اندر آنا
درانگشت آوردن ۔ تحریر کرنا ۔ لکھنا ۔
درائیدن ۔ گھنٹی کی آواز کرنا
دراہم ۔ جمع درہم
درایت ۔ عقلمندی ۔ دانائی
درب ۔ بڑا دروازہ ۔ پھاٹک
درباب ۔ بابت ۔ بارہ میں
درباۃ ۔ کسی کو گرا دینا
درباختن ۔ ہار دینا
دربان ۔ حاجب ۔ ڈیوڑھی بان
دربانی شدن ۔ تمام ہونا ۔

دربتہ۔ دلیری۔ خوگر۔ حریص ہونا۔
دربدر۔ دروازے دروازے جانا
دربرآوردن۔ دروازہ بند کرنا
دربلوقیدن۔ اُبھرنا
دربند۔ قلعہ کا دروازہ۔ حصار۔
بندرگاہ۔ پل
درپوست افتادن۔ عیب جوئی
کرنا۔
درپیش۔ سامنے
دُرہ۔ موتی
دُرہ۔ نکوئی۔ کوزہ
دُرج۔ اندراج۔ کاغذ لپیٹنا۔
دُرج۔ ڈبیہ۔ صندوقچہ زیور وغیرہ
رکھنے کا۔
دَرج۔ جمع درجہ۔ زینہ۔ راہ
درجات۔ جمع درجہ
درخش۔ روشنی۔ نور۔ بجلی
درخشاں۔ چمکتا ہوا۔ روشن
درخشیدن۔ چمکنا
درخور } سزاوار۔ لائق
درخورد }

درخواست۔ چاہنا۔ خواہش۔
عرضی۔
دُرد } تلچھٹ
دُردی }
دردا۔ افسوس
دَردمند۔ دُکھیا۔ غم زدہ
درراپیش } کواڑ بند کرنا
داشتن }
دُرَر۔ جمع دُر۔ موتی۔ ہیرے
دَرز۔ شگاف
درزدن۔ دروازہ کھٹکھٹانا۔
طلب کرنا۔
درزن۔ سوئی
دَرس۔ کتاب کا پڑھنا
درساعت۔ فوراً۔ اُسی وقت۔
درسرکردن۔ برباد کرنا
دُرشت۔ سخت۔ ناملائم۔
کُھردرا۔
درشکہ۔ پالکی۔ نالکی
درشتی۔ سختی۔ بدخلقی۔ فربہی
درع۔ زرہ

درف۔ پناہ۔ امان۔ سایہ
درفش۔موچی کا ایک آلہ
دُرفش۔جھنڈا۔پھریرا۔ علَم۔
سلطنت کا نشان۔
درق
درقہ } سپر۔ ڈھال
دَرک۔معلوم کرنا
دَرَک۔دوزخ کا ایک طبقہ
درکات۔جمع دَرَکہ۔طبقاتِ
دوزخ۔
دَرَکہ۔دوزخ کا طبقہ۔نشیب۔
درکار۔ضرورت۔کام میں۔
درکل۔بالکل۔تمام
درگاہ۔تکیہ فقیروں کا۔ دربار۔
عدالت۔کچہری۔
درگرفتن۔روشن کرنا۔جلانا۔
اثر کرنا۔
دَرم۔پیسہ۔درہم۔
درما۔خرگوش۔صحرائی جانور
درماں۔علاج۔دوائی
دُرماں۔ایک درخت
درماندن۔عاجز ولاچار ہونا۔
تھک جانا۔
درماندہ۔عاجز۔تھکا ہوا
دَرماہہ۔ماہواری تنخواہ
دُرِمکنون۔بیش قیمت موتی۔چھپا
ہوا موتی۔
درندہ۔پھاڑ ڈالنے والا جانور مثلاً
شیر چیتا وغیرہ۔
درنگ۔تساہل۔سستی۔دیر
دَرَن۔جونک۔زلوگ
دِرَو۔کھیت کا کاٹنا
دُرُود۔اللہ تعالےٰ کی طرف سے رحمت
فرشتوں کی طرف سے استغفار۔
مومنوں کی طرف سے دعا۔
تسبیح۔تحفہ۔
دُرُودگر۔بڑھئی۔نجار
درُودن۔کاٹنا
درُوش۔فصد کھولنے کا نشتر۔
دروغ۔جھوٹ۔کِذب
دروغگو۔کاذب۔جھوٹا
درُوں۔اندر

دَرویزہ۔ گداگری۔ بھیک
دُردُر۔ پسینا۔ دودھ کا رواں ہونا۔
دُردلیست۔ تمام۔ سب کے سب۔
دَرہ۔ دو پہاڑیوں کے درمیان کا راہ کشادگی۔
درہ۔ چابک۔ تازیانہ۔ چمڑے کا تسمہ۔
دُرہ۔ بڑا موتی
درہ و پنہ کردن } غیر متعلق باتیں کرنا
درہ ہرہ۔ روشن ستارہ
درہم۔ خلط ملط۔ ملا جلا۔ ناراض۔ خفا۔
درہم۔ درم ایک سکّہ
درہم شدن۔ تتر بتر ہونا۔ گھبرا جانا۔
درہوس۔ بہت سخت
دری۔ فارسی کی ایک زبان
دُرّی۔ بڑا روشن ستارہ
دُرّی السیف۔ تلوار کی چمک۔

دریا بار۔ بڑا دریا
دریاچہ۔ ندی۔ حوض۔ جھیل
دریا بیگی۔ امیر البحر
دریا فتن۔ دریافت کرنا۔ معلوم کرنا۔ پانا۔
دریائے احمر۔ بحیرۂ قلزم
دریائے مائش۔ رود بارِ انگلستان۔
دریائے مرمرہ۔ بحیرہ مارمورہ
دُرِّ یتیم۔ یکتا اور آبدار موتی۔ مجازاً رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔
دریچہ۔ کھڑکی
دریدہ۔ پھٹا ہوا۔ پھاڑا ہوا۔
دریدن۔ پھٹنا۔ پھاڑنا۔
دریدہ دہن۔ منہ پھٹ۔ بے شرم۔ بکواسی۔
دریغ۔ افسوس۔ حسرت
دریدا۔ واحسرتا۔ ہائے افسوس۔ کلمہ تاسف۔
دریوزگی
دریوزہ } بھیک مانگنا۔ گداگری

دُزد۔ چور
دُزدِیدن۔ چرانا۔ چوری کرنا
دُزدِ حِنا۔ سفیدی جو ہاتھ میں مہندی لگانے سے رہ جاتی ہے۔
دُزغالہ۔ منارہ۔ قلعہ
دِژ۔ قلعہ۔ کوٹ۔ حصار
دِژ رویئں۔ آسمان۔ ایک مضبوط قلعہ جسکو اسفندیار رویئں تن نے فتح کرکے اپنی بہنوں کو قید سے چھڑایا تھا۔
دُژخیم۔ بدخصلت دخو۔ شیطان۔ دشمن۔
دُژم۔ غمگین۔ بیمار۔ مدہوش۔
دساتیر۔ جمع دستور۔ قاعدے۔ طریقے۔
دسامبر۔ دسمبر کا مہینہ
دستا۔ ہاتھ۔ قوت۔ دسترس۔ مہارت۔
دستار۔ پگڑی

دستارخوان۔ کھانا کھانے کا دسترخوان۔
دست از ہم یادادن } منفرق ہونا۔ بکھرنا
دست افروز۔ کاریگر کا ہتھیار
دست مُحَل۔ راہزن۔ ظالم
دستان۔ جمع دست۔ حیلہ۔ حکایت نغمہ۔
دستاق خانہ۔ جیل خانہ
دستاق نظر کردن۔ حراست میں رکھنا۔
دستانہ۔ ہاتھ میں پہننے کا کپڑا
دستاویز۔ سند۔ سرٹیفکیٹ
دست بُرد۔ مال غنیمت۔ غلبہ قدرت۔
دست بر نہادن۔ مطیع ہونا۔ سلام کرنا۔
دست برنجن۔ کنگن۔ ہاتھ کا ایک زیور۔
دست بستہ۔ مفلس۔ کنجوس۔ بخیل ہاتھ جوڑ کر۔

دست بُقچہ۔ کپڑوں کی گٹھڑی۔
سوٹ کیس۔
دست بند۔ ہتھکڑی
دست پاچہ شدن۔ پریشان ہونا
دست پالوں کردن اندھیرے
میں ٹٹولنا۔
دست پنچو۔ ملوث۔ آلودہ
دست جلو۔ باگ۔ لگام
دست صلیب کردن } کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا۔
دست فروش۔ پھیری والا
دست پناہ۔ چمٹا
دستخط۔ اپنے نام کا نشان کرنا
دسترس۔ مقدرت۔ رسائی
دستک۔ لائسنس۔ تالی۔ ہاتھ پر۔
ہاتھ مارنا۔
دستک شدن۔ کھٹکھٹانا
دستکار۔ کاریگر۔ ہاتھ کا چالاک۔
دستکاری۔ کاریگری
دست کندن۔ افسوس کرنا

دستگاہ۔ قدرت طاقت سامان
دستمال۔ رومال۔ قیدی
دست مرد۔ مددگار۔ رفیق
دست مزد۔ انعام جو ملازموں کو
دیا جاوے۔ اُجرت۔
بدلا۔
دستنبویہ } سونگھنے کا گلدستہ۔
دستنبو } خوشبو۔
دستور۔ وزیر۔ منشی۔ قاعدہ طریقہ
دستینہ } ہاتھ کا زیور۔
دستوانہ }
دستہ۔ ہتھیار کا دستہ رسالے کے کچھ سوار۔
دستہ کوک۔ گھڑی جسکو چابی نہ دی
جائے۔
دستیار۔ مددگار۔ نائب۔ شاگرد۔
دَسم۔ چربی
دُسُومت۔ چکنائی
دُشپل۔ پھوڑا۔ دُنبل
دُشت } بد۔ بڑا۔ زشت۔
دُشق }
دَشت۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔

دَشت کردن - بوہنی کرنا
دُشخوار - کڑا - مشکل - سخت
دشمن - دُشت اور من کا مرکّب
حریف - عدو
دشمن کام - وہ شخص جو حسب
خواہش دشمناں ذلیل
ہو جاوے
دُشنام - بدنام - گالی گلوچ
دَشنہ - خنجر - کٹار
دشوار - کڑا - کٹھن - مشکل
دشوہ - بہادری سے جنگ کرنا
دَع - چھوڑ دے
دُع - رد کرنا - دُور کرنا
دُعا - طلب کرنا - چاہنا - مانگنا
دُعاب - ٹھٹھول - ظریف - مسخرا
دعات - جمع داعی
دُعابت - مسخراپن - ظرافت
دُعارۃ - بربادی - حرام کاری
دعاوی - جمع دعوٰی
دعائم - جمع دعائمہ - کھمبے
استون ✦

دعیب - ہانکنا - خوش طبعی
کرنا ✦
دعہ - با آرام بسر کرنا ✦
دعث - ابتدائی بیماری ✦
دعج - آنکھ کی سفیدی کا اچھی
طرح سفید اور سیاہی کا
اچھی طرح سیاہ ہونا ✦
دعوات - جمع دعوت - دُعا ✦
دعوت - کھانا کھانے - جنگ
اور مذہب کی طرف بلانا ✦
دعوّت - متبنی کرنا ✦
دعی - متبنّیٰ - حرامزادہ - ولدالزنا
دغا - دھوکہ - فریب
دغاباز - مکار ✦
دَغدَغہ - تشویش - خطرہ - فکر -
پکڑ دھکڑ
دَغدِغہ - گدگدی - گدگدانا
دغل - فساد - فریب - منافقت
دَف - ڈپھرا - بڑا ڈھول
دفالی - دَف بجانے والا کلاونت
ڈوم ✦

دفاتر - جمع دفتر
دفائن - جمع دفینہ - زمین میں گڑا ہوا خزانہ -
دفترۃ کتاب - رجسٹر - کچہری
دفتر یومیہ - روزنامچہ -
دفتی - کتاب کا پُشتہ -
دفتین - کتاب کی دفتی - جولاہ کی کپڑا بُننے کی کنگھی -
دفع - دُور کرنا - رد کرنا -
دفعات - جمع دفعہ -
دفعتاً - اچانک - یکبارگی
دفق - مٹی ڈالنا - پانی کا اُچھلنا
دفن - زمین میں گاڑنا
دفینہ - زمین میں گڑا ہوا مال وخزانہ -
دَق - ایک قسم کا لباس معترض ہونا - گداگری
دَق - کوٹ کر آٹا بنانا
دِق - ایک طویل اور مہلک مرض - باریک ہونا -
دقاق - جمع دقیق - باریکیاں - کسر -
دقّاق - کوٹنے والا - پیسنے والا - ایک ولی اللہ کا نام
دقاقِ - تھوڑا - اندک - باریک
دقائق - جمع دقیقہ - باریکیاں - کسر *
دقّت - تکلیف - باریکی -
دقل - پھل دار درخت -
دِقُ الجصیر - مکان نیا تیار کروا کرا میں دھوت دینا - مُشقّت -
دقّ دلق - بیابان بے آب وگیاہ
دقیانوس - ایک ظالم خود پرست بادشاہ کا نام جس کے خوف سے اصحاب مفرور ہو کر ایک غار میں پناہ گزین ہوئے - جاز اُجڑا ناٹا - بڑا بوڑھا
دقیق - باریک - مشکل
دقیقہ - باریکی - نکتہ - گھنٹہ کا ساٹھوال حصّہ - منٹ
دکاکین - جمع دکان

دکان براہ انداختن - دکان کھولنا -
دکانش تختہ است - اُس کی دکان بند ہے -
دکانچہ - چھوٹی سی دکان -
دکتور - ڈاکٹر -
دُکہ - دکان کا مخفف -
دکہ - ریزہ ریزہ کرنا - کوٹنا -
دُکدُک - چٹان - سخت زمین -
دُکمہ - ریشم کا بٹن - بجلی کا بٹن -
دکیک - پُورا سال -
دُگدگ - دانت کڑ کڑانے کی آواز -
دگر - پھر - دوسرا -
دگرگوں - اور ہی طرح -
دگزہ - چھوٹا سا جال -
دگل - جہاز کا مستول -
دگنگ - لٹھ -
دُگلہ - ایک قسم کی قبا -
دوگانہ - دو رکعت کی نماز -

دل برداشتن - رنجیدہ ہونا -
دل در دادن - ہمت ہار جانا -
دلارام - دل کو آرام دینے والا - مجازاً معشوق -
دلار - ڈالر -
دلاسا - تشفی - تسلی -
دلاغ - تربوز -
دلاغ - بنیان اور پاجامہ ساتھ جُڑا ہوا -
دلاکر - غسل کرانے والا - نائی -
دَلّال - سودا کرانے والا - راہبر -
دلال - آنکھ کا اشارہ - غمزہ -
دلال - فخر و ناز -
دلالت - دلیل ہونا - ثبوت راہ نمائی -
دَلّالہ - کُٹنی - رشوت لے کر عورتوں سے نکاح کرانے

والی - راہبر عورت -
دَلالی - دَلّال کی اُجرت -
دلاور - بہادر -
دلاوری - بہادری
دلاویز - پسندیدہ - مطبوع - مرغوب
دلائل - جمع دلیل -
دلباول - بڑا خیمہ - آدمیوں
یا دیگر حیوانوں کی کثیر
جماعت -
دلباز - دلیر - نڈر - منچلا -
دلبازی - خطرہ کے موقع
پر بے سوچ جلدی
کرنا +
دِلبر - محبوب - معشوق -
دِلبری - معشوق پن - تسلّی
دلبستگی - محبت ہونا - دل کا
علاقہ لگاؤ -
دلبستہ - دل دیا ہُوا - معشوق
محبوب
دلبند - دل کا ٹکڑا - مجازاً
فرزند - بیٹا -

دلپذیر - پسندیدہ
دلتنگ - کنجوس - بخیل -
غمزدہ - رنجور -
دلج - رات کے پہلے حصہ میں
سفر کرنا -
دل خستہ - دل شکستہ - رنجیدہ
دل خور - رنجیدہ -
دلدار - معشوق - حبیب -
دلدادن - ڈھارس و تسلّی
دینا - شیدا ہونا -
دلدادہ - عاشق - شیدائی -
دُلدُل - حضرت علی کرم اللہ
وجہہٗ کی سواری کی
طاقتور اور چالاک مادہ
خچر -
دِل دِل کردن - پس و پیش
کرنا -
دِلرُبا - دلستان - معشوق -
دَلس - بہت تاریکی - سخت
اندھیرا -
دِلستاں - دلبر - معشوق -

دل شورہ شدن - دل خراب ہونا -
دَلف - خرام - خوش خرامی - آہستہ چلنا -
دلفگار - عاشق - رنجیدہ - غمگین - زخمی دل -
دلفین - ایک قسم کی مچھلی - ڈالفن -
دَلق - گدڑی - نامناسب -
دَلق - جنگلی بلی جس کی کھال کا پوستین بنتا ہے -
دَلک - بدن کا ہاتھ سے ملنا دلنا - رگڑنا - مالش -
دل گرفتن - عاشق ہونا - رنجیدہ ہونا -
دل گرم - پُر محبت -
دلل - نخرہ و ناز -
دلاج - ترجمان -
دلمہ - گوشت کا قیمہ -
دلہ - ناچیز - حقیر -
دلہ - ایک قسم کا نیولا -

دلو - آسمان کا گیارھواں بُرج -
دلوک - آفتاب کا غروب ہونا -
دلہاث - خشمگیں شیر -
دلی - پاگل -
دلیجہ - ایک قسم کا باز -
دلیل - ثبوت - سبب - برہان راہنما -
دلیلی - ایک قسم کی سیپ -
دَم - فریب - سانس - وقت - تہر - تلوار کی تیزی -
دَم - خون - لہو - گھونٹ -
دُم - جانور کی پونچھ -
دم - دھونکنی -
دِمار - جمع دم بمعنی خون -
دماثت - نرم خوئی - ہمواری -
دمادم - دمبدم - پے درپے -
دمار - جس کی انسان کو اپنی زندگی میں حاجت ہو -
دم - سانس - دھواں -
دماغ - ذہن - فہم - مغز کا گودا -

غرور۔
دماغ سوختن - زیادہ محنت کرنا -
دماغش چاک است تندمزاج ہے -
دماغہ - راس -
دم الاخوین - ایک درخت کا گوند
دم الغزال - ایک گھاس کی قسم -
دَماں - پھنکارنے والا سخت غصہ میں خشمناک -
دمامہ - نقارہ - جنگی طبل -
دمامیل - جمع دنبل پھنسیاں پھوڑے -
دماوند - ایران میں ایک پہاڑ ہے -
دمباز - مکار - فریبی -
دمبدم - لحظہ بہ لحظہ - ہردم -
دمشت - ریتلی جگہ -
دمدمہ - قلعہ کی چار دیواری - نقارہ - فریب

مور چال -
دمر - نگوں - اوندھا -
دم زدن - کلام کرنا - اعتراض کرنا -
دم سیحہ - ممولا -
دم گاہ - انگیٹھی -
دمع - آنسو -
دُمل - پھوڑا - پھنسی -
دملیج - بازوبند -
دمن - گھوڑا - گوبر وغلاظت کا ڈھیر -
دمنہ - ایک مکار گیدڑ کا نام - مجازاً حیلہ گر -
دموع - جمع دمع کی - آنسو -
دموی - خون کا -
دمیدن - پھونکنا - پھوٹنا - طلوع ہونا -
دمیک - برف
دمیم - بدصورت مرد -
دمیمہ - بدشکل عورت -
دمہ - دھونکنی - پھونکنی - سانس

کی بیماری۔
دَقّ ۔ مٹکا ۔
دنائت ۔ کمینگی ۔
دنانیر ۔ جمع دینار ۔ سونے کا ایک سکّہ ۔
دُنب ۔ چوپاؤں کی دُم ۔
دُنبالہ ۔ پیچھا ۔
دنبک ۔ طبلہ ۔
دنبل ۔ پھوڑا پھنسی ۔
دنبہ نہادن ۔ فریب دینا ۔ مکر کرنا ۔
دندان ۔ جمع دانت ۔
دندان فرو بُردن ۔ غُصّہ کرنا ۔
دنداں کردن ۔ منہ پھیرنا ۔
دنداں نمودن ۔ ہنسنا ۔
دندانہ ۔ دانت کی طرح ۔
دِنس ۔ میل کچیل ۔ میلا ہونا ۔
دَنف ۔ مستقل بیمار
دنگی ۔ چقماق دار بندوق
دنو ۔ نزدیکی ۔ قرابت ۔

دُنی ۔ کمینہ ۔ نالائق ۔
دنیا ۔ جہان ۔ قریب ہونے والی عورت ۔
دنیوی ۔ دنیا کی چیز ۔
دنیتہ ۔ کمینہ ۔ ہیچ ۔
دواب ۔ چوپائے ۔ پرندے ۔
دَوادَو ۔ دوڑا دوڑ ۔
دوار ۔ بہت پھرنے والا ۔ دور کرنے والا ۔
دوازدہ ۔ بارہ ۔ ۱۲ ۔
دوازدہم بارھواں ۔ $\frac{1}{12}$ ۔
دواعی ۔ جمع داعی ۔ خواہشات بلانے والے ۔
دوال ۔ چمڑے کا تسمہ ۔ کندھا ۔
دوالک ۔ ایک قسم کی کائی ۔
دوام ۔ ہمیشگی ۔
دواں ۔ دوڑتا ہوا ۔
دوانیدن ۔ دوڑانا ۔
دواوین ۔ جمع دیوان ۔ کتابیں
دوائر ۔ جمع دائرہ ۔ محیط گولے ۔
دوپشکل ۔ کوتاہ قد ۔

دوپیازہ - وہ گوشت جس میں تلا ہوا پیاز ڈال کر پکاتے ہیں -
دوپرویزنی - مَیدہ - دوبار چھنا ہوا آٹا -
دُوتا - کُبڑا - جھکا ہُوا - دوگنا -
دوتار - ستار کی طرح کا ایک باجہ -
دوتاہ - دوگنا - دوچند -
دوجا کردن - چیرنا -
دوچرخہ - بائیسکل -
دوجہ - بڑا درخت
دوخت - ٹانکا - سینا -
دوختن - سینا -
دود - دھواں - سانس - غم -
دُودت - کیڑا مکوڑا -
دودالحریر - کرم پیلہ - ریشم کا کیڑا -
دودکش - دھواں نکلنے کی چمنی -
دودمان - قبیلہ - خاندان -
دودلہ - متلوّن مزاج - مذہب تبدیل کرتے رہنے والا - منافق -
دُودَہ - خانوادہ - کاجل -
دَور - گولائی - گردش زمانہ -
دوران - گردش زمانہ - دورہ
دوراندیش - عاقبت اندیش - انجام بیں شخص -
دورباش - بادشاہ کی سواری آنے کی اطلاع کیلئے ایک مخصوص نیزہ جس کو دیکھ کر لوگ ہٹ جاتے ہیں -
دُوربین - انجام بیں شخص - ایک آلہ جس سے دور کی چیز نزدیک دکھائی دیتی ہے -
دورگہ - دوغلہ -
دورنگ - منافق -
دوروئی - نفاق -
دورہ - گردش - پھراؤ - چھوٹا مرتبان -

دوزخ - جہنم - گناہگاروں کو عذاب دئے جانے کی جگہ -
دُوس - چمکانا - تباہ کرنا -
دوساغ خانہ - جیل -
دوست کام - وہ شخص جس کی مراد دوستوں کی حسبِ خواہش پوری ہو -
دوش - کندھا - گذری ہوئی رات -
دُوشا - وہ چوپایہ جس کا دودھ دوہیا جاوے -
دوشاب - انگور - جس پر رات گذر گئی ہو -
دوشاخہ - دوشاخوں والی لکڑی جو سزا کے طور پر مجرموں کے سروں پر رکھتے ہیں -
دوشک فنری - گدا جس میں سپرنگ ہوں -
دوشنبہ - پیر کا دِن - سوموار -

دوشندا - دودھ دوہنے والا -
دوشیدن - دودھ دوہنا -
دوشیزگی - کنوارپن -
دوشیزہ - کنواری عورت
ذو صاد - دونوں آنکھوں کا کنایہ -
ذو طلب - والنیٹر
دوغ - کودنا - دوڑانا -
دوغ - چھاچھ - لَسّی - مکھن نکلا ہوا دودھ -
دوف - دوائی کو پانی میں تر کرنا -
دُوک - ڈیوک - چرخہ کا تکلہ -
دوکدان - چرخہ -
دوکون - دوجہان - دنیا و آخرت -
دوگان - دوگنا -
دوگانہ - ایک قسم کی نماز - دو رکعت نماز -
دول - جمع دولت - سلطنتیں -

دول - اُچکا -
دولاب } رہٹ - چرخ -
دولابہ }
دولت - مال - نقدی سلطنت غنیمت - گردش زمانہ
دولتمند - مالدار - حاکم -

دومار - دو سانپوں والا - مراد ضحاک بادشاہ سے -
دُوُم - دوسرا -
دومغز - بادام یا اسی طرح کا پھل -
دومور - اُدھیڑ عمر - نصف سفید بالوں والا
دُون - کمینہ - ناچیز - سوائے -
دوناں خسیس لوگ - کمینے -
دونیم - دو ٹکڑے -
دویدن - دوڑنا -
دویست - دوسو - ۲۰۰ -
دہ باشی - دس سپاہیوں کا افسر

دہات - جمع دہ - گاؤں
دہاقین - جمع دہقان - دہاتی لوگ -
دہان - منہ -
دہانہ - دریا وغیرہ کے گرنے کی جگہ -
دہانیدن - دلانا - دلوانا -
دہ خدا - نمبردار - گاؤں کا مالک
دہ دل } شجاع - بہادر - منافق مذہب بدلاتے رہنے والا -
دہ دلہ }
دہکدہ - گاؤں -
دہ دہی - زرِ خالص - کھرا سونا -
دہر - زمانہ -
دہر واہر - سخت زمانہ -
دَہری - بوڑھا - وہ شخص جو خدا کا اور قیامت کا قائل نہ ہو -
دہریہ - جو مادہ کو خدا سمجھے -
دہش - بخشش - دنیا -
دہشت - خوف - حیرانی -

دہقان - گنوار - دہاتی -
دہکدہ - گاؤں - دہات کا مکان
دُہل - ڈھول -
دہبا - بڑا آدمی -
دہل دریدہ - خاموش رسوا -
دہم - دسواں حصہ $\frac{1}{10}$ -
دہمت - اندھیرا - تاریکی -
دہیج - کھلا - فراخ - کشادہ
دہ مردہ - بکواسی - گپّی - جھوٹا -
دہن - منہہ - دہان -
دُہن - روغن - تیل -
دہن بین - ابن الوقت -
دہن لق - راز فاش کرنے والا -
دہنا - میدان -
دہنہ - مونہہ - دہانہ -
دہور - جمع دہر - زمانے -
دہنی - زمیندار - کاشتکار -
دِ ی - گذشتہ شب
دے - ایران کا ایک شمسی
مہینہ مطابق ماگھ -
دیابطوس - ذیابیطس

دیار - جمع دار - ملک - شہر -
دیّار - صاحب خانہ - ملک کا
رہنے والا -
دیان - بدلا دینے والا - اجر دینے
والا - خدا کا نام -
دیبا - ایک قسم کا باریک
ریشمی کپڑا -
دیباج - دیبا -
دیباجہ } - رخسارہ - شروع
دیباچہ } کتاب کا - خدا کی
تعریف - کسی بڑی ہستی
کا ذکر -
دیبوب - عیب بیان کرنے
والا - نکتہ چیں - چغلخور -
دیپلوماتست - سندیافتہ -
دِیت - خونبہائے - روپیہ جو
خون کے عوض دیا جائے -
دیت - سخت عداوت -
دیجور - سخت تاریکی -
دیدار - زیارت - دیکھنا -
دیدان جمع دُود کی کیڑے -

دیدبان ۔ ناظر حال ۔ پہرہ دار نشانہ کو تلکنے کا سوراخ ۔ جاسوس ۔
دیدن ۔ دیکھنا ۔
دیدہ بر دوختن ۔ چشم پوشی کرنا ۔ اغماض ۔ تکبر کرنا ۔
دیر ۔ بُت خانہ ۔ مندر ۔
دیرک ۔ جہاز کا مستول
دیرک تور ۔ ڈائرکٹر ۔
دیروز ۔ گذرا ہوا دن ۔
دیرباز ۔ مدت مدید ۔ زمانہ دراز
دیرینہ ۔ پرانا ۔ کہن سال ۔
دیز ۔ رنگ ۔ لون ۔
دیس ۔ طرح ۔ مانند ۔ مثل ۔
دیشب ۔ گذشتہ شب ۔
دیگ } خروس ۔ مُرغ ۔
دیکہ }
دیگدان ۔ چُولہا ۔
دیگدان سرد ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔
دیگر ۔ دوسرا ۔ نیز ۔ اور

دیل ۔ گیدڑ ۔
دَیلم ۔ مصیبت ۔ سختی ایک ملک کا نام ۔
دیلچی ۔ گھنگریالے بالوں والے لوگوں کی قوم کا نام ۔
دِیم } روشنی ۔ چہرہ ۔ ایک
دیمہ } قسم کا چمڑا ۔
دیمک ۔ ایک مشہور مٹی کا کیڑا ۔
دِین ۔ مذہب ۔ جزا ۔ حساب ۔
دَین ۔ مستعار ۔ ادھار ۔ قرض ۔
دِینار ۔ ایک سکہ جو اڑھائی روپے کے قریب مالیت رکھتا ہے ۔
دینار سُرخ ۔ اشرفی ۔ سونے کا سکہ
دینا موٹ ۔ ڈئنامیٹ ۔
دیو ۔ شیطان ۔ بھوت ۔ جن دھوکہ ۔
دیوارہ ۔ کٹہرا ۔
دیوان ۔ عدالت گھر ۔ کچہری ۔ غزلوں کی کتاب ۔

دیوان بلدیہ - میونسپل کمیٹی
دیوان تمیز - نظرثانی کا محکمہ
دیوان ہمایوں - کونسل آف سٹیٹ -
دیوان نیابت - عدل و انصاف کرنا -
دیوانگی - حماقت - پاگل پن -
دیوانہ - سودائی - کم عقل - جس کے دماغ میں فتور ہو -
دیوانی - کچہری - جس میں قرضہ وغیرہ کی نالش ہو -
دیو باد - جھکڑ - آندھی - بگولہ
دیوث - بے حیا - بے غیرت جو اپنی بیوی سے کسب کراوے -
دیوچہ - دیمک - جونک -
دیودار - ایک عمارتی لکڑی کا بہت بڑا درخت -
دیوزاد - طاقتور مضبوط اور تیز رفتار گھوڑا -
دیوسار - شیطانی خصلت والا
دیو کی مانند -
دیولاخ - جنوں اور دیوؤں کے رہنے کا مقام -
دیومردم - قدآور اور جسیم آدمی بن مانس - مفسد
دیومرید - شہوبر - سرکش - شیطان -
دیون - جمع دین - مذاہب - فرائض
دیوہ - ریشم کا کیڑا
دیہہ - گاؤں -
دیہیم - تاج شہنشاہی -

# باب الذال

ذا - مالک - صاحب - اسم اشارہ قریب - مثلاً یہ مرد -
ذاب - عیب - اسم اشارہ قریب -
ذابح - ذبح کرنے والا -
ذات - نفس - حقیقت - مالک - صاحب -
ذات بخت - اصلی ذات یعنی خدائے وحدہٗ لاشریک -

ذات البین - دلال - ثالث درمیانی -
ذات الجنب - درد و سوجن پہلو - ایک بیماری -
ذات الریہ - ایک بیماری - پھیپھڑے کی بیماری -
ذات الشمال - دست چپ کی طرف - مراد کافر د گناہگار لوگ -
ذات الصدر - اولیاء اللہ - سینہ کا درد - ایک بیماری
ذات الیمین - دست راست کی طرف - مراد مومن لوگ -
ذالک - اسم اشارہ بعید یعنی وہ -
ذاکر - ذکر کرنے والا - عابد -
ذاہب - جانے والا -
ذاہل - بھولنے والا - نسیاں کار -

ذائب - پگھلنے والا -
ذائع - روشن - واضح ظاہر آشکار
ذائق - چکھنے والا -

ذائقہ - چکھنے کی قوت
ذُب - جنگلی بیل - باز رکھنا -
ذباب - مگس -
ذباب السیف - تلوار کی باڑھ -
ذباب العین - آنکھ کی پتلی -
ذباذب - آلہ تناسل
ذبال - ذبالتہ کی جمع - بتیاں -
ذبالتہ - چراغ کی بتی - فتیلہ -
ذبح - جانور کا بطریق شرع گلا کاٹنا - حلال کرنا - ذبح اکبر - عید الضحیٰ کے موقع پر قربانی ادا کرنا - حضرت اسماعیل کے فدیہ کا بہشت سے آیا ہوا مینڈھا -
ذبر - لکھنا - تحریر کرنا -
ذبل - پژمردہ ہونا - سوکھ جانا
ذبول - پژمردگی - سوکھنا -
ذبیح } وہ جانور جو ذبح کیا
ذبیحہ } جاوے -

ذخائر - جمع ذخیرہ - گودام -
ذُخر - جمع کرنا - ذخیرہ -
ذُخرہ - جمع کی ہوئی اشیا -
ذخیرہ - وہ اشیا جو کسی وقت
کام آنے کیلئے رکھ چھوڑیں
ذرّات - جمع ذرّہ - کنکریاں - ریزے
ذراری - جمع ذریّت - نسل -
اولاد -
ذراع - ہاتھ کو ہنیوں سے
انگلیوں تک -
ذرائع - جمع ذریعہ - وسیلہ
اسباب -
ذرع - طاقت - ہاتھ کے پیمانہ
سے ناپنا -
ذُروہ - چوٹی - کنگرہ - سب
سے اونچی چیز -
ذرّہ - ریزہ - ناچیز - چھوٹی
چیونٹی -
ذریّت - آل و اولاد - نسل
ذریعہ - واسطہ - وسیلہ -
ذفیر - مشک - نافہ - خوشبو -

ذِقن - زنخ - ٹھوڑی -
ذُکاء - سورج - خورشید - آفتاب -
ذِکر - زبان سے یاد کرنا -
ذَکر - مرد کا عضوِ تناسل - فولاد
لوہا -
ذُکور - جمع ذکر - بہت سے آدمی -
ذَکی - تیز فہم - ذہین -
ذُل - ذلّت و خواری -
ذلالت - ذلیل ہونا -
ذِلّت - خواری - رسوائی - بے
عزتی - گناہ -
ذَلَق - تیز زبانی - بے آرامی -
ذلیق - تیز زبان - تیز نیزہ
ذلیل - بے عزّت - گناہگار -
ذمّ - برائی کرنا -
ذَمّ - کمزور و لاغر - دُبلا -
ذمائم - جمع ذمّ - برائیاں
شرارتیں -
ذِمّہ - عہد - پناہ - ضمانت -
ذِمّی - وہ اہل کتاب غیر مسلم لوگ
جو اسلامی سلطنتوں میں

پناہ گزین ہو - یا مسلم بادشاہ کی رعایا ہوں -

**ذمیم** }
**ذمیمہ** } خراب - بُرا -

**ذنب** - گناہ - برائیاں -

**ذنوب** - جمع ذنب - گناہ

**ذُو** - صاحب - مالک - خاوند -

**ذوابہ** - دُم

**ذوات** - جمع ذات - اصل نفس

**ذوبان** - گلنا

**ذوجسدین** - عطارد - جس کا بُرج جوزا یعنی دو پیکر ہے -

**ذُوذُوابہ** }
**ذُوذنابہ** } دمدار ستارہ - ایک جھاڑو کی شکل کا ستارہ جس کے ظہور کو لوگ جانوروں کیلئے نحوست سمجھتے ہیں

**ذوالجلال** - صاحب عزت و دبدبہ - اللہ تعالیٰ -

**ذوالحجہ** - اسلامی سال کا بارھواں مہینہ -

**ذوالفقار** - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تلوار خاراشگاف -

**ذوالقربیٰ** - رشتہ دار لوگ - قریبی -

**ذوالقرنین** - دو قرن کا مالک - تمام جہان کا بادشاہ - بادشاہ سکندر اعظم کا لقب -

**ذوالقعدہ** - اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ -

**ذالنون مصری** - ایک ولی اللہ صاحب کرامت کا لقب ہے - جن کے کہنے سے مچھلیاں پانی سے موتی لیکر آئیں -

**ذوق** - شوق - ذائقہ - چکھنے کی قوت -

**ذُوناب** - درندہ جانور - شیر چیتا باز وغیرہ

**ذہاب** - جانا - گذرنا -

**ذہب** - سونا - زرِ خالص -

**ذہن** - فہم - ذکاء - زیرکی -

ذہول - فراموشی - بھول جانا -
ذہین - تیز فہم -
ذی الحجہ - ہجری سال کا بارھواں مہینہ -
ذیاب - جمع ذئب - بھیڑیا -
ذئب - بھیڑیا - گرگ -
ذی بال - صاحب عزو شان -
ذیل - دامن - مجازاً نیچے - ماتحت -
ذیول - جمع ذیل -

# بابُ الرّاء

را - واسطے - کو -
رابح - فائدہ بخش - سُودمند -
رابد - خزانچی -
رابض - قلعدار - ٹھیرنے والا -
رابط - مربوط کرنے والا - ملانے والا - زاہد - پرہیزگار -
رابطہ - تعلق - رشتہ - لگاؤ -
رابع - چوتھا حصہ - ¼ -

رابعہ - ایک مُسلم پارسا بی بی کا نام جو باپ کی چوتھی بیٹی تھی - مؤنث چوتھی چیز -
رابغ - اپنے اختیاری کاموں کا اصرار کرنے والا -
رابیہ - بلند زمین -
رابورت - رپورٹ -
رابورت رسمی - سرکاری رپورٹ باضابطہ -
راتب } راتبہ } معمولی روزانہ خوراک وغیرہ -
راتع - چرندہ - چرنے والا -
راتق - باندھنے والا -
راجح - افزوں - غالب -
راجز - رجز کہنے والا - رجز قصیدہ کے سے اشعار -
راجس - بہت گرجنے والا اور برسنے والا -
راجع - واپس آنے والا - رجوع کرنے والا -

راجف - سخت مضطرب - حرکت کرنے والا -
راجل - چلنے والا - پیدل چلنے والا -
راجی - امیدوار -
راح - خوش ہونا - شراب -
راح روح - دل کا آرام - گانے کی ایک طرز - سخن باربدی -
راح ریحانی - پھولوں سے حاصل کی ہوئی شراب -
راحل - رحلت کرنے والا - کوچ کرنے والا -
راحلہ - باربرداری کا جانور - سواری کا جانور -
راحم - رحم کرنے والا - مہربانی کرنے والا -
راد - شجاع - سخی - بہادر -
راد - رد کرنے والا - دور کرنے والا - ہٹانے والا -
رادع - روکنے والا -
رادف - ایک کے پیچھے دوسرا آنے والا -
رادفہ - اسرافیل کا قیامت کے دن صُور پھونکنا -
رادق - شراب -
رادی - دلیری - جوانمردی - سخاوت
راز - سِتر - بھید -
رازداں - واقف اسرار - بھید کا جاننے والا -
رازق - روزی رساں - خوراک دینے والا -
رازی - شہر رَے سے تعلق رکھنے والی چیز -
رازیانہ - سونف -
راس - خشکی کا قطعہ جو پانی میں چلا گیا ہو - سِر - بلندی -
راس الجدی - وہ خط جس پر سورج کے پہنچنے سے موسم سرما شروع ہوتا ہے -
راس السرطان - وُہ خط جس پر سورج کے پہنچنے سے جاڑا

ختم ہو کر موسم گرما شروع ہوتا ہے۔
راس المال۔ تجارت کا سرمایہ پونجی۔
راست۔ دہنا ہاتھ۔ درست۔ موسیقی کا ایک مقام۔
راست باز۔ صادق۔ سچا۔
راسخ۔ مضبوط۔ پکا۔
راسُو۔ نیولا۔
راس وذنب۔ دو ستارے۔
راشد۔ وفادار۔ ہدایت پایا ہُوا
راشی۔ رشوت خوار۔
راصد۔ نجومی۔ علم نجوم جاننے والا۔
راضع۔ دودھ پیتا بچہ۔ شیر خوار۔
راعی۔ حاکم۔ محافظ۔ پہرہ دار۔
راغ۔ جنگل۔ دامن کوہ۔
راغب۔ مائل۔ رغبت کرنے والا۔
راغم۔ نفور۔ کراہت کرنے والا
راغت۔ مہربانی
رافد۔ مدد و بخشش کرنیوالا۔
رافضہ۔ سردار سے باغی گروہ
رافضی۔ شیعہ لوگ۔ تین خلفا کرام کے مخالف لوگ۔
رافع۔ رفعت دینے والا۔ بلند کرنے والا۔ عادل
رافعہ۔ زندگی آرام سے گذارنے والا۔
راقب۔ امیدوار۔ منتظر۔
راقم۔ کاتب۔ تحریر کرنیوالا۔
راقی۔ جادوگر۔ ساحر۔
راکب۔ سوار۔
راکد۔ بند پانی۔
راکع۔ رکوع کرنے والا۔
رالہ۔ فرمانبردار۔
رام۔ فرمانبردار۔ طاعت گذار
رامح۔ نیزہ دار
رامش۔ سرود۔ راگ۔ گیت نغمہ۔ آرام۔

راشکر } گویا - مطرب -
رامشی }
رامی - تیر یا پتھر پھینکنے والا -
ران - پیڑو - جانگھ -
راندن - ہانکنا - چلانا -
راوق - شراب مصفیٰ -
راوی - روایت کرنیوالا - قصہ گو
راہ - راستہ - رسم و رواج -
راہ افتادن - راستہ چلنا -
راہب - گوشہ نشین - آتش پرستوں کا پادری -
راہ کسے گرفتن - راہ روکنا -
راہ بر - راہنما - ہادی -
راہ بریدن - سفر کرنا -
راہ دادن - حاضر ہونے کی اجازت دینا - منظور کرنا -
راہ دار - دھاریدار کپڑا - راہ کا چوکیدار -
راہداری - راستہ کی چوکیداری -
راہ رخست - راہ راست -
راہن - رہن یا گرو رکھنے والا -
راہنما - رہبر - پیشوا - راہ دکھلانے والا -
راہوار - تیز قدم گھوڑا -
راہی - راستہ چلنے والا - پُھلکا یعنی پتلی سی روٹی -
رائے - صلاح - مشورہ - تجویز -
راہب - حیران -
رایات - جمع رایت - جھنڈے اعلام -
رایت - جھنڈا - علم -
رائج - رواج پایا ہوا -
رائج الوقت - زمانے کا فیشن -
رائحہ - خوشبو -
رائس - رئیس - امیر - حاکم
رائض - چابک سوار -
رائع - نہایت خوبصورت جسکی خوبصورتی کو دیکھکر لوگ حیران رہ جائیں -
رائغ - ٹیڑھا - کج -
رائق - جاری صاف پانی - لطیف -

رائگاں - مفت - ضائع - بے فائدہ -
رای العین - آنکھ سے دیکھنا -
رَب - مالک - پروردگار - خدا -
رُب - انار، انگور اور ایسے پھلوں کا رس -
رُبا - لے جانے والا - گم کرنے والا -
ربا - بڑھنا - سُود -
رباب - ایک مشہور باجہ
رباخ - حضرت رسول صلعم کے ایک غلام کا نام -
رباط - مسافرخانہ - کاروانسرائے
رباع - چار - ۴ -
رباعی - چار مصرعوں والا بند جس کے تیسرے مصرعہ کے سوا باقی ہم قافیہ ہوں -
ربان - جہاز کا کپتان -
ربانی - رب کی طرف منسوب خدا کا -

ربائیدن - اچک لینا -
ربح - نفع - تجارت کا فائدہ -
ربداء - بلائے عظیم -
ربط - رابطہ - تعلق - لگاؤ -
ربط الرقبہ - نکٹائی -
ربع - چوتھا حصہ $\frac{1}{4}$
ربع - چوتھے کا بخار - وہ بخار جو دو دن چھوڑ کر ہر تیسرے دن ہوا کرے -
رُبع مسکوں - زمین کا آباد حصہ جو کل زمین کا چوتھا حصہ ہے -
ربع - اچھی زندگی -
ربقہ - رَسّی -
ربک - ملانا -
ربّنا - اے ہمارے رب -
ربوبیت - خدائی -
ربودن - اچک لینا -
ربوض - ٹھہرنا - سکونت پذیر ہونا -
ربوہ - ٹیلہ - اونچی زمین -

ربیب - وہ لڑکا جو پہلے شوہر سے ہو - اور عورت پیٹ میں لیکر آئے -
رُبَیبہ - وہ لڑکی جو پہلے شوہر سے ہو - اور عورت اس کو اپنے ساتھ لاوے -
رُبَیبہ - زیرک - عقلمند -
ربیع - موسم بہار -
ربیع الآخر - اسلامی قمری سال کا چوتھا مہینہ -
ربیع الاوّل - اسلامی قمری سال کا تیسرا مہینہ -
رَتق - باندھنا -
رتق فتق - باندھنا - کھولنا - بند وبست - انتظام -
رجا - امید -
رجب - اسلامی سال کا ساتواں مہینہ
رُجحان
رجز - ایک بحر - وُہ اشعار جو عربی لوگ اپنے آپکو اور دو سروں کو جوش دلانے کیلئے جنگ میں پڑھا کرتے تھے

رجس - آلودگی - ناپاکی - گناہ
رجع - پھرنا - واپسی لوٹنا -
رجعت - واپسی - بازگشت - طلاق شدہ عورت کا مدت عدّت میں اپنے شوہر کی طرف رغبت -
رجعت قہقری - اُلٹے پاؤں چلنا -
رجف - بھونچال - زلزلہ -
رَجل - آدمی - پیادہ -
رجلتہ - عورت -
رجم - سنگسار کرنا -
رجمتہ - مقبرہ - قبر - گور -
رَجو - کنواں کا کنارہ
رُجوع - پھرنا - کسی طرف راغب ہونا -
رجولیّت - مردمی -
رُجوم - وُہ ستارے جو کبھی کبھی آسمان پر دوڑتے نظر آتے ہیں -
رجون - سکونت اختیار کرنا - ایک جگہ قیام کرنا -

رجیج - آواز بازگشت -
رجیل - چھوٹے قد کا آدمی -
رجیم - سنگسار کیا ہوا - لعنت یافتہ -
رحیٰ } چکّی - آسیا -
رحا }
رحاب - کشادہ و فراخ چیز -
رحال - جمع رحل - شتر کا پالان - قرآن مجید رکھنے کے تختے -
رَحب - فراخ - کشادہ -
رَحل - مکان و منزل - کوچ کرنا - اسباب -
رَحلت - کوچ کرنا -
رِحم - بچہ دان -
رَحم - مہربانی -
رُحما - جمع رحیم - مہربان لوگ - رحم کرنے والے -
رحمان - بخشنے والا - اللہ تعالیٰ
رحمت - بخشش - مہربانی -
رحیق - شراب ناب -
رحیل - کوچ -
رحیم - مہربانی کرنے والا -
رُخ - صفحہ - چہرہ -
رُخ - ایک بہت بڑا قد آور پرندہ جو ہاتھی تک کو اُٹھا لیجاتا ہے -
رُخام - سنگ مرمر -
رخت - اسباب - کپڑے -
رخت تمیز - صاف ستھرا بچھونا -
رخت برکندن - کپڑے اُتارنا
رخت شو - دھوبی -
رخت نظامی - فوجی وردی -
رخش - رستم کے گھوڑے کا نام - سرخی مائل سفید گھوڑا
رخشاں - چمکنے والا -
رخشیدن - چمکنا -
رخم - گاڑھا دودھ - ایک پہاڑ کا نام - گدھ -
رخنہ - سوراخ - فساد -
رخیم - نرم آواز - ضعیف آدمی
رد - پھیر دینا

روا - چادر -
روائت - زبون و فاسد ہونا -
رد کردن - واپس کرنا - قے کرنا -
ردن - آستین -
رده - قطار - صف -
رده اروسی - جوتی کا پتا -
ردی - خراب - ناکارہ - بگڑا ہوا -
ردیف - وہ لفظ جو مکرر مصرعوں کے اخیر میں آوے - اور وہ شخص جو گھوڑے پر کسی کے پیچھے سوار ہو -
رذالت - کمینہ پن - نالائقی
رذالہ } - کمینہ - نالائق -
رذیل }
رذائل - رذالت - کمینگیاں
رذیلہ - کمینہ عورت -
رز - رنگنا - انگور -
رزبندی - انگوروں کی ٹٹی -
رزاق - بڑا روزی دینے والا - خدائے پاک

رزانت - مضبوطی - بھاری پن - آہستگی -
رزایہ - جمع رزیہ - مصائب -
رزم - لڑائی - جنگ -
رزم گاہ - میدان جنگ -
رزمہ - کپڑوں کی بڑی سی گٹھری -
رزیدن - رنگنا -
رزیق - استوار - گرانمایہ - آہستہ
رژان - ایجنٹ -
رس - رسیدن کا امر - پہنچ -
رسا - پہنچنے والا - تیز -
رسالت - نبوت - پیام بری -
رسالہ - سواروں کا دستہ -
رسالہ - چھوٹی کتاب - ماہواری اخبار -
رسام - مصور - نقاش -
رسائی - پہنچ -
رستاخیز } حشر - قیامت
رستخیز }
رستاق - گاؤں -

رَستگار - خلاصی پانیوالا -
رُستم - ایک مشہور ایرانی پہلوان کا نام جو کیکاؤس اور کیخسرو کا پہلوان تھا -
رَستن - رہائی پانا - خلاص ہونا -
رُستن - پھوٹنا - اُگنا -
رُستنی - زمین سے اُگنے والی چیزیں - نباتات -
رَستہ - آزاد - راہ - بازار
رستہ - اُستوار و مضبوط - اُگی ہوئی چیز -
رُستی - نعمت - آرام و آسائش
رَسد - غلہ کا ڈھیر - حصہ - سزادار
رُسغ - پہنچا - کلائی -
رُسغہ - ہاتھ کی کلائی اور پیر کے گھٹنے کا جوڑ -
رُسُل - جمع رسُول - قاصد - پیغمبر -
رسم - قاعدہ و دستور - مشاہرہ
رسم الخط - اِملا - لکھنے کا قاعدہ -

رسمانہ - سرکاری طور پر -
رسمی - قاعدہ کی بات -
رسمی - وردی -
رسمیات - جمع رسمی - رسُوم -
رَسَن - رسی -
رسن باز - بازیگر -
رُسوا - ذلیل و خوار -
رسُوب - تیل وغیرہ کے برتن میں نیچے جمی ہوئی میل کچیل - تلچھٹ - دُرد -
رسُوخ - میل جول - مضبوطی -
رسُول - قاصد - پیغمبر - صاحب کتاب نبی -
رسُوم - جمع رسم -
رسیدگی - پہنچنا - جوان ہونا -
رسیدن - پہنچنا -
رسیدہ - پہنچا ہوا - پکا -
رسیس - دانا شخص - قائم و مضبوط -
رسیغ - وسیع و فراخ چیز -
رسیل - قاصد - رفیق -

رسلہ ۔خط ۔نامہ ۔
رش ۔آنسو یا پانی کی بوندیں ٹپکنا ۔
رشا ۔ ہرن کا بچہ ۔
رشاد ۔ خدا کی طرف منہ کرنا ۔ راہ راست پر چلنا ۔
رشادت ۔ سیدھی راہ پر چلنا ۔ ہدائت پانا ۔
رشاس } آنسو ۔خون یا پانی
رشاسہ } وغیرہ کے قطرے ٹپکنا
رشاقت ۔ درست قامت ہونا
رشانت ۔ دعوت وغیرہ میں بغیر بلانے کے شامل ہونا ۔
رشتن ۔ کاتنا ۔
رشتہ ۔ دھاگا ۔ سوزن ۔
رشح } سیال چیز کا ٹپکنا ۔
رشحہ }
رَشد ۔ راہ ہدائت پر چلنا ۔
رَشف ۔ چومنا ۔
رَشق ۔ تیر اندازی کرنا ۔
رشک ۔ کسی کو اچھا یا باثروت دیکھ کر اُس جیسا بننے کی کوشش کرنا ۔
رشک ۔ چھوٹے کیڑوں کا انڈا
رشمہ ۔ اُونٹ کے بالوں کی رسّی ۔
رشوت ۔ کسی معاملہ یا مقدمہ میں کسی سے کچھ ناجائز لینا یا دینا ۔
رشید ۔ ہدائت پایا ہوُا ۔ نیک
رشیق } خوش قامت ۔ خوبصورت
رشیقہ }
رصاص ۔ رانگ ۔ قلعی ۔
رصاصہ ۔ بندوق کی گولی ۔
رصاع ۔ جماع کرنا ۔
رصانت ۔ مضبوطی ۔ اُستوار ہونا ۔
رَصد ۔ نجومیوں کا اونچا چبوترہ جو ستاروں کے دیکھنے کے لئے بناتے ہیں ۔
رصدگاہ ۔ ستاروں کو دیکھنے کا اونچا چبوترہ
رضا ۔ راضی ہونا ۔ مالک کی مرضی پر خوشنودی ظاہر کرنا ۔

رضاب - خالص شہد - لعاب دہن
رضاعت - لڑکوں کے دودھ پینے کا زمانہ -
رضوان - باغ بہشت کے داروغہ کا نام - خوشنودی -
رضوی } حضرت امام موسےٰ رضا
رضویہ } سے تعلق رکھنے والا
رضی - پسندیدہ - جس سے دوسرا خوش ہو -
رضیع - ہمشیر - ایک ہی دایہ کے دودھ پئے ہوئے بچے -
رضیہ - راضی کی گئی -
رَطب - اپنی خاصیت سے تَر چیز
رُطب - تازہ خرما -
رطب اللسان - خوش کلام شکر گذار -
رطل - ایک پیمانہ - شراب کا پیالہ -
رعا - گلہ - سبز گھاس - چرواہا -
رَعا - چرانا - چرنا -
رُعات - جمع راعی - چرواہے -
رعائت - محافظت - طرفداری
رعد - بادل کے حاکم فرشتہ کا نام - بجلی کی کڑک -
رعشہ - تھرتھراہٹ - کپکپی - کانپنے کی ایک مرض -
رعنا - خوبصورت - زیبا - ایک پھول کا نام -
رعنائی - زیبائش -
رعونت - سرکشی - غرور - سجاوٹ -
رعیب - ڈرنے والا -
رغام - ریتلی مٹی -
رغائب - پسندیدہ چیزیں -
رغبت - خواہش - توجہ -
رغم - ذلیل ہونا - خاک آلودہ ہونا -
رغیب - رغبت کرنے والا -
رغیف - ٹکیا - روٹی -
رفادہ - فصد کے بعد زخم پر باندھنے کی پٹی -
رفاق - جمع رفیق - ساتھی -
رفاقت - ہمراہ ہونا -

رفاہ - آرام - آسائش - سہولت
رفاہت - بہبودی -
رفتن - چلنا - جانا -
رَفرَف - پَر پھڑپھڑانا - سبز کپڑا شب معراج حضرت رسول کریم کی سواری کی چیز -
رَفض - ترک کرنا -
رَفع - بلند کرنا - پیش کی حرکت موقوف کرنا -
رفعت - بلندی - بزرگی -
رِفق - مہربانی - خوشی
رُفقا - جمع رفیق -
رفقہ - سفر جماعت -
رفو - پرانے کپڑوں کو درست کرنا -
رفیع - بلند مرتبہ - بزرگ - شریف
رفیعٔ - چمکنا - آسمان -
رِق - غلامی - بندگی
رِقاب - جمع رقبہ - گردن
رِقابت - رقیب ہونا - محافظت
رقاص - ناچنے والا -
رقاع - جمع رقعہ - پیوند - خطوں کی ایک قسم
رقائم - جمع رقیمہ - خطوط
رُقبا - جمع رقیب - محافظ -
رَقبہ - گاؤں - طول اور عرض کی ضرب کا مجموعہ -
رَقبہ - گردن - غلام -
رِقت - پتلاپن - نرمی مجازاً رونا
رقد - سونا -
رقز - اچھلنا - کودنا -
رقش - نقش دار کرنا - لکھنا -
رقص - ناچ -
رقصیدن - ناچنا -
رقطا - سیاہ و سفید رنگ کی کی چیز چتکبری - ایک صنعت کا نام -
رقوم - جمع رقم -
رقی - جادو - سحر کرنا -
رقیب - ایک معشوق کے دو عاشق ایک دوسرے کے رقیب ہوتے ہیں محافظ نگہبان - دربان -

**رقیبان راز** - انبیا و اولیاء کرام سے کنایہ ہے -
**رقیّت** - بندگی و غلامی کرنا
**رقیق** - باریک - پتلا -
**رقیمہ** - تحریر - خط -
**رقیہ** - طلسم - جادو - سحر -
**رکاب** - گھوڑے کی زین پر باندھنے کا لوہے کا حلقہ - سواری -
**رکابدار** - مختلف قسم کے کھانے اور حلوے بنانے والا -
**رکابی** - چھوٹی تھالی -
**رکاکت** - باریکی - کاہلی - بے عزتی
**رُکبہ** - گھٹنا - زانو -
**رکفن** - گھوڑے کو ایڑ لگانا -
**رکن** - ممبر - ستون - ہر چیز کا جزو اعظم
**رکوب** - سوار ہونا -
**رکیب** - رکاب
**رکیدن** - سخت غصہ میں بڑبڑانا -
**رکیک** - بے عزت - سست - کمزور
**رکین** - بھاری بھرکم مضبوط جسم -

**رگ بند** - پٹی -
**رگ زن** - جرّاح - فصد کھولنے والا -
**رَم** - بھاگنا - چوکڑی - چھلانگ مخفف رمہ بمعنی گلہ -
**رماح** - جمع رُمح نیزے -
**رماد** - راکھ -
**رمال** - جمع رمل - ریگ - بالو -
**رُمان** - انار -
**رمانیدن** - بھگانا -
**رمائیت** - تیر اندازی کرنا -
**رمائم** - جمع رمیمہ - پرانا بوسیدہ -
**رُمح** - نیزہ -
**رَمَد** - آشوب چشم -
**رمز** - کنایہ - پوشیدگی اشارتاً بات کہنا -
**رَمس** - قبر -
**رمض** - جلانا - گرم زمین پر پاؤں کا جلنا -
**رمضان** - اسلامی سال کا نواں مہینہ مسلمانوں کے روزہ رکھنے کا مہینہ -

رمح - تیز چلنا -
رمق تھوڑی بقیہ جان -
رمل - ریگ - آئندہ حال بتانے والا علم - ایک بحر کا نام -
رمنہ - چراگاہ - سبزہ زار
رموز - جمع رمز - کنایہ -
رمہ - ریوڑ - بھیڑ بکریوں کا گلہ -
رمی - تہمت لگانا - تیر مارنا -
رمیز - ہوشیار
رمیدن - وحشت سے بھاگنا -
رمیم - کہنہ - پرانا - بوسیدہ
رنجانیدن - رنجیدہ کرنا - ستانا دُکھ دینا -
رنجش - آزردگی - رنجیدگی -
رنجور - رنجیدہ - بیمار -
رنجیدن - آزردہ ہونا - آزردہ کرنا -
رِند - شریعت کی قید سے آزاد منکر احکام دین -
رَندش - چھلن -

رندہ - بڑھیوں کے لکڑی صاف کرنے کا ایک اوزار -
رنگ شکری - ہلکا زرد رنگ
رنگریز - کپڑے رنگنے والا -
رنگریز - مصوّر - نقاش -
رنگ زدن - لوٹنا -
رنگین - رنگا ہوا -
رنم - گیت -
رنود - جمع رند -
روا - جائز - مطابق شرع -
روابط - اسباب - علاقے - باندھنے والی چیزیں -
رُوات - جمع راوی - نقل کنندہ
رواحل - جمع راحلہ - سواریاں
روازن - جمع روزن - روشن دان - دریچے - کھڑکیاں -
روافض - جمع رافض -
رواق - چھت - چھجہ -
رواقیاں - قوت روحانی کے ذریعے لوگوں کے دلوں کے حالات معلوم کرلینے والے لوگ

**رواں** - جاری - روح وجاں
**روائح** - جمع رائحہ - خوشبوئیں۔
**روبان** - خاکروب -
**روباہ** - لومڑی -
**روباہ بازی** - فریب کرنا - مکاری
**روبکار** - حاکم کے سامنے - وہ کاغذ
جس میں فیصلہ لکھا جائے -
**روبہ** - لومڑی -
**روبیدن** - جھاڑو دینا -
**روپاک** - رومال - تولیا -
**روپوش** - ہلکی چادر جو گرمی کے
موسم میں رات کو اوڑھتے ہیں
**روئٹر** - ریوٹر یا رائیٹر -
**روح** - جان - قرآن - حضرت جبریلؑ
اور حضرت عیسےٰؑ کا نام ہے -
**رَوح** - ٹھنڈی ہوا - خوشبو - فرحت
**روح الامین** - حضرت جبرائیل
فرشتہ کا نام -
**روح اللہ** - حضرت عیسےٰؑ -
**روحانی** - روح سے علاقہ رکھنے
والی شے -

**روح حیوانی** - جاندار کی زندگی
قائم رکھنے والا روح
**روح نباتانی** - نباتات کی روح
**رود** - دریا - ایک باجہ کا نام
کمان کا رودہ -
**روداد** - کہانی - حال - کیفیت -
**رودار** - خوبصورت -
**رودادن** - متوجہ ہونا - واقع
ہونا -
**رودبار** - ایک شہر کا نام ہے -
وہ مقام جہاں پر بہت
سے ندی نالے اور دریا بہتے ہوں
**رودخانہ** - دریا - وہ زمین جس
پر سیلاب کا پانی جاری ہو -
**رودکی** - غزل فارسی کے موجد ایک
ایرانی شاعر کا تخلص -
**رودہ** - آنت - انتڑی -
**روزکور** - چمگادڑ -
**روزگار** - } زمانہ - مدت -
**روزگاراں** }
**روزمرہ** - ہمیشہ - ہر روز بلا ناغہ

روزن - روشندان - کھڑکی -
روزنامہ } وہ کتاب جس میں
روزنامچہ } روزمرہ کے حالات
تحریر کیے جاتے ہیں -
روزہ - بموجب احکام شرع تمام
دن بھوکا اور پیاسا رہنا
روزینہ - ہر روز کا خرچ جو روز
روز ملتا ہو -
رؤس - جمع راس - سر -
رؤسا - جمع رئیس - سردار لوگ
بہت بڑے امیر
رُوستا - گاؤں - دیہہ -
روستائی - دیہاتی - دہقان
احمق - کم عقل -
رُوسپی - بدکار اور فاحشہ
عورت -
رُوسرکہ کردن - چیں بجبیں
ہونا -
رُوسفید شدن - الزام سے
بری ہونا -
رُوسیاہ - گناہگار

روش - طریقہ - ڈھنگ - راستہ
روش شدن - بھیس بدلنا -
رُوشناس - جان پہچان - واقف
مشہور و معروف خوبصورت
شخص -
رُوشنان - ستارے -
روشو خانہ - ریل کا باتھ روم -
رَوضہ - سبزہ - باغ -
رُوع - خوف - ڈر - خطرہ
رُوع - عقل - دل -
روغن زرد - گھی -
روغن تازمالیدن - خوشامد کرنا
روغن کرچک - کسٹرائیل -
رؤف - بڑا مہربان -
رُوکش - شرمندہ کرنے والا -
کعبہ کا غلاف -
رومان - ناول -
روی (بواو معروف) منہ -
چہرا - سبب -
روی (بواو مجہول) کانسی پیتل -

رَوِی - اصلی قافیہ کا نام بیرآب
رویا - خواب -
رویت - آنکھ سے دیکھنا -
رویّہ - دستور - طریقہ -
روئیدن - اُگنا - نباتات کا پھوٹنا
روئیں - دھات کا -
روئیں تن - گستاسپ شاہ ایران کے بیٹے اسفندیار کا لقب -
روئیں خم - نقارہ -
رہا - آزاد -
رہائیدن - آزاد کرانا چھڑانا
رہائی - خلاصی - چھٹکارا -
رہبان - جمع راہب - ترسا اور نصاریٰ کا زاہد پارسا
رہبانیّت - نصاریٰ و ترسا قوم کا زُہد یعنی نفس کو باز رکھنا - اور جَورو نہ کرنا -
رہبر - راہنما -
رہزن - ڈاکو - چور -

راہ گذر - شاہراہ - سڑک -
رَہن - گِرو رکھنا - گرو -
رَاہنما - راستہ دکھانے والا - ہادی -
راہوار - تیز رفتار گھوڑا -
رَہی - غلام - بندہ -
رہیدن - رہا ہونا - چھوٹنا -
رہین - وہ چیز جو گرو رکھی جائے -
رئیس احتساب - پولیس انسپکٹر -
رَے - ایک شہر کا نام -
رِیا - دو روئی - منافقت - ظاہرداری -
ریاح - جمع ریح - ہوائیں -
ریاحین - جمع ریحان - خوشبودار گھاس -
ریاض - جمع روضہ - باغات -
ریاضت - نفس کُشی - محنت و مشقت برداشت کرنا -
ریاضی - وُہ علم ہے جس میں اعداد اور مقداروں پر

بحث ہو۔علم ہندسہ۔ حساب۔ نجوم۔ موسیقی۔ جبرو مقابلہ۔جر ثقیل اسی کی قسمیں ہیں۔
**ریاکار** - دوروئی بات کرنے والا۔ منافق۔جس کا ظاہر کچھ ہو۔ اور باطن میں کچھ اَور ہو۔
**ریال** - ڈالر۔
**ریان** - ترو تازہ۔ سرسبز۔
**رَیب** - شک۔
**ریب المنون** - حوادث زمانہ
**ریپانیدن** - ویران کرنا۔
**ریچاپل** - ریچالہ۔ آچار۔
**ریح** } ہوا۔ جسم کے اندرونی حصّے کی ہوا۔
**ریحان** - ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔
**ریختن** - ڈالنا۔ گرانا
**ریدن** - پاخانہ کرنا۔
**ریزش** - گرانا۔ ڈالنا۔
**ریزادہ** - ایک قسم کا پودا۔
**ریز ریز کردن** - ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
**ریستن** - پاخانہ کرنا۔ نوحہ کرنا۔ بل دینا۔ کنویں میں اُترنا۔
**ریس** - سُوت کی انٹی۔
**ریسمان** - رسی۔ سُوت۔
**ریسمان باز** - بازیگر۔
**ریسمان دراز کردن** - مہلت دینا۔ آزادی دینا۔
**ریسیدن** - کاتنا۔
**رِیش** - داڑھی۔
**رِیش** (بیائے مجہول) زخم۔ زخمی۔
**ریش بابا** - سیاہ انگور جس سے شراب نکلتی ہے۔
**ریشخند** - مضحکہ ہنسی مسخراپن۔
**ریشہ** - سُوت کا تار۔ درخت کی باریک جڑیں۔
**ریشۂ قلم** - نب۔
**ریعان** - آغاز۔ نوجوانی۔
**ریغ** - بھاگن۔ گردوغبار۔

ریق - تھوک - ناشنا -
ریکا - پولیس ایجنٹ -
ریگ شو - نیاریہ -
ریم - دھات کی میل کچیل -
پیپ -
ریمگیں - میلا کچیلا -
ریمن - مکار - میلا - چرک آلود -
ریمیا - ایک علم ہے - جس کا
جاننے والا جہاں چاہے
فوراً پہنچ سکتا ہے -
ریوند - ایک درخت کی لکڑی
جو دست آور ہوتی ہے -
ریو - دھوکا - مکر و فریب -
رزیہ - پھیپھڑا -

## باب زائے معجمہ

زاب - بہت پانی پینا -
زابل - ملک زابلستان میں
ایک شہر کا نام ہے -
زابلستان - ملک سیستان -
زابن - دبو - سرکش -
زاج - پھٹکری -
زاجر - منع کرنے والا - بُرے
کام سے جھڑکنے والا -
زاخر - لہر مارنے والا -
زاد - توشہ - خرچ - پیدا کیا -
زاد بوم - اصلی وطن - پیدائش
کا مقام -
زادِ راہ - راستہ کا خرچ -
زادن - جننا - پیدا کرنا -
زار - نالاں ضعیف و غمگیں -
کلمہ انبوہ - جیسے لالہ زار
زار نالی - بے قراری سے رونا -
زاری - رونا - عاجزی کرنا -
زاریدن - رونا -
زاغ - گوشۂ کمان - کوا -
زاغنول - مستی - کدال -
زاک - پھٹکری -
زاکون - قانون -
زال - بوڑھا سفید بالوں والا -
رستم پہلتن کے باپ کا نام -

زانو - جونک -
زانو انداختن - جونک لگانا -
زانو - گھٹنا -
زانو بند - گیٹس -
زانی - زناکار شخص - حرامکار -
زانیہ - حرامکار عورت -
زاوی - گوشہ - زیرہ -
زاویہ - گوشہ - کنج - کونہ -
زاویہ قائمہ - نوے درجے کا زاویہ - قائمہ ۹۰° قائمہ
زاویہ منفرجہ - جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو -
زاویہ حادہ - جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو - منفرجہ حادہ -
زاہد - فنا فی اللہ - تارک الدنیا عابد -
زاہر - روشن - کھلا ہوا پھول -
زاہل - دور ہونے والا - جانیوالا -
زائچہ - رمل کی اشکال جو رمال کھینچتے ہیں -

زائر - زیارت کرنیوالا - جاتری -
زائل - دُور ہونے والا - جانے والا -
زائیدگی - پیدا ہونا -
زائیدن - بچہ جننا -
زبان آور - فصیح الکلام - شاعر خوش گو -
زبان دراز - بکواسی -
زبان ریزی - زبان درازی -
زبان مثل - پیٹ کا ہلکا -
زبان زدہ - مشہور و معروف -
زبان کندمی - نرم کلامی -
زبانہ - شعلہ - آگ کی لو -
زبانۂ قلم - نب یا نوک قلم -
زبانۂ میز - دراز -
زبد - جھاگ - کف -
زُبدہ - خلاصہ - نچوڑ - منتخب -
زَبر - لکھنا - مضبوط -
زَبر - طاقتور - اوپر والا -
زَبرہ - زبر - کتاب -
زبرج - زیب و زینت - رعنائی -

زبرجد - ایک قسم کا جواہر۔
زبور - آسمانی کتاب جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی۔
زبون - عاجز - بُرا - خراب۔
زبیب - کشمش - منقی۔
زبیدہ - ملکۂ ہارون رشید کا نام۔
زجاج - کانچ - شیشہ۔
زجاجہ - مصر میں ایک گاؤں کا نام - کانچ - شیشہ۔
زجر - جھڑکی - منع کرنا۔
زجیر - زجر کرنے والا - منع کرنے والا۔
زچّہ - وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔
زحاف - شعر میں ایک حرف کا گرنا۔
زحل - ایک ستارہ کا نام جسکو آسمان کا سپاہی کہتے ہیں۔
زخّار - شور کرنے والا - موجزن دریا۔
زخرف - آرائش ظاہری۔
زخرفہ - مکاری - ظاہری زیب وزینت۔
زخمہ - نقارہ - مضرب - ڈنکا
زخم دامن - گہرا گھاؤ۔
زد - مار - چوٹ۔
زدا - صاف کرنے والا۔
زدب - کسی چیز کا حصہ۔
زدوکوب - مار پیٹ۔
زدن - مارنا - رکھنا۔
زدودن - صیقل کرنا۔
زر - سونا - روپیہ - پیسہ - اشرفیاں - مال ودولت
زراغت - قشلاق - فصل خریف۔
زرّافہ - شتر گاؤ۔
زرّاق - منافق - مکّار
زراندودن - ملمع کرنا - سونا چڑھانا۔
زرباف - سنہری - زربفت بننے والا
زرتشت / زردشت - ترسا مذہب کا بانی - آتش پرستوں کے پیغمبر کا نام۔

زُرت - جوار -
زرِ جعفری
زرِ خشک } خالص سونا -
زرِ خلاص
زُرد - جوار -
زرد آب - صفرا -
زرد آلو - خوبانی -
زرد چوب - ہلدی -
زردک - گاجر -
زردوزی - سلمہ ستارے کا کام -
زرِ سارا - اصل سونا - خالص سونا -
زرِ سُرخ - سونا - اشرفی -
زرِ سفید - چاندی - روپیہ -
زرع - کھیتی -
زرغب - ایک قسم کا چمڑا -
زرفین - زنجیر - دروازہ کی زنجیر -
زرق - فریب - نفاق - پرند کا بیٹ کرنا -
زُرق - کبود چشم ہونا - نیلگی مائل چشم والا ہونا -

زَرقا - کبود چشم عورت - عرب کی ایک تیز نظر عورت کا نام -
زرِ قلب - کھوٹا سونا -
زرگر - سُنار -
زرِ گل - گلاب کا زیرہ -
زرِ مغربی - خالص سونا -
زرنب - ایک دوا کا نام -
زرنکہ - عقلمند - دانا -
زرنگار - وُہ چیز جس پر سونے کے نقش کئے ہوں -
زرنیخ - ہڑتال - ایک دوائی کا نام -
زرود - مکہ معظمہ میں ایک مقام -
زرورد - گلاب کا زیرہ -
زِرہ - لوہے کا کوٹ - جلیتہ -
زرہ گوش - منافق -
زشت - بدشکل - بُرا -
زُعاف - ناگہانی موت - فوراً ہلاک کر دینے والا زہر -
زعب - برتن کو کسی چیز سے پُر کرنا -

زُعبنہ - حصہ - مال کا کچھ حصّہ
زعفران - کیسر -
زعل - خوشی کا اظہار کرنا -
خوش ہونا -
زُعم - خیال - ظن - گمان - دروغگوئی
زعم - لالچ کرنا -
زِعن - رغبت کرنا -
زِغال - کوئلہ -
زغن - چیل -
زغند - چھلانگ - ہرن کی
چوکڑی - جست -
زغیر - کتان - السی -
زُفاف - دولہا دولہن کا باہم
پہلی دفعہ وصال کرنا -
زفان - زبان -
زفت - مضبوط - تلخ مزہ - فربہ
زفیر - گدھے کی آواز -
زق - مشک - مشکیزہ
زقوم - تھوہر کا درخت -
زک - تکلیف - نقصان - الزام
دینا - ہرا دینا -

زکام فرنگی - انفلوئنزا -
زکریا - ایک پیغمبر علیہ السلام
کا نام
زکورہ - کنجوس -
زکوٰۃ - شکرانہ کے طور پر اپنے
مال کا قریباً چالیسواں
حصہ منعم حقیقی یعنی خدا
کی راہ میں سال میں ایک
بار ادا کرنا -
زُکی - پاک و صاف -
زگیدن - جوش غضب میں
خود بخود بڑبڑانا -
زلات - غلطیاں - جرم -
لغزشیں -
زلازل - زلزلہ - بھونچال -
زلال - صاف اور شیریں پانی -
زلت - پھسلنا - لغزش - غلطی
زلزال - لرزہ - ہلانا -
زلزلہ - بھونچال -
زلف - بالوں کی لٹ جو خوبصورتی کے
طور پر چہرہ پر لٹکتے ہیں زنجیر -

زَلَق - پھسلنا - چلق لگانا -
زَلَل - ترازو کا ٹیڑھاپن -
نقصان - لغزشیں -
زَلُو
زَلُوک } جونک -
زَلیبیا - ایک مشہور مٹھائی
جلیبی -
زِمام - لگام - باگ -
زَمان - اگر یہ لفظ زمین کے
ساتھ آئے - اس کے معنی
آسمان ہوتا ہے - ورنہ
وقت - زمانہ - مہلت یا عرصہ
زَمانے - نو پیدا - زمانے کا -
زَمانیاں - زمانے کے لوگ -
زَمخت - بے مزہ - تلخ - کسیلا -
زَمر - بانسری بجانا -
زُمر - گروہ -
زُمُرّد - ایک سبز رنگ کا قیمتی
جواہر -
زُمُرّدیں - زمرد کے رنگ کا
یعنی سبز رنگ -

زُمرہ - جماعت - لڑی -
زَمزم - بیت اللہ کے قریب
ایک متبرک کنواں ہے -
زَمزمہ - گیت - راگ -
زِمستان - سرما - جاڑے
کا موسم -
زَمم - مضبوط - استوار - ارادہ قصد
زَمَن - عہد - زمانہ - وقت -
زَمِن - اپاہج شخص - ایک بیماری
جس سے عضو بیکار ہو
جاتا ہے -
زَمہریر - ہوا کا ایک سخت سرد
کرہ جہاں پر پانی جم جاتا
ہے - دوزخ کا ایک سرد
ترین طبقہ جہاں کفار کو
سزا دی جاوے گی -
زمین بار - غیر مزروعہ زمین -
زمین زیر باب - وہ زمین
جس کا انحصار آبپاشی
پر ہو -
زمین خوردن - گر پڑنا -

زمین دیمی - جس زمین کا انحصار بارش پر ہو -
زمین ارباجی - لگانی زمین -
زنا - حرامکاری -
زنادقہ - جمع زندیق - لامذہب بے دین - مُلحد - مجوسی -
زنّار - جنیو - ہندوؤں اور مجوسیوں کے گلے پہننے کا تاگہ -
زنانیر - جمع زنار - جنیو - چھوٹی مکھیاں - سنگریزے -
زنبق - ایک خوشبودار پھول - چنبہ کا پھول -
زنبورک } چھوٹی توپ -
زنبورہ }
زنبُور - بھڑ - گرم لوہا پکڑنے کی سنّی -
زنبورِ نحل - شہد کی مکھی -
زنبوری - جالی کی قسم کا کپڑا
زنبیل - فقیروں کا برتن -
زنجار - زرنگار -
زنجبیل - سُونٹھ -

زنخ ٹھوڑی - ٹھڈی -
زنخدان - ٹھوڑی
زن خواستن - منگنی کرنا -
زند - آتش پرستوں کی مشہور آسمانی کتاب -
زنداں - جیل - قید خانہ -
زندانیاں - قیدی -
زندباف } فاختہ - بلبل -
زندخواں }
زندہ پیل - بہت بڑا پیل - احمد جاجی ایک بزرگ کا لقب ہے -
زندہ دار - بہت جاگنے والا -
زندہ رود - اصفہان میں ایک نہر کا نام ہے -
زندیق - مجوسی - ملحد - بے دین - منکر خدا -
زن زاہو - زچہ -
زنگ - ملک حبشستان - گھنٹی - ناقوس -
زنگ ساعت - کلاک -

زنگلہ } گھونگرو۔ جھانجھ۔ درا
زنگولہ } موسیقی کے ایک مقام کا نام۔
زنگی۔ ملک زنگ کا باشندہ۔ حبشی۔
زنہار۔ پناہ۔ ہرگز۔ شکایت۔
زنہار خوار۔ عہد شکن۔
زنیق۔ استوار۔ مضبوط۔ محکم۔
زواجر۔ جھڑکنے روکنے والی چیزیں۔ موانع۔
زوّار۔ بہت زیارت کرنے والا۔
زوار۔ جمع زائر۔ زیارت کرنے والا۔
زوافر۔ پانی بھرنے والی نوکرانیاں۔ لونڈیاں۔
زواہر۔ جمع زاہر۔ کھلا ہوا پھول۔ روشن۔ بلند۔
زوایا۔ جمع زاویہ۔ گوشے۔
زوائد۔ جمع زائد۔ ضرورت کی زیادہ اشیا۔
زوج۔ جوڑا۔ میاں بیوی۔ جفت۔
زوجہ۔ منکوحہ عورت۔ بیوی۔ جورو۔
زود۔ جلد۔
زودی۔ جلدی سے۔ شتابی۔
زور (بواؤ مجہول) طاقت۔ قوت۔
زُور (بواؤ معروف) دھوکہ۔ فریب۔
زورق۔ چھوٹی کشتی۔
زورکی۔ جبراً۔
زُورہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔
زَوزن۔ خراسان کے ایک شہر کا نام۔
زوزہ۔ ماتم۔ گریہ زاری۔ نوحہ خوانی۔
زوغال۔ کوئلہ۔ زغال۔
زِہ۔ آفریں۔ چہ خوش۔ کمان کا چلّہ۔ حوض۔ وہ تکلیف اور درد جو بچہ پیدا ہوتے وقت عورت کو ہوتی ہے۔
زہاب۔ چشمہ سے پانی ٹپکنا۔
زُہاد۔ جمع زاہد۔ پرہیزگار لوگ۔
زہادت۔ پرہیزگاری۔ تقویٰ۔

زِہار۔عضو تناسل۔عورت کی شرمگاہ۔
زِہانہ۔صدائے تحسین و آفریں۔
زُہد۔پرہیزگاری۔عبادت کرنا۔
زِہدان۔رحم۔بچہ دان۔
زَہر۔کلیاں۔
زہرا۔حضرت فاطمہ جنت خاتون بنت رسول اکرم صلعم کا لقب۔
زہرخند۔شرمندگی یا غصہ کی حالت میں مجبوراً ہنسنا۔
زہرداُرو۔تریاق۔
زہرگیاہ۔ایک زہریلی گھاس۔
زُہرہ۔بہادری غیرت۔دلیری ہتہ
زُہرہ۔ایک ستارہ کا نام۔ایک رقاصہ کا نام جس پر ہاروت ماروت فرشتے عاشق ہوئے تھے۔
زہ زدن۔باز رہنا۔
زہق } برباد ہونا۔نیست
زہوق } و نابود ہونا۔
زہے۔چہ خوش۔کیا خوب۔

زُہید۔تھوڑی سی چیز۔
زُہیدن۔باہر آنا۔جوش کھانا۔
زُہیر۔روشن۔تاباں۔
زِی۔مخفف زیست۔طرف۔حد۔اندازہ۔نزدیک۔
زِی۔زندگی۔حیات۔
زِیّ۔پوشاک۔لباس۔
زیاد۔زیادہ ہونا۔ایک ظالم شخص کا نام جس نے حضرت امام حسینؓ سے جنگ کی۔
زیادت۔زیادتی۔کثرت۔نہایت
زیادہ سری۔سرکش۔غرور۔
زیارت۔کسی متبرک چیز کو دیکھنا۔
زِیاف۔شیر۔
زِیان۔حرج۔مضائقہ۔نقصان۔
زیبا } زینت دینے والا۔
زیبان } آراستہ۔لائق۔
زِیبق۔پارہ۔
زَیت۔روغن زیتون۔
زِیج۔ایک کتاب جس میں حرکات افلاک و کواکب درج ہیں۔

**زیر** - نیچے - کمزور -
**زِیر** - باریک آواز - موسیقی کے ایک پردے کا نام -
**زیراب** - پرنالہ -
**زیراکہ** - اس واسطے - اس لئے -
**زیر بار** - بوجھ کے نیچے دبا ہوا - مقروض
**زیر بند** - تسمہ - تسمہ جس سے گھوڑے کی زین کستے ہیں -
**زیر جامہ** - آزار - پاجامہ -
**زیر دست** - کمزور - مغلوب -
**زیرکی** - عقلمندی -
**زیر و زبر** - اُلٹ پُلٹ نیچے اُوپر
**زِیرہ** - ایک درخت کا پھل جو بطور مصالحہ استعمال ہوتا ہے -
**زلیست** - زندگی -
**زلیستن** - جینا - زندہ رہنا -
**زَیغ** - مرتد ہونا - حق سے باطل کی طرف پھر جانا -
**زیمانسٹک** - جمناسٹک -
**زِینت** - گھوڑے کی زین - آراستگی خوبی -
**زینت** - آراستگی -
**زینہار** - زنہار - ہرگز - ترک کرنا - پناہ -
**زینہ** - سیڑھی -

# باب زائے فارسی

**ژاژ** - ایک سفید رنگ کی خاردار گھاس -
**ژاژخا** - بکواسی -
**ژالہ** - اولہ - تگرگ - اوس -
**ژَخ** - نالہ و فریاد - آہ و زاری - مَسّہ -
**ژرف** - عمیق - گہرا -
**ژرفا** - گہرائی -
**ژغژغ** - سوتے وقت میں دانت کرکڑانے کی آواز -
**ژُفک** - آنکھوں کی چیپ -
**ژفیدن** - ڈرنا -
**ژند** - چیتھڑا - پرانا کپڑا - آتش پرستوں کی آسمانی کتاب -

ژندگی - کمتگی -
ژندہ - مست -
ژوپین - دوشاخہ پھل والی
برچھی -
ژورژ - جارپچ -
ژولائی - جولائی -
ژون - جُون -
ژیمناسٹک - جمناسٹک -
ژولیدن - الجھنا - پریشان
ہونا -
ژیان - تندخُو - خشمناک

# باب سین مہملہ

سا - مانند - طرح - موافق -
سابح - تیرنے والا آدمی - گھوڑا
دوڑانے والا -
سابحات - ستارے فرشتے کشتیاں
سابع - ساتواں حصہ - $\frac{1}{7}$ -
سابغ - وسیع - کامل - پورا -
سابغہ - زرہ -
سابق - گذشتہ - سبقت لے جانے
والا - بڑھانے والا -
سابقا - اول - پہلے -
سابقہ - پہلا - گذشتہ -
سابقین - اگلے زمانے کے لوگ
ساتر - پردہ - پردہ کرنیوالا -
ساتگین - جام شراب -
ساج - سال درخت کی سیاہ
رنگ کی لکڑی - ایک
پرندہ کا نام - کوا -
ساجد - سجدہ کرنے والے -
ساجع - قافیہ دار گفتگو کرنے
والا - نغمہ خواں -
ساچق - شادی سے چند دن
پہلے کچھ شیرینی وغیرہ دولہا
کے گھر سے دولہن کے گھر لے
جانے کی رسم -
ساچمہ - پینترا -
ساحت - صحن - میدان -
ساحر - سحر کرنیوالا - جادوگر -
ساحق - پیسنے یا رگڑنے والا -

ساحل - دریا یا سمندر کا کنارہ
ساختن - بنانا - موافق کرنا -
ساخت - بناوٹ - گھوڑے
کی زین کے لوازمات -
ساختہ - بنائی ہوئی چیز -
آمادہ و مستعد -
ساحر - تسخیر کرنیوالا - مائل کرنیوالا -
ساخط - غصہ کرنے والا -
ساخلوات - گارد - حفاظتی فوج
سادات - سید کی جمع
سادر - بے خوف -
سادس - چھٹا حصہ - $\frac{1}{6}$
سادم - شرمندہ -
سادہ دل - کم عقل - نادان -
سادہ لوح - نادان - بیوقوف
ساذج - سادہ -
سار - شتر - ایک خوش
الحان پرندہ کا نام -
کلمہ حاجی - کلمہ - کلمہ
انبوہ - جیسے ساربان -
شرمسار - شاخسار -

سار - خوش -
سارا - خالص - عنبر کی ایک قسم -
سارب - ایک طرف چلنے والا -
ساربان } شتربان
ساردان }
سارج - چرندہ -
سارق - چرانے والا - چور - دزد
سارہ - حضرت ابراہیم علیہ السلام
کی زوجہ محترمہ کا نام - رشتو -
پردہ و چادر -
ساری - پہنچنے والا - گھسنے والا -
ساز - سامان - جنگ کے
ہتھیار - باجہ -
سازان - باجہ -
سازش - اتفاق - میل جول -
متفق ہو کر کسی کے خلاف
کوئی مشورہ کرنا -
سازگار - مبارک - موافق -
سازیدن - سازش کرنا -
موافقت کرنا -
ساس - کھٹمل - ایک موذی کیڑا -

ساسان - ایران کے بادشاہ بہمن کے بیٹے کا نام جو اپنی ہمشیرہ کی تخت نشینی پر فقیر ہو گیا تھا -
ساطر - قصاب -
ساطع - روشن - بلند -
ساطور - قصاب کا بُغدہ - خنجر - بڑی چھُری -
ساعات - جمع ساعت - گھڑیاں
ساعت - گھنٹہ - وقت دیکھنے کی گھڑی -
ساعت بغلی - جیبی گھڑی -
ساعت مجلسی - کلاک -
ساعد - بازو -
ساعی - چغلخور - سعی و کوشش کرنیوالا
ساغر - شراب کا پیالہ - بلوری گلاس
سافر - سفر کرنیوالا -
سافل - زیریں - نیچے والا - کمینہ
ساق - پنڈلی -
ساقط - گرنیوالا - نکما -
ساقہ - چنداول - فوج کا پچھلا حصہ
ساقہ - ڈنٹھل -
ساقی - شراب پلانے والا -
ساقیہ - نہر -
سالب - پانی ڈالنے والا -
ساکت - خاموش -
ساکن - بے حرکت - کسی جگہ ٹھہرا ہوا -
سالار - سردار
سالب - سلب کرنے والا - منہا کرنے والا -
سالخورد - عمر رسیدہ - بوڑھا -
سال شمس - وہ سال جو سورج کی رفتار سے لیا جاوے -
سال قمری - وہ سال جو چاند کی رفتار سے لیا جاوے یہ شمس سال سے دس گیارہ دن چھوٹا ہوتا ہے -
سالک - راستہ چلنے والا - خدا شناس -
سالم - پورا - ثابت -
سالن - سبلوان -

سالنامہ - کیلنڈر -
سالوس - چاپلوس -
سالوسی - چرب زبانی -
سالوک - بڑا راہ چلنے والا
سیاح - چور - راہزن -
سالہ - فوج کا پچھلا حصہ -
سالیاں - سالوں - کئی سال
سام - حضرت نوح کے بیٹے
کا نام - رستم پہلوان کے
دادا کا نام - موت -
ورم و درد -
سامان - اسباب - اندازہ -
سامح - اغماض کرنے والا چشم
پوشی کرنے والا -
ساماچہ } - عورتوں کا سینہ بند
ساماکچہ } محرم زناں -
سامر - قصہ گو -
سامرہ - مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ
کے درمیان ایک قصبہ
کا نام -
سامری - ساحر - جادوگر - ایک
شخص جس نے حضرت موسیٰ
کی غیبت میں لوگوں کو
بچھڑا کی پوجا کرا کر گمراہ کیا -
سامط - بدمزہ اور کھٹا دودھ
سامع - سننے والا -
سامعہ - سننے کی قوت -
سامک - بلند -
سامن - موٹا - جسیم -
سامی - بلند -
سان - طرز و طریقہ - روش -
عادت - مثل -
سانح - پیش آنے والا - وہ
شکار جو بائیں طرف سے
داہنے کو آجاوے - شکاری
لوگ اس کو مبارک جانتے
ہیں -
سانحہ - امر مکروہ کا ظاہر ہونا - حادثہ
ساہر - جاگنے والا -
ساہرہ - دوزخ - ہموار زمین -
ساہف - بہت پیاسہ -
ساہی - سہو و غلطی کرنیوالا -

سای - رگڑ - گھِس -
سائبان - چھپر - چھتری
سائح - روزہ دار -
سایِد - سردار - سیّد -
سائر - تمام - سیر کرنے والے -
سائس - نگہبان - سیاست کرنیوالا
سائق - چوپایہ کو پیچھے سے
ہانکنے والا -
سائل - سوال کرنے والا -
پوچھنے والا -
سایئہ - سایہ - چھاؤں -
سائیدن - گھسنا - پیسنا -
سائیس - گھوڑے کا نگہبان
سب - دشنام - برا بھلا کہنا -
سبا - ملکۂ بلقیس کے شہر کا نام
سبابہ - انگوٹھے کی ساتھ کی انگلی -
سباحت - شناوری - تیرنا -
سباح - ایک درویش کامل کا
نام - تیرنے والا -
سباسب - صحرا - ریت کا جنگل
سبَاع - درندہ -

سباعی - سات سات - سات والا
سبّاق - بڑا سبقت لیجانے والا -
سبّاک - زرگر - سکّہ ڈھالنے والا -
سبال - جمع سُبلت - مونچھیں -
سبَب - وہ دو حرفی لفظ جس کا
ایک حرف متحرک اور دوسرا
ساکن ہو - باعث - رسّی -
سبَت - ہفتہ کا دن -
سبحان - پاک -
سبحان اللہ - خدا کی پاکی بیان
کرنا - کلمہ تعجب -
سبحہ - تسبیح - مالا -
سبار - ٹوکرا -
سبزان - سبز رنگ والے معشوق
سبزک - مشہور چڑیا نیلکنٹھ -
سبزوار - ایران کے ایک شہر
کا نام -
سبزہ - خط - رخسار - نیلکنٹھ چڑیا -
سبزہ بیگانہ - خودرَو گھاس پودے
سَبط - تبیلہ - خاندان - بیٹی
بیٹیوں کی اولاد -

سبطین حضرت امام حسنؑ و امام حسینؑ جو حضرت رسول اکرم کے نواسے تھے -
سَبع - سات - ۷ -
سَبُع - درندے -
سُبع - ساتواں حصہ
سبعہ معلقات - کعبہ شریف کے دروازے پر سات نامور شاعروں کے سات قصیدے جو اُن کے اظہار کمال کیلئے آویزاں کئے گئے
سُبعی - } درندگی - درندہ پن -
سبعیت }
سبعین - ستّر - ۷۰ -
سبق - بڑھنا - برتری -
سبقت - بڑھ جانا - آگے جانا -
سبُک - ہلکا -
سُبکپا - تیز رفتار -
سبک دست - چالاک - کاریگر -
سبک رُوح - ظریف - زندہ دل خوش گفتار -
سبُک رُوحی - کمال - ظرافت
سبک عنان - تیز رفتار
سُبکی - ہلکاپن -
سبُل - پڑبال - ٹیڑھے بالوں کا آنکھ میں چُبھنا - آشوب چشم -
سُبُل - جمع سبیل - راستے -
سبلت - مونچھ -
سبُو - ٹھلیا -
سبوحیاں - سبوح یعنی خدا کی طرف منسوب - فرشتے -
سبُوس - چھلکا - بھوسہ - چوکر -
سبوسہ - ہر کی بیل - رُوسی -
سبیر - سائبیریا -
سبیل - راستہ - طریق -
سُبّی - قیدی -
سپارش - سفارش - حاصل مصدر سونپنا -
سپارہ - تیسواں حصہ - $\frac{1}{30}$

سپاس - تعریف - شکریہ
سپاسنامہ - ایڈریس
سپاناخ - پالک کا ساگ -
سپاہان - اصفہان شہر کا نام
سپر - ڈھال -
سپر انداختن - ہار ماننا - امان چاہنا - مطیع ہونا -
سپردن - سونپنا -
سپردنی - سونپنے کے لائق
سپرز - تلی -
سپرغم - تازبو - ریحان -
سپری - ناچیز - حقیر -
سپری شدن - گذرنا - تمام ہونا -
سپس - پیچھے - جوں -
سپستان - لسوڑیاں - ایک درخت کا پھل جو بطور دوائی استعمال ہوتا ہے -
سپس - جوں -
سپنج - مہمان - چند روزہ مستعار طور پر -

سپنجی سرائے - محافظ کا مکان - مجازاً دنیا -
سپند - ہرل کے پودے کا سیاہ رنگ دانہ - جو رفع اثر نظر بد کیلئے جلاتے ہیں -
سپندان - انگیٹھی - رائی - کالا دانہ -
سپوختن } سپوزیدن } چبھونا -
سپہبد - سپہ سالار - لشکر کا سردار
سپہر - آسمان -
سپیدار - ایک دراز قامت اور سیدھے درخت کا نام -
سپیدہ - مشہور دوائی - پو پھٹنے کی روشنی -
سپیدہ دم - روشن صبح - صبح صادق - سفید بال -
ست } ستہ } چھ - ۶
ستنا - تعریف اور ستائش کرنا - سراہنا - سائبان - ایک راگ کا نام -

ستادن - کھڑے ہونا - اُچک کر لیجانا -
ستار - بڑا چھپانے والا - اللہ تعالےٰ کا نام -
ستارہ - آسمان پر چمکنے والا تارہ - رولر -
ستارۂ سحر - زُہرہ -
ستام - گھوڑے کا ساز و سامان زین لگام وغیرہ -
ستان - ظرف اور بہتات کا کلمہ ہے - جیسے ہندوستان گلستان وغیرہ - چوکھٹ -
ستاندن - لینا -
ستائیدن - تعریف کرنا - سراہنا
ستائش - حاصل مصدر تعریف کرنا - دعا و شکریہ -
ستبر - دلدار - موٹا و فربہ -
ستبری - فربہی - جسامت -
ستدن - لینا -
سِتر - لباس - پردہ - شرم وحیا -
سَتر - چھپانا - پوشیدہ -
سُتر - مخفف استر - خچر -
ستردن - صاف کرنا - مونڈکر صاف کرنا -
سُتُرگ - سخت - بڑا - بزرگ -
سَترون - عقیمہ - بانجھ عورت -
ستل - کیچڑ -
ستمی - بلٹی -
سِتم - جور و ظلم - بے انصافی -
ستم دیدہ - مصیبت زدہ مظلوم -
ستمگار - ستم کرنیوالا - ظالم -
ستودان - آتش پرستوں کا قبرستان -
ستُودن - سراہنا -
سَتور - چوپایہ - بیل گھوڑا اُونٹ وغیرہ -
سَتُون - پیل پایہ
سِتّون - ساٹھ - ۶۰ -
سَتُوہ - عاجز - درماندہ
سِتّہ - چھ - ۶ -
سَتّہ - بُرا کلام - گناہ - نقص
سِتّہ - کھوٹا چاندی سونا -

ستی - فولاد - اعلیٰ قسم کا لوہا - برچھی -
سِتی - پرہیزگار عورت - عورتوں کا لقب جیسے بیگم خانم وغیرہ -
سَتَدن - لینا -
ستیز } نزاع - عداوت -
ستیزہ } لڑائی جھگڑا -
ستیزیدن - لڑنا -
ستیہیدن - جنگ کرنا - لڑائی کرنا
سجا - سرنامہ - دیباچہ - مقدمہ - خط کا لفافہ -
سجاد - سجدہ کرنیوالا -
سجادہ - گدی - مصلےٰ - جائے نماز
سجایا - جمع سجیہ - خُو - عادتیں -
سَجدات - جمع سجدہ -
سجع - مقفیٰ عبارت - خوش نوا پرندوں کی آواز -
سجف - پردہ - پردہ ڈالنا -
سجل - قاضی کا پروانہ - چک قبالہ -

سِجن - جیل - قیدخانہ
سجنجل - آئینہ
سجُود - سجدہ کرنا -
سجُور - ایندھن - لکڑی وغیرہ
سَجیل - کچا پتھر -
سجین - قیدی -
سجیہ - عادت - خصلت -
سحاب - بادل - ابر -
سحبان - عرب کا ایک نہایت فصیح وبلیغ شخص کا نام -
سحج - ایک بیماری جو خراش رودہ سے پیدا ہوتی ہے -
سحَر - آخری رات - صبح سے پہلے کا وقت -
سحُر - پھیپھڑا -
سِحر - جادُو - افسوس - طلسم -
سحر حلال - ایک کتاب کا نام - جادُو کا اثر کرنیوالی فصاحت
سحر گاہ } صبح کا وقت -
سحر گاہاں }
سحرہ - جمع ساحر - افسون گر - جادُوگر -

سحق - ریزہ ریزہ کرنا - پیسنا - گھسنا -
سحُور - روزوں کی سحری کا وقت -
سخا - سخاوت - بخشش - کرم -
سخت جاں - جفاکش - سنگدل
سُختن - تولنا -
سخرت - تمسخر کرنا - ہنسی اُڑانا -
سُخرہ - مسخرہ - مسخراپن - خوش طبعی -
سُخرہ - اپنے رسوخ سے محبت سے یا زبردستی بے اجرت کام کروالینا - بگار -
سَخط / سُخط } غضب - قہر -
سخف - ہلکا ہونا - سبک ہونا -
سخن - کلام - عبارت - لفظ -
سخُوط - مکروہ -
سخون - کلام - سخن -
سخی - کریم - خیرات دینے والا -
سخیف - بیوقوف - کم حوصلہ - بیہودہ
سخیمنہ - عداوت - دشمنی -

سخین - گرم - گرم پانی -
سَدّ - دیوار -
سَدّالبحر - قسطنطنیہ میں ایک قلعہ کا نام -
سداب - پودینہ کی طرح کی ایک گھاس -
سداد - اُستواری - درست اور راست ہونا -
سَدَد - مضبوطی - درستی -
سِدَر - بیری -
سدرہ / سدرۃ المنتہیٰ } ساتویں آسمان پر ایک بیری کا درخت ہے - جو جبریل امین فرشتہ کی آخری حد ہے - یعنی جبریل فرشتہ اس سے آگے نہیں بڑھ سکتا -
سُدّہ - آستانہ - چوکھٹ - انتڑیوں کی گرہ کی ایک بیماری -
سُدّہ کردن - زکام ہونا -
سدید - اُستوار - محکم اور مضبوط -

سدیو - حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی چرانے والے جن کا نام -
سَر - سِر - فکر و خیال - وہم و گمان - شروع - زور -
سِرّ - راز - بھید - عمدہ نسب -
سرا - مکان - گھر - کارواں سرائے - مسافرخانہ -
سراء و ضراء - راحت و رنج -
سراب - ریگستان میں نظر کا دھوکہ - ریت مسافر کو دور سے مثل بہتے ہوئے پانی کے معلوم ہوتی ہے -
سراپا - از سرتا پائے - تمام و کمال
سراپردہ - بارگاہ شاہی - خیمے کے آگے لگانے کا بڑا پردہ - خیمہ -
سرابُستان - ہائیں باغ -
سرابیل - قمیص -
سراج - چراغ - دیا - سورج -
سراچہ - گھوڑوں کی بیماری -
سراچہ - چھوٹا سا مکان - چھوٹا خیمہ
سراح - طلاق -
سرادق - خیمہ - پردہ -
سرادقات - جمع سرادق - خیمے شامیانے - سراپردے -
سراری - جمع سریہ کی - مدخولہ لونڈیاں -
سرازیر - ڈھلوان مقام -
سراسیمہ - پریشان - حیران - متعجب -
سراغ - تلاش - نشان - کھوج -
سرافراز - سربلند -
سرافگندن - عاجزی کرنا - شرمندہ ہونا -
سرآمد - غالب - برگزیدہ - سردار
سرآمدن - غالب آنا - سربرآوردہ ہونا - پورا ہونا -
سراں - سردار لوگ -
سراندیپ - ایک جزیرہ جو بحر ہند میں خط استوا کے قریب ہے -
سرانداز - دوپٹہ - چادر فخر کی چال چلنے والا

**سرآوردن** ۔ تمام کرنا ۔ پورا کرنا ۔ مکمل کرنا ۔
**سراویل** ۔ پاجامہ ۔ آزار ۔
**سرآہنگ** ۔ آگے چلنے والی فوج ۔
**سرائیدن** ۔ راگ الاپنا ۔ گانا ۔
**سرائیت** ۔ اثر کرنا ۔ گھُس جانا جیسے ٹنکچر جسم پر لگانے سے فوراً سرایت کر جاتا ہے ۔
**سرایر** ۔ جمع سریرہ ۔ بھید پوشیدگیاں
**سراپچہ** ۔ چھوٹا خیمہ ۔ چھوٹا مکان
**سُرب** ۔ سیسہ ۔
**سرباختن** ۔ لڑنا ۔ جنگ کرنا ۔
**سربار** ۔ سر کا بوجھ ۔ ذمہ داری
**سرباری** ۔ وہ شخص جس نے بوجھ اُٹھایا ہُوا ہو ۔
**سرباز** ۔ بہادر سپاہی ۔ جانباز ۔
**سربازی** ۔ بہادری ۔ جانبازی ۔ شجاعت ۔
**سربازخانہ** ۔ سپاہیوں کی بارکیں ۔
**سربازاری** ۔ آوارہ شخص ۔

**سربخش** ۔ بڑا حصہ ۔
**سربرخط نہادن** ۔ اطاعت کرنا ۔
**سربراہ** ۔ مختار ۔ مہتمم ۔ منتظم ۔
**سربراہی** ۔ مختاری ۔ اہتمام ۔
**سربرداشتن** ۔ سر اُٹھانا ۔ باغی ہونا ۔
**سربرزدن** ۔ کسی واقعہ کا ہو جانا
**سربستہ** ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہُوا ۔
**سرپازدن** ۔ ٹھوکر مارنا ۔ پاؤں سے ٹھوکر مارنا ۔
**سرپاکٹ** ۔ لفافہ کا پتہ ۔
**سرپرست** ۔ حامی ۔ مربی ۔
**سرپرستی** ۔ کسی کی خبرگیری کرنا ۔ حمایت کرنا ۔
**سرپنجہ** ۔ ظلم ۔ طاقتور و مضبوط بازو ۔ طاقت ۔
**سرپوش** ۔ ڈھکنا ۔
**سرپیچ** ۔ ایک جڑاؤ زیور ۔ جو پگڑی پر لٹکایا جاتا ہے ۔
**سرپیچیدن** ۔ باغی ہونا ۔ سرکشی کرنا

سرتابی - بغاوت - حکم نہ ماننا
سرتیپ - کمان افسر -
سرج - گھوڑے کا زین -
سرجوش - شوربا جو پہلے جوش میں ہی دیگ سے نکال لیا جاوے - مجازاً خلاصہ اوصاف
سرجوغہ - دس سپاہیوں کا افسر -
سرچشمہ - پانی کے زمین سے پھوٹنے کی جگہ - پانی کا سوتا -
سرچنگ - چیت - ڈھول -
سرچوقہ - سرغنہ -
سرچہ گوں نشستن - اوکڑو بیٹھنا
سرچین - منتخب - خلاصہ - عمدہ نچوڑ -
سرحلقہ - پیشوا - سردار - صدر نشین
سرخاب - ایک بطخ کی قسم کا سرخ رنگ آبی پرندہ - دنگل - کشتی کا ایک داؤ - گلگونہ
سرخاریدن - مایوس ہونا - لیت ولعل کرنا - بہانہ بنانا -
سرخرو - کامیاب - خوش وخرم -

سرخچہ - خسرہ -
سرخر - بدتمیز - بکواسی -
سرخک - خسرہ - کھٹمل -
سرخوش - نشۂ خمر میں مخمور - خواب - بدمست -
سرخوشی - نشہ کا سرور -
سرخود - خود مختار -
سرخونگ - سرخنک -
سرخیل - جماعت کا سردار -
سرگروہ - سالار قافلہ -
سرداب } تہ خانہ - گرمیاں بسر
سردابہ } کرنے کا سرد مکان -
سردادن - رہا کرنا - چھوڑ دینا - بندوق وتوپ کا فیر کرنا -
سردردی - دماغی محنت - تکلیف
سردرکشیدن - باغی ہونا - سرکش وخود سر ہونا -
سردست - ابھی - فی الوقت -
سردسیر - دامن پہاڑ - سرد علاقہ - ترائی -
سردفتر - دفتر کا افسر -

**سردم** - جُوا کھیلنے یا شراب پینے کا مکان -
**سرد مہر** - احسان فراموش - بے رحم و محبّت -
**سُرر** - سریر - تخت -
**سرِراہ** - بر لبِ راہ - راہ کے سرے پر -
**سررِشتہ** - معاملہ - دفتر - مدعا
**سرزدن** - سخت کوشش کرنا - اچانک آجانا -
**سرزدہ** - اچانک - بے خبر -
**سرزنش** - تہدید و توبیخ - ملامت
**سرسام** - ایک دماغی بیماری - جو عموماً سردی لگنے سے ہُوا کرتی ہے
**سرسبز** - شاداب - ہرا بھرا - آباد
**سرسری** - غور کئے بغیر بغیر سوچ کے کام کرنا -
**سرسُم رفتن** - گھوڑے کا ٹھوکر کھانا -
**سرشار** - نشہ میں مست - لبریز - بھرا ہُوا -
**سرِشت** - خمیر - طینت - پیدائش - خُو -
**سرشتن** - خمیر کرنا - گوندھنا -
**سرشدن** - توپ یا بندوق کا فیر ہونا - جاری ہونا -
**سرشف** - سرسوں کا غلّہ -
**سرشک** - قطرہ - آنسو -
**سرشمار** - ذاتی ٹیکس یا محصول -
**سرشماری** - مردم شماری -
**سرشیر** - قیماق - بالائی -
**سرطان** - کیکڑا - آسمان کا چوتھا بُرج -
**سرع** - دوڑنا -
**سُرعت** - تیزی -
**سرقلیان** - حُقّہ کی چلم -
**سرغنہ** - سردار - سرگروہ - بے چُوں
**سرغوت** - سخاوت -
**سَرف** - فضول خرچی - سہو و خطا -
**سرف الفواد** - زیاں کار - خطا کار - مدہوش - غافل -
**سرفرازی** - عزت افزائی - سر بلندی - تکبّر -

سرفرو آوردن۔ تسلیم کرنا۔ عجز و نیاز کرنا۔

سرفرو بردن۔ شرمندہ ہو جانا

سُرفہ۔ کھانسی۔

سِرقہ۔ چوری۔

سُرقین۔ سرگین۔ گوبر۔

سرکار۔ عدالت شاہی۔ دیوان خاص۔ مجازاً حاکم

سرکردن۔ توپ داغنا۔ فیر کرنا۔ شروع کرنا۔ مکمل کرنا۔

سرکردگی۔ سرداری۔ حکومت۔

سرکش۔ باغی۔ متکبر۔ پھرا ہوا۔

سرکشیدن۔ بغاوت کرنا۔ نافرمانی کرنا

سرکنگبین۔ سکنجبین۔ سرکہ و انگبین کا مرکب

سرکوب۔ منتظم۔ نگران۔ افسر

سرکہ جبیں۔ چیں بجبیں۔ بدمزاج ترشرو۔

سرگذشت۔ قصہ کہانی۔ آپ بیتی حادثہ۔ واقعہ۔ ماجرا۔

سرگراں۔ مغرور۔ متکبر۔ رنجیدہ۔ بیمار

سرگرداں۔ حیران و پریشان۔

سرگشتگی۔ پریشانی۔ بے قراری

سرگم۔ جس کے ابتدا انتہا کی خبر ہو۔

سرگوشی۔ کانا پھوسی۔ کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔

سرگین۔ گوبر۔

سرما ریزہ۔ اولہ۔

سرمد۔ خداوند کریم جس کی ابتدا و انتہا نامعلوم ہے۔

پونجی۔ سرمایہ۔

سرمدی۔ دائمی۔ ابدی و ازلی۔

سرمست۔ مدہوش۔ متوالا۔

سرمشق۔ خوشنویسی کا قطعہ۔

سُرمہ خوردن } گونگا ہونا۔
سُرمہ بگلو کشیدن }

سرنا۔ نفیری۔ شہنائی۔ بنسی۔

سرنامہ۔ خط یا لفافہ کا پتہ۔

سرندی۔ تیز آدمی۔ قوی۔

سرنگوں۔ اوندھے منہ۔ الٹا۔

سرنو۔ نئے سرے سے۔

سرنوشت۔ نصیبہ۔ قسمت۔ حکم ازلی

سرنہادن - آرام کرنا - اطاعت کرنا - سفر کرنا -
سَرِنیم پا - بندوق کا گھوڑا
سرو - ایک بید مادرخت
سروازدن - سر پھیر لینا -
سروال }
سَرواله } - پاجامہ
سرویں - تمام و کمال - پُورا
سُروج - جمع سراج - چراغ -
سرود - گیت - ترنم - نغمہ - راگ -
سرودن - گانا -
سَرور - سردار -
سُرُور - خوشی - نشہ کی خوشی -
سَروری - سرداری -
سَروِسہی - دو شاخہ سرو
سُروش - جبریل امین - خوشخبری فرشتہ
سُرون - شاخ - سینگ -
سَرہ - کھرا - خالص - بے کھوٹ
سرہنگ - سپہ سالار - کوتوال
سرہنگی - پہلوانی چستی و چالاکی -
سَری - سرداری - سپہ سالاری

سرپا چوب - ڈاٹ
سرایان - سرایت کرنا - دوسرے جسم میں گھس جانا -
سریچہ - ممولا -
سریح - آسان -
سریر - تخت - چارپائی -
سریرت - خصلت -
سریشم - ریشم - لکڑی جوڑنے کی ایک لیسدار چیز -
سریع - علم عروض کے ایک بحر کا نام - تیز - جلد باز -
سُرین - چُوتڑ -
سَرِیہ - پانچ سے چار سو تک آدمیوں کا لشکر -
سُریہ - وہ کنیز جس کو مالک نے صحبت کے لئے مخصوص کر لیا ہو -
سزاوار - لائق - مستوجب - مناسب
سزادل - تحصیل کرنے والا - حاصل کرنے والا -
سزیدن - سزاوار ہونا -

سُست - کاہل - آہستہ -
سَطبر - موٹا - بھدا - بے ڈھب
سطح - مکان کی چھت جس میں طول وعرض پایا جاوے -
سَطل - بالٹی یا ڈول -
سَطوت - رعب - قہر - دبدبہ سختی - جلالت -
سطوح - جمع سطح -
سطور - جمع سطر -
سطوع - بلند ہونا -
سَطح - خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کا نام -
سعادت - خوش نصیبی نیکی ثواب
سعال - کھانسی -
سِعایت - بدگوئی - چغلی
سعت - فراخی - وسعت -
سعتر - ایک گھاس جس کو زلف معشوق سے تشبیہ دیتے ہیں - اور اس کو دوائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں -
سعتر باز / سعتری } وہ عورت جو چمڑا کے آلہ سے دوسری عورت سے جماع کرے - بدکار - شوخ عورت -
سعد - نیک - خوش نصیبی -
سعد اکبر - مشتری ستارہ -
سعدین - مشتری وزہرہ - دو سعد ستارے -
سعدی - شیخ مصلح الدین شیرازی کا تخلص جو انہوں نے سعد زنگی کی نسبت سے اختیار کیا -
سعر - نرخ - بھاؤ -
سَعفہ - سر کے بالوں کی بیماری جسے گنج کہتے ہیں -
سعود - نیک ومبارک ہونا -
سُعُوط - ناک میں دوا ڈالنا -
سعی - کوشش - حج بیت اللہ کے موقع پر صفا اور مروہ پہاڑیوں کے درمیان دوڑنا -
سعید - مبارک - خوش نصیب - نیک -

سَعیر - دہکتا ہوا شعلۂ نار
سغب - بھوک - گرسنگی
سغبان - گزرا ہوا - گزشتہ
سفاد - نر اور مادہ کا جفتی کھانا -
سفارت - سفیر ہوکر جانا - ایلچی گری
سفّاک - قاتل - بے رحم - خونریز
سفال - مٹی کا برتن - ٹھیکری -
سفال گر - گلگو - کمہار - مٹی کے
برتن بنانے والا -
سفالہ - کھپریل -
سفالیہ - مٹی کا برتن -
سفان - جمع سفینہ - کشتیاں - جھنڈی
سفایان - ایک شہر کا نام - موسیقی
کا ایک پردہ -
سفاہت - سفلہ پن - کمینگی - حماقت -
سفائن - جمع سفینہ - کشتیاں -
اشعار کے بیاض -
سُفت - دوش - کندھا - شانہ - سوراخ
سِفت - موٹا - فربہ - دبیز -
سفتہ / سفتچہ } تحفہ - چیک - ہنڈی

سُفتہ گوش - حلقہ بگوش - غلام -
لونڈی - مطیع -
سِفر - نامہ - کتاب
سَفر - مسافرت -
سفرجل - ایک مشہور میوہ بہی -
سفرہ - دستر خوان
سفسا - زیرک - دانا - عقلمند -
سفک - قتل و غارت - خونریزی
سِفل - پستی - کمینگی -
سفلہ - کمینہ - نالائق -
سُفلیٰ - بہت نیچی - اسفل کا مونث
سِفلی - منسوب بہ سفل - کمینگی کی
پستی کی -
سفن - لوہے کا اوزار - بسولا -
سُفن - جمع سفینہ - کشتیاں
سفوف - خشک آٹے کی مانند
پسی ہوئی دوائی -
سفول - نیچے اترنا -
سَفہ - خامی عقل - نادانی -
سَفہا - جمع سفہ - نادان لوگ -
سفیدار - ایک درخت کا نام -

سفید چشمی - بے مروّتی - بے حیائی -
سفیر - قاصد - ایلچی -
سفینۂ کشتی - اشعار کی بیاض -
سفیہ - ناقص - کمینہ - بیوقوف -
سِقّا - پانی کی مشک -
سَقّا - بہشتی -
سقّاب - سقّا - بہشتی -
سقّام - جمع سُقیم - بیمار لوگ -
سقام - جمع سُقیم - بیماریاں - خامیاں
سقّائت - پانی دینا - سیراب کرنا -
سقائے نیل - بادل - ابر -
سَقَنت - بے برکت ہونا -
سَقَر - مکہ معظمہ میں ایک پہاڑ کا نام - دوزخ -
سقراط - ایک مشہور یونانی حکیم کا نام -
سقرلات } بانات -
سقرلاط }
سَقَط - بیہودہ گوئی - اشیاء اوہام - وہمی چیزیں -
سَقَط - چوپایہ کا مرنا -
سقط - سہو وخطا سرزد ہونا - ناقص -
سَقط شدن - عورت کا حمل گر جانا - بے عزت ہونا -
سَقطہ - گر پڑنا - پھسلنا -
سَقطہ فروش - پنساری -
سقف - چھت -
سقلاب - ملک ترکستان کا ایک حصّہ -
سَقلات - بانات
سُقم - بیماری - نامی -
سقمونیا - ایک قسم کا گوند - جو صفرا کی دوا ہے - ایک دست آوردوائی -
سقناق بستن - مورچہ بندی کرنا -
سقنقور - ایک سوسمار کی طرح کا چوپایہ - پنجابی گوہ -
سَقُوط - گر پڑنا - خطا کرنا -
سُقوف - جمع سقف - چھتیں -
سقیط - برف - اولا - شبنم - کم عقل

**سقیم** - عیب دار - بیمار -
**سُکارٰی** - نشہ میں مست - دیوانے - وہ لوگ جن کی عقل میں فتور ہو -
**سُکان** - رہنے والے - کشتی کا دُنبالہ - جمع ساکن -
**سکتہ** - ایک بیماری جس میں انسان مُردوں کی طرح بے حس ہو جاتا ہے - اور کئی کئی گھنٹوں یا دنوں تک اُسی حالت میں رہتا ہے - بعض دفعہ لوگ مردہ سمجھ کر دبا دیتے ہیں -
**سُکر** - نشہ ۔ مستی - بے ہوشی -
**سکرات** - نزع کی سختیاں - بے ہوشیاں -
**سکرہ** - جان کندن کا عذاب -
**سکن** - جن سے آرام حاصل ہو - مثلاً اولاد - عورت - بھائی دوست وغیرہ - محبت -
**سکنات** - استقامت - سکن - راستی

**سکندر** - ذوالقرنین - شہنشاہ مقدونیہ جس نے تمام دنیا کو فتح کیا تھا -
**سکندری خوردن** - ٹھوکر کھانا -
**سکنہ** - جمع ساکن - باشندے -
**سکنیٰ** - استقامت پذیر ہونا - حضر اختیار کرنا - گھر میں رہنے والا -
**سکو** - چبوترا -
**سکوت** - خاموشی -
**سکورہ** - مٹی کا پیالہ -
**سکورہ کردن** - ہمیہ کرنا -
**سکون** - ٹھہرنا -
**سکونت** - رہنا - رہائش اختیار کرنا -
**سِکّہ** - ڈھلا ہوا سیم و زر - پیسہ روپیہ - اشرفی -
**سکوئے دریا** - گھاٹ
**سکیزیدن** - کودنا -
**سکین** - چھری - چاقو - کیل کانٹا
**سکینہ** - آسائش - تسکین - حضرت امام حسین علیہ السلام کی بیٹی کا نام -

سگ - کُتا -
سگ آبی - اُدود بلاؤ -
سگ ماس - کتیا -
سگالش - مشورہ - فکر و اندیشہ
سگالیدن - ارادہ کرنا - سوچنا
سگزی - زابلستان کا باشندہ
سگم - کرکٹ -
سگوچہ - کُتے کا پلہ -
سگودہ - بازاری کتا -
سگونہ - کُتیا -
سِل - ایک مہلک بیماری جو پھیپھڑوں سے تعلق رکھتی ہے اور جس کے بیمار کو تھوک کے ساتھ خون آتا ہے -
سلاح - جمع سلح - جنگ کے ہتھیار
سلاحی - مسلح - ہتھیار بند سپاہی
سَلاخ - کھال کھینچنے والا
سلاست - کلموں کی روانی - یعنی کہ اُن میں ثقیل اور مشکل لفظ نہ ہو - آسان ہونا - ہمواری - روانی -
سَلاسِل - جمع سلسلہ - لوہے کی زنجیریں - رشتہ - لڑی -
سلاطین - جمع سلطان - بادشاہ
سَلافہ - انگور - انگور کا رس - شراب
سَلاک - چاندی یا سونے کی سلاخ -
سُلالہ - خلاصہ - چھوٹا بچہ -
سلام - دعا دینا - اطاعت قبول کرنا - خدا کا نام -
سلام علیک - تم پر سلامتی ہو - ایک قسم کی گھاس جو کاٹنے کے بعد فوراً اُگ آتی ہے -
سلامیات - اُنگلیوں کی ہڈیاں
سَلَب - لڑائی کے موقع پر کسی مقتول کے ہتھیار لے لینا - لیجانا -
سلجُوق - ایک تُرک بادشاہ کا نام
سِلحشور - ہتھیاروں کو بہت استعمال کرنیوالا -
سلخ - کھال کھینچنا - قمری مہینہ کی آخری تاریخ
سلحور - وہ شخص جو ہتھیار چلانا خوب جانتا ہو -

سلسل } پانی -
سلسال }
سلسل البول - تقطیر البول - ایک بیماری جس سے مثانہ کمزور ہو کر پیشاب کو روک نہیں سکتا
سلسبیل - بہشت کی ایک نہر جس کا پانی نہایت خوش مزہ ہے
سلسلہ - زنجیر - نسل - خاندان
سُلطان - بادشاہ - غلبہ -
سَلف - پرانا - گذشتہ -
سلفاء - اگلے زمانے کے گذرے ہوئے لوگ -
سِلق - چقندر -
سِلک - رشتہ - لڑی - مروارید
سَلک - ایک چیز کو دوسرے میں پرونا -
سُلّم - زینہ - سیڑھی -
سَلم - فریدوں کے سب سے بڑے کا نام جس نے ایرج کو قتل کیا
سَلّم - بیع کی چند شرطیں - لکھنے کی تحقیق -

سلمیٰ - ایک معشوقہ کا نام - نجد کی ایک خوبصورت عورت کا نام -
سلمان - ایک شاعر کا تخلص - ایک اصحابی رسول صلعم کا نام
سَلُوت - تسلی - خوشی - بے فکر ہونا -
سلوک - سیدھی راہ چلنا خدا کی خوشنودی ڈھونڈنا -
سلویٰ - بٹیر - پودنہ -
سَلیب - لوٹا ہوا - اسباب چھینا گیا
سَلیح - ہتھیار
سلیس - رواں - آسان - ہموار
سلیسطہ - جھگڑالو عورت
سلیقہ - سرشت - شعور
سلیل - بچہ - بیٹا -
سلیم - سادہ دل - سلامت و راست - مارگزیدہ
سَم - زہر -
سُم - کھر - گھوڑے کا ناخن
سما - آسمان - بادل - چھت -
سمات جمع سمت - طرفیں - ارادہ - راہیں

خوبصورتیں -
سماجت - منت خوشامد -
سماح - جوانمرد ہونا - بخشنا
سماحت - بخشش - جوانمردی
سماخ - کان کا سوراخ -
سمارُوغ - ایک سفید رنگ پھول
سماط - صف - دسترخوان
سماع - راگ - ناچ - سُننا
سماعت - سُننا
سماعی - سُنا ہوُا -
سماک - جمع سمک - مچھلیاں
دو ستاروں کا نام -
سُمُّ الحمار - خرزہرہ
سَمُّ الفار - سنکھیا -
سَمان - شمسی مہینہ کی ستائیسویں تاریخ -
سمانی - بٹیر - پودینہ -
سماوات - جمع سماء - آسمان
سماوی - آسمان کی - آسمانی اشیاء
سَمت - طرف - ارادہ - صورت
سِمت - داغ - نشان -
سمت الراس - جانب سر
سَمد - ہمیشہ -

سمر - افسانہ - قصہ - مجازاً باپ -
سمرقند - ایک شہر کا نام
سِمسار - دلاّل - میانجی -
سَمسام - تلوار - چالاک -
سمسم - تل - کنجد -
سِمط - لڑی - رشتہ - مرد عقلمند
سَمع - سُننا -
سِمع - بھیڑیے کا بچہ -
سِمغ - گوند
سمک - چھت - ستارے -
سَمک - مچھلی -
سَمکہ - مچھلی - وہ مچھلی جس کے
متعلق بعض لوگوں کا اعتقاد
ہے - کہ زمین کو بیل نے اور
بیل کو مچھلی نے اٹھایا ہوا ہے
سَمکیاں - اہل زمین -
سَمن - گھی -
سَمن - چنبیلی کا پھول -
سمند - گھوڑا
سمندر - آگ کا کیڑا جو آتش خانوں
میں چوہے کی مانند رہتا ہے -

سمنو - دیہہ -
سُمْنہ - مشہور میوہ چرونجی -
سمُو - اونچائی - بلندی
سِمُوت - بلند - طرفیں - نشان
سمُود - غرور سے سر اٹھانا -
سمُور - ایک سُرخ سیاہی مائل
جانور کی کھال جس سے
پوستین بناتے ہیں -
سمور سیہ - رات - شب -
سمُوط - جمع سمط - لڑی - رشتہ
سموق - بلند ہونا -
سموک - جمع سمک - مچھلیاں
سمُوم - ریگستانی علاقوں میں گرم
اور زہریلی ہوا -
سمُوم - جمع سم - زہر -
سمی - زہریلا - ہمنام - مثل
سمید - میدہ کی روٹی -
سمیر - افسانہ خواں - قصہ گو -
سمیع - سُننے والا - اللہ تعالےٰ
کا نام
سمین - فربہ - موٹا -

سمینہ - ایک باریک اور ملائم
کپڑا -
سِن - عمر - سال - دانت
سنا - روشنی -
سناء - بلندی -
سنابل - جمع سنبلہ - خوشہ -
سِنان - نیزہ - تلوار کی نوک -
سنانیر - جمع سنور - بلیاں -
سُنبل - ایک خوشبودار گھاس
سُنبلہ - خوشہ - آسمان کا چھٹا برج
سنبولہ - تکونے - لذیذ کھانا -
سُنبہ - سوراخ کرنیکا اوزار - برما -
سنبیدن - سوراخ کرنا -
سن پیٹر - بورخ سینٹ پیٹر زبرگ -
سین پال - سینٹ پال -
سُنت - روش - عادت - وہ
کام جو رسول کریم صلعم نے قریب
قریب ہمیشہ کیا ہو -
سنج - ایک زیور - جھانجھ -
ایک باجہ کا نام -
وزن -

سنجاب - چوہے کی طرح کا لیکن قد میں اس سے بڑا جانور جسکی کھال کی پوستین بناتے ہیں -

سنجابی - بھورا -

سِنجار - شاہ سنجر کے پیدا ہونے کا مقام -

سنجۃ المیزان - ترازو کے باٹ

سنجر - ایک مسلمان عادل و منصف بادشاہ کا نام -

سنجیدن - تولنا -

سَنَد - تکیہ - سارٹیفکیٹ - وثیقہ

سِند - حرامزادہ -

سِنداں - نہائی - اہرن -

سندرس - ایک زرد رنگ گوند -

سندس - ایک قیمتی دیبا -

سندلہ - خود دماغ -

سن ژامر - سینٹ جیمز -

سنگ - مقدار - قیمت - پتھر

سنگ پا - جھانواں

سنگ پشت - کچھوا -

سنگ جہنم - کاسٹک

سنگ چیں - پتھر کی عمارت

سنگ داں - جانور کا پوٹا -

سنگدل - بے رحم -

سنگر - چھوٹی برچھی -

سنگر کردن - قلعہ نشین ہونا - مورچہ لگانا -

سنگزن - ترازو

سنگ زر - کسوٹی -

سنگسار - رجم - ایک سزا جس میں انسان کو نصف زمین میں گاڑ کر اوپر سے پتھر مارتے ہیں -

سنگستان - پہاڑیاں - پتھریلی پہاڑیاں -

سنگ قیراط - چار گرین کا وزن

سنگ لاخ - چٹان - پتھریلی زمین

سنگین - سخت - وزنی

سنمار - رات کو نہ سونے والا آدمی اس معمار کا نام جس نے شاہ بہرام گور کا محل بنایا تھا -

سُنَن - جمع سنت - طریقے -

سنوات - جمع سن - برس -
سنوح - ظاہر ہونا - حادثہ
سنور - بلی -
سنون - دانتوں کا منجن
سَنی } روشن - بلند -
سَنیہ }
سُنّی - وہ لوگ جو طریق رسول پر قائم ہوں رافضیوں کے خلاف
سِنین - جمع سنہ - قحط کے سال
سُو - طرف - جانب -
سُوء - برائی -
سواء - دوپہر - برابر ہونا قلہ کوہ
سوابق - جمع سابق - گذشتہ - گذشتہ اشیاء و امور
سواحل - جمع ساحل - دریا اور سمندر کے کنارے -
سواد - شہر کے اطراف - سیاہی مسودہ - ملکہ - لیاقت
سواد اعظم - بڑا شہر -
سواد برگرفتن - پڑھنا -
سواد کردن - لکھنا -
سوار - کنگن -
سُواع - قوم نوح کا معبود بت - میدان -
سواطع - بلند -
سواک - مسواک
سوالف - جمع سالفہ - گذرے ہوئے -
سوام - چرنیوالا -
سویر - شام کا کھانا -
سوت زدن - انگلیوں سے سیٹی بجانا -
سوانح - جمع سانحہ - سرگذشت متوحش وارداتیں -
سوختن - جلنا - جلانا - معشوق کے ظلم اٹھانا -
سوڈ - سیاہ - سرداری
سُود - فائدہ - نفع -
سودا - جسم کی اندرونی چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام - سیاہ - مجازاً پاگل پن -
سودا - عشق - دیوانہ پن -

سُودا۔ خرید و فروخت
سوداءالقلب۔ دل کا سیاہ داغ۔
سودت۔ سردار
سودن۔ گھسنا۔
سُور۔ پس ماندہ۔ شہر پناہ
سُور۔ سُرخ رنگ۔ جشن۔
سُورہ۔ قرآن شریف کی سورتیں۔
سَورت۔ غصّہ۔ تندی۔ ظلم
سوری۔ ایک سرخ رنگ کا پھول۔ ایک شاہی خاندان کا نام۔
سوز۔ جلن۔
سوزن۔ سُوئی۔
سوزنی۔ سُوئی سے سیا ہُوا کپڑا۔ دری وغیرہ۔
سوزیدن۔ جلنا۔
سُوس۔ میٹھی۔ طبیعت۔ دیمک
سوسن۔ ایک قسم کا پھول جس کی پتّی کو زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سوسمار۔ گوہ۔
سَوط۔ تازیانہ۔ کوڑا مارنا۔

سُوف۔ حکمت۔
سوفار۔ تیر کی گرفت
سُوفطا۔ اس حکمت کا نام جسکی بُنیاد وہم پر ہے۔
سوفسطائی۔ حکماء کا ایک گروہ جو ایسی حکمت پر کاربند ہے جسکی بنیاد وہم پر ہے۔
سَوق۔ چلانا۔ رواں کرنا۔
سُوق۔ بازار۔ پنڈلیاں۔
سُوقی۔ دوکاندار
سوگلی۔ معشوقہ۔ منگیتر۔ نامزد۔
سوگند۔ قسم۔ حلف۔
سوگوار۔ مصیبت زدہ۔ ماتم والا۔
سول (روسی) نمک۔
سولہ۔ گہن۔
سَوم۔ گراں بیچنا۔ مصیبت اٹھانا۔
سِوم۔ تیسرا
سوہان۔ ریتی۔ ایک لوہے کا اوزار۔
سُوء۔ برائی۔ مصیبت۔
سِولی۔ برابر۔ ہموار۔

سُوء - طرف جانب -
سویّت - برابری - اعتدال
سویدا - دل کا سیاہ داغ
سویق - ستو -
سوئیس - سوئیٹزر لینڈ -
سہ - تین - ۳ -
سہار - بنات النعش کا ایک باریک ستارہ
سہام - جمع سہم -
سہر - جاگنا - بیداری
سہرہ - ایک قسم کی چڑیا
سہران - جاگنے والا -
سہراب - رُستم پہلتن کے بیٹے کا نام -
سہ شنبہ - منگل وار
سَہَف - نہایت پیاسہ ہونا -
سہل - آسان - نرم زمین
سَہم - ڈر - خوف -
سہمگین - ظالم - خوفناک
سَہو - بھول - خطا - فراموشی
سہواً - غلطی سے -

سہی - راست - خصوصاً سیدھا دوشاخہ سرو کا درخت -
سہیل - ایک ستارہ کا نام -
سہیم - حصہ دار - شریک
سی - تیس - ۳۰ -
سیٔ - گناہ - بُرائی -
سیئی الخلق - بداخلاق - ترش مزاج - چین بر جبیں رہنے والا
سیئات - خطائیں - برائیاں
سیاج - کانٹے دار جھاڑی -
سیّاح - سیر کرنے والا
سیاحت - سیر کرنا
سیادت - بزرگی - سرداری
سیّار - تیز چلنے والا - سیر کرنیوالا
سیّارہ - متحرک ستارہ - قافلہ - کارواں -
سیاست - رعیت پر حکومت کرنا - جُرم کرنے سے روکنا - رعب - دبدبہ -
سیاسیون - سی[illegible]ی - ل
سیاط - جمع سیط - متحرک ستارے - کاروا

سیاف ۔ تلوار مارنے والا قتل کرنے والا ۔
سیاق ۔ روانی ۔ علم حساب
سیاقت ۔ رواں کرنا ۔
سیال ۔ بہنے والی چیزیں ۔ پانی دودھ وغیرہ ۔ جاری ۔
سیاوش ۔ کیکاؤس کے بیٹے کا نام ۔
سیاہ ۔ کالا ۔ حبشی ۔ غلام
سیاہاں ۔ چور ۔ دزد ۔ رات کو چلنے والے ۔
سیاہ چال ۔ کالی کوٹھڑی
سیاہ گوش ۔ بلی سے کچھ بڑا ایک درندہ ۔
سیاہہ ۔ روزنامچہ ۔ سرکاری حساب کی کتاب
سیاہی نمودن ۔ ظاہر کرنا ۔
سَیب ۔ بخشش ۔ عطا ۔
سیب زمین ۔ آلو ۔
سیپارہ ۔ قرآن مجید کا تیسواں حصہ ۔
سیحوں ۔ ماوراءالنہر میں ایک دریا

سیخ جاروب ۔ جھاڑو کی سینک
سیخر ۔ خارپشت ۔ ساہی ۔
سیّد ۔ سردار پیشوا ۔ مجازاً حضرت علیؓ کی اولاد
سِیَر ۔ جمع سیرت خصلتیں ۔ عادتیں
سَیر ۔ چلنا ۔ تماشہ ۔
سیر ۔ آسودہ ۔ جی بھر جانا ۔
سیرت ۔ خصلت ۔ عادت
سیر چشم ۔ بے طمع ۔ سخی ۔ آسودہ
سیر حاصل ۔ پیداوار سے سرسبز و شاداب زمین ۔
سَیر گم ۔ منزل ناپیدا کنار
سَیری ۔ شکم پری ۔
سیزدہ ۔ تیرہ ۔ ۱۳ ۔ ۱۳
سی صد ۔ تین سو ۔ ۳۰۰ ۔ 300
سیستان ۔ رستم پہلوان کے پیدا ہونے کا مقام ۔ ایک علاقہ کا نام ۔
سیح ۔ پانی کا ہر طرف جاری ہونا
سیف ۔ تلوار ۔
سیل ۔ پانی کا زور سے جاری ہونا

سَیل - جزیرۂ سسلی -
سیلاب - پانی کی رَو - طغیانی
سیلان - جزیرہ سیلون - لنکا کا جزیرہ -
سیلی - ہاتھ کی انگلیاں مِلا کر تلوار کی طرح گردن پر مارنا - دھپڑ - طمانچہ -
سیم - چاندی -
سیما - پیشانی -
سیماب - پارہ -
سیمرغ - عنقا - ایک بہت بڑا پرندہ -
سیمیا - علم طلسم - وہ اشیا جن کا وجود نہ ہو - لوگوں کو دکھانا -
سین - دانت - نظارہ -
سَینا - کوہ طور کا نام - بو علی کے دادا کا نام -
سیورسات - رسد -
سیورغال - انعام - صلہ - مدد
سیوُف - جمع سَیف - تلواریں
سیہ چردہ - سیاہ رنگ
سیہ کار - بدکار - گنہ گار -
سیہ کاسہ - کنجوس - بخیل
سیہ کردن - ویران کرنا
سیہ مَست - نشہ میں سرشار - مدہوش -
سَیئہ - بدی - چھوٹا گناہ

# باب شین معجمہ

شاب - نوجوان -
شاپور - خسرو اور شیریں کا دلالی مصوّر - ایک بادشاہ اور ایک پہلوان کا نام -
شاۃ - بکری
شاجب - غمگین - رنجیدہ -
شاجن - غمگین -
شاخ - درخت کی ٹہنی - سینگ جام شراب -
شاخچہ - چھوٹی سی ٹہنی -
شاخچہ بندی - تہمت دھتان لگانا -

شاخدار - مغرور - خوردبین
شاخسار - درختوں کا جھنڈ - گھنا درخت -
شاخص - نشانہ پر پہنچا ہوا تیر -
شاخل - ارہر -
شاخ نبات - کوزہ مصری کی تیلیاں معشوقۂ حافظ شیرازی
شاخورہ - انگیٹھی - اینٹ
شاخ و شاق زدن - درخت کی شاخ تراشی کرنا -
شادگونہ - توشک -
شاد - خوش و خرم -
شاداں - خوشحال - خوش
شاد باش - کلمۂ تحسین
شادخوار - آسودہ و خوشحال
شاد کام - فریدوں - نام بَر خوش
شادگونہ - بچھونا - توشک
شادماں - خوش -
شادن - ہرن کا بچہ - ہرنوٹا -
شادی - خوشی -
شادی - بندرہ -
شاذ - کم - خلاف قاعدہ
شارب - پینے والا -
شارۃ - زیب و زینت - خوبصورتی لباس -
شارح - تشریح کرنے والا - مفصل بیان کرنے والا -
شارد - نفرت کرنے والا - بھاگنے والا -
شارستان - وہ قصبہ جس کے گرد باغ ہوں -
شارع - شرع دینے والا - عالم - راستہ -
شارف - شریف - بوڑھی اونٹنی -
شارق - چمکنے والا - روشن -
شارک - مینا - طوطی کی مانند باتیں کرنے والا پرندہ
شارل - چارلس -
شارمار - بڑا سانپ
شارم - راکھ اور خون کا مرکب
شاریدن - ہلکی ہلکی بارش - شراب یا پانی ڈالنا

شازب - خشک - لاغر -
شاش - پیشاب
شاشدان - پیشاب کرنیکا برتن
شاشیدن - پیشاب
شاصر - ہرنوٹا - ہرن کا بچہ -
شاطر - شطرنج باز - چور - دلاور و چالاک - گرہ کٹ
شاطن - کمینہ - بدکار - خبیث
شاطی - دریا یا میدان کا کنارہ ساحل -
شارع - ہویدا - آشکار - ظاہر -
شاعت - پریشان خبریں -
شاغل - مشغول - روکنے والا -
شافع - شفاعت کرنیوالا سفارش کرنیوالا - بچانیوالا -
شافعیؒ - ایک امام اہل سنت کا نام -
شافی - شفا دینے والا -
شاق - مشکل - دشوار
شاقہ - سخت - مشکل -
شاک - شک کرنیوالا مسلح سپاہی

شاکر - شکر کرنے والا -
شاکی - شکائت کرنے والا -
شالہنگ - مکر وفریب - رہزن ظلم
شامخ - ایک غلّہ -
شامبرلان - چیمبرلین -
شام رسمی - شاہانہ دعوت
شامہ - سونگھنے کی قوت
شانہ - کنگھی -
شانی - دشمن -
شابوف - ایک قسم کا آلو -
شاہ بیت - قصیدہ یا غزل کا سب سے عمدہ شعر -
شاہد - معشوق - گواہ - حاضر
شاہق - بلند - بلند عمارت
شاہِ مغرب - چاند
شاہین - مشہور شکاری پرند
شایان - لائق - سزاوار
شائبہ - حیلہ - آمیزش - آلودگی
شائستن - لائق ہونا
شائستگی - لیاقت - سلیقہ
شائع - مشہور - عام -

شائق - شوقین مُشتاق - شوق رکھنے والا -
شایگاں - لائق - خسرو پرویز کا ایک خزانہ
شائے - پپائے -
شب - رات -
شبّ - جوانی - لڑائی -
شِب - پھٹکری -
شباب - جوانی - جوان لوگ - آغاز
شبا روز - شب و روز
شباط - ماہ فروری -
شباک - جمع شبکہ - جال
شبال - چرپان - گڈریا - چرواہا
شب آہنگ - رات کا ارادہ کرنے والا - بُلبُل ایک ستارہ -
شب برات - ماہ شعبان کی پندرھویں تاریخ -
شب پرہ - چمگادڑ
شب بیدار - اُلو - رات کو عبادت کرنے والا -
شب چراغ - ایک قیمتی ہیرا جو رات کو چراغ کی مانند روشنی کرتا ہے - ایک خطرناک پھوڑا
شبخون - چھاپہ مارنا - رات کو دھاوا کرکے دشمن کو مارنا -
شب خیز - رات کو عبادت کرنے والا - شب بیدار
شب دیجور - اندھیری رات
شب دیز - مشکی گھوڑا - خسرو پرویز کے گھوڑے کا نام -
شبّر - شَبیر - مشیر - رسُول کریم کے نواسوں کا نام -
شبرنگ - مشکی گھوڑا - سیاوش کے گھوڑے کا نام
شب رَو - چوکیدار - چور
شبستان - خلوت خانہ
شبص - سختی میں پڑنا -
شبع - شکم پروری - سیری
شبق - جماع کا مشتاق ہونا
شب قدر - رمضان کی ستائیسویں یا اُس کے قریب کی رات جس کی

عبادت ہزار مہینہ سے بہتر ہے۔
شبک } جال۔ لوہے کی جالی
شبکہ }
شبکات۔ عمارت کی جالیاں
شبگیر۔ پچھلی رات۔ تمام رات
شبنم۔ جاڑا
شبنم۔ اوس
شبو۔ ایک قسم کا پھول جس کی خوشبو رات کو پھیلتی ہے۔
شبہہ۔ پوست۔
شبیہ۔ مانند۔ مثل۔
شہوق۔ چمڑے کا تسمہ
شبینہ۔ رات کا باسی کھانا۔
شبیہ۔ مانند۔ مشابہ
شبش۔ جوال۔ چیلر
شبشعہ۔ وہ آدمی جس کے جوئیں بہت ہوں۔
شبلیدن۔ سیٹی بجانا
شتا۔ موسم سرما۔
شتابیدن } دوڑنا۔ جلدی کرنا
شتافتن }

شپالنگ۔ ٹخنہ
شتر۔ اونٹ
شتر۔ عروض کی ایک بحر کٹ جانا
شتر پا۔ سورج مکھی۔
شتر ولی۔ بزدل۔ ڈرپوک پن
شتر مرغ۔ لعامہ۔ ایک مشہور پرندہ۔
شتر پچی۔ بچھونا۔ توشک
شتلم۔ زبردستی۔ ظلم۔
شتم۔ گالی یا گالی دینا۔
شجاع۔ ایک قسم کا بڑا سانپ
شجاع۔ بہادر۔
شجرہ۔ نسب نامہ۔ درخت
شجعہ۔ بہادر لوگ۔
شجعان۔ جمع شجاع۔ بہادر۔ سانپ۔
شجن۔ غم۔ اندوہ۔ جاڑا
شحام۔ چربی بیچنے والا۔
شحامت۔ موٹاپا۔ موٹا ہونا
شحم۔ چربی۔ موٹاپا
شحنگی۔ کوتوال گری۔

**شحنہ** - کوتوال -
**شحیم** - موٹہ - فربہ
**شخ** - مخفف شاخ - ڈالی پینگ
چٹان -
**شخیدن** - پھسلنا
**شخطورہ** - چھوٹی کشتی
**شخم کردن** - زمین جوتنا
**شخودن** - زخمی کرنا
**شدّ** - مضبوط کرنا - توڑ دینا
**شدّاد** - ایک کافر بادشاہ کا نام
ہے - جس نے باغ ارم
بنوایا - اور جو اپنے آپ
کو خدا کہلاتا تھا -
**شدائد** - جمع شدید - سختیاں
تکلیفیں -
**شدف** - آدمی -
**شد و مد** - زور شور - شان - رعب
**شُدن** - ہونا - ہو جانا -
**شدید** - سخت مضبوط استوار
**شر** - سحر - جادو - بدی - برائی
**شراء** - مول لینا - بیچنا -

**شراب** - پینے کی چیز - وہ پینے
کی چیز جس سے نشہ ہو -
**شراب طہور** - پاک شراب جو
بہشت میں مومنوں کو ملیگی
**شرار** - آگ کی اچھلنے والی
چنگاری -
**شراع** - کمان کا چلّہ - کشتی
کا بادبان -
**شرافت** - بزرگی -
**شراک** - جوتی کا تسمہ - کھڑاؤں
کا تسمہ -
**شرائط** - جمع شرط
**شرائع** - جمع شریعت - دین کے احکام
**شرائف** - جمع شرف - بزرگیاں
**شرائین** - اچھلنے والی رگیں
**شرب** - پینا
**شربت** - پینے والے -
**شربنی** - ایک باریک و نازک
ریشمی کپڑا - ایک رنگ
**شرح** - کھول کر بیان کرنا -
مفصل بیان کرنا -

شُرحہ - گوشت کا ٹکڑا
شِرخ - اصل اور بُنیاد - کنارہ
شَرر - آگ کی چنگاری - شرارت
سحر - بدی -
شرزہ - ظالم - غضب ور - خوفناک
شرسوفہ - پیٹ کی ایک پسلی -
شرطٔ / شرطہ } کشتی کے موافق ہوا -
شرط - عہد و پیمان - لازم ہونا
شُرط / شرطہ } حجام کا نشتر مارنا
شُرَط - کوتوال کے پیادے -
شُرطی - سرہنگ - کوتوال کا پیادہ
شرع - احکام اسلام
شرع پسند - جائز - حلال
شَرف - بزرگی - بلندی
شُرف - جمع شرفہ - کنگرے - عمدہ مال -
شرق - روشنی - آفتاب کے طلوع ہونے کی جگہ -

شِرک - کفر - اللہ تعالےٰ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا -
شُرکاء - جمع شریک -
شَرک - شکاری کا جال
شَرم - سفرہ - بچا کچھا کھانا
شُرور - جمع شر - بدیاں - شرارتیں
شُروق - روشنیاں - آفتاب کا طلوع ہونا
شِرہ - لالچ - حرص -
شَرہ - لالچ - برائی - تیزی -
شِریان - دل سے اُگنے والی اور تڑپنے والی ہر ایک رگ
شریح - گوشت کا ٹکڑا
شریدن - ٹپکنا -
شریطہ - عہد باندھنا متعلق کرنا
شریعت - اللہ تعالےٰ کی بنائی ہوئی سیدھی راہ - جاری نہر
شَست - کمند کا حلقہ - نشتر مچھلی پکڑنے کا کانٹا -
شست گیر - تیرانداز -
شستن - دھونا -
شست و شو کردن - نہانا -

ششش - پھیپھڑا -
شش - چھ -
شش جہت - چھ طرفیں -
شش دانگ - تمکس تمام و کمال - چھ طرفیں -
ششلول - ریوالور
شط - ندی - نہر - دریا کا کنارہ
شطح - بے حیائی کرنا -
شطحیات - خلاف شرع کوئی کام کرنا - بیہودگیاں -
شطر - نصف ٹکڑا -
شطران - آدھا بھرا ہوا پیالہ
شطرنج - ایک مشہور کھیل ہے جس میں لکڑی کے مہروں کے بادشاہ اور فوجیں تیار کرکے مقررہ چالوں کے ساتھ لڑا جاتا ہے -
شطرنجی - شطرنج باز - ایک قسم کا فرش -
شطیر - دور - نزدیک
شعاب - دتہ شگاف پہاڑ کی راہیں

شعار - وہ کپڑا جو بدن سے لگا ہو
شعاع - کرن -
شعائر - قربانیاں - عبادتیں
شعب - درز - شگاف - درہ - غار
شعب - جمع شعبہ - ڈالیاں
شعبان - قمری آٹھواں مہینہ
شعبدہ - وہ کھیل جو کسی جادو یا فن وغیرہ سے کریں -
شعبہ - ٹکڑا - نغمہ - درخت کی شاخ -
شعر - بال - ایک کپڑا -
شعر - موزون کلام اور باقافیہ کہنا
شعرا - جمع شاعر - شعر کہنے والے -
شعری - ایک روشن ستارہ کا نام
شعشعہ - آفتاب کی روشنی
شعصب - ضعیف - بوڑھا -
شعف - کسی کے عشق میں مبتلا ہونا -
شعفہ - پہاڑ کی چوٹی -
شعل - ذہین آدمی -

شعلۂ جوالہ - جلدی سے گرد اگرد پھرنے والا شعلہ

شعور - جاننا - دریافت کرنا

شعورِ فطری - عقل حیوانی

شعیر - جَو - مشہور غلہ -

شعیرہ - شہ حج کی قربانی - عبادت

شغ - سینگ

شغار - رستم کے ایک بھائی کا نام

شغاف - دل - دل کا سیاہ تل

شغال - گیدڑ

شغب - فتنہ و فساد شور و غل

شغبہ - بدن کی سخت اور کالی کھال - فریفتہ - ذلیل

شغف - دو ور محبت -

شغف - دلی محبت - دل میں عشق کا اثر ہو جانا -

شغل - کام میں مشغول - بے فرصتی

شغل - بھوک -

شغم - لالچی - حریص -

شِفا - تندرستی - صحت علم طبابت کی ایک کتاب کا نام

شفاعت - بخشوانا - سفارش کرنا

شفاف - وہ صاف چیز جس کے آر پار نظر گذر سکے - مثلاً شیشہ -

شفاہی - زبانی

شفت - ہونٹھ - لب

شفتالو - مشہور میوہ

شفرہ - موچھوں کی راپلی -

شفع - قربانی کا دن - خواہش کرنا - دو کا عدد

شفعاء - جمع شفیع - بخشانیوالے

شفق - صبح و شام کی آسمان کے دونوں طرفوں کی سُرخی -

شفقت - مہربانی - نوث

شفیع - شفاعت کرنے والا

شفیق - شفقت کرنیوالا - مہربان

شق - شگاف - درز - پھٹنا - سخت ہونا - بے لچک

شِق - دوست - ٹکڑا - سخت

شقا - بدبخت ہونا - بدنصیب ہونا

شقاقل - جنگلی گاجر -

شقاوت - نحوست - بدبختی
شقائق - گل لالہ پُھولدار فرش
شقائق نعمانی - سُرخ لالہ
شقیدار - عامل - حاکم دیہات
شقہ - ٹکڑا - کپڑا یا کاغذ کا آدھا حِصّہ -
شقی - بے رحم - سنگدل
شقیح - بُرا - قبیح -
شقیق - آدھا - نہائی
شکاک - شکی -
شکر بورہ - سنبولہ - جس میں قند اور مغز بادام بھرا ہو
شکر خند - مسکراہٹ تبسّم
شکر رنجی - ناچاکی - کدورت
شکر لب - خوش آواز - معشوق
شکرہ - مشہور شکاری پرندہ
شکستن - توڑنا -
شکستہ دِل - ہیضہ
شکم - پیٹ -
شکم بندہ - پیٹو - جس کو ہر وقت پیٹ کی فکر رہے -

شکم داشتن - حاملہ ہونا
شکم شل - پیٹو -
شکم کلفت - پیٹو -
شکمو - بہت کھانے والا
شکنبہ - اوجھری -
شکن - پیچ - خم و تاب
شکنج - شکن پیچ -
شکنجیدن - چٹکی لینا
شکنجہ - مجرم کو عذاب دینے کا ایک آلہ -
شکنجہ کردن - سزا دینا - قابو کرنا تنگ کرنا -
شکوئی - گلہ - شکایت
شکوخیدن - ٹھوکر کھانا
شکور - بہت شکر کرنے والا - خدا کا نام -
شکور - شکر کرنا
شکوک - جمع شک - گمان
شکولیدن - پراگندہ کرنا -
شکوہ - ڈر - خوف
شکوہ - بزرگی - شان و شوکت

شکوہیدن - بزرگی ظاہر کرنا
شکیبا - صبر کرنیوالا -
شکیبیدن - صبر کرنا -
شکیل - خوش شکل - خوبصورت
شکیفتن - صبر کرنا -
شگال - گیدڑ -
شگر - بھونرا - سیاہ زنبور
شگرف - نادر - عجیب -
شگفت - تعجب - حیرانگی -
عجیب وغریب -
شگفتن - کھلنا - پھولنا -
شگوفہ - کلی - غنچہ -
شگوفہ - قے -
شگن - شگون - فال
شل - نرم - سست چیز - ڈھیلا
کپڑا -
شل - اپاہج - لنجا جس کے ہاتھ
پیر حرکت نہ کرسکیں -
شلاتہ - جھگڑالو عورت
شلاق - لکڑی یا چھڑی وغیرہ سے
مارنا - شوخ -

شلول - لمبے بالوں والی بلی -
شلجم - شلغم
شلغاق - فتنہ وفساد
شلتوک - دھان -
شلک - بندوق یا توپ کے
چھوٹنے کی آواز - باڑ مارنا -
شلنگ - کودنا - اچھال مارنا
شلنگ - کود کر جانا - اچھال
مار کر جانا -
شلوار - پاجامہ -
شلوق - بدنظمی -
شلہ - ایک قسم کا کھانا - ہریسہ
شلہ - ایک قسم کا کپڑا
شلیل - ایک قسم کا پھل
شلیک - توپوں کی باڑ -
شم - بو - سونگھنا -
شماتت - کسی کی برائی یا نقصان
پر خوش ہونے والا -
شما - تم - برہنہ -
شماتت - کسی کی خرابی پر
خوش ہونا -

شماج - جَو کی روٹی - تھوڑی یا بیکار چیز -
شمارق - پھٹا ہوا کپڑا -
شماس - پادری - تارکِ دنیا - آفتاب پرست لوگ -
شمال - اُتر - شمالی ہوا
شِمال - دستِ چپ - عادت
شَمام - ایک خوبصورت پھول
شمامہ - خوشبو - عطر وغیرہ کی طرح کی خوشبو -
شِمامہ - جنگلی خربوزہ - ایک عطر او خوشبوؤں سے بنایا ہوا گولہ
شمائل - صورتیں شکلیں خصلتیں
شمائم - خوشبوئیں -
شمپانزہ - بڑا بندر
شمخال - بندوق کی پیٹی -
شمد - رات کو اوڑھنے کی ہلکی سی چادر -
شمر - تالاب - حوض - بالائی
شِمر - حضرت امام حسین علیہ السلام کے شہید کرنے والے کا نام
شمردن - گننا -
شمس - آفتاب - سورج
شمسہ - تابدان - کلس سونے کا قبہ
شمسہ } چھتری -
شمیسہ }
شمشاد - ایک خوشنما سیدھا اور بلند درخت -
شمشیر - تلوار
شمع - موم بتی
شمع احمر - لاکھ کی مُہر
شمعچہ - دیا سلائی
شمع کافوری - موم بتی
شمل - جمع ہونا - پراگندہ
شملید - ایک خوشنما زرد رنگ کا پھول -
شملہ - سربند - پگڑی کا طرہ
شمن - بُت پرست -
شمندفہ - ریل گاڑی
شموش - شراب - کج خلق - سرکش
شموس - جمع شمس - سورج
شموع - جمع شمع - موم بتیاں

شمول - شامل ہونا - خبط ہونا
شمّہ - ایک بار سونگھنا - بہت تھوڑی سی چیز -
شمیدن - سونگھنا - بھاگنا - دوڑنا
شمیدہ - پریشان - بے ہوش
شمیر - تیز رو -
شمیم - خوشبودار ہوا - خوشبو - سونگھنا -
شمیمہ - خوشبو -
شن - لنگر - سنگریزہ
شنبلیلہ - ترکاری
شنا - تیرنا - شناوری - ڈنڈ پیلنا
شنات - جمع شانی - دشمن لوگ
شناختن - پہچاننا -
شنارت - عداوت
شناعت - بدی - طعنہ - برائی
شناوری - تیرنا -
شنائع - جمع شنیع - برائیاں
شنبلید - ایک زرد پھول - میتھی کے بیج -
شنبہ - ہفتہ کا دن - سنیچر

شنجرف - شنگرف
شنعت - برائی - بدنامی
شنفتن - سُننا -
شنقار - ایک تند آور اور مضبوط کمیاب شکاری پرند -
شنگ - ظریف معشوق - چور - ڈاکو
شنگل } خوبصورت - زیبا - شوخ
شنگول }
شنل - اوورکوٹ
شنو - سُن فعل امر - ڈنڈ پیلنا -
شنوع - بُرائی - قباحت
شنیدن } سُننا -
شنودن }
شنیع - بُرا - زشت - بدصورت کمینہ - نازیبا -
شو - شستن کا امر - دھو - شوہر - خاوند
شو - شدن کا امر ہو - شب
شوا - بھنا ہوا گوشت
شوارب - جمع شارب - گلمچھے
شوارد - بھاگنے والے - پریشانیاں

شوارع - جمع شارع - شاہ راہیں
شوارق - جمع شرق - روشنیاں
شواغل - جمع شغل - کام کاج مشغلے
شوال - قمری مہینہ کا دسواں مہینہ
شوامخ - پہاڑیاں - بلندیاں
شواہد - جمع شاہد - گواہ معشوق
شواہق - بلند پہاڑیاں
شوائب - آمیزشیں - آلودگیاں
جمع شوب -
شوب - آمیزش - ملاوٹ
شوبک - رُولر -
شوبک زدن - انگلیوں سے
سیٹی بجانا -
شوخ - میل - چرک -
شوخ - نڈر - چالاک
شوخ ترازو - کم تولنے والا - دغاباز
شوخ دیدہ - گستاخ - آوارہ
شوخیدن - خوش خُلق ہونا
جلدی کرنا -
شور - غل - نمکین - کھاری - فتنہ
عشق -

شورا / شوریٰ } مشورت - کمیٹی - کونسل
شورابہ - آب شور -
شور بخت - بدنصیب -
شور چشم - بُری نظر والا - جسکی
نظر سے ضرر پہنچے -
شورہ - کھاری زمین - نمکدار زمین
شوسہ - وہ رستہ جس پر پتھر کُٹا
ہوا ہو -
شوشہ - پُشتہ - ریت کا ڈھیر
حرف کا شوشہ
شوط - دوڑ - گشت -
شوغار / شوغایہ } مویشیوں کا باڑہ
شوک - کانٹا -
شوکہ - کھانا کھانے کا کانٹا -
شولہ - غلاظت کا ڈھیر -
شولیدن - گھبرانا
شوکت - دبدبہ - شکوہ - قوت
شوم - منحوس - بدفال -
شومی - نحوست - بدبختی

شونیز۔ کلونجی مشہور دوائی۔
شوہرہ۔ پھولوں کا سہرہ۔
شوہر۔ خاوند۔
شوہر شنیدنی۔ زن مرید۔
شوہی۔ شوہر۔
شہ۔ مخفف شاہ۔ بادشاہ
شہاب۔ سُرخ رنگ
شِہاب۔ روشن ستارہ۔ ٹوٹنے والا ستارہ۔
شہادت۔ سچی گواہی۔ شہید ہونا۔ گواہی۔
شہادت نامہ۔ سرٹیفیکیٹ
شہامت۔ بزرگی۔ توانائی
شہ باز۔ بڑا باز
شہ بالا۔ نوشہ کے ساتھ والا لڑکا
شُہدا۔ جمع شہید۔ راہ خدا میں جان دینے والے۔
شَہر۔ بڑا قصبہ۔
شَہر۔ قمری مہینہ۔ چاند
شہر بند کے۔ فصیل

شہرت۔ مشہوری
شہر باش۔ ایک شہر کے باشندے
شہر خُدا۔ ماہ رجب۔
شہروا۔ چمڑے کا سکہ۔ کھوٹا سکہ
شہلا۔ وہ سیاہ آنکھ جس میں سُرخ ڈورے ہوں۔
شہنا۔ بانسری۔ سرنا۔ مشہور باجا
شہوت۔ آرزو۔ لذتِ نفس۔ شوق
شہود اقامہ کردن۔ گواہی پیش کرنا۔
شہُود۔ حاضر ہونا۔ حاضر ہونیوالے
شہُور۔ جمع شہر۔ مہینے۔
شہوق۔ بلند ہونا۔
شہی۔ بادشاہی۔ پسندیدہ چیز۔ داماوی۔
شہید۔ راہ خدا میں جان دینے والا۔ گواہ
شہیدی۔ پکا ہوا یعنی اندر سے سُرخ تربوز۔ فدائی
شہیر۔ مشہور
شہیق۔ گدھے کی آواز

شیئی - مرضی -
شیّاد - دھوکے باز - مکّار
شیار کردن - زمین جوتنا
شیاطین - جمع شیطان - دیو - لوگوں کو راہ حق سے گمراہ کرنے والے -
شیاع - ظاہر ہونا - شائع ہونا
شیب - بڑھاپا - بال سفید ہونا
شیدت - یسنی - نشیب
شیدن - شیدا ہونا - کانپنا -
شیپور - نفیری - بگل - طبل جنگ
شیث - حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو پیغمبر تھے -
شیخ - بزرگ - اسلام کا پورا پابند - بوڑھا - معزز
شیخک - تسبیح کا امام
شیخ الرئیس - حکیم بو علی سینا کا نام -
شیخ نجدی - ابلیس شیطان کا لقب
شیخوخت - بڑھاپا - چالیس برس کی عمر میں بڑھ جانا -

شید - سورج کی روشنی - مکر و فریب
شیدا - فریفتہ - دیوانہ - عاشق -
شیدی - حبشیوں کا لقب -
شیر - دودھ -
شیر - مشہور درندہ جانور
شیراز - ایک شہر کا نام جہاں شیخ سعدیؒ پیدا ہوئے -
شیر بہا - دولہن کا چڑھاوا
شیر خشت - ایک مشہور دوائی جو عموماً بچوں کو مسہل کے طور پر دی جاتی ہے -
شیرزہ - قوت و طاقت
شیر گیر - بہادر - شجاع - دانا
شیر مور - ایک قسم کا کپڑا
شیر و خورشید - ایران کا شاہی نشان -
شیر و شکر - ایک ریشمی کپڑا - متفق ہونا -
شیروان - ایران کے ایک بادشاہ کا نام -
شیرویہ - بہادر خسرو پرویز کے بیٹے کا نام

شیرہ - پتلی شیرینی -
شیرہ خانہ - وہ جگہ جہاں
شراب کشید کی جاتی ہے
شیریں - میٹھا - فرہاد کی معشوقہ
کا نام -
شیریں قلم - خوش نویس -
شیرینی - رشوت -
شیشہ - کانچ -
شیشہ ساعت - بازو کی گھڑی -
شیطان - خدا سے پھرا ہوا - باغی
سرکش - دیو -
شیشک - مینڈھا -
شیشۂ قاب - گھڑی کا شیشہ
شیعہ - پاک - مدد کرنیوالے مطیع - ٹولہ
شیفتگی - حیرانی - عاشق پن - بیہوشی
شیفتن - عاشق ہونا - شیدا
ہونا - مدہوش ہونا -
شیفور - بگل
شیلدن - دسترخوان
شیلدن کشیدن - دعوت کرنا
شِیَم - خصلتیں - عادتیں -

شیمہ - طبیعت - خُو -
شیوا - فصیح و بلیغ -
شیوخ - جمع شیخ -
شیوع - ظاہر ہونا -
شیون - جمع شان
شیون - آہ وزاری - ماتم - نالہ
شیوہ - طریقہ - دستور -
شیہہ - گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز

## بابُ الصّاد

صابتہ - مصیبت - مشکل - بلا
صابح - روشن - ظاہر
صابر - صبر کرنیوالا -
صابق - مذہب تبدیل کرنیوالا
صاحبِ دل - نیک آدمی -
دانا - زیرک -
صاحبِ فراش - ایسا مریض
جو چل پھر نہ سکے -
صاحبِ قران - امیر تیمور کا لقب -
وہ شخص جو ایسے وقت میں پیدا ہو
جب زحل اور مشتری ایک برج میں ہوں

صاحب نفوذ - بارسوخ آدمی
صاحبہ - سہیلی - جورو - عورت
صادر - نکلنے والا -
صادق - معنوں کا کسی پر
درست آنا - سچا -
صارخ - چلّانے والا -
صارُوج - چُونا اور خاکستر ملا ہُوا
صارم - دلیر آدمی - تیز شمشیر -
صاع - قریباً تین سیر کا ایک
وزن - پست زمین -
صاعد - چڑھنے والا -
صاعقہ - بجلی - موت -
صافات - جمع صاف - وہ فرشتے
جو خدا کے حضور میں صف باندھے
منتظر حکم کھڑے ہیں -
صافن - پنڈلی کی ایک رگ -
صافی - کھرا - چھاننے کا کپڑا - صاف -
صالب - گرم - تپ - بخار -
صالح - نیک - بے ضرر - ایک
پیغمبر علیہ السلام کا نام -
صالحہ - نیک عورت - نیک اعمال

صامت - خاموش - چُپکا -
چاندی - سونا -
صانع - کاریگر - بنانے والا -
صانع حقیقی - اللہ تعالےٰ -
صائب - رسا - پہنچنے والا -
محمد علی شاعر کا تخلص -
صائم - روزہ دار شخص -
صائم الدّہر - وہ شخص جو ہمیشہ
دن کو روزہ رکھے
صَبّ - گرانا - ڈالنا - عاشق
صَبا - صبح کی ہوا - مغرب کی ہوا
صِبا - لڑکپن - بچپن -
صَباح - خوبصورت سفید رنگ
والا - صبح -
صبّاح - حسین - نہائت خوبصورت
صباح الخیر - صبح کے وقت آپس
میں یہ کلمہ کہتے ہیں -
صباحت - سفید رنگ ہونا
خوبصورتی -
صَبّار - بڑا صبر کرنے والا -
صَبّاغ - رنگریز -

صبایا - لڑکیاں -
صبحک اللہ بالخیر - تمہاری صبح اچھی ہو - گڈ مارننگ
صبح کور - صبح کاذب -
صَبر - شکیب -
صُبر } ایک کڑوی دوائی - ایلوا
صِبر }
صبغ - رنگنا -
صبوح - صبح کو پینے کی شراب
صبُوحی - صبح کو شراب پینا -
صبُور - صابر - صبر کرنیوالا -
صبوری - صبر کرنا - کام میں تعجیل نہ کرنا -
صُبُوح - صبح کا وقت
صبیّ - وہ لڑکا جس نے اپنی ماں کا دودھ پینا چھوڑ دیا ہو -
صِبیٰ - لڑکپن - طفولیت
صبیان - جمع صبی - وہ لڑکے جن کا دودھ پینے کا زمانہ گذر گیا ہو -

صبیح - سفید رنگ کا خوبصورت
صبیّہ - خوبصورت لڑکی -
صِحاب - جمع صاحب - دوست لوگ
صحابت - صحبت میں رہنا - دوستی کرنا -
صحابہ - دوست لوگ - ہم صحبت
صُحاح - تندرست ہونا - گناہ سے پاک ہونا - ایک لغت کا نام -
صِحاح - تندرست لوگ
صحاری - جمع صحرا - ریگستان جنگل -
صحاف - بڑے بڑے پیالے -
صحّاف - جلدساز - کتب فروش
صحائف - جمع صحیفہ - کتابیں رسالے -
صَحب - جمع صاحب - دوست
صحصیاح - ہموار نرم اور زرخیز زمین -
صحف - جمع صحیفہ - کتابیں - رسالے -

صحفت - رکابی - پیالہ -
صحمت - زردی اور سیاہی کا مرکب
صحنک - چھوٹی تھالی سدکابی -
صحو - اوصاف بشری کا مٹا دینا
مستی سے ہوش میں آنا -
صحیر - گدھے کی آواز -
صحیفہ - روئے زمین
صحیفہ - کتاب - رسالہ
صخاب - فریاد کرنیوالا -
صخب - فریاد کرنا -
صخد - جانور کا آواز کرنا
صخر - بڑا پتھر -
صخرہ - ایک پتھر کا نام جو بیت المقدس میں ہے - ایک
کریہ المنظر دیو کا نام جس نے حضرت سلیمانؑ کی انگشتری
چرائی تھی -
صَد - سو -
صدا - آواز -
صدارت - وزیر کے قریب ایک منصب کا نام - بالا نشینی

صُداع - دردسر -
صِداق - عورت کا مہر - کابین
صداقت - سچائی - راستی -
صد برگ - گل گیندا
صد پا - ہزار پا - کنکھجورا -
صد شاخ - سونکڑے -
صدد - قصد کرنا - مقابلہ - قربت
صدر اعظم - پریزیڈنٹ
صدر خجند - شہر خجند کے ایک
بزرگ کا نام -
صدرہ - سینہ پوش - واسکٹ
صُدع - شقیقہ - کنٹی -
صدف - جام شراب - سیپ
صَدق - سچ بولنا -
صِدق - سچائی -
صَدق - راست - سیدھا - کامل چیز
صَدقہ - خیرات -
صدقہ جاریہ - رفاہ عام کی
چیزیں - کنواں پل مسجد وغیرہ
صدور - جمع صدر - سینے - بالا
نشین لوگ - نکلنا -

صدّیق - حضرت ابابکرؓ خلیفہ اول کا لقب - بڑا راستباز
صدیق - دوست لوگ -
صُراح - ایک لغت کا نام - خالص روشنائی - خالص شراب
صِراح - رُو برُو -
صراحت - ظہور پذیر ہونا -
صُراخ - چنگھاڑ - سخت آواز
صراط - راہ راست - ایک سخت دشوار گذار پُل جو دوزخ پر بنا ہے - اور جس پر سے ہر ایک نے گذرنا ہے -
صِراع - کشتی لڑنا
صراف - کھوٹا کھرا سونا چاندی پرکھنے والا -
صرافیت - فضول خرچی -
صرافت - جبال -
صرامت - کاٹنا - دلیری
صُرح - خالص چیز -
صُرخہ - عذاب - آہ وفریاد
صرصر - آندھی -

صُرع - مرگی کی مرض - پچھاڑنا
صرف - چاندی سونا پرکھنا - خرچ کرنا -
صرفہ - نفع - فائدہ - کم خرچ کرنا
صَرفی - علم صرف کا جاننے والا
صَرم - قطع کرنا - توڑنا - کاٹنا -
صُرّہ - تھیلی -
صریح - آشکارا - ظاہر -
صریف - دروازہ کی کڑکڑاہٹ کی آواز - خالص چاندی دودھ -
صعاب - جمع صعب - دشواریاں
صَعب - مشکل - دشواری - سخت
صعق - بجلی گرنا - غش کی حالت میں ہونا -
صعلوک - فقیر - درویش -
صعوبت - سختی - مصیبت
صَعُود - چڑھنا
صَعوہ - ممولا - چڑیا -
صعید - تمام زمین - مٹی -
صغار - جمع صغیر - چھوٹے -

**صِغارت** - طفولیت - چھوٹاپن
**صَغب** - وہ شخص جس کا باقی جسم کافی ہو لیکن سر چھوٹا ہو
**صِغر** - زردی - چھوٹاپن -
**صغریٰ** - چھوٹی چیز - چھوٹی عورت
**صُغضغ** - بالوں کو شانہ سے سلجھانا -
**صغل** - بدذات - کمینہ - ذلیل
**صَغیر** - چھوٹا -
**صفا** - خالص - بے لوث - پاکیزہ
**صفات** - جمع صفت - خوبیاں
**صِفاد** - زنجیر - قیدیوں کی بیڑیاں
**صِفار** - صفر -
**صَفار** - ٹھٹھیار - کانسی کے برتن بنانے والا -
**صفاق** - باریک پوست - جھلی
**صفاہان** - اصفہان - ایران کا مشہور شہر -
**صفائح** - جمع صفیہ - تختے - صاف چوڑے پتھر -
**صِفت** - تعریف - علامت

**صفح** - عفو - معاف کر دینا
**صفدر** - صف شکن - فوج کی پلٹنوں کو درہم برہم کر دینے والا - بڑا بہادر - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب
**صِفر** - نقطہ کا نشان - خالی
**صَفر** - قمری سال کا دوسرا مہینہ
**صُفر** - زردی - کانسی -
**صفرا** - ایک زرد رنگ کی خلط
**صفراوی** - صفرا والا -
**صُفرت** - زردی -
**صَفصاف** - بید کا درخت
**صفصف** - ہموار میدانی زمین -
**صفق** - سیاحت کرنا - پھر کرنا - تالی بجانا -
**صفقہ** - سودا طے کرنے کے بعد ہاتھ پر ہاتھ مارنا -
**صفوان** - پتھر - ہموار
**صفوۃ** - برگزیدہ - منتخب - خلاصہ -
**صفوف** - جمع صف - قطاریں

صفوی۔ شاہ صفی اللہ درویش کی طرف منسوب
صُفّہ۔ دالان۔
صفی۔ برگزیدہ۔ حضرت آدم علیہ السلام کا لقب۔
صفیّہ۔ برگزیدہ عورت حضرت رسول کریم کی پھوپھی صاحبہ کا نام
صفیر۔ پرندوں کی آواز
صقّار۔ کافر۔ سخن چین۔
صقالت۔ صیقل کرنا۔
صقب۔ بچۂ شتر۔ لایعنی چیز
صَقر۔ ایک شکاری جانور چرغ۔ ترش شراب اور دُودھ۔
صیقل۔ چمکتا ہُوا۔ روشن۔ تاباں
صکاک۔ قبالے۔ نامے
صکوک۔ قبالے۔
صکیک۔ لاغر۔ ضعیف
صَلاؔ۔ عام دعوت کا آوازہ
صِلا۔ بُھنا ہُوا۔ بریاں۔
صلابت۔ سختی۔ سخت ہونا
صلات۔ جمع صِلہ۔ انعامات
صلاح۔ بہتری۔ بھلائی۔ نیکی۔
صلاح۔ صلح کرنا۔ دوستی۔ پچھلی رنجش کو دور کرنا۔
صلاحیّت۔ لیاقت۔ بہتر ہونا۔ نیکی۔
صلاصِل۔ چڑیا۔ فاختہ۔ پیالے
صلاع۔ آفتاب کی گرمی۔
صلاق۔ خفیف۔ خوش گفتار
صلابہ۔ سِل اور بٹہ۔
صَلُب۔ سُولی پر چڑھانا
صَلَب۔ کڑا۔ مشکل۔ سخت
صُلب۔ ریڑھ کی ہڈی کی کڑیاں
صلبی۔ پُشت کا۔ نسل کا۔
صُلت۔ سخاوت۔ خوش خلقی۔
صلح۔ چاندی گلانا۔ لکڑی سے مارنا۔
صُلحا۔ جمع صالح۔ نیک لوگ
صُلح کُل۔ صُلح پسند۔ دوست دُشمن سے محبت کرنیوالا۔
صَلداء۔ کنکیلی زمین۔
صَلدم۔ شیر۔ درندہ۔ سخت مشکل

صُلصُل - فاختہ - چڑیا -
صَلم - جڑ سے کان کاٹ لینا
صلواۃ } نماز - درود - دعا
صلوات } آمرزش -
صلوٰۃ کش - مُلّا جو مکان کی چھت پر کھڑا ہو کر کسی کی موت کا اعلان کرتا ہے
صِلہ - انعام - بخشش -
صِلہ رحم - اپنے رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنا -
صَلیب - سُولی - چلیپا -
صَمم - بہرا ہونا -
صُمّ - بہرے لوگ - سخت پتھر
صَمّا - بہری عورت - سخت پتھر
صُمات - چُپ رہنا -
صَماد - بلندیاں - جمع صَمد
صَمت - خاموش -
صمدیت - بزرگی - بے نیازی
صمصام - تیز تلوار
صمغ - گوند -
صمم - بہراپن -

صُموت - خاموشی -
صُمّ و بکم - بہرے اور گونگے
صَمصَمہ - بہادر آدمی -
صمیم - ہڈی کا گودا - مغز - خلاصہ
صنادید - بزرگ - جمع صندید
صنادیق - جمع صندوق
صنّاع - بڑا کاریگر -
صناعت - کاریگری - ہنر
صنائع - جمع صنعت - کاریگریاں
صنج - چنگ - جھانجھ - باجا
صندل - ایک درخت کی خوشبودار لکڑی - چندن -
صندلی - کرسی - تخت - چوکی -
صندوقچہ - چھوٹا صندوق - بکس
صندوقِ اعانت - وہ صندوقچہ جس میں چندہ جمع کرتے ہیں -
صندوقِ پوستہ - لیٹر بکس -
صندوقِ موزک - ہارمونیم باجا -
صندید - بزرگ - بہادر - مشاہیر
صنع - کاریگری -
صنعا - ملک یمن کا دارالسلطنت

صنف - قسم - نوع -
صنم - معشوق - پتھر کا بُت -
جو کافروں کا معبود ہوتا ہے
صنوبر - درخت چلغوزہ - چیڑ کا درخت
صنوف - جمع صنف قسمیں -
صنیعہ - ہنر - نکوئی -
صواب - درست - مناسب
گناہ کی ضد -
صوابدید - تجویز - صلاح -
صوارف - زمانہ کی گردشیں - حادثات
صوارم - تیز تلواریں -
صواعق - جمع صاعقہ - بجلیاں
صواغ - کسی چیز کو قالب میں ڈھالنا
صوامع - جمع صامعہ - عبادت خانے
صَوب - راستی - طرف -
صَوت - آواز
صَوت - ووٹ -
صُور - کرنا - بگل - وہ چیز جو
قیامت کو اسرافیل پھونکینگے
صُوَر - جمع صورت -
صورت بازی - بہروپیا پن -

صورت گری - مصوری - نقاشی
صوری - ظاہری -
صوسموری - گوہ -
صَوط - پانی کی آواز -
صوغ - قالب میں ڈھالنا
صُوف - اُون - بھیڑ کے بالوں
کا موٹا سا کپڑا -
صوفی - کملی پوش - اُون کے
کپڑے پہننے والا - مخلص -
فنا فی اللہ شخص -
صوک - شروع -
صَول - حملہ کرنا - زیادتی کرنا
صَولت - رعب وداب -
صولجان - چوگان - ہاکی -
صوم - روزہ -
صومعہ - عبادت خانہ عیسائیوں
کا معبد - کٹیا -
صَون - نگہبانی - محافظت -
صہب - سُرخی - کمیت رنگ -
صہبا - انگوری شراب -
صہر - سُست -

صہریج ۔ تالاب ۔
صہیل ۔ گھوڑے کی آواز ۔
صیاح ۔ بلند آواز ۔ آہ وزاری
صیاد ۔ شکاری ۔
صباغ ۔ زرگر ۔ ڈھالنے والا
صیاغت ۔ زرگری ۔
صیام ۔ جمع صوم ۔ روزہ ۔
صیانت ۔ نگہبانی ۔
صیب ۔ برستا ہؤا ابر ۔
صیت ۔ شہرت ۔ مشہوری ۔ آواز
صید ۔ شکار ۔ شکار کرنا ۔
صیدلیہ ۔ دواخانہ
صیرفی ۔ صرّاف ۔ دلّال
صیرم ۔ زیرک ۔ ہوشیار آدمی ۔
صیغہ ۔ نکاح ۔ قالب میں ڈھالنا ۔ اصل ۔
صیغہ ۔ متعہ کی عورت
صیف ۔ موسم گرما ۔
صیقل ۔ صاف کرنا ۔ چمکانا ۔
صین ۔ ملک چین ۔
صینیہ ۔ سینی

## بابُ الضّاد

ضاب ۔ تھوہر کی قسم کا ایک کڑوا درخت ۔
ضابح ۔ سخت پتھر ۔ ایسا گرم علاقہ جہاں سورج کی گرمی سے گوشت بھن جائے ۔
ضابط ۔ ضبط قائم کرنے والا ۔ انتظام کرنیوالا ۔
ضابطہ ۔ قانون ۔ دستور ۔ قاعدہ
ضاحک ۔ ہنسنے والا ۔
ضارّ ۔ مضرّ ۔ تکلیف پہنچانیوالا ۔
ضارب ۔ مارنے والا ۔
ضاری ۔ شکار کے پیچھے دوڑنے والا کتا ۔
ضالّ ۔ راہ راست سے بھٹکا ہؤا ۔ گمراہ ۔
ضالّہ ۔ کھوئی ہوئی چیز ۔
ضالّین ۔ جمع ضال ۔ گمراہ لوگ
ضامن ۔ کفیل ۔ ذمہ دار

ضنان - بھیڑ بیشش
ضبب - سوسمار - گوہ - غصہ
ضباح - لومڑی کی آواز
ضبط - کسی چیز کو اس کی حد پر نگاہ رکھنا - انتظام -
ضبع - بغل - بازو
ضبور - درندہ - شیر - چیتا
ضجر - تنگدل - غمگین - رنجیدہ
ضجر - بے قراری - وفورِ غم
ضجرت - بے آرامی - رنج و غم
ضجور - مضطرب - بے قرار
ضحیٰ - پہر دن چڑھے کا وقت
پہر دن چڑھے کی نماز
ضحاک - ہنسنے والا - ایک ظالم بادشاہ کا نام جس کے مرنے کے بعد فریدون تخت نشینِ ایران ہوا -
ضحاکہ - ہنسنے والی عورت
ضحک - قہقہہ - آواز سے ہنسنا
ضحورہ - پہر دن چڑھے کا وقت
ضخام - بزرگ جثہ - اچھے خاصے تن و توش والا -
ضخامت - جسامت - موٹاپا
ضدید - باد مخالف
ضرّ - تکلیف - گزند -
ضرا - سختی - گزند
ضراب - جفتی کھانا - تلوار مارنا
ضراب خانہ - ٹکسال -
ضرارت - صدمہ پہنچانا - گزند پہنچانا -
ضرار - ایک دوسرے کو ضرر پہنچانا - منافقوں کی مسجد - رسول کریمؐ کے ایک بہادر اصحابی کا نام -
ضراعت - عاجزی - زاری
ضرب - مارنا - قتل کا ظاہر کرنا -
ضرب گرفتن - مذاق بنانا
ضربہ - پانسہ - چوٹ جو مارسے پہنچے
ضریبہ - ٹیکس -
ضرتان - ایک شخص کی دو بیویاں - سوتنیں -
ضرح - قبر کھودنا -

ضِرس - ڈاڑھیں - چکی کے دانت جن سے آٹا پیستی ہے
ضِرع - عاجزی - فریاد
ضَرِع - ذلیل و خوار - ضعیف
ضِرغام - شیر درندہ
ضَرّہ - سَوکن - سَوت - چکی کا پاٹ
ضَرِیح - قبر
ضَرِیر - نابینا - اندھا -
ضِعاف - جمع ضعیف - کمزور
ضِعف - دُگنا - دوچند -
ضَعف - سُستی - کمزوری
ضعف بنیہ - جسمانی کمزوری
ضُعَفا - جمع ضعیف -
ضعف التالیف - وہ چیز نظم کرنا جو محاورے کے خلاف ہو
ضِغث - اضغاث جمع جھاڑ دینا
ضغط - نچوڑنا - بھینچنا - تنگ و مجبور کرنا -
ضغطہ - بھینچنا -
ضُغطہ - سختی - تنگی -
ضفادع - جمع ضفدع - مینڈک

ضفدع } مینڈک - ایک
ضفادی } بیماری حلق کا ورم
ضِلّ - گمراہ - بُرا -
ضلال - گمراہی - پوشیدگی
ضلاضل - سخت زمین - چٹان
ضلالت - گمراہی -
ضلع - پسلی - سلطنت کا ایک حصہ جو کئی ایک تحصیلوں کا مجموعہ ہوتا ہے
ضلوع - جمع ضلع کی -
ضلیل - گمراہ - بھٹکا ہوا
ضَمّ - پیش کی حرکت - ملنا - ملانا
ضِماد - لیپ -
ضمار - پوشیدہ مال -
ضمان - ضمانت - کفیل ہونا
ضمائر - جمع ضمیر -
ضمد - لیپ کرنا - پٹی لگانا -
ضمر - لاغری - دُبلاپن -
ضِمن - اندر -
ضمّہ - پیش کی حرکت -
ضمیر - دل - اسم کا قائم مقام - اندیشہ - خاطر

ضمیران ۔ ناز بو ۔
ضمیم ۔ ملا ہوا ۔ شامل کیا ہوا
ضمیمہ ۔ وُہ شے جو کسی اور شے
ہو زیادہ کرنے لگائیں ۔
ضمین ۔ ضامن ۔ ذمہ دار ۔
ضنی ۔ لاغر ۔ کمزور
ضو ۔ روشنی ۔ سورج کی روشنی
ضوابط ۔ جمع ضابطہ ۔ قاعدے
قوانین ۔
ضواحک ۔ ڈاڑھوں اور
کچلیوں کے درمیان کے چار دانت
ضوہران ۔ ناز بو ۔ ریحان سپرغم
ضہول ۔ کسی حق کو باطل کرنا ۔
ناقص کرنا ۔
ضیا ۔ روشنی ۔ سورج کی روشنی
ضیاع ۔ ضائع اور ضیعت کی جمع
کھیتی کی زمینیں ۔
ضُیر ۔ گزند ۔ تکلیف ۔ نقصان
ضیع ۔ ہلاک ہونا ۔ ضائع ہونا ۔
ضیعہ ۔ ضائع ہونا ۔ تجارت
پیشہ ۔ کھیتی کی زمین

ضیغم ۔ شیر درندہ ۔ حضرت علی رض
کا خطاب ۔
ضیف ۔ مہمان لوگ ۔
ضِیق ۔ تنگی ۔
ضَیق ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔
ضیق النفس ۔ تنگیٔ سانس
کی بیماری ۔
ضیم ۔ نقصان کرنا ۔ ظلم کرنا ۔
ضَیمران ۔ ایک قسم کی خوشبودار
گھاس ۔ ریحان ۔ تیاز بو ۔
سپرغم ۔
ضیوف ۔ جمع ضیف ۔ مہمان
لوگ ۔

# بابُ الطاء

طاب ۔ خوش بُو ۔ پاک و مصفا ۔
طابنہ ۔ انگوری شراب ۔
طابخ ۔ نہایت سخت بخار ۔
طابع ۔ پیدائشی عادت ۔
طابق ۔ تابہ ۔ توا

طابور - پلٹن -
طاجن - توا کڑاہی -
طارف - تازہ مال -
طارق - چور - حادثہ -
طارِم - ایک دریا کا نام لکڑی کا مکان - بالا خانہ -
طاری - عارض ہونیوالا نیچے اترنے والا - ظاہر ہونیوالا -
طاس - بڑا طشت - بندے کی ٹوپی - دریا کا علاقہ -
طاسک - چھوٹا طشت -
طاس گرداں - گولیوں کے ذریعہ فال نکالنے والا -
طاش - ایک قوم ہے -
طاعات - جمع طاعت - فرمانبرداری
طاعن - طعن کرنیوالا - نیزہ زن
طاعون کوبی - طاعون کا ٹیکہ لگوانا -
طاغوت - شیطانوں کا سردار ابلیس -
طاغی - باغی - مُفسد -

طاف - طواف کرنے والا - گشت لگانے والا -
طاق - اکیلا - محراب - محراب دار عمارت - روئی دار چوغہ -
طاقہ - تھان -
طال - دراز ہوا -
طالب - جوئندہ - خواہشمند -
طالبی - ایک قسم کا خربوزہ
طالح - بُرا - بدکار آدمی -
طالع - نصیب - طلوع کرنیوالا نجوم کی لگن -
طالعہ - طلوع کرنیوالی -
طالِق - طلاق شدہ عورت -
طالقان - بلخ میں ایک شہر کا نام -
طامات - جھوٹ - گپ - پریشانی کی باتیں - فقیروں کی بڑ -
طامِح - سرکش -
طامع - لالچی -
طامہ - سختی - مصیبت - قیامت
طاؤس - مور - خوبصورت پرندہ

طاؤسہ - سبز -
طاویہ - وہ شخص جس کا پیٹ پیٹھ سے لگا ہو -
طاہر - پاک -
طاہل - وہ پانی جس کا رنگ اور مزہ تبدیل ہو گیا ہو
طاہی - باورچی -
طاسحہ - ہلاک کر دینے والا حادثہ
طائر سدرہ } حضرت جبرائیلؑ فرشتہ
طاہر قدس }
طائش - کمزور - دُبلا -
طائف - مکہ معظمہ کے قریب ایک مکان - خواب - کوتوال طواف کرنے والا -
طائفہ - گروہ - جماعت -
طائل - زیادتی - افزونی - فائدہ
طائی - طے قبیلہ سے نسبت رکھنے والا -
طِبّ - امراض کی تشخیص اور علاج کا علم -
طبابت - حکمت - فن طب

طبّاخ - باورچی -
طباشیر - ایک دوائی - چاک - کھریا مٹی -
طبّاع - فہیم - زیرک -
طباع - جمع طبع - عادتیں -
طباق - دو چیزوں کو باہم موافق کرنا -
طبائع - جمع طبیعت - خو -
طبخ - پکانا - صندل
طبرزد - مصری - نبات -
طبع - سرشت - خو - نقش کرنا - چھاپنا -
طبع - چشمہ - رنگ - عیب
طبعی - منسوب بہ طبع -
طَبق - تہ - طبقہ - خوانچہ -
طبق - دستور - طریقہ -
طبقات - جمع طبقہ -
طبقہ - جماعت - ڈیک
طبل - ڈھول -
طبل برچیں - سورج غروب ہونے کے بعد دکانیں بند

کرنے کیلئے نقارہ بجایا جاتا ہے
طبل خوردن - بھاگنا -
طبلہ - صندوقچہ -
طبّی - منسوب بہ طب
طبیب - علم طب جاننے والا -
طبیخ - جوشاندہ - پکی اینٹ
طپانچہ - تھپڑ - طمانچہ -
طپیدن - تپنا - تڑپنا - بیقرار ہونا -
طحال - تلی کے بڑھ جانے کی بیماری -
طحق - آٹا پیسنا -
طحل - ورم تلی -
طحل - غضبناک -
طحن - آٹا -
طحن - آٹا پیسنا -
طحو - ہلاک ہونا - رنجیدہ ہونا
طر - اچک لینا - تھپڑ مارنا -
طرابلس - ملک مغرب میں ایک علاقہ جس کا نام طرابلس الغرب ہے - اور شام میں ایک شہر کا نام
طراحی - مصوری - نقاشی - معماری
طراد - باہم حملہ کرنا -
طرار - چالاک - گرہ کٹ -
طراز - نقش ونگار - سنجاف -
طراز - ترکستان کا ایک حسن خیز شہر -
طرازیدن - نقش کرنا -
طراق - کوڑا مارنے کی آواز
طرب - خوشی - شوق -
طرح - نئی عمارت - کمزور کے ہاتھ چیز گراں بیچنا - گرانا -
طرح ریزی کردن - کسی امر کے متعلق تدبیر و تجویز کرنا -
طرخان - وہ سردار جس کو بادشاہ کی خدمت معاف ہو گئی ہو ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام -
طرخون - ایک قسم کا پودا
طرر - جمع طرہ -
طرف - کنارہ - بڑا ٹکڑہ - حریف جانب -

طرف - کنارہ - ترچھی نگاہ سے دیکھنا
کنکھیوں سے دیکھنا -
طُرفا - جھاؤ کا درخت -
طرف بستن - نفع اٹھانا -
طرفۃ العین - پلک جھپکانے
کا عرصہ -
طَرفہ - ایک دفعہ پلک جھپکانا
طُرفہ - نئی چیز - معشوق - عمدہ چیز
طَرفے - اندکے - تھوڑا عرصہ -
طرق - طریق - راہیں - راستے -
طرقوا - ہٹ جاؤ - راستہ
صاف کرو -
طرقوازن - چوبدار - نقیب
طُروب - جمع طرب - خوشیاں
طِروب - خوش و شاداں -
طُروق - رات کو آنا -
طُرہ - مکان کا چھجہ - پیشانی کے
بال - زُلف -
طَری - تازہ -
طریان - تازہ ہونا - حادث ہونا
طرید - مردود - رد کیا گیا -

طریدہ - حملہ -
طریف - عجیب - نرالا - نادر
طریق - طریقہ - شرمندہ - راہ
مضروب -
طریقت - باطنی صفائی - راہ سالکان
طسوج - چوتھائی دانگ - کنارہ
طعان - نیزہ مارنا -
طُعم - مزا - لذت - ذائقہ -
طُعم - خورش -
طعمہ - کھانا -
طعمہ - چکھنا -
طعن - عیب لگانا - نیزہ مارنا -
طغر - کسی کے پاس جانا -
طُغرا - ایک قسم کا پیچیدہ لفظوں
کا خط جس میں بادشاہوں کا
لقب اور نام وغیرہ فرمانوں
پر لکھا جاتا ہے -
طغرل - سلجوق کی اولاد سے
ایک بادشاہ کا نام - ایک
قسم کا باز -
طغی - آواز -

طغیان } زیادتی۔کثرت۔ظلم
طغیانی } حد سے گذر جانا۔
طفرہ۔مغالطہ۔
طفرہ زنی کردن۔ٹالنا۔
طفل۔بچہ۔
طفولیت۔بچپن۔لڑکپن
طفیف۔کم۔تھوڑا۔قلیل
طفیل۔کوفے کے ایک شاعر کا نام جو بن بلائے دعوت میں شریک ہوتا تھا۔ناخواندہ وسیلہ۔
طق طق کردن۔انگلیوں سے میز بجانا۔
طل۔شبنم۔اوس۔
طِلا۔عضو پر ملنے کی سیال دوائی۔سونا
طُلاب۔جمع طالب۔
طلاطل۔لاعلاج مرض۔
طلاق۔آزادی۔عورت کا قید نکاح سے چھوٹنا۔
طلاق۔دستوں کا جاری ہونا۔
طلاقت۔تیز زبانی۔

طلاوت۔خوبی۔تازگی۔سحر۔جادو۔
طلایہ۔وہ فوج جو چھاؤنی اور شہر کی حفاظت کرے۔
طلائی۔سونے کی چیز۔
طلائی دست افشار۔خسرو پرویز کا سونے کا دست افشار جو موم کی طرح نرم تھا
طِلْب۔آدمیوں کی جماعت
طلبہ۔جمع طالب۔
طلبیدن۔بلانا۔چاہنا۔
طلسم۔جادو سحر۔خیالات موہوم۔
طلسمات۔جمع طلسم۔
طلع۔شگوفۂ خرما۔مقدار
طلعت۔چہرہ۔دیدار۔زیارت
طلق۔ابرق۔دردِ زِہ۔
طِلق۔حلال۔آزاد۔
طلق اللسان۔فصیح۔
طُلق۔تیز زبان۔
طلل۔جسم۔پیکر۔

طلمبہ - فائر پمپ - آگ بجھانے کا انجن -
طلبہ چی - فائر پمپ والے -
طلوب - طالب -
طلوع - آفتاب کا ظاہر ہونا -
طلیعہ - وہ دستہ فوج جو لشکر کے فرودگاہ کیلئے مناسب جگہ تلاش کرتاہے - اور رات کو فوج کی حفاظت کرتاہے
طلیق - طلاق شدہ عورت - قید سے رہا شدہ -
طماح - بغاوت - سرکشی -
طماع - بڑا لالچی -
طماع - جمع طامع - لالچی -
طمانیت - اطمینان -
طمث - عورت کا حائض ہونا -
طمر - پرانا کپڑا -
طمس - مٹا دینا - نابود کر دینا - ہلاک کرنا -
طمطراق - رعب و دبدبہ - شان و شوکت -

طمع خام - ناممکن چیز کی طلب
طمغا - تمغہ -
طمغاج - ترکستان کی ولایت
طمیس - نابینا - اندھا -
طناب - خیمہ کی رسی -
طناب انداختن - پھانسی دینا -
طناز - ناز کرنے والا - شوخ -
طنب - خیمہ کی ڈوری -
طنک - ڈھولکی -
طنبور - ستار کی قسم کا ایک باجہ
طنین - مچھر - مکھی کی بھنبھناہٹ طشت لگن وغیرہ -
طوارق - حادثات زمانہ - تشدد
طواف - بیت اللہ شریف کے گرد گھومنا -
طوافچی - خانچے والا -
طوالت - طویل ہونا - درازی
طوالع - جمع طالع - منطق کی ایک کتاب
طوامیر - جمع طومار - دفتر -
طوائف - جمع طائفہ گروہ - مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام

طوبیٰ - ایک درخت کا نام جو بہشت میں ہے - خوشبودار
طوپہ - گیند -
طود - بڑا پہاڑ -
طور - کوہ سینا جہاں حضرت موسیٰؑ کو نور دکھائی دیا -
طورغہ - ایک قسم کی چڑیا -
طوس - خراسان کا ایک شہر جہاں محقق طوسی پیدا ہوئے اور جہاں کے رہنے والے فردوسی بھی تھے -
طوطک - ایک ساز کا نام
طوع - اطاعت - رغبت
طوعاً - خوشی سے - اطاعت سے
طوعاً و کرہاً - رغبت و کراہت سے - چار و ناچار -
طوفان - سخت آندھی - پانی کا سیلاب - سخت جنگ -
طوق - پٹہ - گردن کا بند - قوت
طول - بخشش - احسان کرنا -
طول - لمبائی -

طولک کردن - گریز کردن -
طومار - دفتر - کتاب -
طومنہ - مصیبت - تکلیف -
طونولانہ - تن -
طوی - عروسی - شادی -
طویّتہ - اندیشہ - نیت - ارادہ
طویل - دراز - عروض کے ایک بحر کا نام
طویلہ دُر - موتیوں کی لڑی -
طہار - ابر کا ٹکڑا -
طہارت - پاکیزگی - استنجا - وضو
طہاف - بلند بادل -
طہران - ایران میں ایک شہر -
طہمورث - تہمورث ایران کا ایک بادشاہ -
طہور - وہ چیز جو دوسری چیز کو بھی پاک کر دے -
طے - حاتم طائی کے قبیلہ کا نام -
طیّ - لپیٹنا - بھوک -
طیّار - اُڑنے والا - پرندہ - ہوائی جہاز - حضرت جعفر بن ابو طالب کا لقب -

طیارہ ۔ ہوائی جہاز ۔ باد رفتار تیز گھوڑا ۔
طیاش ۔ کم عقل ۔ بیوقوف ۔ بیہودہ ۔
طِیب ۔ خوشبو ۔
طیب ۔ پاکیزہ ۔ مزیدار ۔
طیبات ۔ ظرافتیں ۔ لطائف
طیبیت ۔ خوش طبعی ۔ حلال ہونا
طیبہ ۔ مدینہ منورہ ۔
طیر ۔ پرندہ ۔
طیران ۔ اُڑنا ۔
طیرہ ۔ غضب ۔ غصہ و جوش ۔ سُبکی ۔
طیرہ ۔ غمناک ۔ شرمندہ ۔
طیش ۔ جوش ۔ غصہ ۔ تیر کا نشانہ بے خطا کرنا ۔
طے کردن ۔ ختم کرنا ۔ لپیٹنا ۔ فیصلہ کرنا ۔
طیلسان ۔ تالسان ایک چادر جس کو مولوی اور خطیب اپنے کندھوں پر ڈالتے ہیں ۔
طے لسان ۔ خاموشی ۔ قوت گویائی ۔
طیمس ۔ دریائے ٹیمس ۔
طین ۔ نمناک مٹی ۔
طینت ۔ اصل ۔ پیدائش ۔ سرشت
طینی ۔ مٹی کی چیز
طیور ۔ جمع طیر ۔ پرندے ۔
طیہوج ۔ تیتر کی قسم کی ایک چڑیا ۔

# باب الظاء

ظافر ۔ ظفر یافتہ ۔ فتحمند ۔
ظامی ۔ تشنہ ۔ پیاسا ۔
ظرّاف ۔ بڑا خوش طبع ۔ ظریف
ظرافت ۔ خوش طبعی ۔ زیرکی ۔
ظرف ۔ حوصلہ ۔ برتن ۔ دانائی ۔
ظرفا ۔ جمع ظریف ۔
ظرف ۔ لفافہ ۔
ظریف ۔ لطیفہ گو ۔ خوش طبع ۔ دانا ۔
ظفر ۔ فتح ۔
ظفر ۔ ناخن ۔
ظفرہ ۔ آنکھ کی بیماری ۔ ناخونہ
ظفیر ۔ اپنے ارادہ میں ہمیشہ کامیاب ہونیوالا ۔

**ظِلّ** - خیال - سایہ -
**ظلّ اللہ** - خدا کا سایہ - عادل بادشاہ سے مراد ہے -
**ظَلال** - سایہ دار مقام - ابر کا سایہ -
**ظِلال** - جمع ظل -
**ظلام** - رات کے پہلے وقت کی تاریکی -
**ظلام** - جمع ظلمت - اندھیرا -
**ظلّام** - بڑا ظالم - ستمگر -
**ظل ظلیل** - لمبا سایہ
**ظلل** - بہت ابر یا سائبان
**ظلم** - ستم - بے انصافی - ناجائز سختی - حق تلفی -
**ظُلمات** - جمع ظلمت - اندھیرا
**ظلمانی** - تاریکی - غیر شفاف اشیاء -
**ظلمانیت** - تیرگی - تاریکی -
**ظلمت** - اندھیرا - تاریکی -
**ظُلمہ** - جمع ظالم - سرکاری نوکر -
**ظُلول** - سایہ کرنا -
**ظلُوم** - جمع ظالم - بڑا ظلم کرنیوالا -
**ظُلّہ** - سائبان - چھجہ - چھتر -
**ظلیل** - سایہ دار جگہ -
**ظلیم** - ظلم رسیدہ - ستم دیدہ - مظلوم
**ظمأ** - پیاس -
**ظمآن** - تشنہ - پیاسہ -
**ظن** - وہم - گمان -
**ظنت** - تہمت -
**ظنون** - جمع ظن - وہم - گمان
**ظنی** - عقل کے قریب تر
**ظنین** - متہم - وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو -
**ظنیہ** - و مقدمہ جو قریب یقین کے ہو -
**ظواہر** - جمع ظاہر - زمین سے اُگی ہوئی چیزیں - نباتات -
**ظہار** - ہم پشت ہونا - مرد کا اپنی عورت سے منکوحہ سے یہ کہنا کہ تو مجھ پر ماں کی طرح ہے - اس سے وہ عورت تاوقتیکہ مرد کفارہ نہ ادا کرے حرام ہو جاتی ہے -

ظِہارت - قوی پشت ہونا -
ظَہر - پُشت -
ظَہَر - درد پشت -
ظُہر - دوپہر کے بعد کا وقت -
ظہور - ظاہر ہونا - روشن ہونا - کھلنا -
ظہیر - پشت پناہ معین ومددگار خدا کا نام -
ظہیرہ - دوپہر کا وقت -
ظہیئر - دودھ پلانے والی - دایہ - انا

# باب العین

عابِد - عبادت کرنیوالا - پُجاری
عَابِر - عبور کرنے والا -
عابرسبیل - مسافر -
عابرہ - بامحاورہ کلام فصیح کلام
عابس - بدمزاج - ترشرو چیں بجبیں
عاتِق - آزاد - پرانی شراب -
عاتک - اصرار کرنیوالا - نڈر آدمی -
عاتم - بات کو آنے والا -
عاتی - باغی - سرکش - متکبر -
عاج - ہاتھی دانت -
عاجل - جلدباز - مجازاً دنیا
عَاد - ایک کافر کا نام -
عادِل - عدل وانصاف کرنیوالا معتبر گواہی والا - پرہیزگار
عادی - خُوگر - عادت رکھنے والا -
عاذِل - ملامت کرنے والا -
عَار - شرم - عیب -
عارج - چڑھنے والا -
عارض - فوج کا بخشی - لاحق ہونے والا - رخسارہ - عرض کرنے والا - ابرسیاہ -
عارضہ - بیماری - مرض - حاجت
عارضی - مصنوعی - غیرمستقل -
عارضین - مدعی - ومدعا علیہ
عارف - خداشناس - واقف صابر -
عارِی - شرمندہ - برہنہ - خالی -
عاریت - مانگے لینا دینا -
عازِم - ارادہ کرنیوالا -

عاسل - شہد نکالنے والا -
عاشر - دسواں حصہ -
عاشق - عشق رکھنے والا - محبت رکھنے والا -
عاشورا - محرم کی دسویں تاریخ
عاصف - آندھی - طوفان - تیر اندازی
عاصم - باز رکھنے والا - نگاہ رکھنے والا -
عاصی - گناہگار - مجرم -
عاطر - خوشبو دار -
عاطف - مڑنے والا - ملانے والا مہربانی کرنیوالا -
عاطفت - مہربانی -
عاطل - معطل - بے کار - برہنہ - شرمندہ -
عاف } عافی } عفو کرنے والا - بخشنے والا
عافیت - آرام -
عافین - جمع عافی - گناہ معاف کرنے والے
عاق - ایسا نافرمان و سرکش لڑکا جسکو ماں باپ نے اپنی فرزندی سے علیحدہ کردیا ہو

عاقب - پیچھے آنیوالا - جانشین
عاقبت - انجام - آخر -
عاقر - بانجھ عورت جس کے اولاد نہ ہو - عقیمہ -
عاکف - گوشہ نشین جو ہمیشہ عبادت میں مشغول رہتا ہو -
عاکفان } عاکفین } جمع عاکف -
عالم - خداوند کریم کے سوا باقی سب چیزیں - دنیا - مخلوقات - حالت -
عالِم - علم والا - جاننے والا -
عالَم اسباب - اس میں ہر چیز کا اسباب ہوتا ہے -
عالَم امر - عالم ارواح - عالم ملائک -
عالم برزخ - موت اور قیامت کے درمیان روحوں کے رہنے کا مقام -
عالم جبروت - مرتبہ صفات خداوند تعالیٰ -

عالم لاہوت - عالم ذات اللہ اللہ تعالٰے -
عالم ملکوت - اسماء الٰہی کا مرتبہ -
عالم معقول - عالم عقلی -
عالم معنی - وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے -
عالم ناسوت - فانی دنیا ہماری یہ موجودہ دنیا - دار الفنا -
عالم ہیولانی - عالم اجسام - دنیا
عالمی - منسوب بہ عالم - دنیا کے رہنے والے -
عالمیاں - دنیا کے رہنے والے -
عام - سال - برس - اعوام جمع -
عام - مشہور - عوام -
عامر } آباد کرنیوالا - نام قبیلہ
عامرہ }
عامل - عمل کرنے والا - حاکم -
عامہ - مشہور عام -
عامی - جاہل -
عانب - انگور والا -
عاند - عناد رکھنے والا - دشمن -

عانس - وہ لڑکی جو عرصہ تک خاوند کے بغیر رہے -
عانہ - ناف کے نیچے کی جگہ - پیڑو
عاہر - زانی - حرامکار -
عاہل - وہ عورت جس کے شوہر نہ ہو -
عائد - عود کرنے والا - الٹ کرنے والا - لازم -
عائق - مانع - حائل -
عَب - دمبدم پانی پینا -
عبا - ایک لباس -
عباد - جمع عبد - بندے -
عبّاد - بہت عبادت کرنے والا -
عبّاس - شیر درندہ حضرت رسول کریم کے چچا - حضرت علی کے بیٹے کا نام -
عبّاسی - ایک قسم کا پھول خلفاء عباسیہ نے اپنے کپڑوں کا سیاہ رنگ مخصوص کر رکھا تھا اسلئے سیاہ رنگ سے کنایہ ہے -
عباسیاں - حضرت عباس رسولکریم کے چچا کی اولاد

عبث - بے فائدہ - بیہودہ -
عبد - غلام - بندہ -
عبد اللہ - رسول کریم کے والد ماجد کا اسم شریف -
عبد المطلب - رسول صلعم کے دادا کا نام -
عبد المناف - رسول اکرم کے پردادا کا نام -
عبدہ - جمع عابد -
عبر - خواب کی تعبیر کہنا -
عبر - کشتی یا جہاز کا محصول -
عبر - پکڑنا - رونا -
عبرت - کسی کی بدحالی دیکھ کر نصیحت پکڑنا -
عبرہ - رونا - اشک -
عبرہ - کشتی یا راہداری کا محصول خراج -
عبری }
عبرانی } اہل کنعان کی زبان -
عبس - تیوری - چیں بجبیں - کج خلقی - پیشاب -

عبق - خوشبودار چیز -
عبقری - عمدہ - نفیس لطیف چیز -
عبودیت - غلامی -
عبوس - ترشروئی - پیشاب کی ایک مرض -
عبوست - ترشروئی -
عبہر - زرد رنگ - نرگس -
عبید - جمع عبد - بہت سے غلام -
عبیر - کئی ایک خوشبودار چیزوں سے حاصل کی ہوئی ایک خوشبو -
عتاب - جھڑکی - سختی - خفگی - ناز
عتاد - اسباب سفر -
عتاق - لونڈی یا غلام آزاد -
عتاقت - آزادی -
عتب - غصہ کرنا - ناراض ہونا -
عتبہ - چوکھٹ - درگاہ - آستانہ -
عتبات - چوکھٹیں - مصائب
عترت - آل و اولاد -
عتق - آزادی -
عتق - کہنگی - پرانا ہونا -
عتیب - عتاب - خفگی -

عَتید - مہیا - حاضر -
عتیق - بزرگ - برگزیدہ -
عِثرت پھسلنا - سر کے بل گرنا -
عثمان لو - مغربی ترک -
عجالت - تعجیل - جلدی کرنا -
عجائز - بوڑھی عورتیں -
عُجب - مغرور - سرکش -
عُجب - خود بینی - غرور -
عجز - عاجزی -
عجزہ - جمع عاجز -
عجف - لاغری - کمزوری -
عجل ایک قبیلہ کا نام - گائے
کا بچھڑا -
عجلت شتابی کرنا - جلدی کرنا -
عجم - حروف پر نقطے دینا -
عجم - عرب کے بغیر باقی ملک
ایران توران وغیرہ -
عجمی - جو عرب کا باشندہ نہ ہو - ایرانی
عجن - خمیر کرنا -
عجوز - بوڑھی عورت -
عجول - دوڑنے والا - حیران -

عجیز - حیز - نامرد - مخنث -
عجین - خمیر -
عَدّ - گننا - شمار -
عِداد - گنتی - بخشش -
عداوت - دشمنی -
عِدّت - وہ مدت جس میں طلاق
دادہ عورت دوسرے کسی
شخص کو شوہر نہیں بنا سکتی -
عَدد - گنتی - ہندسہ -
عدل - انصاف کرنا -
عدل - کپڑے کی گٹھری -
عدم - نیستی - نہ ہونا -
عَدْن - باغ - بہشت - ہمیشگی
عَدَن - ایک جزیرہ کا نام جہاں
سے موتی حاصل ہوتے ہیں -
ملک عرب کی مشہور بندرگاہ
عدو - دشمن - بیری -
عدوان - جور و ظلم - عداوت رکھنا
عَدُول - پرہیزگار - عادل گواہ
عُدُول - نہ ماننا - پھر جانا -
عَدولی - حد سے تجاوز کر جانا -

عدید - کثیر - شمار - مثل -
عدیل - ہم مرتبہ - کجاوہ کا ہم نشین
عدیم - نایاب - کم - فقیر -
عدیم المعروف - خشک مزاج -
عذار - رخسارہ - عارض -
عَذب - شیریں - خوش ذائقہ
عُذرا - کنواری لڑکی - وامق
کی معشوقہ کا نام -
عُذر لنگ - سست بہانہ -
عذوبت - شیرینی -
عِرابہ - چھکڑا - گاڑی -
عِرادہ - چھوٹا منجنیق - گھمانی -
عرادہ - چھکڑا - گاڑی -
عِرادہ چی - چھکڑے والا -
عِراق - دریا کے کنارے کا ملک
دجلہ کے کنارے کا ملک
عراق عرب - اور جیحوں کے
کنارے کا عراق عجم - موسیقی
کا ایک پردہ -
عراقین - کوفہ و بصرہ - عراق
عجم و عراق عرب -

عرائس - جمع دولہن -
عرب - ملک عرب کا باشندہ - گنوارا -
عربان - باشندگان عرب -
عَربدہ - بدخوئی - نخرہ -
عربستان - ملک عرب -
عَرَج - لنگڑاپن -
عِرس - شوہر والی عورت -
عُرس - فوت ہونے کے دن کی
مجلس - دعوت عروسی -
عَرش - تخت - چھت - مجازاً
تخت رب العالمین -
عَرشیان - فرشتے -
عَرشہ - جہاز کا نچلا حصہ -
عرصہ - میدان - شطرنج کی بساط
عرصات - جمع عرصہ - قیامت
عرض - درخواست - چوڑائی -
اسباب خانہ -
عَرَض - اُس وصف کا نام ہے
جو جوہر کے ساتھ لاحق
ہو -
عِرض - عزت آبرو - جسم -

عرض بیگی - لوگوں کے سوالات کو بادشاہ سے عرض کر نیوالا -
عرض حیات - ایام زندگی کو بخوشی گذارنا -
عرض عمر - زندگی کا موانقہ -
عرضہ - ظاہر کرنا - عرض کرنا -
عرضہ داشتن - پیش کرنا -
عرعر - چلغوزہ کا درخت - چیڑ کا درخت -
عرعر کردن - گدھے کی آواز -
عُرف - مشہور - پہچان -
عَرف - خوشبو -
عرفات - ارکان حج ادا کرنے کی مکہ معظمہ سے نو کوس کے فاصلہ پر ایک جگہ -
عرفان - خدا کو پہچاننا -
عرفہ - ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ
عُرفی - ایک مشہور شاعر کا تخلص
عِرق - پسینہ -
عرق - درخت کی جڑ - شراب بدن کی رگ -

عرق بہار - نارنجی اور لیموں کے پھولوں کا عرق -
عَرق کردن - شرمندہ ہونا -
عرق چیں - ایک قسم کی ٹوپی -
عرم - پانی کے روکنے کی بینڈ -
عرمرم - جرار لشکر -
عروب - خندہ پیشانی اور خوش خلق عورت -
عروتیز - شوروغل -
عروج - بلندی - چڑھنا -
عُروس - دولہن -
عُروس خالہ - مولا -
عروسان بہاری - سبزہ وگل
عروسک - زرد آلو - لڑکیوں کے کھیلنے کی گڑیا -
عُروسی - نکاح کی شادی -
عُروض - عارض ہونا - ظہور -
عُروض - علم اشعار کا نام -
عروق - درخت کی جڑیں - بدن کی رگیں -
عروہ - ہر چیز کا دستہ -

عُروۃ الوثقیٰ - مضبوط گرفت -
عُریان - ننگا - برہنہ -
عُریش - انگور کی شاخوں کی ٹٹی - ہودج -
عَریض - چوڑا -
عَرین - شیروں کے رہنے کا جنگل - کثیر درختوں کا جھنڈ -
عِزّ - عزت - ارجمندی -
عَزّ - سخت بارش - غلبہ -
عزا - ماتم پرسی -
عزازیل - ابلیس - شیطان
عزائم - جمع عزم - جادو منتر - سحر - افسوں - آیات قرآن مجید
عَزَب - مرد مجرّد -
عزبہ - عورت مجرّد - وہ عورت جس کے شوہر نہ ہو -
عزرائیل - ملک الموت ایک فرشتہ کا نام -
عزل - معزول ہونا - بیکار رہنا
عُزل - غیر مسلح - جس نے ہتھیار نہ پہنے ہوئے ہوں -

عُزلت - عبادت کے لئے گوشہ نشین ہونا -
عَزم - ارادہ -
عزوب - پوشیدہ ہونا - دور ہونا
عزوت - بخیل - کنجوس - دل تنگ
عزّ و جلّ - بزرگ و برتر -
عزی - کسی کو کسی کام کی طرف بلانا -
عزیز - پیارا - مرغوب - پہلے شاہ مصر کا لقب ہوا کرتا تھا -
عزیف - وہ آواز جو راتکو بعض دفعہ سنائی دیتی ہے - پری کی آواز -
عزیق - ہموار زمین -
عزیم - سخت دشمن -
عزیمت - دعا - افسوں منتر
عسارت - مفلسی - تنگی -
عساکر - جمع عسکر - لشکر -
عساکر نظامیہ - باقاعدہ فوج
عسالہ - شہد کی مکھی -
عسس - کوتوال - محافظ شہر -

عَسعسۃ - رات کا تاریک ہونا
عسکر - فوج - لشکر - تاریکی شب
عسکری - نیشاپور کے محلّہ عسکر کا رہنے والا - کنایہ امام علی نقی عسکری اور امام حسن عسکری سے -
عَسَل - شہد -
عسل - شہد ملانا - عورت کا نکاح کرنا -
عسیر - دشوار - مفلس -
عسیلہ - جماع کی لذت - شہد
عُش - گھونسلا -
عَشاء - رات کا کھانا -
عِشاء - نمازِ عشا - رات کی سیاہی
عَشا - شب کوری - رات کو اندھا ہو جانے کی بیماری -
عشّاق - جمع عاشق - ایک راگ کا نام
عشائر - جمع عشیرہ - قبیلے -
عَشَر - دس - ۱۰ -
عشر - دسواں حصہ $\frac{1}{10}$
عشرات - جمع عشرہ - دہائیاں
عشرت - عیش -
عشر خواں - نو آموز لڑکا - جو ابھی قرآن مجید کی آیات تبرکاً پڑھ رہا ہو -
عشر عشر - سواں حصہ $\frac{1}{100}$
عشرین - بیس - ۲۰
عشق - محبت -
عشقہ - عشق پیچاں -
عشق باز - عاشق چاہنے والا
عشتم - نان خشک -
عشور - چنگی کا محصول -
عَشوہ - آگ جو رات کو دور سے دکھائی دے -
عِشوہ - ناز - کرشمہ - ادا -
عَشی - سر شام -
عشیر - قبیلے کا آدمی - ساتھی -
عشیرہ - دسواں حصہ $\frac{1}{10}$ - قبیلہ -
عشقیہ - جس میں عشق و محبت کا ذکر ہو - معشوقہ -
عصا - لاٹھی -

عصابہ - پگڑی - سربند -
عصابہ - پٹی جو زخم پر باندھتے ہیں -
عُصات - جمع عاصی - گناہگار لوگ -
عَصّار - تیلی تیل نکالنے والا
عُصارہ - رس - تیل - شیرہ -
عصافیر - جمع عصفور - چڑیاں -
عَصَب - پٹھے - جمع عصبہ -
عَصبہ - پٹھا -
عصبصب - بہت گرم دِن
عصبیت - خویشاوندی طرفداری
عصر - زمانہ - نماز دیگر -
عَصرانہ - سہ پہر کا کھانا -
عَصفر - سُرخ کپڑا - کسنبھ
عصمت - گناہ سے بچنا - پرہیزگاری -
عَصمُور - ڈول - بالٹی -
عِصیان - گناہ -
عصیب - رشتہ دار - مضبوط -
عصیر - انگوری شراب - رس - شیرہ

عضاد - کنگن -
عضادہ - دروازہ کا لکڑی کا بازو
عضبیت - تیز زبانی -
عضُد - شیراز کے ایک بادشاہ کا نام - بازو -
عِضَد - مدد کرنا - یاری کرنا -
عَضل - بیوہ عورت کو دوسری شادی سے باز رکھنا -
عُضَل - مصائب - شدائد -
عَضُلہ - ۔۔۔ - وہ گوشت کا ٹکڑا جس کے ریشوں سے چربی ملی ہو -
عضُوب - جمع عضب - تلواریں
عَضُوم - بہت کھانیوالا - پیٹو -
عطار - گندھی - عطر فروش -
عطارَد - دبیر فلک - منشی آسماں - ستارہ بدھ -
عُطاس - چھینک - چھینکوں کی بیماری -
عِطاش - پیاسے -
عطایا - بخششیں -

عطب - ہلاکت -
عَطب - نرمی - نزاکت -
عطریات - خوشبو دینے والی چیزیں
عطس - چھینکنا -
عَطسہ - چھینک -
عَطش - پیاس -
عطشاں - پیاسہ -
عطف - پھیرنا - لپیٹنا - مہربانی
عطل - بے نقطہ حرف - زیب و آرائش کے بغیر عورت -
عُطلت - بے کاری -
عطُوف - مہربانی -
عطُوفت - مہربانی -
عطیات - جمع عطیہ - بخششیں
عطیہ - انعام - بخشش -
عُظام - جمع عظم - ہڈیاں - بڑے لوگ -
عَظم - استخوان - ہڈی -
عُظم - بزرگی - بڑھائی -
عظما - جمع عظم - بزرگ - بڑے لوگ -

عظمیٰ - بزرگ عورت -
عظمت - بزرگی -
عفاف - پرہیزگاری -
عِفت - پاکدامنی - پارسائی -
عفریت - جن - بھوت - دیو - شیطان -
عفص - مازو - ایک مشہور دوائی
عِفص - بدمزا - کڑوی چیز جو گلا پکڑے -
عفعف - کتے کے بھونکنے کی آواز
عَفن - سڑان - بدبو -
عفو - معاف کرنا -
عفوصت - کڑواپن - بدمزگی -
عفومت - بدہضمی -
عفونت - بدبو -
عفیف - پرہیزگار - پاکدامن
عفیفہ - پارسا و پرہیزگار عورت -
عِقاب - دُکھ دینا - عذاب کرنا
عقاب - پیچھے آنا -
عقاب فرانس - فرانس کا مارک
عقار - گھر کا اسباب - کھیتی کی زمین

عقار - بگلہ -
عقارب - جمع عقرب - بچھو -
عقال - چوپاؤں کے پاؤں باندھنے کی رسی - دونا -
عقائد - جمع عقیدہ - اعتقاد کی چیزیں
عَقِب - بیٹا - پاؤں کی ایڑی -
عُقب - انجام - آخر -
عَقب - کسی کے پیچھے آنا -
عقبیٰ - آخرت -
عقبات - دشوار گذار راہیں -
عقبان - جمع عقاب - ایک بزرگ جسم پرندہ -
عقبہ - مشکل - دشوار گذار راہ
عقد - گرہ لگانا - عہد کرنا - نکاح باندھنا -
عقد انقطاعی - متعہ - عارضی نکاح -
عِقد - ہار - لڑی -
عُقد - جمع عقدہ - گرہیں -
عقدہ - گرہ - مشکل بات -
عقر - عقیم ہونا - بانجھ ہونا -
عقرب - بچھو - آسمان کا آٹھواں بُرج ہے -
عقرب ساعت / عقربہ } گھڑی کی سوئی -
عقربی - عمدہ لعل کی ایک قسم -
عقعق - ایک کوے کی قسم کا سیاہ رنگ تیز پرواز پرندہ -
عقل اول - رسول کریم صلعم کا نور مبارک - جبرائیل فرشتہ -
عقلا - جمع عقیل - عقلمند - دانا لوگ
عقل فعال - دسواں فرشتہ - عقل عاشر جس نے تمام عالموں کو پیدا کیا -
عقوبت - دکھ سزا - عذاب -
عقود - جمع عقد -
عقوق - ماں باپ سے باغی ہونا - نافرمانی کرنا -
عقول - جمع عقل - فرشتے - دانا لوگ -
عقول عشرہ - دس فرشتے جنہوں نے بحکم رب العالمین تمام

جہانوں کو بنایا اور اُن کا انتظام کیا۔
عقیدت - جس پر یقین کرنے سے اُس مذہب میں شامل ہو سکے - اعتقاد کرنا۔
عقیر - بانجھ عورت - جس کے اولاد نہ ہو - ناامید۔
عقیق - جواہرات کی قسم سے ایک سرخ پتھر۔
عقیقہ - لڑکے کے نام رکھنے کی پیدائش سے ساتویں دن کی ضیافت۔
عقیل - عقلمند۔
عقیم - بانجھ - مخنّث
عکّاس باشی - بڑا فوٹوگرافر۔
عکس انداختن - فوٹو لینا۔
عِلا - بلندی۔
عَلاّت - سندان۔
علٰی - اوپر۔
علی الاطلاق - بے قید - بے روک ٹوک۔

علی الخصوص - خصوصاً۔
علی الحال - ابھی - جلد
علی الدوام - ہمیشہ۔
علی الرغم - برعکس - اُلٹ - برخلاف
علی الصبح - صبح سویرے۔
علامات - جمع علامت - نشانیاں
علامہ / علامی - بہت بڑا عالم۔
علانیہ - ظاہر - کُھلم کُھلا۔
علائف - جمع علف - بوٹیاں۔
علائق - جمع علاقہ۔
عُلبہ - ڈبیہ۔
علّت - سبب - مرض۔
علّت تامہ - پورا سبب۔
علّت غائی - اصلی وجہ جس کے لئے کوئی چیز بنائی گئی ہو اُس کا فائدہ۔
عِلّت فاعلی - جس نے کوئی شے بنائی ہو۔
عِلّت مادی - وہ مادہ جس سے وہ چیز بنی ہو۔

علث ۔ لڑائی کی سختی اور مصیبت
علج ۔ علاج میں کسی پر غلبہ پانا ۔
علف ۔ گھاس ۔ بوٹی ۔
علف چمنا ۔ خودرَو بوٹی یا گھاس
علف ہرزرد ۔ خودرَو گھاس
علق ۔ جما ہُوا خون ۔ دوسری چیز میں لٹکی ہوئی چیز ۔
علک ۔ دانت پیسنا ۔
علل ۔ جمع علت ۔ اسباب ۔ بیماریاں ۔
عَلَم ۔ جھنڈا ۔ نشان ۔ بیل ۔ بُوٹا ۔
عِلم ۔ جاننا ۔ عقل ۔
علم فزیک ۔ علم طبعیات ۔
عُلما ۔ جمع عالم ۔
علم الیقین ۔ کسی چیز کا یقین کامل سے جاننا ۔
علم لدُنی ۔ اللہ تعالےٰ کا عطا کیا ہُوا علم جو کسی استاد سے نہ پڑھا گیا ہو ۔
علم لاہوت ۔ علم کلام ۔
علم نظر ۔ علم مناظرہ ۔ علم بحث ۔
علن ۔ ظاہر ۔
علندی ۔ موٹی چیز ۔
عُلو ۔ بلندی ۔ اونچائی ۔
عُلوفہ ۔ روزینہ ۔ خوراک ۔ وظیفہ
علُوق ۔ لٹکنا ۔ دوست رکھنا ۔
علوم ۔ جمع علم ۔
عَلوی ۔ منسوب بہ حضرت علی ۔ حضرت علی کے بیٹوں کی اولاد جن میں حضرت امام حسن و حسین کی اولاد شامل نہیں ۔ کیونکہ اُن کی اولاد سیّد کہلاتی ہے ۔
عُلوی ۔ آسمانی ۔ مثلاً فرشتے ستارے وغیرہ ۔
عُلیا ۔ اعلےٰ کا مونث ۔ بہت بلند
علیفہ ۔ گھوڑوں کے دانہ کا توبرہ
عِلیل ۔ مریض ۔
علیم ۔ جاننے والا ۔ علم والا ۔ اللہ تعالےٰ کا ایک نام ۔
علیق ۔ دانہ ۔ گھاس ۔
علیقہ ۔ گھوڑوں کے دانہ کا توبرہ
عُلیہ ۔ بلند مرتبہ ۔

عِلّیّین ۔ بہشت کا نام ۔ نیک لوگوں کے اعمال نامے ۔
عَمّ ۔ چچا ۔
عَمَّا ۔ ابر غلیظ ۔ اندھاپن ۔ گمراہی
عماد ۔ ستون ۔ رکن ۔ وزیر ۔
عمارہ ۔ جہازوں کا بیڑہ
عماری ۔ کجاوہ ۔ ہاتھی کا ہودج
عماری ۔ وہ چارپائی جس پر مردہ کو قبرستان میں لے جاتے ہیں ۔
عمّال ۔ جمع عامل ۔ حاکم ۔ کاردار ۔
عُمامہ ۔ پگڑی ۔
عمّان ۔ ایک شہر ایک دریا اور ایک خلیج کا نام ۔
عَمّان ۔ ملک شام میں ایک شہر کا نام ۔
عمان ۔ جمع عم ۔ چچے ۔
عمایم ۔ جمع عمامہ ۔ پگڑیاں ۔
عمد ۔ ستون کھڑا کرنا ۔ قصد ۔ آزمانا ۔
عمداً ۔ دانستہ ۔ قصداً ۔
عمدہ ۔ نفیس ۔ کمیٹی ۔
عمران ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد صاحب کا نام ۔ آبادی ۔
عمرالات ۔ آبادیاں ۔
عمش ۔ ضعف بینائی ۔ کمزوری نظر
عُمق ۔ گہرائی ۔
عُمُق ۔ پانی کی تہ ۔
عملوس ۔ گڑھا ۔
عملہ ۔ کام کرنے والے لوگ ۔
عملہ احتساب ۔ پولیس کا عملہ
عملہ قلم ۔ بیگاری ۔
عملی ۔ منسوب بہ عمل
عمو ۔ چچا ۔
عُمود ۔ وہ سیدھا خط جو دوسرے خط مستقیم کے ساتھ زاویہ قائمہ بنائے ۔ خیمہ کی چوب ۔ ستون ۔
عمُولہ ۔ کمیشن ۔
عموم ۔ عام ہونا ۔
عمومیہ ۔ پبلک ۔
عموی ۔ میرا چچا ۔
عمّہ ۔ پھوپھی ۔

عمہ - کور باطن ہونا -
عمی - ظاہر و باطن میں اندھا ہونا - آنکھ اور دل کی بینائی جاتی رہنا -
عُمی - جمع اعمٰی - اندھے لوگ -
عمید - پیشوائے قوم -
عمیق - گہرا -
عمیم - عام - شامل -
عن - سے -
عنا - مشقت - دکھ - تکلیف
عناب - انگور فروش -
عناب - بیر کی قسم کا ایک پھل
عناد - دشمنی -
عنادل - جمع عندلیب بلبلیں
عناصر - جمع عنصر - غیر مرکب چیز -
عناق - بکری کا مادہ بچہ - مصائب و آلام - سیاہ گوش -
عناق - باہم گلے ملنا -
عنان - لگام - انتظام -
عنان تافتن - عاجز ہونا -
عنان دادن - گھوڑا دوڑانا -
عنب - انگور -
عنبر - ایک عمدہ خوشبو -
عنبریں - عنبر کی طرح خوشبو دینے والی چیز -
عنتر - لنگور -
عند - نزدیک -
عندلیب - بلبل -
عُنصر - اصل جزو -
عنصری - منسوب بہ عنصر ایک مشہور فارسی شاعر کا تخلص
عنف - سختی - غصہ - تیزی
عنفوان - آغاز - شروع جوانی
عُنق - گردن -
عنقا - سیمرغ - ایک نایاب جانور کا نام - سختی -
عنک - اصل - جڑ -
عنکبوت - مکڑی -
عنکد - احمق - سخت بیوقوف -
عنن - کنارہ -
عنود - لڑاکا - راستہ سے بھٹکا ہوا
عنی - مدت تک قید میں رہنا - نامرد

عنید۔ جنگجو۔
عنیف ۔ تند خو۔ لڑاکا۔
عنیق ۔ گلے میں باہیں ڈالنے والا
عنین ۔ نامرد۔ ناقابل عورت شخص ۔
عُوار۔ ابابیل۔ کمزور۔ ڈرپوک
عوارات ۔ عیوب۔
عوارض۔ جمع عارضہ۔ بیماری
عوارف۔ جمع عارف۔ پہچاننے والے۔ صابر لوگ۔
عواصف۔ سخت اور تیز آندھیاں
عواطف۔ جمع عطف۔ مہربانیاں
عواقب ۔ نتائج۔ انجام۔
عوالم۔ جمع عالم۔ جہان۔
عَوالی۔ جمع عالیہ۔ بلند چیزیں۔
عوام ۔ } عام لوگ۔
عوام الناس } پبلک۔
عوامل ۔ جمع عامل۔ کارندے۔ کاردار لوگ۔
عوان ۔ شوہر والی عورت۔
عوان ۔ سرہنگ۔ سخت گیر۔

عوائق۔ موانع۔ روکنے والی چیزیں۔ حوادثات۔
عُوج ۔ عُوج بن عنق۔ حضرت آدم علیہ السلام کی موجودگی میں یہ شخص پیدا ہُوا۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے مرا۔ کہتے ہیں کہ اس قدر دراز قد تھا کہ طوفان نوح اُس کی کمر تک آیا تھا۔
عَوج ۔ کجراپن ۔ کجی۔
عُود ۔ ایک باجہ بربط۔ ایک خوشبودار لکڑی۔
عَود ۔ لوٹنا۔ بازگشت۔
عُودی ۔ ایک قسم کا سیاہی مائل رنگت ایک کپڑا۔
عَوذ } پناہ مانگنا۔
عَوذہ }
عَور ۔ ایک آنکھ سے اندھا ہونا۔
عُور ۔ برہنہ۔
عَور ۔ بدباطن۔

**عورت** - مرد اور عورت کی شرمگاہ - مجازاً زن مشکل
**عوز** - انگور کا دانہ -
**عوز** - انگور کا دانہ -
**عوق** - بھوک -
**عوق** - مددگاری -
**عون** - مددگاری -
**عویل کردن** - بچہ کا رونا -
**عہد** - اقرار و پیمان - زمانہ قول کو قبول کرنا نصیحت -
**عہدہ** - وہ شخص جو کسی کام کی ذمہ داری کرے -
**عہدہ گرفتن** - ذمہ دار بننا -
**عہر** - حرامکاری -
**عہن** - اُون - پشم -
**عہود** - جمع عہد - قول اقرار پیمان
**عہید** - ہم عہد - ہم عصر - کہنہ -
**عیادت** - بیمار پرسی -
**عیاذ** - پناہ مانگنا -
**عیاذاً باللہ** - خدا کی پناہ -
**عیار** - تولنے کا کانٹا کسوٹی خالص مکار -
**عیاری** - مکاری - چالاکی -
**عیار کردن** - سکے ڈھالنا -
**عیال** - عورت - ماں - باپ - اولاد - جن کے روٹی کپڑے کا ذمہ دار ہو -
**عیان** - دکھائی دیتی چیز - ظاہر -
**عیبہ** - چمڑے کا تھیلہ -
**عید** - خوشی کا دن -
**عید الضحیٰ** - عید قربان -
**عید الفطر** - ماہ رمضان کے اختتام کی عید
**عید العنصرہ** - یہودیوں کی عید
**عید غدیر** - وہ دن جس دن رسول کریم صلعم نے حضرت علی کو اپنا جانشین قرار دیا -
**عیر** - نیل گاؤ -
**عیر** - چوپایہ باربردار - قافلہ -
**عیسیٰ** - مسیح ابن مریم - ایک پیغمبر صاحب کا نام -
**عیش** - روٹی - خوشی -
**عیش فرنگی** - ڈبل روٹی -
**عیشہ** - اچھی زندگانی -

عیل - فقیر ہونا -
عین - آنکھ - چشم - سورج -
اشرفی - سردار -
عِین - جمع عینا - آہو چشم عورتیں خوبصورت
آنکھوں والی عورتیں -
عین الحیوٰۃ - چشمہ حیواں - چشمہ
آب حیات -
عین الکمال - نظر بد - نظر بد سے
بچانیوالا -
عین الیقین - آنکھوں سے دیکھ
کر کسی چیز کی ماہیت معلوم کرنا
عینین - دونو آنکھیں -
عیوب - جمع عیب نقص - گناہ
عیُوق - ایک سُرخی مائل روشن ستارہ
عیُون - پانی کے چشمے - جمع عین
آنکھیں -

# بابُ الغین

غاب - جنگل - ایسا جنگل جس
میں شیر رہتا ہو -
غابات - جمع غاب - جنگلات
غابتہ - میدان - جنگل -
غابَر - باقی ماندہ - آئندہ درونڈ
غابَن - غبن کرنے والا - مکار -
کم عقل -
غادِر - غداری کرنیوالا - بیوفا -
غارت - خراب کرنا - لوٹنا -
لوٹ -
غارتیدن - لوٹنا - تخریب -
غارِس - باغبان - مالی -
غارِق - غریق - ڈوب جانیوالا -
غازہ - اُبٹنہ - گلگونہ -
غازی - راہ خدا میں جنگ کرنے
والا - کفار کو قتل کرنیوالا -
غازی - رسن - نٹ - بازیگر -
غازی مَرد - بہادر آدمی - گھوڑا -
غاسِق - چاند پر دیں - شام کی تاریکی
غاشِ - خیانت کرنیوالا - مکار -
غاشیہ - پالان - زین پوش -
غاصِب - دوسرے کا حق جبراً
چھیننے والا - بے انصاف -

غافِر ۔ بخشنے والا ۔ چھپانیوالا
غافِل ۔ غفلت کرنیوالا ۔
غاق ۔ کوّے کی آواز ۔
غالاتی ۔ قفل بنانیوالا ۔
غال کردن ۔ گھونسلا بنانا ۔
غالِب ۔ زبردست ۔ غلبہ پانے والا ۔ ایک مشہور شاعر کا تخلص
غالی ۔ گراں ۔ مہنگا ۔ حد سے تجاوز کرنیوالا ۔
غالی ۔ نیل گائے ۔ غالیچہ ۔
غالیچہ ۔ قالین ۔ اُونی بچھونا ۔
غالیہ ۔ مشہور خوشبُو ۔
غامِز ۔ آنکھ کے اشارے سے ظاہر کیا ہوُا ۔
غامِض ۔ پیچیدہ مکدم ۔ گڑھا ۔
غانِم ۔ مال غنیمت سے لدا ہوُا ۔
غانی ۔ تونگر ۔ رنگ لگانیوالا ۔
غاوِی ۔ گمراہ ۔
غایت ۔ مطلب ۔ غرض ۔ انتہا
غائص ۔ غوطہ خور
غائلہ ۔ بلائے ناگہانی ۔ شر ۔

غائی ۔ منسوب بہ غایت ۔ انتہا کا
غَبّ ۔ بازی کا تپ ۔
غباوت ۔ کند ذہن ۔ کم عقلی ۔
غبغب ۔ ٹھوری کے نیچے لٹکا ہوُا گوشت ۔
غَبَن ۔ بھول جانا ۔ کند ذہن ہونا ۔
غَبْن ۔ خرید و فروخت میں نقصان اُٹھانا ۔ کسی کا مال ہضم کرجانا
غبُوق ۔ سرِ شام کی شراب ۔
غبی ۔ کند ذہن ۔
غَثّ ۔ لاغر ۔ فاسد ۔ پیپ ۔
غَثَیان ۔ قے ۔ متلی ۔
غد ۔ کل دن کی صبح ۔
غدا ۔ آنے والا کل ۔
غدّار ۔ بے وفا ۔
غدر ۔ رات کا تاریک ہونا ۔
غدر ۔ بے وفائی ۔
غدغن ۔ ممنوع ۔ حکماً ناجائز ۔
غدف ۔ شیر درندہ
غدل ۔ نرمی ۔ بھلائی
غدوہ ۔ صبح گاہ ۔

غدور - بہت بے وفا -
غدیر - تالاب - گڑھا -
غذی - خوراک -
غرّ - تلوار کی تیزی - تکبر کرنا
غُر - بزرگ لوگ -
غراب - کوّا -
غراب - ایک سے زیادہ مستولوں کا جہاز - مستول -
غراب البین - سیاہ رنگ سُرخ چونچ والا جانور جو منحوس اور تفرقہ انداز سمجھا جاتا ہے
غرابی - غرور -
غرارہ - غفلت کرنا - ناتجربہ کاری
غرام - عذاب - محبت - لالچ -
غراماطیق - گرامر
غرامت - تاوان دینا - سختی - نادان -
غرّاں - غصے سے شور کرنیوالا غرانے والا - غرور کرنے والا -
غرائب - عجیب وغریب چیزیں
غرب - ڈول پانی کا بجدائی چاند سورج کے غروب ہونے کی جگہ

غرب - مسافری میں ہونا -
غرب - نادر - عجیب -
غربا - جمع غریب - مسافر محتاج مفلس -
غربال - چھلنی - تُرا -
غربیلہ - نخرہ -
غرث - بھوک -
غرچک } بیوقوف - احمق
غرچہ }
غردل - ڈرپوک - بزدل
غرز - شرط - خطر - نور -
غرر - سفیدیاں - عمدہ گیار
غرس - زمین میں درخت گاڑنا -
غرش - گرجنا - غرانا -
غرغرہ - حلق میں پانی پھرانا - موت کے وقت خرانے -
غرغرہ - فرکی -
غرف - کھڑکیاں - جمع غرفہ -
غرفہ - دریچہ - کھڑکی -
غرقاب - پانی میں ڈوبی ہوئی چیز - گہرا پانی

غُرْم - تاوان - خسارہ -
غُرم - پہاڑی بھیڑ -
غُرمچہ کردن - نازوادا سے رونا -
غُرندہ - شیر کی طرح غرانیوالا -
غُرنیدن - شور کرنا -
غُرُوب - ڈوبنا - چاند سورج وغیرہ کا ڈوبنا -
غُرَہ - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی چاند کی پہلی تاریخ -
غِرہ - غرور - غفلت - دھوکا -
غِرہ - غدر کرنا - عاشق ہونا -
غِری - نا اتفاقی - پھوٹ -
غَریب گز - کھٹمل -
غُریچہ کردن - ناز سے رونا
غُریدن - غرانا -
غَریزت - سرشت - طبیعت
غَریزی - طبعی - جبلی -
غَریق - ڈوبا ہوا -
غَریم - قرضدار -
غَرین - چیخنے والا -
غَریو - شور وغوغا -

غریوان - شور کرنیوالا -
غَزا - شور کرنیوالا - جہاد -
غَزات - جہاد - کافروں سے محض خدا کیلئے جہاد کرنا -
غُزات - جمع غازی -
غَزال - ہرن - ہرنوٹہ - سورج -
غَزالہ - امام محمد غزالی کے گاؤں کا نام - ہرن کا مادہ بچہ -
غَزَل - وہ کلام جس میں حسن و عشق کا ذکر ہو - لیکن کلام نظم میں ہو -
غَزْل - کاتنا - بٹنا -
غزمہ - چوکیدار -
غزمہ باشی - پولیس انسپکٹر -
غزمہ چی - پولیس افسر -
غزنتہ - شہر کے اندر وسیع اور عمدہ جگہ -
غزنی } سلطان محمود بن سبکتگین
غزنین } کا پایہ سلطنت شہر -
غزو - مسلمانوں کا کفار سے صرف مذہب کیلئے جنگ کرنا - جہاد

غزوات ۔ جمع غزوہ ۔
غزوہ ۔ جہاد ۔
غرب ۔ انگور کا تازہ دانہ
غڑگاؤ ۔ سُرا گائے ۔
غرشم ۔ انگور کا تازہ پکا ہوا دانہ ۔
غسق ۔ پہلی رات کی تاریکی ۔
غسک ۔ کھٹمل ۔
غسل ۔ نہانا ۔
غِسل ۔ نہانے کا پانی دھونے کی چیز
غسول ۔ منجن ۔
غسل ۔ دھو یا گیا ۔ نہلایا گیا ۔
غش ۔ کینہ ۔ بُغض ۔ عیب
کنتر - کنٹر -
کنجد - تل - ایک مشہور فصل - غلہ
کنج - گوشہ - کونہ -
کُندرہ - بُوٹا -
کنجارہ - کھلی - تل سے تیل حاصل کرنے کے بعد کا نگدہ -
کنجشک - چڑیا -
کنج کاوی - تلاش غور و فکر -
کُند - قند - زخم -
کُند آور - حکیم - پہلوان - زیرک
کندن } کھودنا -
کندیدن }
کندو - شہد کی مکھیوں کا چھتہ -
کُندوری - دستر خوان طعام
کُندہ - موٹی اور بے ڈول لکڑی
کندہ شدن - قید ہونا -
کندہ کاری کسی چیز پر کچھ کھودنا

کَنز - خزانہ -
کِنش - کینہ - حسد - بیر
کُنش - عمل کردار -
کُنشت - آتشکدہ - گرجا گھر -
یہود اور نصاریٰ کا آتش خانہ
کنشلیر - چانسلر
کنعان - نوح علیہ السلام کے بیٹے
کا نام جو کافر ہو گیا تھا حضرت
یعقوب علیہ السلام کے شہر کا نام -
کنف - پناہ - کنارہ -
کن فیکون - کنایہ عالم
موجودات سے جس کے متعلق
اللہ تعالےٰ نے فرمایا - ہو جا
پس ہو گیا -
کُنک - کہنی - بازو - پَر -
کُنکب - قوی ہیکل -
کنگاش - مشورہ کرنا - کانفرس -
کنگرہ - جو عمارت کے اُوپر چاروں طرف
بناتے ہیں - جس سے مُراد خوبصورتی
اور پردہ ہوتی ہے - کنگورہ -
کنگرہ - کانگرس -

کُنود - ناشکری -
کُنوز - جمع کنز - خزانے -
کنوں - اب -
کُنہ - حقیقت - انتہا -
کنیت - لقب جو ابن - ابو -
وغیرہ سے ظاہر کیا جاوے
جیسے ابوہریرہ - ابن مریم -
کیناک - ایک قسم کی شراب -
کنیزک } لونڈی - کنواری عورت
کُنیز - }
کوے - محلہ - کوچہ -
کوازہ - شوروغل -
کواکب - جمع کوکب - روشن ستارے
کُوالل - پست قد -
کُوب - کوزہ دستے کے بغیر -
کوبہ - موگری -
کوبیدن - کوٹنا -
کُوبال - گرز - لوہے کا گز -
کوپپ - بڑی بوتل -
کوتاہ - چھوٹا -
کوتاہی - چھوٹائی - تساہل -

کُوتر - کبوتر -
کوتل - اصیل گھوڑا -
کوتوال - محافظِ شہر - چوکیداروں
کوتہ - ارزانی -
کوثر - ایک حوض کا نام جو جنت میں ہے - اور جس کا پانی نہایت سفید اور میٹھا ہے -
کوچک - چھوٹا -
کوچہ - گلی - خیابان -
کوچہ بند - ایسی محفوظ گلی جس کے دونوں طرف نکاس کے دروازے لگے ہوں -
کُوخ - تاریک کوٹھری - کیڑا -
کوخ افتادن - کسی چیز میں کیڑے پڑنا -
کُود - خرواره غلہ کا انبار - کھلیان
کودک - لڑکا - بچہ -
کودن - مریل ٹٹو جس پر بوجھ لادا جائے - مجازاً احمق -
کور - اندھا -
کوردبن - کمّل - اُون کا موٹا کپڑا
کورنش - جھک کر سلام کرنا -
کورنشات - جمع کورنش -
کوره - بھٹی - پژاوه -
کوره چی - بھڑبھونجا -
کوری - اندھاپن -
کوزه - دستہ دار برتن -
کوز - خمیده
کوزپشت - کبڑا -
کوس - بڑا نقاره - فوج کی قطار - صدمہ -
کوست - صدمہ - تکلیف -
کوستن - کوفتن - کوٹنا - ٹھونکنا
کوسج - نوجوان جس کو ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو -
کوشک - محل - قصر - بلند عمارت
کوشیدن - کوشش کرنا -
کوفتن - کُوٹنا -
کوفتہ - ایک قسم کا کباب - تھکا ماندہ آدمی -
کُوک - کھانسی - باجے کی سب تاروں کو باہم سُروں میں ملانا -

کوکب - روشن ستارہ -
کوکبہ - بادشاہ کی سواری کے سامنے کا جلوس - فوج گروہ -
کوکلتاش - مراد رضاعی - انّا یعنی دودھ پلانے والی دایہ کا لڑکا -
کوک کردن - گھڑی کو چابی دینا ساز کا آواز سے موافق کرنا -
کوکر - ایک قسم کا پرندہ -
کوکنار - پوست -
کوکو - فاختہ کی آواز - ایک قسم کا پلاؤ جس میں مرغی کے انڈے ڈالے جاتے ہیں -
کوکہ - رضاعی بھائی -
کولہ - کندھا -
کول } تالاب - جوہڑ -
کولاب }
کوم - اُونٹوں کا گلّہ -
کوماء - اُونٹ جس کا کوہان بہت بڑا ہو
کون - دنیائے فانی -
کون - پاخانے کی جگہ - مقعد -
کون و فساد - ہونا اور مٹنا مراد دنیائے فانی -
کونین - دونوں جہان - دنیا اور آخرت - دین و دنیا -
کوہچہ - ٹیلا -
کوہ سنج - جفاکش - صابر آدمی -
کوہکن - شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب جس نے پہاڑ کھود کر شیریں کے محل کے نیچے سے نہر گزاری تھی -
کوہہ - کوہان - بھراپن -
کولیر - شورہ زار -
کہ - کون - جو -
کُہ - مخفف کوہ - پہاڑ -
کہ - کم - چھوٹا -
کہانت - فال گوئی -
کہتر - بہت چھوٹا - بہت کم رتبہ -
کہر - کمیت رنگ کے گھوڑے اور خچریں
کُہربا - ایک قسم کی زرد رنگ اور چمکیلی گوند -
کہف - غار - پناہ -

کہک - پستو -
کہکشان - سفید سا ستاروں کا راستہ جو آسمان پر رات کو دکھائی دیتا ہے -
کہل - ادھیڑ عمر آدمی -
کہن - کہنہ } پرانا -
کہنہ - بندوق کی ڈاٹ -
کہنہ - جمع کاہن - فالگیر غیب کی باتیں بتلانے والا -
کہول - ادھیڑ عمر آدمی -
کہولت - ادھیڑ ہونا -
کہیں } کوچک ترین - بہت
کہینہ } ہی چھوٹا -
کے - کب - شہنشاہ باقبال -
کیا - پہلوان -
کیاد - فریبی - مکّار - حیلہ گر -
کیاست - دانائی عقلمندی -
کیال - پیمائش کرنے والا - تولنے والا - رقص کرنے والا -
کیانا - عناصر اربعہ آگ - پانی - مٹی - ہوا

کیان - بلند مرتبہ شہنشاہ - بادشاہان ذی رتبہ -
کیانی - منسوب بہ خاندان کے جو فریدوں شاہ ایران سے چلا تھا -
کیت و دنت - چناں و چنیں -
کیت - دانشمند - ہوشیار -
کید - فریب و دھوکا - ایک ہندی راجہ کا نام -
کید قاطع - منحوس دُمدار ستارہ
کیخسرو - ایک کیانی بادشاہ ایران کا نام ہے جو افراسیاب شاہ توران کا نواسہ تھا -
کیر - ذکر - مرد کا آلۂ تناسل -
سیرٹی - لعاب دہن -
کیس - تھیلی - کیسہ -
کیسہ بر دوختن - متوقع ہونا
کیسہ کمر - کارتوسوں کی پیٹی -
کیش - دانا - مذہب - طریقہ روش - شمشاد کا درخت - ایک جزیرہ -

کیف - چگونہ - کیسے - کیونکر - مجازاً مزہ - نشہ و مستی -
کیف - باڑود کی کُپّی -
کیف و کم - کس طرح اور کتنا -
کیفدان - نشہ دار معجونوں کا ڈبہ
کیفر - بدی کا بدلہ - سزا -
کیقباد - عادل - ایران کے ایک کیانی بادشاہ کا نام ہے - جو نوشیرواں کا باپ تھا - کیقباد اول کیکاؤس کا باپ تھا -
کیک - پسّو -
کیکاؤس - ایران کے ایک کیانی بادشاہ کا نام جو کیقباد کا بیٹا تھا - اور تمام عمر افراسیاب شاہ توران سے لڑتا رہا
کیکا - غافل اور بے خبر آدمی -
کیل - تولنا - ناپنا - پیمائش کرنا -
کیلوس - وہ غذا جو معدے میں پہلے پکتی ہے -
کیموس - اُس غذا کا نام ہی جو دوسر خانہ میں جگر کے قریب پکتی ہے -

کیمیا - رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا - مکر - حیلہ -
کیمیا گر - کیمیا بنانے والا - فریبی سائنسدان -
کینونت - آفرینش - پیدائش -
کینہ - دشمنی - عداوت -
کینہ توز - کینہ رکھنے والا -
کینہ کش - وہ شخص جو دل میں عداوت رکھے -
کیوان - ستارہ زحل - فلک ہفتم - سنیچر
کیّوبت - بدحالی - مفلسی -
کیوس - جمع کاسہ - جام - پیالہ
کیومرث - فارس کا سب سے پہلا بادشاہ جسے کیمورث بھی کہتے ہیں -
کیہان - دُنیا - جہان -

## باب الکاف فارسی

گاب - گائے - بیل -
گار - کلمہ فاعلی - پروردگار - کلمہ لیاقت - رستگار -

گاچُو۔ گہوارہ۔
گار ۔ ریلوے اسٹیشن۔
گارد۔ گارڈ۔
گاز۔ قینچی۔
گازر } دھوبی۔
گاذر }
گاژ۔ جگہ۔ مکان۔
گاسری۔ گیلری۔
گام۔ گاوُں۔ قدم۔
گان } کلمہ تعین تعداد جیسے
گانہ } دوگانہ۔
گاؤ۔ بیل۔ ایک قسم کی صراحی۔
گاؤ آہن۔ ہَل کا پھالا۔ جس سے زمین جوتتے ہیں۔
گاؤپرواری۔ عمدہ خوراک دیکر خوب موٹا تازہ کیا ہوُا بیل۔
گاؤدُم۔ نفیری۔ کرنا۔
گاؤدوش } گائے بھینس کا دُودھ
گاؤدوشہ } دوہنے کا برتن۔
گاؤرس یا چرا۔ چینہ۔

گاؤریش۔ مسخرا۔ بیوقوف۔
گاؤزمین۔ وہ بیل جس نے زمین کو اٹھایا ہوُا ہے۔
گاؤزور۔ پہلوان۔
گاؤسر } فریدوں شاہ
گاؤسار } ایران کا گرز جس کی شکل بیل کے سر کی طرح تھی۔
گلوعنبر۔ ایک دریائی جانور۔ غنی جو سخاوت کرتا ہے۔
گاؤگردوں۔ بُرج ثور۔
گاؤگل۔ مویشیوں کا گلّہ۔
گاہ۔ وقت۔
گاہ گاہ۔ کبھی کبھی۔
گائیدن۔ جماع کرنا۔
گبر۔ آتش پرست۔
گبہ۔ سرگچھا
گنت وگندا۔ موٹا تازہ۔
گچ۔ چُونا۔ عمارت کیلئے مُرکّب چونا بنایا ہوُا۔
گداختن۔ پگھلنا۔ پگھلانا۔
گدارا۔ نایک کا وہ حصہ جسپر عینک لگاتے ہیں۔

**گدائی** - بھیک مانگنا -
**گدائے شب گوک** - وُہ فقیر جو کسی بلند جگہ پر بیٹھ کر رات کے وقت شہر یا محلہ والوں کو دعائیں دیتا ہے -
**گدوک** - پہاڑ کی چوٹی -
**گدیہ** - بھیک مانگنا -
**گذاردن** - چھوڑ دینا - ترک کرنا
**گذاشتن** - چھوڑنا -
**گذر** - راستہ -
**گذرانیدن** - گذارنا -
**گذربان** - محافظ راہ -
**گذرنامہ** - راہداری -
**گذشتن** - گذرنا -
**گر** - اگر - کلمہ فاعلی آہنگر - قلعی گر وغیرہ -
**گراز** - ظالم آدمی - خُوک سُور -
**گرازیدن** - ناز سے مٹک کر چلنا
**گرامی** - بزرگ -
**گراں** - مہنگا - بھاری -
**گراں بہا** - بیش قیمت -
**گرانجانی** - سخت جانی -
**گراں مایہ** - بلند مرتبہ -
**گرانی** - بوجھ - مہنگا ہونا -
**گرائی** - خواہش - ارادہ - رغبت
**گرائیدن** - خواہش کرنا - رغبت کرنا
**گربال** - چھلنی -
**گربُز** - مکّار - بھیڑ کی کھال میں بھیڑیا - گربہ مسکیں -
**گُربہ** - بلّی -
**گربہ گُول** - فریبی - حیلہ گر -
**گرد** - ڈھول - نفع - غم و الم -
**گرد** - پہلوان - بہادر شخص -
**گرد** - حلقہ - گول چیز -
**گرد** - اخروٹ -
**گرد پاک کن** - ڈسٹر - جھاڑن
**گرداب** - بھنور -
**گردانیدن** - لپیٹنا - پھیرنا -
**گرداوری** - حکومت -
**گرد باد** - بگولہ -
**گرد بالش** - گول تکیہ -
**گرد برآوردن** - مٹا دینا - مار دینا

گرداد - نقشِ قدم -
گردش - چکر - دَور - چھاپا -
گردک - پہیلی - ایک قسم کی روٹی - حُجرہ - کوٹھری -
گردکردن - گول بنانا - جمع کرنا - اکٹھا کرنا -
گردک زن - پوڈر -
گردگاں - گولی - اخروٹ -
گردناں - گردن پہلوان شجاع - دلیر -
گردن بند - نکٹائی -
گردن خائیدن - بہانہ کرنا -
گردن گرفتن - اعتراف کرنا یا ماننا
گردن فراز - مغرور معزز شخص
گردُول - گردش - چرخی - آسمان گاڑی - چھکڑا -
گردنہ - خاکنائے پہاڑ کی گھاٹی
گردہ - ایک قسم کی ٹکیہ - گولہ -
گردہ پیکر - فوٹوگرافر -
گردیدن - پھرنا -
گرزہ - پھنیر سانپ کا پھن -

گُرس - بھوک -
گرستن } رونا -
گریستن }
گرسنگی - بُھوک -
گرسنہ - بُھوکا -
گرسنہ چشم - لالچی کنجوس بخیل
گرفتن - پکڑنا -
گرفتن خاطر - ملول اور رنجیدہ ہونا
گرفتہ - طعن -
گُرگ - بھیڑیا -
گُرگُر - بادل کی گڑگڑاہٹ -
گرگ باراں دیدہ - تجربہ کار آدمی -
گرمابہ - حمام -
گرماتک - پونڈ - قریباً نصف سیر کا وزن -
گرمجوشی - محبت -
گرم خیز - چالاک -
گرم دماغی - غرور -
گرم سیر - سردیاں گذارنے کا مقام - گرم علاقہ -

گرو - رہن - قید - شرط -
گرو بستن - شرط باندھنا -
گرو گر - دینے والا - خدا کا ایک نام
گروہہ - بندوق کی گولی -
گرویدن - رغبت کرنا -
گرہ بر گرہ - فکر پر فکر -
گریاں - روتا ہوا -
گریانیدن - رولانا -
گریختن - بھاگنا -
گریز - بھاگنا - قصیدہ میں ایک مضمون کو دوسرے مضمون میں جانا
گریزانیدن - جگا دینا -
گریز پا - لونڈی یا غلام جو بھاگ جایا کرے -
گریستن - رونا -
گریغ - گریز - بھاگنا -
گریستن ہوا - مینہ برسنا -
گریوہ - ٹیلہ
گریہ - زاری - رونا - زاری کرنا
گز - پیمائش کا آلہ - جھاؤ کا درخت
گزا - فریب - بے حساب -

گزار - جراح کا فصد کھولنے کا نشتر - تصویر کا خاکہ -
گزاردن - چھوڑ دینا - چھوڑ جانا - ادا کرنا -
گزارندگاں - ادا کرنیوالے -
گزاف } شیخی - گپ - برائی -
گزافہ }
گزالہی - اکتالیس انگل کا گز جو اکبر نے ایجاد کیا تھا -
گزانیدن - کٹوانا -
گزپا - لق لق - سارس
گزر - گاجر -
گزر - راستہ -
گزکردن - پیمائش کرنا -
گزگزہ - کپکپی
گزلک - چاقو - چھری - تلوار
گزند - تکلیف - نقصان - ضرر
گزیدن - کاٹنا - ڈنک مارنا
گزیدن - انتخاب کرنا - پسند کرنا - چننا -
گزیر - علاج - چارہ -

گزیں - چنا ہوا - پسندیدہ
گزیہ - جزیہ - جو کافروں سے
مسلمان بادشاہ اُن کی
حفاظت کے عوضانہ میں
لیتے ہیں -
گساردن - چھوڑنا -
گستاخ روئے - بے شرم - بے حیا
گستاخی - بے ادبی -
گستراندن - بچھانا
گستردن - بچھانا -
گستہم - ایران کے شہنشاہ نوشیروان
کا ایک نامور پہلوان -
گسستن - توڑنا -
گسلانیدن - توڑنا - کاٹنا -
گسیختن - ٹوٹنا -
گسیل - رخصت کرنا - روانہ کرنا
گشاد - کامیابی - فتح - کمان کو
خوب کھینچکر تیر چھوڑنا -
گشت - پھرا - پھرنا - ہوا -
گشتاسب - ایران کے ایک
بادشاہ کا نام -

گشتن - پھرنا - سیر کرنا -
گشن - بہتات - اکثریت - بسیاری
گشن - گابھن ہونا - حملدار ہونا -
گشنی - نر مادہ کا جُفتی کھانا -
گشنیز - دھنیا -
گفتن - کہنا -
گل - پھول - گُلاب کا پھول -
گل - مٹی - کیچڑ -
گل سفید - کھریا -
گلابہ - پانی میں ملی ہوئی مٹی جس سے
دیوار لیپتے ہیں - پنجابی گارا -
گلابی - ایک قسم کا انگور جو اندر
سے سُرخ ہوتا ہے -
گلالہ - گھونگریالے بال -
گلباز - پھولوں کی شاخ -
گلبام - ایک لحن موسیقی -
گلبانگ - خوشخبری کی آواز -
آواز خوش - خوش الحان
پرندے کی آواز -
گلبرگ - پھول کی پنکھڑی -
گلبن - گلاب کا پودا -

گل بیز - چھلنی -
گل بیگانہ - نودرو پھول -
گل پیزک - گل خیرو -
گل جعفری - گیندے کا پھول -
گل چیں - پھول توڑنے والا
گل حکمت - کسی چیز کو آگ میں کشتہ کرنے کے لئے اُس دوائی کو کپڑے میں لپیٹ کر نیلی سی گیلی مٹی میں لتھیڑ کر آگ میں رکھتے ہیں
گلخن - بھٹی - آتش خانہ -
گل روم - چکنی مٹی -
گل رُخ - جس کے رُخسار گلاب کے پھول کی طرح سفید اور سُرخ ہوں - خوبصورت -
گل رعنا - اندر سے سرخ اور باہر سے زرد پھول - خوبصورت
گلریز - پھلجڑی -
گلزار ابراہیم - وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ڈلوایا تھا - لیکن وہ آگ بحکم رب العالمین پھولوں کا باغ بن گئی -
گل زرد - گیندے کا پھول -
گلستان - چمن - باغ -
گل سر سبد - چوٹی کا پھول -
گلس گردن - ایک جہاز کو دوسرے جہاز کے ذریعے کھینچنا
گل شدن - ظاہر ہونا -
گل شکر - گلقند -
گلشکری - ایک قسم کا حلوا -
گل شگفتن - کسی عجیب ترین امر کا ظاہر ہونا -
گلشتن - چمن - باغ -
گل صد برگ - ایک قسم کا گیندا - گلاب -
گلفام - خوبصورت - معشوق - پھول سے چہرے والا -
گلفشاں - آتش بازی کا ایک نمونہ
گلگشت - مرغوب مقامات کی سیر
گل گوں - گلابی رنگ - مجازاً ایک قسم کی سُرخ رنگ شراب شیریں کے گھوڑے کا نام -
گلکار - کچے مکان بنانیوالا -

گلگیر - شمع کا گُل کترنے والی قینچی -
گِل بازشی - گیرو -
گل مہتاب - چاندنی کا پھول -
گلنار - ایک قسم کا انار کا درخت
جسکو پھل نہیں لگتا لیکن پھول
نہایت خوبصورت اور زیادہ
تعداد میں لگتے ہیں -
گِل وشُل - دلدل - کیچڑ -
گلو - گلا - گردن - حلق -
گل بچہ - جگنو -
گلوسوز - خوش لگنے والا - خوشنما
گلولہ - بندوق کی گولی - گولہ -
گلولہ ریز - گولیاں ڈھالنے کا آلہ
گِلہ - شکوہ و شکایت -
گلہ - ریوڑ -
گلہ بان - گڈریہ - چوپان - اہالی -
گِلی - مٹی کی چیز - کیچڑ -
گلیم - کملی - فقیر کی گدڑی -
گلم زاستنیک - ربڑ -
گماشتین - متو[illegible] -
گماشتہ - عامل [illegible] کسی کام
پر مقرر کیا ہوا [illegible] -

گمرک - چنگی -
گمرک خانہ - چُنگی خانہ -
گمرزن - نیست کرنیوالا - خراب کنندہ
گم گم - سیند - زمین میں سُرنگ کھودنے
کی آواز -
گُم شو - دُور ہو -
گنبد - گول عمارت -
گنبد آب - بُلبلہ - حُباب -
گنبد زدن - گھوڑے کا اچھلنا - بگڑنا
گنبُل - پھُندنا -
گنج - خزانہ -
گنج فراخ - جرسی -
گنجارہ - اوس - شبنم - گلگونہ -
گنج الٰہی - قرآن مجید -
گنجائش - سمائی ہے - سمانا حاصل مصدر
گنج باد آور - مال مفت - خسرو
پرویز کے ایک خزانہ کا نام ہی جو
قیصر روم نے کہیں جہازوں پر
بھیجا - لیکن ہوا کی موافقت سے وہ
خسرو پرویز کے مُلک میں آگیا اور
اُسے وُہ مُفت میں حاصل ہو گیا -

**گنج رواں** - قارون کا خزانہ جو زمین میں قارون سمیت دھنسا جارہا ہے اور قیامت تک دھنستا رہیگا

**گنج قارون** - قارون کا خزانہ جس کی چابیاں چالیس اونٹ اٹھاتے تھے - اور جو زمین میں دھنستا جارہا ہے -

**گنجور** - خزانچی -

**گنجہ** - ایران کا ایک شہر جو تبریز اور شیروان کے درمیان واقع ہے -

**گنجیدن** - سمانا -

**گنجینہ** - خزانہ -

**گندم گوں** - گیہوں جیسے رنگ والا -

**گندنا** - لہسن - پنجابی تھوم -

**گندہ** - آٹے کا پیڑا - دلدار -

**گندہ مغز** - کند ذہن - مغرور -

**گندہ مغزی** - غرور کے کلمات کہنا - گفتگو سے اپنی بیوقوفی کا اظہار کرنا -

**گندیدن** - کسی چیز کا سڑ جانا - بدبو دینا

**گنگ** - دریائے گنگا -

**گنگ** - گونگا -

**گندلہ کردن** - گولی بنانا -

**گنہ** - گناہ -

**گنہ گنہ** - کونین -

**گو** - پہلوان - بہادر - بیل -

**گوے** - گیند - چوگاں کا گیند -

**گواچہ** - جھولا -

**گوارہ** - موافق مزاج - پسندیدہ

**گواریدن** - ہضم کرنا -

**گواف کردن** - جمائی لینا - انگڑائی لینا -

**گوپال** - گرز آہنی -

**گوچو** - ربڑ -

**گوداب** - ایک قسم کا پلاؤ -

**گودال** - گڑھا - کھائی -

**گودرز** - ایک ایرانی پہلوان کا نام جو کاوہ کا پوتا تھا -

**گور** - گورخر - آرام - قبر -

**گورخاں** - خطا و ختن کے بادشاہ کا لقب -

گورخر - نیل گائے - جنگلی گدھا -
گورستان - قبرستان -
گورکن - قبر کھودنے والا - بجّو
گورگان - جلیل القدر بادشاہ امیر تیمور کا لقب -
گوز - مخفف گوزن - بارہ سنگا -
گوز - جوز - اخروٹ -
گوز - وہ ہوا جو پاخانہ کی راہ سے با آواز نکلے -
گوز در بازار مس گراں - نقار خانہ میں طوطی کی آواز -
گوزن - بارہ سنگھا -
گئوسالہ - بچھڑا -
گوسپند } گوسفند } بھیڑ - بکری -
گوسنگ - شارک مچھلی -
گوش بُر - ٹھگ -
گوش - کان -
گوشت خر - ناقص چیز -
گوش داشتن - غور سے سُننا - دل سے سننا - متوجہ ہونا -

گوشک - بندوق کا پایہ -
گوش گراں - بہرا - جو سنائی نہ دیتا ہو - یا کم سنائی دیتا ہو
گوشمال - سزا -
گوش ماہی - گھونگا - سیپی -
گوشوارہ - بالی - وہ کاغذ جس پر میزان یا خلاصہ ہو -
گوشہ - کونا -
گوشۂ زنجیر - زنجیر کا حلقہ -
گوشی - کانوں کا گچھا
گوک داغ - کالا پہاڑ -
گوک سو - کالا پانی -
گوکھرو - مشہور دوائی گندھک
گوکھرو سُرخ - سُرخ گندھک -
گُول - ناواقف - نادان - فریب
گُول - رنگ -
گوناگوں - رنگا رنگ قسم قسم
گونہ - قسم - رنگ - طور -
گونیا - بڑھی اور معماروں کا ایک آلہ جس سے دیوار کا سیدھا یا ٹیڑھا ہونا دیکھتے ہیں -

گوہر - موتی - عقل - خوبی -
گوہر سنج - جوہری - شاعر - موتی پرکھنے والا -
گوہر یک دانہ - بیش قیمت موتی
گوئے - گیند - کبھی آفتاب سے بھی مراد ہوتی ہے -
گویا - بولتا - کلمہ تشبیہ -
گویائی - طاقت گویائی -
گوئے بُردن - بازی جیتنا - سبقت لے جانا -
گوئے گریبان گریبان کی گھنڈی -
گوئے بازی - ہاکی کھیلنا -
گوئے چشم - آنکھ کے ڈھیلے
گہ - وقت - جگہ -
گہ گیلان - گبریلا -
گہر - موتی -
گہوارہ - بچوں کا ہنڈولہ
گیاہ - گھاس -
گیج - نشہ میں مدہوش -
گیج کردن - پریشان کرنا -

گیتی - دنیا - جہان -
گید - چیل - گدھ -
گیدی - بے عزت - بے شرم - بے غیرت -
گیرا - پکڑنے والا -
گیرمال - ہڈی جوڑنے والا -
گیرودار - حکومت - لڑائی - زلف -
گیلاس - شیشہ کا گلاس - آلو بالو -
گیلان - جیلان - بغداد کے نزدیک ایک قصبہ -
گیلی - ملک گیل کا رہنے والا مغلوں کی ایک قوم -
گیو - ایران کا ایک مشہور پہلوان - گودرز کا بیٹا -
گیوہ - سفید کپڑے کا جوتا -
گیہ - رس بھری -
گیہان - زمانہ - جہان -

# باب لام

لَا - نہیں -
لا - قینچی - پردہ -
لا اُبالی - بے باک - بے پروا -
لابث - دیر کرنے والا -
لابُد - ضروری - لازمی -
لابُد ساختن - مجبور کرنا -
لابرایتو - لیباریٹری -
لابرلا - تہ پرتہ -
لابِن - دُودھ والا -
لابہ - خوشامد - چاپلوسی -
دغا - فریب -
لات ایک بُت کا نام جس کو حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم خدا سمجھ کر پوجتی تھی -
لاتری - لاٹری -
لات و لوت - مُفلس -
لاہم - چوسنے والا -
لاجرم - مجبوری - ضروری ناچار
لاجورد - کبود رنگ کا ایک پتھر جس کے نگینے بنتے ہیں -
لاجوردی بساط - آسمان -
لاحِب - روشن راہ -
لاحق } جو پیچھے سے آ کر ملے -
لاحقہ } ملنا -
لاحل - جو حل نہ ہو سکے -
لاحول - کلمہ نفرت و بیزاری -
لاخ - جگہ اور انبوہ کے معنوں میں آتا ہے جیسے سنگلاخ -
لاخراج - جس پر سرکاری محصول نہ ہو -
لادعویٰ - بے دعویٰ -
لادغ - لادغ - کاٹنے والا - ڈنک مارنے والا -
لادن - افیون کا عرق -
لاریب - بے شک -
لازب - چپکنے والا -
لازق - لازقہ - چپکنے والی چیز مثل سریش -
لازال - ہمیشہ

لازم - وہ جس میں مفعول کی حاجت نہ ہو - چمٹا ہوا - ضروری -
لازمہ - ضروری اسباب -
لازوال - جس کو تنزل نہ ہو - اللہ تعالیٰ کی ذات -
لاستیک - الاسٹک -
لاشک - بے شک -
لاشہ - زبون - مردہ - لاغر -
لاصق - ملا ہوا - لگا ہوا -
لاطائل - بے فائدہ - بے سود -
لاطازا - متعدی مرض کا بیمار -
لاعب - کھیلنے والا -
لاف - ڈھینگ - گپ شپ -
لافیدن - فضول بکنا -
لافس - عیب کرنے والا -
لاکلام - بے شک - جس میں کچھ قیل وقال کی گنجائش نہ ہو -
لاکن - لیکن -
لال - لعل -
لالا - بندہ - زرخرید غلام - روشن -
لالا - لالٹین -
لالنگ - بچا ہوا کھانا - جوٹھا
لالہ - ایک سرخ رنگ پھول -
لالہ باشی - جنگی اتالیق -
لآلی - جمع لؤلؤ - موتی قیمتی موتی -
لام - زلف سے تشبیہ دیتے ہیں بدن - جسم - ایک طرز کی فقیروں کی ٹوپی -
لام - جمع لامہ - زرہیں -
لامپ - لیمپ -
لامپا - لیمپ -
لامان - بیوفائی - فریب -
لامانی - زرہ پوش - دروغگو -
لامحالہ - مجبور - ناچار - ضرور
لامس - چھونے والا -
لامسہ - چھونے کی قوت -
لامع - روشن - چمکنے والا -
لامہ - لوہے کی زرہیں -
لانسلم - میں تسلیم نہیں کرتا - مجھے قبول نہیں -
لانہ - پرندوں کا جھونجھ - بھڑوں کا چھتہ

لاد - کیچڑ جس سے دیواریں پوتی جاتی ہیں - سفید -
لادا - سختی - مصیبت - آتش فشاں پہاڑوں سے جو سیال گرم مادہ نکلتا ہے -
لاولد - جس کا کوئی بیٹا نہ ہو -
لا و نعم - انکار و اقرار -
لادہ - گلی ڈنڈے کا کھیل -
لاہب - سانپ -
لاہف - ظلم سے بے تاب سخت بیقرار - رنجیدہ -
لاہوت - ذات الٰہی کا عالم جس میں سالکان طریقت کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے
لائے - پانی کی تہ - پانی کی تہ میں جمی ہوئی سیاہ مٹی -
لائب - پیاسا -
لائح - چمکنے والا - روشن ظاہر
لازوال - دایم - ہمیشہ - بے زوال - اللہ تعالےٰ کی صفت کنایہ اللہ تعالےٰ سے -

لایحہ - فہرست - پروگرام -
لایعقل } بے عقل و بے علم -
لایعلم } نادان - کنایہ حیوان سے ہے -
لایعنی - مہمل - بیہودہ بے سود
لائق ریش شدن - شایان شایاں -
لائم - ملامت کرنیوالا -
لایموت - جس کو کبھی موت نہ ہو - اللہ تعالےٰ -
لاینبغی - نامناسب -
لائیدن - شور کرنا - شیخی کرنا - بیہودگی -
لب - ہونٹ - کنارہ -
لُبّ - عقل - خلاصہ - جوہر - روغن
لباب - خالص مغز - ہر چیز کا جوہر - خلاصہ -
لباج - سُست احمق آدمی -
لبادہ - بارانی چغہ - بارش میں پہننے کا لباس -
لباد - ہل کا جُوا -

لباس نظامی - وردی -
لباس رسمی - درباری لباس -
لباسات - خوشامد۔ چاپلوسی -
لبالب - کناروں تک بھرا ہوا -
لبان - دایہ کا بچہ کو دودھ پلانا -
لبّان - اینٹ بنانے والا -
لبانت - آرزو۔ خواہش۔ حاجت
لُب چش - کسی چیز کی چاشنی چکھنا
لُبس - پوشاک پہننا -
لبس - پہننے کی پوشاک -
لب شیرین کردن - مسکرانا۔
کسی چیز کا ذائقہ چکھنا -
لبق - عقلمندی۔ چاپلوسی۔ چرب زبانی
لبک - بانسری -
لبلاب - عشق پیچاں کی بیل -
لبلبہ - لبلبی -
لبن - دُودھ -
لبان - سینہ -
لبنان - ایک پہاڑ کا نام جو
ملک شام میں ہے -
لبنہ - کچی اینٹ -

لبُوب - خلاصہ - مغز -
لبوتناں - چقندر اور شلغم -
لبُوس - لباس - زرہ -
لبُون - شیردار -
لبیب - زیرک - عقلمند -
لبیبہ - عقلمند عورت -
لبیق - چرب زبان - ہوشیار -
لبّیک - میں آپ کی خدمت
میں حاضر ہوں - یہ لفظ حاجی
لوگ حج کے موقع پر مقام عرفات
میں بار بار کہتے ہیں - خادم اپنے
آقا کے بلانے پر اس کلمہ سے جواب
دیتا ہے -
لبین - دودھ پلایا ہوا - پالا ہوا
لپ - چُلّو
لپچہ - لقمہ -
لپہ یا لپُو - تنور میں روٹیاں لگانے کا گدّہ
لت ابنان } پیٹو - بہت
لت ابنار } کھانے والا -
لتّہ - کپڑے کا ٹکڑا - چیتھڑا -
لثق - تر ہونا - ہوا کا نمناک ہونا

لثم - بوسہ لینا - نقاب مُنہ پر ڈالنا -
لثوم - بوسہ لینا - چومنا -
لثہ - دانت کا مسُوڑھا -
لجاج - جنگ کرنا -
لجاجت - لڑنا - جنگ کرنا - مبالغہ کرنا -
لجام - لگام -
لُجج - جمع لجہ - بھنور -
لُجلاج - ہکلا - پارہ -
لجن - کیچڑ - دَلدل -
لجنہ - کانفرس -
لجُوج - ضدی - جھگڑنے والا - بڑا لڑنے والا -
لُجّہ - بھنور - وہ جگہ جہاں دریا بہت گہرا ہو -
لُجّہ - شور و غوغا -
لُجّی - بہت بڑا اور گہرا دریا -
لُجین - خالص چاندی -
لَچ - ننگا - برہنہ -
لَچ - چہرہ - رخسار -

لچک - ترکون اُلٹ کر اوڑھنے کا رومال - دوپٹہ - چادر قد - الاسٹک پن -
لُچّہ - ننگا - بدکار شخص -
لچّن - حرامکار - زانی عورت - بازاری عورت -
لُحام - سونے یا چاندی کا تمغہ -
لَحّام - گوشت بیچنے والا - بُوچڑ
لحد - قبر کا وہ شگاف جس میں مردہ رکھا جاتا ہے -
لحظہ - تھوڑی دیر دیکھنا گھڑی پَل -
لَحف - کسی کپڑے سے ڈھانکنا -
لَحق - شامل کرنا - ملانا -
لحقہ - پیچھے سے ملنے والے -
لحم - گوشت -
لَحن - پسندیدہ آواز - آواز خوش آئند - گلا - حلق -
لحُوق - شامل ہونا - لگنا - ملنا -
لحُوم - جمع لحم - گوشت -
لحیان - لمبی ڈاڑھی والا -

**لحیم** - جسیم - موٹا - فربہ -
**لحیہ** - ڈاڑھی -
**لخ** - ایک قسم کی گھاس -
**لخت** - ٹکڑا - گرز آہنی -
**لختے** - تھوڑا - کچھ قدرے -
**لخچہ** - آگ کا شعلہ - دہکتا ہوا کوئلہ - انگارا -
**لخشہ** - انگارا -
**لخشیدن** - پھسلنا -
**لخلخہ** - چند خوشبودار چیزوں کو ملا کر سونگھتے ہیں -
**لدغ** - ڈنک مارنا - کاٹنا -
**لدن** - نزدیک -
**لدنی** - وہ علم یا واقفیت جو اللہ تعالےٰ کسی شخص کو محض اپنی مہربانی سے بغیر کسی کوشش اور سیکھنے کے عطا کرے - جیسے انبیاء کرام میں سے کسی کا بھی کوئی استاد نہ تھا - اور انہیں علم لدنی حاصل تھا -

**لدیغ** - وہ شخص جس کو سانپ یا بچھو وغیرہ نے کاٹ کھایا ہو -
**لذائذ** - جمع لذت -
**لذع** - جلن - سوزش -
**لر** - جنگلی آدمیوں کا گروہ - دیہاتی گنوار لوگ -
**لرد** - لارڈ -
**لردمرد** - لارڈ میئر -
**لرزہ** - کانپنا - کپکپی -
**لرزیدن** - کانپنا -
**لزاب** - بڑا چپکنے والا -
**لزب** - چمٹنا - چپکنا -
**لزبہ** - قحط سالی مصیبت رنج -
**لزج** - لیسدار چیز جیسے سریش -
**لزوجیت** - چیپ - چپیدن
**لزوق** - چسپاں ہونا -
**لزوم** - لازم ہونا -
**لزیق** - نہ جدا ہونے والا ساتھی
**لشرج** - ایک آنکھ سے اندھا - کانا
**لس** - خوشگوار مزہ -

لَساس - سبزہ -
لِسام - ذائقہ - تھوڑی چیز -
لِسان - لغت - محاورہ - زبان
لسان - فصیح زبان -
لسان الجبر - اُسوڑیاں سپستان -
لسان الثور - گاؤزبان -
لسان الحمل - کیلا - کیلا کا پتہ
لسان الصدق - سچی تعریف -
لسان القوم - ترجمان -
لسانیت - فصاحت - چرب زبانی
لِسح - ڈنگ مارنا - کاٹنا -
لَسن - زبان آور -
لسن - فصاحت -
لشکر کش - سپہ سالار - سردار فوج
لشکر نویس - بخشی فوج -
لَص - دروازہ بند کر دینا -
لِص - ڈاکو - رہزن - چور -
لصاصت - قزاقی -
لُصُوص - جمع لِص - چور - ڈاکو
لصُوق - چپکنا -
لَصبق - پڑوس - قربت -

لطافت - باریکی - نرمی - پاکیزگی نازک ہونا -
لطائف - جمع لطیفہ -
لطائف الحِیَل - حیلوں کی خوبی -
لطخ - آلودہ ہونا - ساکن ہونا -
لطم - تھپڑ مارنا -
لَطمہ - تھپڑ -
لطیف - نرم - باریک - پاکیزہ - عمدہ -
لُعاب - آب دہن - مُنہ کا پانی - تھوک - رس -
لعاب الشمس - سورج کی کرن -
لعاب النحل - شہد -
لعا عثہ - اچھی آواز بنانا -
لِعّان - باہم نفرین کرنا - خاوند کا اپنی زوجہ پر جھوٹی تہمت لگانا - اور اس کا گواہ نہ ہونے کی وجہ سے قاضی کا ہمیشہ کے لئے دونوں کو جدا کر دینا
لَعّان - بڑا لعنت کرنیوالا -

لَعِب - کھیل -
لعبَت - کھلونا - گڑیا -
لعبت فرنی - کمانی دار کھلونا -
لَعَلَّ - حرف امید و تمنا -
لَعل - ایک سُرخ رنگ بیش قیمت جواہر -
لعل - سُرخ انگوری شراب -
لعین - لعنت کیا گیا -
لِغات - جمع لُغت -
لُغت - کسی قوم کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے معنی مشہور نہ ہوں -
لُغز - مُعمّا - کلام مبہم - جنگلی چُوہے کا بِل -
لغزش - غلطی - پھسلنا -
لغزیدن - پھسلنا -
لغو - فضول بات - باطل -
لغو - قوم کی زبان -
لغوی - لُغت کا -
لَغوی - بیہودہ - مہمل -
لَف - لپٹنا -
لِفافہ - خول - کفن - غلاف -
لفچ - گوشت کا ٹکڑا - ہونٹھ -
لفچہ - لقمہ -
لفچن - موٹے ہونٹھ -
لفظ - حروف کا با معنی مرکب - وہ بات جو مُنہ سے نکلے -
لفن - دو کپڑوں کے درزوں کو ملا کر سینا -
لفہ - عمامہ جو عربی لوگ ٹوپی پر پہنتے ہیں -
لفیف - وہ کلمہ جس میں دو حرف علت ہوں - دوست - لپٹی ہوئی چیز -
لُق - بے بالوں کا - صاف -
لِقا - دیدار - ملاپ - پہنچنا -
اِلقا - جماع -
لقا - بُرا ساتھی -
لِقاح - حاملہ ہونا -
لقب - وہ نام جس میں تعریف یا تذمیم ہو -
لَقط - گری ہوئی چیز کو اٹھانا -

لَقلَق - سارس - ایک آبی جانور جو مچھلی اور سانپ کا شکار کرتا ہے -
لقلقہ - لق لق کا کڑی آواز سے بولنا -
لُقمہ - نوالہ -
لَقُن - جلد سمجھ لینا -
لِقن - بڑا عقلمند -
لقوماجیس - ایک حکیم کا نام جو ارسطو کا باپ تھا -
لق و دق - سنسان بیابان - بے آب و گیاہ جنگل -
لقوہ - ایک مشہور بیماری جس میں مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے -
لُقیہ - ملاقات -
لَکَ - تیرے واسطے -
لَکْ - لاکھ - بیوقوف -
لک - ایک لاکھ -
لکاتہ - بدذات عورت پُرشہوت عورت
لَکَد - ٹانگ - لات -
لکد کوب - لات مارنا -
لک لک - آبی پرندہ لق لق - سارس - لمڈینگ -
لُکَن - توتلاپن -
لِکَن - توتلا - ہکلا -
لکوک - لاکھوں -
لَکّہ - ٹکڑا - داغ -
لکہ - دبکی چال -
لگن - طشت - شمعدان -
لگنچہ - چھوٹی لگن -
لِلّٰہ الحمد - اللہ کا شکر - خدا کی تعریف -
للہ - غلام -
لم - حرف نفی -
لِمَ - کس واسطے - کیوں؟
لِما - ہرگاہ -
لُمبہ - دنبے کی دُم -
لمحہ - چشم زدن - بجلی کا چمکنا - بہت تھوڑی دیر -
لمد - مارنا - گڑگڑانا -
لمس - چھونا - حاجت -
لمش - فضول کام - بیہودہ -

لمط - حیران و پریشان - مضطرب
لمع - روشنی - چمک -
لمعات - روشنیاں -
لمعان - چمکنا -
لمعہ - روشنی -
لم یزل - ہمیشہ برقرار - بے زوال -
خدا سے کنایہ ہے -
لن ترانی - تو مجھ کو ہرگز نہیں دیکھیگا
اپنے منہ سے میاں مٹھو بننا -
لنتر - لالٹین -
لنبہ - دنبے کی چکی -
لنج - ناز سے اٹھلا کر چلنا -
لنج - شل - اپاہج - لنجا -
لند لند کردن - آہستہ آہستہ
بڑبڑانا -
لنگ - لنگڑا -
لنگ - لنگوٹ -
لندھور - لمبا آدمی -
لنگ نمودن - ٹھہرنا -
لنگر - وہ وزن جس سے سمندر میں
کشتی کو چلنے سے روک لیتے ہیں

لنگر انداختن - کسی جگہ
قیام کرنا -
لنگری - بڑا طشت - جام شراب
لنگش نیست - وہ بے نظیر
آدمی ہے -
لنگہ در - دروازہ کا پٹ -
لنگیدن - لنگڑانا -
لوا - علم - جھنڈا -
لواحق - جمع لاحق -
لوازم } جمع لازمہ -
لوازمہ }
لواطت - قبیح کام - اغلام کرنا
یا کرانا -
لوامع } روشن - چمکیلی چیزیں
لوامعہ }
لوامہ - بڑا ملامت کرنیوالا -
لواہب - بھڑکتی ہوئی آگ -
لوایح - روشنیاں -
لوائم - ملامت کرنے والے -
لوٹ پوٹ - ایک بیماری -
قسم قسم کے کھانے -

لَوث - آلودگی - گندگی - آمیزش
لُوج - کسی چیز کو منہ میں پھرانا -
لُوچ - ننگا - برہنہ - بے شرم -
لَوح - تختی -
لوحِ سنگی - سلیٹ -
لوحش اللہ - کلمہ تحسین و تعجب
لوح طلسم - ایک تختی جس پر
جادوگر مختلف قسم کے سحر
لکھ کر رکھ دیتے ہیں -
لُوخ - ایک قسم کی گھاس جو
بوریا بنانے کے کام آتی ہے -
لُوذ - ملاذ سے - پناہ لینا -
لوذع } زیرک - زود فہم - بڑا دانا
لوذعی }
لُوری - بیشرم - ایک جنگلوں
میں رہنے والی قوم جو گلی
کوچوں میں گا کر بھیک
مانگتے ہیں -
لوریاں - جمع لوری -
لوز - بادام -
لوزیات - بادام کا حلوہ -

لوزینہ - لوزیات -
لُوس - چاپلوسی - خوشامد -
لُوط - ایک پیغمبر علیہ السلام کا
نام ہے جن کی قوم لونڈے
باز ہونے اور پیغمبر کے سمجھانے
سے نہ سمجھنے کی وجہ سے مورد
عتاب الٰہی ہوئی -
لُوطی - لونڈے باز - قلندر -
لوطی اجلافی کردن - ڈینگ
مارنا -
لوطی بازار - فساد بھیڑ -
لوطی باشی - درباری مسخرا -
لُول - بے شرم بے حیا -
لولاک - اُس حدیث شریف
کی طرف اشارہ ہے - جس
میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے
کہ "اے رسول صلعم اگر تو نہ
ہوتا تو میں کبھی زمین اور
آسمان کو پیدا نہ کرتا"۔
لولوٗ - آبدار موتی -
لولہ - بندوق کی نالی -

لولہ باد۔ غلولہ۔
لوغیدن۔ دوہنا۔ بلیا۔
لولہ کاغذ۔ کاغذ کا مٹھا۔
لوفت۔ گڑیا۔
لوک۔ چشم دار اونٹ۔
لوکانارہ۔ ہوٹل۔
لوکوموتیو۔ انجن۔ موٹر۔
لوکومتیف۔ انجن۔ پہیے دار انجن
لولی۔ کسبی عورت۔ فاحشہ عورت۔ حرامکار۔
لُوم۔ ملامت کرنا۔ کنجوسی۔
لُومتہ۔ ملامت کرنا۔
لون۔ رنگ۔
لوند۔ بدمعاش۔
لہ۔ نرم۔
لہ کردن۔ کوٹنا
لَہَاب۔ آگ کا شعلے مارنا۔ سخت بھڑکنا۔
لہب۔ آگ کی لپٹ۔ تشنہ ہونا
لہم۔ محاورہ۔ زبان۔
لہو۔ کھیل کود۔
لہو و لعب۔ کھیل کود۔
لہیف۔ رنجیدہ۔ غمگین۔
لیالی۔ جمع لیل۔ راتیں۔
لِیام۔ جمع لئیم۔ کنجوس اور بخیل لوگ۔
لیامت۔ ملامت کرنا۔
لَیت۔ کلمہ تمنّا۔
لَیت و لعل۔ ٹال مٹول کرنا۔ درنگ سستی و تساہل کرنا۔
لیث۔ شیر درندہ۔
لیدر۔ لیڈر۔
لیرہ۔ پونڈ۔
لیز۔ کیچلی۔
لیبزم۔ بہت نرم کمان جس پر تیراندازی کی مشق کرتے ہیں
لیسیدن۔ چاٹنا۔
لیش۔ کالی مٹی۔
لیف۔ کھجور کے ریشے کا بُرش خرما کے درخت کی چھال۔
لیق } صُوف۔ دوات کا صُوف
لیقہ }

لیلا } سیہ فام - قیس کی
لیلیٰ } معشوقہ کا نام -
لیلام - نیلام -
لیلۃ اسریٰ - شب معراج -
لیلۃ البدر - چاند کے مہینہ کی چودھویں رات -
لیلۃ القدر - رمضان کے مہینہ میں ایک بابرکت رات ہوتی ہے جس رات میں جو دعا اللہ تعالےٰ سے مانگی جائے قبول ہوتی ہے اور اُس رات کی عبادت ہزار مہینہ کی عبادت سے بہتر ہوتی ہے - اکثر کے نزدیک یہ رات مہینہ رمضان کے آخر عشرہ خصوصًا ستائیسویں تاریخ کو ہوتی ہے
لیلوپر - نیلوفر -
لیموں نادرہ - لیمو بنڈ -
لین - نرمی -
لینت } نرمی -
لینہ }
لُہوس - بے شرم - بے غیرت ذلیل -
لئیم - حریص - لالچی - کنجوس - بخیل -
لئیمان - جمع لئیم -
لیون سرٹک -

# باب المیم

ما - نہیں - جو - کیا -
ما - ہم -
ماء - پانی - میاہ جمع -
ماء الجُبن - دُودھ کو پھاڑ کر پانی حاصل کیا ہُوا - دودھ کا پانی -
ماء الوَرد - عرق گلاب -
ماء معین - آب رواں - چلتا ہُوا پانی جو صاف ہو -
مآب - وہ جگہ جہاں آدمی لوٹ کر جاوے -
مابعدالطبیعۃ - علم الٰہی -

**مابقی** - بقایا - باقی بچا ہوا
**مابون** - اغلام کرانے والا -
**مابین** - درمیان -
**مات** - شکست - مرگیا -
**مات** } سو - صد - ۱۰۰ -
**مائۃ** }
**مَایَت** - سینکڑوں -
**ماتی** - مبہوتی -
**ماتح** - کنواں پانی نکالنے والا
**ماتقدم** - گذشتہ - جو پہلے ہوا ہو -
**ماتم** - مردہ کے مرجانے کے افسوس میں رونا پیٹنا - آہ وزاری -
**مآثر** - اچھے کاموں کی نشانیاں
**مآثرہ** - جمع مآثر - اور - آباؤ اجداد کی بزرگی -
**مآثر العرب** - اہل عرب کی بزرگیاں -
**مآثل** - مکان کا مٹا ہوا نشان -
**ماثم** - گناہ -
**ماثور** - نقل شدہ - اثر پکڑنے والا -
**ماثورہ** - منقولہ -

**ماثوم** - گناہ گار -
**ماج** - چاند -
**ماجد** - بزرگوار آدمی -
**ماجدہ** - بزرگوار عورت -
**ماجن** - نڈر - بے باک - دلیر - مسخرہ -
**ماجوج** - ایک زبردست قوم تاتاری لوگ جو آدمیوں کو کھا جایا کرتے تھے - اور ابن نوح کی اولاد جو یاجوج وماجوج کے نام سے مشہور ہے اور سدّ سکندری کے پار قید ہے -
**ماجور** - نیک بدلہ دیا گیا جزا دیا گیا
**ماجور یا میشرور** - میجر -
**ماچ** } بوسہ - چومنا -
**موچ** }
**ماچ کردن** - بوسہ لینا -
**ماچہ** - مادہ -
**ماچہ خر** - گدھی -
**ماچین** - ہندوستان کے مشرق میں ایک ملک کا نام - چومی ہوئی چیز

مَاح - انڈے کی سفیدی -
ماحصل - حاصل شدہ -
ماحضر - جیسا کھانا موجود ہو -
ماحی - نابود کرنے والا - محو کر دینے والا -
ماخُذ - اخذ کرنے کی جگہ -
ماخوذ - پکڑا گیا -
ماخول - ماخولیا - ایک سوداوی مرض جس کا تعلق دماغ سے ہے - مالیخولیا -
مادام - ہمیشہ -
مادحؔ - مدح خواں - تعریف کرنیوالا
مادخ - بزرگ و برتر -
مادر - والدہ -
مادر بخطا - ایک گالی - حرامکار عورت کا بچہ -
مادر زاد - وُہ عیب یا خُوبی جو پیدائشی ہو -
مادرِ مادر - نانی -
مادری - ماں کا - (ی نسبتی)
مادر ندر - سوتیلی ماں -
مادر اندر - سوتیلی ماں -
مادَہ - نر کا مقابل -
مادّہ - استعداد - محسوس ہونے والی چیز - ہیولیٰ - باب -
مادہ آبلہ - ٹیکہ لگانے کی دوائی -
مادول - سوائے - علاوہ - بغیر -
مادّی - مادّہ کا -
مادیان - گھوڑی -
ماودان - اجازت دیا گیا -
مار - سانپ -
مار کفچہ دار - کالا کوبرا -
مار افسا - سانپوں کا افسون گر سپیرا - پنجابی ماندری -
مارب - مطلب -
مآرب - مقاصد - جمع مارب -
مارپیچ - پرچم - جھنڈے کا پھریرا
مارج - آتش بے دُود -
مار حمیری - ضحاک جو حمیری خاندان کا تھا - اور جس کے کندھوں پر دو سانپ تھے -
مارسیل - مارسیلز -

مارق - خارج - گمراہ -
مارک - جرمنی کا ایک سکہ -
مارن - سر بینی -
ماروت - ایک فرشتہ کا نام ہے جو انسانی شکل میں نازل ہوا اور زہرہ رقاصہ پر فریفتہ ہوکر مورد عتاب الٰہی ہوا -
مارورة - نازک بدن لڑکی -
مارُوض - زکام کا مریض -
ماریہ - سفید رنگ عورت - گوری
مازن - ایک قبیلہ کا نام - چیونٹی کا انڈا -
مازندران - فارس کا ایک صُوبہ
مازو - ماجو ایک مشہور دوائی -
مازوریئہ - بخار یٹی -
ماس - الماس - چالاک - ذرم
ماسبق - گذشتہ -
ماسبت - دہی - جغرات -
ماسبت بند - پنیر بنانے والا -
ماسخ - پھیکا -
ماسمت - بیضوی - مرکز - مانع

ماسکہ - ایک قوت کا نام ہے جو غذا کو معدہ میں پکنے کے لئے ٹھہرائے رکھتی ہے -
ماسوا - سوا - علاوہ - مخلوقات
ماسہ - باریک ریت -
ماسی - بے خوف - بے باک -
ماش - مُونگ -
ماشطہ - کنگھی کرنے والی عورت - مشاطہ - نائن -
ماشہ - سنسی - بندوق کا توڑا - آٹھ رتی کے برابر وزن -
ماشور - چھوٹی کشتی پنجابی چھوا
ماشور - غربال - چھلنی -
ماشولہ - جلاہے کی نلی -
ماشی - پیدل چلنے والا -
ماشین - ریل گاڑی -
ماشینچی - ڈرائیور -
ماصّ - چُوسنے والا -
ماصدق - مضمون -
ماضغہ - چبانے کی قوت
ماضی - گذشتہ زمانہ -

ماطِر - برسنے والا -
ماعِج - تیز چلنے والا -
ماعز - بکرا -
ماعزہ - بکری -
ماعِض - پُرغضب -
ماعون - مدد طلب کرنے کی چیز - گھر کا اسباب جو ضروریاتِ زندگی کے کام آئے -
ماعَون - کاغذوں کا رِم -
مافات - گذشتہ - جو فوت ہو گیا ہو
مافوق - اُوپر -
ماق - آنکھ کا ناک کی طرف کا کونا
ماقبل - پہلے -
ماکر - مکر کرنے والا - فریبی - دغاباز
ماکارونی - سویاں -
ماکس - عشر لینے والا -
مآکل - کھانے کی چیز -
ماکول - خوردنی -
مالُوم - الم دیدہ - غمگین -
ماکیان - مُرغی -
مآل - انجام کار - لوٹنے کی جگہ - جائے رجوع -

مال - دولت - خچر - سواری کا جانور
مالاکلام - لاکلام -
مالایطاق - وہ کام جس کے کرنے کی قوت نہ ہو -
مالاینحل - حل ہونے کے ناقابل بہت مشکل -
مالایعنی - بے معنی - بے فائدہ
مالتا - مالٹا - جزیرہ مالٹا -
مالح - نمکین -
مالیخ - سودا - مالیخولیا -
مالِش - جی متلانا - طبیعت کا قے پر میلان ہونا ملنا -
مال ضامن - وہ ضامن جو یہ اقرار کرے کہ اگر یہ شخص چلا جاوے - تو اس قدر زرو مال سرکار میں حاضر کردونگا -
مال ضامنی - مال کی ضمانت دینا
مالک الحزین - بگلا -
مالکانہ - مالک ہونے کا حق -
مالگذاری - لگان - زمین کا محصول
مالُوف - خوگر - دوست - الفت کیا گیا

مالی - پُر کرنے یا ہونے والا -
مالیخولیا - ایک قسم کا جنون - ایک دماغی بیماری -
مالیدہ - ملا ہوُا -
مام - ماں -
ماما - بڈھی عورت - دایہ -
ماماچہ - دایہ -
مامک - پیار کا لفظ - والدہ - دایہ
مامضا - جو گذر گیا -
مامن - آرام کی جگہ -
مامن رضا - مشہد مقدس جہاں پر امام علی موسٰے رضا کا مزار ہے - وہاں پر کسی کو تکلیف نہیں دی جاتی -
ماموت - وقت اور مدت مقررہ
مامور - امر کیا گیا -
ماموس - آگ -
مامُول - امید کیا گیا (امل سے) -
مامُوم - دماغ کا زخمی -
مامُون - امن کیا گیا - محفوظ - خلفائے عباسیہ میں سے ایک خلیفہ کا نام جو ہارون رشید کا بیٹا تھا -
مان - مثل - مانند - اسباب خانہ -
مانا - شاید - تحقیق - مثل -
مانح - سخی - دانا -
ماندن - رہنا -
ماندہ - بچا ہوُا - تھکا ہوُا -
مانستن - مشابہ ہونا -
مانع - منع کرنے والا - روکنے والا
مانوس - مرغوب - جس سے اُنس و محبت ہو گیا ہو -
مانی - ایک چینی نقاش مصنف کتاب ارژنگ کا نام ہے -
مانیدر - سوتیلی ماں -
ماوا - لوٹنے کی جگہ - جائے پناہ -
ماورا - علاوہ -
ماوراءالنہر - دریائے جیہوں کے اس پار کا علاقہ - ملک توران -
ماؤف - آفت رسیدہ - ورم دار
ماؤل - تاویل کیا گیا -

ماہانہ - ماہواری -
ماہتاب - چاند -
ماہ جلالی - شمسی مہینہ شمسی مہینے جلال الدین شاہ سلجوقی نے جاری کئے -
ماہیچ - پتلا دودھ -
ماہیچہ - چاند کی مانند - فوج کے جھنڈے پر چاندی یا سونے کا نشان -
ماہ در عقرب - چاند کا برج عقرب میں ہونا - جس میں شادی وغیرہ اچھے کام نہیں کرتے -
ماہ کنعان - حضرت یوسف علیہ السلام
ماہ مقنع - } مصنوعی چاند جو ابن
ماہ نخشب } مقنع نے چند اجزا سیماب وغیرہ سے ملا کر بنایا تھا
ماہر - بڑا کامل - استاد - کسی کام کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا
ماہرو - خوبصورت - معشوق -
ماہن - خدمتگار - ملازم -
ماہوت - بانات -
ماہول - آباد - بستی - مکان -
ماہمہ - سوراخ کرنے کا برما - ماشہ
ماہی - وہ مچھلی جس نے زمین اٹھایا ہوا ہے
ماہی ریز - چھوٹی مچھلی -
ماہیت - حقیقت - اصلیت
ماہی گیر - مچھلیاں پکڑنیوالا - بگلا
ماہچہ - سوئیاں - پنڈلی یا بازو کی مچھلی -
مائی - آبی -
مائیت - مرنے والا -
ماء الشعیر - ستو -
مایحتاج - انسان کی ضرورت کی چیز
مائدہ - دسترخوان -
مائع - بہنے والی چیز - جیسے دودھ - تیل - پانی وغیرہ -
ماء لیقرأ - ایسا لکھا ہوا جو پڑھا جا سکے -
مائل - میل رکھنے والا خواہشمند شائق
مائمنہ - بیوہ ہونے کے سبب -
ماین - سینگڑوں -
مایوس - ناامید -
مایہ - پونجی - سامان -

مائتہ - ایک سو - ۱۰۰ -
مأتین - دو سو - ۲۰۰ -
ماین - جھوٹا -
میاہ - رہنے کی جگہ - رحم - بچہ دان -
مبات - شب باشی - رات گذارنے کی جگہ -
مُباح - حلال - جائز -
مباحثہ - باہم بحث کرنا -
مباداۃ - ظاہر کرنا -
مبادر - پہل کرنیوالا جلدی کرنیوالا
مباوست - دلیری کرنا -
مبادل - ہمسایہ - رفیق مصاحب
مبادلہ - بدلہ کرنے والا -
مبادی - ابتدا کی باتیں -
مباذرہ - فضول خرچی - اسراف -
مبارز - فرداً فرداً جنگ کرنیوالا سپاہی
مبارزت - وہ جنگ جس میں پہلوان ایک دوسرے سے فرداً فرداً جنگ کریں -
مباسطت - پھیلانا - کشادگی -
مباسکت - حملہ کرنا شجاعت کرنا
مباشرت - جماع کرنا - انتظام خوشخبری دینا -
مباشر - نیجر - منتظم -
مباعدت - مفارقت - جدائی
مباعلت - سمدھی ہونے کی رشتہ داری کرنا - جماع کرنا -
مباغا - زنا کرنا -
مباغتہ - کسی کو اچانک پکڑنا -
مباغضہ - باہم عداوت رکھنا
مباقل - ترکاری بونے کے کھیت
مباکرہ - صبح کے وقت آنا -
مُبال - عورت و مرد کے مخصوص مقام - شرمگاہ -
مبالات - پردہ رکھنا - اندیشہ رکھنا
مبالغہ - کسی کام میں سخت کوشش کرنا - کسی چیز کے اوصاف یا نقائص کو اصل سے بڑھ کر بیان کرنا -
مبانی - بنیادیں -
مباہات - باہم فخر کرنا -

مباہجہ - باہم فخر کرنا -
مباہلہ - ایک دوسرے کو نفرین کرنا - ایک دوسرے کے حق میں بد دعا کرنا -
مباہی - فخر کرنے والا -
مبایعت - تابع ہونا -
مباینت - ایکدوسرے سے علیحدہ ہونا
مَبدا - ابتدا کی جگہ -
مبتدا - مسند الیہ - شروع -
مبتدع - بدعتی - بدعت کرنیوالا -
مبتدی - ابتدا کرنے والا -
مُبتذِل - ذلیل و خوار -
مُبتسِم - ہنسنے کھیلنے والا -
مبتہج - خوش -
مبحث - مقام بحث - مضمون زیر بحث
مبخر - بھاپ اُٹھانے والی -
مبدا فیض - اللہ تعالےٰ فیض رسان
مبدع - بے مادے کے کسی چیز کو بنانے والا -
مبدّل - بدل دیا گیا -
مبذّر - فضول خرچ -

مبرآ - پاک - بُرائیوں سے بیزار
مبرّد - سردی دینے والا -
مبرّدات - سردی کرنیوالی دوائیں
مبرّدہ - سرد کرنے والی چیز -
مبرّز - روشن - بزرگ -
مَبرز - مقعد - پاخانے کی جگہ -
مبرّم - مضبوط -
مبرہن - دلیل سے ثابت کیا گیا
مبرور - پاک - نکوئی کردہ شدہ -
مبسُوط - پھیلا ہُوا - کشادہ -
مبسوط - فراخ - غیر مرکب چیز -
مبشّر - خوشخبری پہنچانے والا -
مُبصّر - پہنچانے والا - دانا -
مبضع - فصد کھولنے والا نشتر -
مبطان - توندوالا جس کا پیٹ بڑا ہو
مُبطِل - باطل کرنے والا -
مُبطن - جس کا پیٹ سکڑا ہُوا ہو -
مبطون - وہ آدمی جس کو پیٹ کی بیماری ہو -
مبعُوث - برانگیختہ کیا گیا - پیغمبر - رسُول -

مبعوضہ - زیادہ مچھر والی رات -
مبلّ - تبرک کرنے والا -
مبیل - فرنیچر -
مبلّغ - تبلیغ کرنے والا - مقام - حدود
مبلَغ - پہنچایا گیا - رقم - زرنقد -
مبنی - منحصر -
مبہج - خوش کرنے والا -
مبہم - مشتبہ - وہ کلام جس کا مطلب پورے طور پر سمجھ میں نہ آئے - درپستہ -
مبہوت - حیران - حواس باختہ -
مبہی - قوت باہ پیدا کرنے والا -
مبیت - شب باشی کرنا -
مبیع - خرید کی ہوئی چیز
مبیّن - بیان کرنے والا -
مبین - ظاہر - روشن -
متیٰ - کس وقت - جس وقت -
متاب - جائے بازگشت -
متابعت - تابعداری -
متاثر - اثر قبول کرنے والا -
متاجرت - باہم سوداگری کرنا -

متاح - جس کی قدر معین ہو -
متاخر - پیچھے رہ گیا ہوا - پیچھے آنے والا -
متاخّرین - جمع متاخر -
متادی - پہنچانے والا -
متاذی - اذیت پانے والا -
متاسّف - افسوس کرنے والا -
متاع - پونجی - رخت - سامان -
متاعب - جمع تعب - رنج والم
متالّف - تالیف کیا گیا -
متالم - المناک - رنجیدہ -
متامّل - غور کرنے والا - تامل کرنیوالا
متانت - سنجیدگی - استواری -
متانف - سبزہ زار جس میں چرنے نہ ہوں -
متاوج - ٹوپی پہننے والا -
متبادر - ذہن میں جلد آجانیوالا
متبائن - باہم جدا ہونا -
متبحّر - بڑا عالم - علامہ -
متبخّر - بخارات بنایا گیا -
متبرک - بابرکت یافتہ - برکت والا،

مُتبسّم - مُسکرانے والا -
مُتبلّد - کند ذہن - بیوقوف
مُتبنّی - فرزندی میں لیا ہُوا -
مُتبُوع - سردار -
مُتجاوز - گذرنے والا -
مُتجاہل - جان بوجھ کر انجان بننے والا -
مُتجسّس - ڈھونڈنے والا -
مُتجلّی - روشن - ظاہر -
مُتحتّم - واجب ہونیوالا - یقینی -
مُتّحد - مِلا ہُوا - اتحاد کرنیوالا
مُتحرّک - حرکت کرنے والا -
مُتحصّن - قلعہ نشین -
مُتحِف - تحفہ دینے والا -
مُتحف - عجائب خانہ -
مُتحقّق - تحقیق شدہ - درست
مُتحلّی - زیور سے آراستہ -
مُتحمّل - برداشت کرنیوالا -
مُتحیّر - حیران -
مُتخاصِم - جھگڑالو - دشمنی کرنیوالا
مُتخاصِمین - مدعی اور مدعا علیہ

مُتخمّد - ٹیڑھا ہونے والا -
خمیدہ ہونے والا -
مُتخلّل - خلل ڈالنے والا -
مُتخیّلہ - دماغ اور قوت خیال -
مُتداولہ - مروّج - باری باری سے -
مُتدیّن - دیانت دار -
مِتر - میٹر -
مُترادِف - ہم معنی -
منترانی - منتر پڑھنے والا -
مُتراکم - جمع ہونے والا -
مُترتّب - ترتیب دیا گیا -
درست کیا گیا -
مُترجَم - ترجمہ
مُترجِم - ترجمہ کرنیوالا -
مُتردّد - متفکّر - آنے جانے والا
مِنترس - لکڑیوں کا باڑا - دھوکا -
جانوروں کو ڈرانے کے لئے
کھیتوں کا بناوٹی چوکیدار
مُترسّل - ارسال کرنے والا -
خط بھیجنے والا -
مُترسِّم - لکھنے والا -

منترش - ڈاڑھی منڈوانے والا۔
منترشح - تراوندہ -
منترصّد - امیدوار -
منترف - نازپروردہ - ظالم -
منترقب - منتظر - امیدوار -
منترقب - انتظار کیا گیا امید کیا گیا -
منترقی - ترقی کرنے والا -
منترنّم - گانے والا -
متروک - ترک کیا گیا -
متزاید - بڑھنے والا -
متزلزل - کانپنے والا - ڈگمگانیوالا
متساقط - نیچے گرنیوالا -
متساوی - باہم برابر -
متسلط - غلبہ کرنے والا -
متشابہ - مخفی المعنی - مثل - مانند - ہمشکل -
متشاعر - جو شاعر تو نہ ہو - مگر اپنے آپ کو شاعر بتائے -
متشکل - شکل اختیار کرنا -
متشکی - شکایت کرنے والا -

متصدع - چڑھنے والا -
متصدّی - چڑھنے والا -
متصرّف - قابض -
متصرف - لاٹ صاحب - گورنر
متصف - موصوف -
متصل - قریب - پاس - نزدیک
متصوّر - خیال کیا گیا -
متضاد - ایک دوسرے کی ضد - برعکس - برخلاف -
متضرّر - ضرر پانے والا -
متضرّر - جس کو ضرر پہنچا ہو -
متضعف - ضعیف کرنے والا - کمزور کرنے والا -
متضمّن - ضمن میں لینے والا - شامل
متظلم - جس پر ظلم کیا گیا ہو - فریادی -
متعادی - ناہموار زمین -
متعارف - معروف - مشہور -
متعاقب - پیچھے سے آنیوالا -
متعال - بلند -
متعبّد - عبادت کرنیوالا - پجاری

متعدّی - وُہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے پھیلنے والی بیماری
متعذب - مزہ دار۔خوشگوار۔
متعذر - دشوار مشکل۔عذر کرنیوالا۔
متعرّب - غیر عربی جو عربوں میں داخل ہو جاوے۔
متعرض - پیش آنیوالا۔مزاحم۔
متعسّر - مشکل - دشوار۔
متعشکل - خرما۔بہت خوشہ والا
متعصّب - تعصّب کرنے والا رعایت کرنے والا۔نامناسب کی طرفداری کرنیوالا۔
متعطش - پیاسا۔
متعلم - طالب علم۔
متعنت - عیب بین۔
متعنّد - عناد رکھنے والا۔دشمن۔
متعیب - عیب کرنیوالا۔غلطی کرنیوالا
متعنف - ملامت کرنیوالا۔
متعوب - غمدیدہ۔رنج کشیدہ۔
متعود - خوگر۔عادی۔
متعہد - مشغول۔ذمہ دار۔
متعیّن - مقرر کیا گیا۔
متغذم - بہت کھانے والا۔
متغیّر - بدلا گیا۔
متغیل - وحشت ناک جنگلوں میں ثابت قدم رہنے والا۔
متفاوت - فرق کیا گیا۔
متفاول - فال لینے والا۔
متفحص - جوئندہ۔تلاش کرنیوالا
متفتش - تفتیش کرنے والا۔
متفرح - جائے سیر و تماشا۔
متفرع - شاخ کیا گیا۔
متفرق - فرق کیا گیا۔جُدا جُدا
متقارب - عروض کی ایک بحر۔
متقاضی - تقاضا کرنے والا۔
متقاعدہ - تقاعد قبول کرنیوالا۔سست
متقدم - پیش ہونے والا۔آگے بڑھنے والا۔
متقفط - مستعد و آمادہ۔
متقدّی - ناز سے اٹھلا کر چلنے والا
متقشّف - معمولی خوراک اور لباس پر کفائت کرنیوالا۔

متقن - استوار۔ مضبوط۔ تکیہ کرنیوالا
متکاثف - گاڑھا۔
مُتّکا - تکیہ گاہ۔
مُتکسِر - انکسار کرنے والا۔
متکفل - ضامن۔ کفیل۔
متکلف - تکلیف کرنیوالا۔
متکلم - کلام کرنے والا۔
متلاطم - موجزن۔ موجیں پیدا کرنے والا۔
مُتلطخ - آلودہ۔
متلبس - پنہاں۔ لباس پہننے والا۔
متلذذ - لذت اٹھانے والا
متلقی - ملاقات کرنے والا۔
متلون - رنگ اختیار کرنے والا۔ بدلنے والا۔
متمادی - لمبا۔
متمش - جاری ہونیوالی۔
متمتع - فائدہ اٹھانے والا۔
متمرد - سرکش۔ باغی۔
متمم - تمام کرنے والا۔
متمنی - تمنا کرنے والا۔
متمنٰے - آرزو کیا گیا۔
متموج - موجزن۔
متمکّن - جاگزین۔ طاقتور۔ باشندہ
متین - پٹھہ۔ استوار۔ بلند۔
متن الطریق - میان راہ۔
متناعم - نازک۔
متناہی - انتہا کو پہنچنے والا۔
متنبّل - تیرانداز۔
متنبہ - آگاہ۔ خبردار۔ مطلع۔
متنبّی - نبوت کا مدعی۔
متنعم - نازونعمت میں پلا ہوا۔
متنوع - نوع بنوع شوندہ۔ گوناگوں۔ رنگارنگ قسم قسم کا ہونے والا۔
متواتر - پے درپے۔
متواری - چھپنے والا۔
متوازی - مقابل۔ برابر۔
متواضع - تواضع کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا۔
متواطد - مضبوط۔ استوار

متوافر - زیادتی اختیار کرنیوالا
متوائم - موافق - لائق -
متوالی - متواتر - پے درپے آنیوالا
متوّج - تاج پہنایا گیا -
مُتوحش - وحشت اختیار کرنے والا - بھاگنے والا - خوفزدہ -
مُتورع - پرہیزگار -
متوزع - پریشان - پراگندہ -
متوسل - وسیلہ ڈھونڈنے والا
متوسل شدن - التماس کرنا
متوصل - وصل اختیار کرنیوالا
متوضا - پاخانہ -
متوطن - باشندہ -
متوفی - فوت شدہ - مرا ہُوا -
متوقف - توقف کرنے والا -
متوکل - خدا پر بھروسہ کرنیوالا -
متولد - پیدا ہونے والا -
متولی - کام پر رہنے والا - والی مالک -
متوہَم - وہم کیا گیا -
متوہِم - وہم کرنے والا -

متہ - سوراخ کرنیکا برمہ -
متوید - نظر بد -
متہاون - کاہل - خوار و ذلیل
متہم - جس پر تہمت لگائی گئی ہو.
متین - سنجیدہ - استوار -
مثاب - ثواب دیا گیا -
مثابہ - مشابہ - مانند -
مثانہ - پُھکنا - پیشاب جمع رہنے کا کیسہ -
مثانی - سورۃ فاتحہ -
مثبت - ثابت کیا گیا لکھا گیا
مثبّت - برقرار کیا گیا -
مثقال - ایک وزن قریبًا ساڑھے چار ماشے -
مَثَل - داستان - مثال -
مِثل - مانند - طرح -
مثلث - ہر گوشہ - تکون تین مستقیم خطوں سے گھری ہوئی شکل - سہ حرفی کلمہ - عیسائی قوم جو تین خدا مانتی ہے - دو زانو بیٹھنا -

**مثلث نشین** - دو زانو بیٹھنے والا
**مُثلہ** - عذاب کرنا - اعضا بریدہ -
**مثمر** - پھل دینے والا -
**مثمن** - ہشت پہلو - ہشت بہشت
**مثمن روضہ** - ہشت بہشت -
**مثمود** - وہ غنی جو کثرت سخاوت سے مفلس ہو گیا ہو -
**مثمور** - زیادہ - کثیر
**مَثنیٰ** - دو کیا گیا -
**مُثنیٰ** - دوم کیا گیا -
**مثنوی** - دو والا - وہ نظم جس کے ہر بیت میں دونوں مصرعوں میں قافیہ ہو -
**مثوب** - ثواب دیا گیا -
**مثوبات** - بھلائیوں کے بدلے - ثواب
**مثوی** - قرارگاہ -
**مثیب** - ثواب دینے والا -
**مثیل** - مانند و مثل -
**مجاب** - جواب دیا گیا - قبول کیا گیا
**مجادل** - لڑنے والا -
**مجادلہ** - باہم جنگ کرنا -

**مجاذیب** - جمع مجذوب - خدا کی محبت میں کھینچے ہوئے - وہ شخص جو خدا کی محبت میں دنیا و مافیہا سے غافل ہو چکا ہو -
**مجارستان** - ہنگری -
**مجاری** - جمع مجری - گذرنے کی جگہیں
**مجاز** - غیر حقیقی - مرادی معنی -
**مجازات** } بدلہ دینا - عوضانہ دینا
**مجازاً** } مراد کے طور پر -
**مجاعت** - بھوک -
**مجالحت** - ٹکرانا - محنت کی مزدوری دینا -
**مجال** - تاب و طاقت - جولانگاہ
**مجال** - فرصت -
**مجالس** - ہم نشین - جلیس -
**مجالس** - جمع مجلس -
**مجالست** - ہم نشین -
**مجالی** - جلوہ کی جگہیں - آئینے -
**مَجامع** - جمع ہونے کی جگہیں -
**مُجامع** - جماع کرنے والا -
**مجامعت** - جماع کرنا -

مجالست - ہم جنس ہونا - ہم قوم ہونا -
مجانین - سودائی لوگ - مجنوں لوگ -
مجاور - ہمسایہ - پڑوسی - مجازاً وہ لوگ جو تکیوں اور قبرستانوں کی حفاظت کرتے ہوں -
مجاور بودن - مقیم ہونا -
مجاورت - پڑوس -
مجاوز - درگذر کرنے والا -
مجاہد - کافروں سے خدا کی راہ میں لڑنے والا - کوشش کرنیوالا -
مجاہدہ - کفار سے لڑنا - سخت کوشش کرنا
مجبول - پیدا کیا گیا -
مجتبیٰ - برگزیدہ - پسند کیا ہوا
مجتمع - جمع ہونے کی جگہ - جمع کیا گیا -
مجتنب - اجتناب کرنے والا - پرہیز کرنے والا -
مجتہد - کوشش کرنے والا - دین کے مسئلے نکالنے والا -

مجِدّ - کوشش کرنے والا -
مُجَدَّد - نیا پیدا کیا گیا -
مُجَدِّد - کسی کام کو نئے سرے سے کرنے والا - گردش زمانہ سے مذہب میں جو اغلاط شامل ہو چکی ہوں - اُن کی درستی کرنیوالا -
مجدّداً - از سرِ نو -
مجدّر - منقّش - جس کے جسم پر چیچک وغیرہ کے آبلے یا داغ ہوں -
مجذُوب - خدا کی راہ میں کھینچا ہُوا فنا فی اللہ -
مجذور - کسی عدد کو اُسی عدد سے ضرب دی ہوئی مثلاً ۱۰ کا ۱۰۰ -
مجرا - جاری کرنا -
مجرّب - آزمایا ہُوا -
مجرّد - تنہا - تارک الدّنیا - جس شخص کی عورت وغیرہ نہ ہو -
مجرّدات - ملائک - ارواح -
مجرم - گناہ گار -
مجرُوح - زخمی -

**مجرودہ** - وہ زمین جس میں ندیاں بہت بہتی ہوں۔

**مجرز** - بے آب وگیاہ سرزمین کلراٹھی زمین۔

**مجرِدم** - جسیم آدمی۔

**مجرہ** - کہکشاں۔

**مجرٰی** - جاری ہونے کی جگہ۔

**مُجری** - زیورات یا نقدی کا صندوقچہ

**مجریہ** - ایگزیکٹو کونسل۔

**مجزیٰ** } جزو جزو علیحدہ کیا ہوُا۔
**مجزا** }

**مجزوم** - کاٹا گیا - یقین کیا گیا - وُہ حرف جس پر حرکت نہ ہو۔

**مجسطی** - علم ریاضی کی ایک کتاب کا نام۔

**مجسّمہ** - بُت - سٹیچو۔

**مجسمہ بِرِنجی** - لوہے کا بُت۔

**مجعد** - گونگھریالے بال۔

**مجلی** - آئینہ - روشن - چمکدار۔

**مجلّد** - جلد بندی کیا گیا۔

**مجلس** - آدمیوں کے گروہ کی بیٹھنے کی جگہ - ڈرامہ۔

**مجلس الاشراف** - دارالامراء۔

**مجلس البلدیہ** - میونسپل کمیٹی۔

**مجلس العموم** - دارالعوام۔

**مجلس پارلان** - پارلیمنٹ۔

**مجلس سِنا** - سینیٹ۔

**مجلس شوریٰ دولتی** - دارالعوام

**مجلس نظامیہ** - کوٹ مارشل۔

**مجلس مذاکرہ** - کانفرس۔

**مجلہ** - ماہوار - رسالہ۔

**مجلوٗا** - وُہ دُلہن جو جلوہ دے جاوے

**مجلیٰ** - صاف - روشن۔

**مجمر** - عُود جلانے کی انگیٹھی۔

**مجمع** - مجلس۔

**مجمعہ** - سینی۔

**مجمل** - محتاج تفصیل۔

**مجملات** - آیات قرآنی جو محتاج تفصیل ہیں۔

**مجموع** - سب - تمام۔

**مجنون** - پاگل - دیوانہ - سودائی ایک مشہور عاشق قیس نامی جو لیلیٰ پر عاشق تھا۔

مجنح - ذوالجناح - ایک حصے کا سردار - صاحب بازو۔
مجوّز - تجویز کرنے والا - جائز رکھنے والا - حاکم -
مجوَّز - جائز رکھا گیا تجویز کیا گیا
مجُوس - آتش پرست لوگ - زردشتی مذہب کے لوگ -
مجوّف - اندر سے خالی - کھوکھلا
مجہول - نہ جانا ہُوا - وُہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو -
مجی - آنا -
مجیب - جواب دہندہ - قبول کرنیوالا
مجید - گرامی - بزرگ -
مچ دست - کلائی -
مجیر - پناہ دینے والا - دستگیر -
مح - مُرغ کے انڈے کی زردی -
محابا - } اعانت - نگہداشت
محابات } عزت - صلح -
محابیب - جمع محبوب معشوق -
محابیس - جمع محبوس - قیدی مقید
محادثہ - باہم گفتگو کرنا -
محادلت - چاہنا - طلب کرنا
محاذی - مقابل والا -
محاذات - مقابلہ -
محارب - لڑنے والا -
محاربہ - جنگ - لڑائی -
محاربات - جمع محاربہ -
محاریب - جمع محراب -
محاسب - حساب کرنے والا -
محاسبہ - حساب -
محاسن - خوبیاں - جمع حُسن -
محاصر - گھیرنے والا -
محاصرہ - گھیر لینا -
محاضرات - معلومات علم تواریخ
محاط - گھیرا گیا -
محافل - جمع محفل -
محافہ - عورتوں کے سوار ہونے کی ڈولی -
محاکات - حکائت کرنا - کہانی -
محاکمہ - جھگڑے کا تصفیہ کرنے والا - داد خواہی -
محال - دشمنی - عذاب - حیلہ -

محالات - غیر ممکن باتیں - علاقے
محالہ - ربڑ -
محالبت - باہم مل کر دودھ دوہنا
محام - وکیل - بیرسٹر -
محامی - وکیل - بیرسٹر -
محامات - مدد کرنا - حفاظت کرنا
محامست - کسی کام میں باہم اتفاق کرنا
محامد - خوبیاں - تعریفیں -
محامل - جمع محمل - کجاوہ - ہودج
محاورت - گفتگو -
محاورہ - ترچھی نگاہ سے دیکھنا - گوشۂ چشم سے دیکھنا -
محاول - گرد گرد پھرنے والا -
محاولت - کسی کی طرف تیز نگاہ سے دیکھنا -
محابدہ - علیحدہ ہونا - برطرف ہونا
محب - دوست -
محبرہ - قلمدان -
محبس - قید خانہ - جیل -
محبل - بچہ دان - رحم -
محبوس - قید کیا گیا -

محتال - حیلہ گر - مکار - دغابانہ
محتجب - پردہ نشین -
محترز - پرہیز کرنے والا -
محترقہ - کاریگر لوگ -
محتسب - کوتوال شہر - مجسٹریٹ خلاف شرع کاموں کی نگرانی کرنے والا - اُن سے لوگوں کو منع کرنے والا -
محتشم - صاحب حشمت -
محتکر - اجارہ لینے والا -
محتمل - گمان کیا گیا - احتمال کیا گیا -
محتوی - گھیرنے والا -
محجن - چوگان -
محجوب - حجاب کیا گیا - پوشیدہ
محجور - حرام کیا گیا -
محدب - جو ہوا فوق قبہ کے ہو -
محدّث - حدیث بیان کرنے والا - راوی
مُحدَث - نئی بات نکالنے والا -
محذوف - حذف کیا گیا - گرایا گیا
محراب گاہ - مسجد -

مُحرّر - کاتب -
مُحرّر - لکھا گیا - آزاد کیا گیا -
مُحرِّص - حرص میں ڈالنے والا
مُحرَّص - حرص میں ڈالا گیا -
مُحرِّض - جنگ پر آمادہ کرنیوالا
ورغلانے والا -
محرّض - لڑائی پر مستعد -
ورغلایا ہُوا -
محرّف - سدھائی سے پھیرا گیا
کج اور ٹیڑھا -
مُحرِق - جلانے والی -
مُحرِقہ - جلانے والی تپ -
محرِّک - حرکت کرنے والا -
محرّم - حرام کیا گیا - سنّ ہجری
کا پہلا مہینہ -
مُحرِم - احرام باندھنے والا -
مَحرم - واقف راز - وُہ شخص
جس کے ساتھ نکاح درست نہ ہو
محرّمات - حرام چیزیں -
محرَمان جمع محرم - واقف راز لوگ
محرمہ - رومال -

محرور - گرم - تنک مزاج -
محروس - حراست کیا گیا -
محافظت میں رکھا گیا -
محزون - غمگین -
محسنات - جمع محسنہ - نیکیاں
محسنہ - نیکی - بھلائی - خوبی -
محسنین - جمع محسن -
محسُوب - گنا گیا - حساب کیا گیا
محسُود - حسد کیا گیا -
محسُور - افسوس کیا گیا -
محسُول - فضول - بیکار چیز -
محسُوم - وہ بچہ جو دُودھ سے
باز رکھا گیا ہو -
محسّہ - کھریرا -
محش - جماع کرنا - مجروح کرنا -
اعتدال سے زیادہ کھانا -
محشر - روز قیامت - روز قیامت
کو اکٹھا ہونے کی جگہ -
محشُود - اطاعت کیا گیا -
محشُوس - جلایا گیا -
محشّی - حاشیہ چڑھایا گیا -

محشی - حاشیہ چڑھانیوالا -
محصد - کھیت کی فصل کاٹنے کا آلہ - درانتی -
محصِّل - حاصل کرنے والا -
محصّل - حاصل کیا گیا -
محصن - پرہیزگار - جورو والا آدمی
محصنہ - شوہر دار عورت -
محصُود - کٹی ہوئی کھیتی -
محصُور - گھیرا گیا - قیدی -
محضر - حاضر ہونے کا مقام یا وقت - قاضی کا حکم نامہ - عرضی - درخواست - وہ شخص جو غائب کو نیکی سے یاد کرے -
محضر - وہ آدمی جس نے کفر و اسلام دونوں کا زمانہ پایا ہو -
محضرون - حاضر کئے گئے لوگ -
محظو - حرام - منع شدہ چیز -
محظوظ - خوش نصیب - بہرہ مند -
محفظہ - نوٹ بک - یادداشت
محفہ - عورتوں کی سواری - ڈولی -
محق - حق ثابت کرنے والا -
محقر - ذلیل - حقیر -

محقق - تحقیق کیا گیا -
محقق - دربار شاہی کا ناظر -
محک - کسوٹی -
محکمہ - کچہری - عدالت گھر -
محکمۃ الحقوق - عدالت دیوانی
محکوم - حکم کیا گیا -
محل - عالیشان عمارت - بادشاہی مکان -
محل الاداب - پاخانہ -
محل توقف - ریلوے سٹیشن -
محل لنگ اوبہ - خیمہ لگانے کی جگہ -
محلات - جمع محل -
محلُوج - دھنکی ہوئی روئی -
محلول - حل کیا ہوا -
محلےٰ - زیور سے آراستہ - مجازاً آراستہ
محلی - مقامی حکومت -
محمد - بسیار ستودہ - حمد کیا گیا - تعریف کیا گیا - افضل الانبیاء حضرت رسول اکرم کا اسم مبارک
محمدت - تعریف -

**مُحمّدی** - حضرت محمدؐ صلعم کی امت کے لوگ -
**مِحمل** - تلوار لٹکانے کا تسمہ -
**مُحمل** - اونٹ کا زین - محل -
**محمود** - تعریف کیا گیا -
**محمول** - خیال کیا گیا - لادا گیا -
**محموم** - وہ شخص جس کو سخت بخار ہو -
**مِحن** - امتحان کرنا -
**مِحَن** - جمع محنت -
**محو** - زائل کرنا - نقوش و حروف کو کاغذ یا لوح سے چھیل ڈالنا - کسی کام میں مٹ جانا - عاشق - دیوانہ -
**مِحوَر** - دھری جس پر پہیہ گردش کرتا ہے - زمین کے بیچوں بیچ ایک فرضی خط جس پر زمین گردش کرتی ہے - اُس خط کا ایک سرا قطب جنوبی اور دوسرا سرا قطب شمالی ہے -
**محوّل** - حوالہ کرنیوالا - پھرانیوالا -
**محوَّل** - سپُرد کیا گیا -
**محی** } زندہ کرنے والا -
**مُحیی**
**مُحیا** - چہرہ -
**محیص** - خلاصی پانا -
**محیط** - احاطہ کرنے والا - سمندر -
**محیل** - حیلہ گر -
**مخاتیم** - جمع مختوم - مُہر کئے ہوئے -
**مخادع** - فریب کرنے والا -
**مخادعات** - جمع مخادعت - فریب
**مخادعت** - دغا - دھوکا - فریب
**مخادنت** - باہم دوستی کرنا -
**مخادیم** - جمع مخدوم - بزرگ -
**مخاذیل** - جمع مخذول - ذلیل و رسوا لوگ -
**مخارج** - خارج ہونے کی جگہیں -
**مخارضہ** - کسی چیز کا تبادلہ کرنا -
**مخارف** - مفلس - قلاش - بے نصیب
**مخارفہ** - آپس میں موسم خریف کا معاملہ کرنا -
**مخازن** - جمع مخزن - خزانے -

مخاصرہ - ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ ڈال کر چلنا -
مخاصمت } دشمنی کرنا - لڑنا -
مخاصمہ }
مخاضرہ - درخت پر ہی کے میوے
مخاضنہ - باہم عشق و محبت کرنا - خردخت کردینا -
مخاط - آب بینی - سفک -
مخاطبات - آپس میں کلام کرنا -
مخاطرہ - خطرہ - اندیشہ - ذہن میں آئی ہوئی بات -
مخاطی - خطا کرنے والا -
مخافات - خوف - ڈر -
مخافت - خوف کرنا - ڈر کھانا
مخالب - جانوروں کے چنگل - شکاری پرند -
مخالطت - دوستی - اختلاط
مخاوف - خوف کی جگہیں -
مخبر - جاسوس - خبر دینے والا -
مخبّر - مجازاً چہرہ -
مخبط - فاسد - ملا جلا -

مختار - اختیار کیا گیا -
مختال - منکر - انکار کرنے والا
مخترع - اختراع کیا گیا - نیا ایجاد کیا گیا - نئی بات -
مخترع - نئی بات نکالنے والا -
مختص - خاص کیا گیا -
مختل - خلل پایا گیا -
مختوم - مُہر لگایا گیا - بند -
مختون - ختنہ کیا گیا -
مخدّر - بےحس کرنیوالی چیز -
مخدّرہ - پردہ نشین عورت -
مخدوش - خدشہ کیا گیا خوف کیا گیا -
مخدوم - آقا -
مخذُول - ذلیل - بے درد -
مخرّب - خراب کنندہ -
مخرّج - ٹکڑا ٹکڑا کرنے والا - پھاڑنے والا -
مخرج - نسب نما -
مخرُوط - گاجر نما شکل -
مخزن - خزانہ - جمع کرنے کی جگہ

مخزون - خزانہ کی چیز - پوشیدہ
مخضیب - خضاب کیا گیا -
مخطط - خط دار - لکیروں والا -
مخظور - حرام - اندیشہ -
مخطی - وہ شخص جس سے بلا قصد و ارادہ کوئی خطا سرزد ہو -
مُخفف - تخفیف کیا گیا - ہلکا کیا گیا -
مخلّد - ہمیشہ -
مخلط - ملایا گیا -
مخلع - خلعت دیا گیا -
مخلف - پیچھے چھوڑا گیا -
مخلفات - باقی ماندہ سامان
مخلوط - ملا جُلا -
مخلوع - تخت سے اُتارا گیا -
مخلی - رہا کیا گیا - خالی کیا گیا -
مخمّر - خمیر کیا گیا -
مخمس - پانچ کونہ کا - نظم جس میں پانچ مصرعوں کا بند ہو -
مخمصہ - شدت کی بھوک - سخت غم
مخملک - سُرخ بخار -

مخموس - پانچ گز کا کپڑا - یا نیزہ
مخمول القلب - جس کا دل کینہ و حسد سے پاک ہو -
مخنّث - ہیجڑا - نامرد -
مختنق }
مخنوق } جو گلا دبا کر مرا ہو -
مخوّف - خوف زدہ -
مخیّر - بڑا سخی - نیکی کرنے والا -
مخیس - قید خانہ -
مخیض - مکھن نکلنے والا دُودھ
مخیط - سُوئی سے سی ہوئی چیز -
مخیّل - خیال کیا گیا -
مخیلہ - غرور - وہ بادل جسکو برسنے والا خیال کیا جائے -
مخیلہ - قوت خیال -
مخیم - خیمہ نصب کرنے کی جگہ -
مَد - کشش -
مُد - ملک عرب کا ایک پیمانہ
مداخل - دخل دینے والا - آمدنی
مداد - سیاہی - پنسل -
مداد پاک کن - ربڑ -

مَدار - ستارہ کے گردش کرنے کی جگہ - دائرہ - انحصار -

مُدارات - خاطر تواضع - رعایت

مدارات - ستاروں کی حرکت کے فرضی دائرے -

مدارج - درجے - منازل -

مدارست - باہم پڑھنا پڑھانا -

مدار المہام - وزیر اعظم فوج کا سردار -

مداعبت - مزاح کرنا -

مدافع - دفع کرنے والا -

مدال - میڈل - تمغہ -

مدام - میڈم - خاتون - ہمیشہ - شراب

مداوا
مداوات } علاج کرنا - دوا -

مداومت - ہمیشگی کرنا -

مداہن - سستی کرنیوالا -

مدایح - تعریفیں -

مدائن - شہر - ملک عراق کا ایک شہر -

مُدبّر - تدبیر کرنے والا -

مُدبَّر - برگشتہ بخت - بدنصیب -

مُدبّر - گنڈا - غلام - کڑی -

مدت عدت - طلاق کے بعد کا وہ زمانہ جس میں عورت دوسرا خاوند نہیں کرسکتی - یہ مدت حاملہ عورت کے لئے وضع حمل تک اور دوسری عورت کے لئے چار ماہ دس دن -

مدخل - داخل ہونے کی جگہ -

مدخنہ - چمنی -

مدخول - داخل کیا گیا -

مدخولہ - وُہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو -

مُدِرّ - پیشاب جاری کرنیوالی چیز -

مدرسہ کلیہ - یونیورسٹی مدرسہ -

مدرک - سمجھا یا گیا - دریافت کیا گیا -

مُدرکات - عقلیں - دانشیں -

مُدرکہ - اشیا کی حقیقت معلوم کرنیوالی قوت -

مدعا علیہ - جس پر دعویٰ کیا گیا ہو -

مدعی - دعوی کرنے والا -
مدعی بے مایہ و معنی - شیخی باز -
مدعیات - آرزوئیں -
مدغ - بدنما رنگ - بُرا -
مدغل - جھاڑیوں کا خوفناک جنگل -
مدغم - ادغام کیا گیا -
مدفن - دفن کرنیوالے کا مقام -
مدفون - دفن کیا گیا -
مدقق - باریک کام کرنیوالا -
مدقوق - تپ دق کا بیمار -
مدک - ہر کام پر قادر آدمی -
مدلل - دلیل سے ثابت کیا گیا -
مدلول - بتلایا ہوا - معنی -
مُدمل - زخم کو بھرنے والی چیز -
مُدن - جمع مدینہ - شہر -
مَدنی - شہری - شہر کا باشندہ
مدنی - لیموں -
مدوجزر - جوار بھاٹا -
مَدّور - زنبورک -
مدوّر - گول -
مدوّن - دیوان بنایا گیا - جمع کیا گیا

مدہوش - نشہ میں مست - حیران متحیّر -
مدیٰ - غائت - انتہا -
مدیح - صاحب بزرگی وارجمندی
مدید - دراز -
مُدیر - حرکت دینے والا - گول -
مدبر - ایڈیٹر - ڈائرکٹر -
مدین - نام قصبہ -
مدین - غلام - بندہ - ملازم -
مدینہ - شہر - وہ شہر جہاں رسول اکرم کا مزار مبارک ہے -
مدیون - قرضدار -
مُذاب - پگھلا ہوا -
مذاکرہ - باہم ذکر کرنا -
مذاکر - جمع ذکر - عضو تناسل -
مذبح - ذبح کرنے کی جگہ -
مذبذب - تردّد - پکڑ دھکڑ -
مذبوح - ذبح کیا ہوا جانور -
مذکّر - یاد دلایا گیا - مرد -
مذکر سماعی - زن مرید -
مذکور - ذکر کیا گیا -

**خواری** - رسوائی -
**مذمت** - رُسوائی
**مذموم** - زشت - بُرا -
**مُذنِب** - گناہگار -
**مذہّب** - ملمع کیا گیا -
**مذہب** - دین - طریقہ -
**مذہب اسراریاں تصوف** صوفیوں کا مذہب -
**مذہوب** - زرنگار -
**مذیب** - پگھلانے والا -
**مَر** - خاص کر - پچاس کا عدد -
**مَرّ** - کلہاڑی - ریتی -
**مُر** - کڑوا - تلخ -
**مرابح** - فائدے -
**مرابط** - باہم ربط رکھنے والا -
**مرابطات** - جمع مرابط -
**مرأۃ** - عورت -
**مرآۃ** - شیشہ -
**مراتبہ** - جمع مرتبہ -
**مراجعت** - رجوع کرنا - واپس لوٹنا
**مراح** - جانا - آسائش کی جگہ
**مراحل** - جمع مرحلہ - منزلیں -
**مراحم** - جمع مرحمت - مہربانیاں بخششیں -
**مرادفت** - ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا - ایک معنی ہونا - باہم ردیف ہونا -
**مرارۃ** - کڑواپن -
**مُراسِل** - وُہ عورت جس کو خاوند سے جدائی ہو - اور وُہ عورت جو اپنے ساتھ شادی کرنے کے خواہشمندوں سے خط وکتابت کرے -
**مراسلات** - جمع مُرسلہ -
**مراسلت** } باہم خط وکتابت
**مراسلہ** } کرنا -
**مراسم** - رسُوم -
**مراشد** - سیدھے راستے -
**مراضعۃ** - بچہ کو دایہ کا دُودھ پلانا -
**مراعات** - رعائت کرنا - مہربانی کرنا - چرندوں کا باہم مل کر چرنا -

مُراعی - چرواہا - نگہبان -
مَرَاعی - چراگاہ - مرغزار - رعایتیں
مراغبت - رغبت کرنا -
مراغہ - پرندوں کا لوٹنا - آذربائیجان میں ایک شہر کا نام -
مرافدہ - باہم مدد کرنا -
مرافعات - عرضداشت -
مرافعت - عدالت میں دعویٰ پیش کرنا -
مرافعہ - مقدمہ - اپیل -
مَرافق - جمع مرفق - کہنیاں -
مرافق - ساتھی - رفیق -
مرافقت - رفاقت -
مراقب - امیدوار -
مُراقبت - چشمداشت - حفاظت
مراقبہ - گردن جھکائے حضورِ دل سے درگاہ ایزدی میں حاضر ہونا -
مراقعۃ - ہر موسم میں شراب پینا -
مراقی - مالیخولیا کا مریض -
مراکب - سواریاں - جہازات
مرال - بارہ سنگا -
مرام - مُراد - مقصد -
مرامات - باہم تیراندازی کرنا -
مراناۃ - باہم نرمی کرنا -
مراہم - جمع مرہم -
مرایا - جمع مرآۃ - آئینے -
مربی - مربی - خودبیں -
مربُوط - ربط کیا گیا - لگایا گیا -
مُربی - پرورش کرنے والا -
مرّۃ - ایک دفعہ -
مرتاض - نفس کُش - ریاضت کرنے والا - تکلیف برداشت کرنے والا -
مرتب - ترتیب دینے والا -
مرتب - ترتیب دیا گیا -
مُرتد - مذہب اسلام سے پھرا ہوا -
مُرتسم - نقش قبول کرنے والا -
مُرتشی - رشوت لینے والا -
مرتضیٰ - حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا لقب -

مُرتضوی - منسوب بہ حضرت علی -
مرتع - چراگاہ -
مرتعب - خوف کھانیوالا - ڈرنیوالا
مُرتعش - کانپنے والا -
مرتفع - اُٹھایا گیا - رفع کیا گیا -
مُرتقی - بلند کیا گیا -
مُرتکب - ارتکاب کرنے والا - اختیار کرنے والا - کسی کام کا کرنے والا -
مرتہن - گرو رکھنے والا - رہن رکھنے والا -
مرثیہ - مردہ کے اوصاف اس طرح بیان کرنا کہ اُس کے سُننے والے کو رحم آوے - خصوصاً شہدائے کربلا کی سرگذشت کا بیان کرنا -
مرج - فساد - تباہی - کام بگڑ جانا -
مرجان - مونگا -
مرجح - ترجیح دینے والا -
مرجع - رُجوع کرنے کی جگہ -
مرجُو - امیدوار -
مرجُوحہ - جھولا -
مرجوع - رجوع کیا گیا - واپس لوٹایا گیا -
مرجُوم - رجم کیا گیا - سنگسار کیا گیا -
مرحبا - کشادہ ہونا - جائے کشادہ - قلعہ خیبر کے حاکم کا نام جو حضرت علی کے ہاتھ سے قتل ہوا -
مرحبا - شاباش - کلمۂ تحسین و تعظیم -
مرحلہ - منزل - کوچ کی جگہ -
مرحوم - رحمت کیا گیا - مجازاً فوت شدہ -
مرخص - رخصت کیا گیا -
مُرخصی - تجھے اجازت ہے -
مُرخم - دُم بریدہ - نرم کیا گیا - وہ لفظ جس کا آخری حرف گرایا گیا ہو -
مُرداب } رُکا ہُوا پانی -

مُرداد - شمسی پانچواں مہینہ - مطابق جیٹھ وجولائی -
مرِ رو - پیدل چلنے والوں کیلئے سڑک کے کنارے -
مردشت - ایران کے ایک مقام کا نام -
مردک - مرد کا تصغیر - حقیر آدمی
مُردگاں - مرے ہوئے لوگ -
مردم - آدمی - آنکھ کی پتلی -
مردمک - آنکھ کی پُتلی -
مُردن - مرنا -
مردود - رد کیا گیا - درگاہ سے نکالا گیا
مردہ - دیو - سرکش -
مردہ شو - غسال -
مردی - بہادری -
مردی - چپو -
مَرز - زمین - کاشت کے لائق زمین - دو کھیتوں کا درمیانی - مینڈ -
مرزا - سردارزادہ -
مرزبان - سردار - حاکم - محافظ
مرزبوم - پیدائش کا مقام - اصلی وطن -
مرزغان - قبرستان - دوزخ -
مرزنجوش } ایک خوشبودار
مرزنگوش } گھاس -
مُرسِل - بھیجنے والا -
مُرسَل - پیغمبر صاحب کتاب -
مُرسلہ - بھیجا گیا -
مرسلین - جمع مُرسَل - صاحب کتاب پیغمبر -
مرسُوم - رسم - ماہانہ تنخواہ -
مرسہ - باز کا تسمہ -
مرسیل فرانسہ - مارسیلز
مُرشِد - ہدایت کرنے والا -
مرشال - مارشل - مہتمم -
مرصاد - دشمن کے انتظار کی جگہ
مرصد - راہ دیکھنے کی جگہ - انتظار کی جگہ -
مرصُوص } مستحکم - رانگ ڈال کر
مرصوصہ } مضبوط کی ہوئی چیز -

مرض شش - سل کی بیماری -
مرضوف - گرم پتھر پر کباب بھونا ہوا
مرضع } بچوں کو دودھ پلانیوالی
مُرضعہ } عورت - دایہ - انا -
مَرضیٰ - جمع مریض -
مرطوب - رطوبت دار - بھیگا
ہوا - تر -
مرعیٰ - چراگاہ -
مرعُوب - رُعب ڈالا گیا - ڈرایا گیا
مرعی - رعانت کیا گیا -
مُرغ - پرندہ -
مَرغ - عمدہ گھاس -
مرغ خانگی - مُرغا -
مُرغ خوابانیدن - مرغی کو
انڈوں پر بٹھانا -
مرغ سبز قبا - ہریل -
مرغ شب آہنگ
مُرغاب - ملک خراسان میں ایک
ندی کا نام -
مرغزار - سبزہ زار - گھاسدار
میدان -

مرغ سحر - بُلبُل - مرغا - صبح صادق
کو پہچاننے والا پرندہ -
مرغوب - رغبت کیا گیا - پسندیدہ
مرغول - گھونگھر والے بال -
مرفق - کہنی -
مرفوض - متروک چیز -
مرفوع - بلند کیا گیا -
مرفہ - آسودہ - خوشحال -
مرقاۃ - سیڑھی -
مرقد - قبر -
مرقع - فقیروں کی گدڑی تصویروں
کی کتاب -
مرقوم - لکھا ہوا - تحریر -
مرکّب - ترکیب دیا گیا - کئی
چیزوں کو ملا کر بنایا گیا -
مِرکب - سیاہی -
مَرکب - کشتی - جہاز -
مرکب دان - دوات -
مرکز - دائرہ کے عین بیچ کا نقطہ جس پر
سے فتنے خطوط مستقیم محیط
تک کھینچے جائیں سب برابر ہوں -

مرکل ۔ پاؤں ۔
مرکن ۔ لگن ۔ گملا ۔ طشت ۔
مرکوب ۔ سواری کا جانور ۔ کشتی
مرکوز ۔ گڑا ہؤا ۔ محکم کیا ہؤا ۔
مجازاً منظور ۔
مرگ موش ۔ سنکھیا ۔
مرگ نو ۔ تازہ فساد ۔ عشق ۔
مرگی ۔ مشہور بیماری ۔
مرما ۔ تختوں کے رگڑ کی آواز ۔
مرمات ۔ حوادثات زمانہ ۔
مرمار ۔ بہت رس دار انار ۔ نازک
و خوبصورت نوجوان لڑکی ۔
مرمریس ۔ بلا ۔ مصیبت ۔ پہلوان
مرمد ۔ آشوب چشم میں مبتلا ۔
مرمر ۔ ایک قسم کا سفید قیمتی پتھر
مرو ۔ خراسان کا ایک شہر ۔
مروارید ۔ موتی ۔
مروت ۔ مردانگی ۔
مروّج ۔ رائج کیا گیا ۔
مروّح ۔ خوشبودار کرنے والا ۔
راحت پہنچانے والا ۔

مروحہ ۔ پنکھا ۔
مُرور ۔ گذرنا ۔ چلانا ۔
مَرَوِس ۔ فرمانبردار خادم ۔
مُروّق ۔ صاف کیا گیا ۔ مصفی ۔
مروّق ۔ رواق بنانے والا معمار
مَروَہ ۔ مکہ معظمہ کے قریب
ایک پہاڑ کا نام ۔
مَروِی ۔ روایت کیا گیا ۔
مَرّہ ۔ ایک بار ۔
مِرّہ ۔ قوت ۔ عقل ۔
مرہوب ۔ ڈرا گیا ۔
مرہون ۔ رہن کیا گیا ۔
مریخ ۔ جلاد فلک ۔ ایک
منحوس ستارہ ۔
مرید ۔ دینی شاگرد ۔
مرِیّد ۔ سرکش ۔ باغی ۔ ملعون ۔
راندۂ درگاہ ۔ ابلیس ۔
مرئی ۔ دیکھی گئی چیز ۔
مزاح ۔ خوش طبعی کرنا ۔ ہنسی کرنا
مزاحف ۔ عروض میں وہ رکن جس
میں تبدیلی ہوئی ہو ۔

**مزاحم** - روکنے والا -
**مزاحمت** - کسی چیز پر تنگی کرنا - رُکاوٹ -
**مزادہ** - توشہ دان - زادراہ رکھنے کی چیز -
**مزارع** - کھیتی کرنے والا - کاشتکار مجازاً وہ شخص جو کرایہ پر زمین کی کاشت کرے - اصل مالک نہ ہو -
**مزال** - جائے لغزش -
**مزامیر** - راگ - گیت - دعا - بانسری -
**مزاوجت کردن** - نکاح کرنا -
**مزاولت** - کسی کام پر ہمیشگی کرنا - کوشش کرنا -
**مزایدہ** - نیلام -
**مُزبلہ** - کوڑا جمع ہونے کی جگہ -
**مزبور** - لکھا ہوا - جو اوپر تحریر کیا جا چکا ہے -
**مزج** - ملنا ملانا -
**مزجات** - تھوڑا - بے اعتبار
**مزخرف** - جھوٹی بات جو سچی بات کی طرح بنائی گئی ہو -
**مُزد** - مزدوری - اُجرت -
**مزدوج** - ہم قرین - ہم صحبت
**مزرع** - کھیتی -
**مزعفر** - زعفران پڑا ہوا کھانا - زرد
**مزغان باشی** - بینڈ ماسٹر -
**مزکیٰ** - وہ مال جس کی زکوٰۃ دی گئی ہو -
**مزکی** - پاک کرنیوالا - زکوٰۃ دینے والا
**مزلت** - پھسلنا - لغزش کرنا -
**مزلقہ** - وہ گاؤں جو زراعت اور کھیتوں کے درمیان ہو -
**مزلفہ** - انبوہ کیا گیا - قریب کیا گیا
**مزلف** - لغزش دہندہ -
**مزلل** - بہت نیکی کرنے والا -
**مزلم** - خوش طبع اور ہوشیار آدمی -
**مزمار** - بانسری - باجہ -
**مُزمج** - تر و تازہ سبزہ -
**مزمن** - پرانا - اپاہج - شل -
**مزنہ** - بوچھاڑ -

مزنتہ ۔ سفید بادل ۔ مینہ ۔
مزود ۔ توشہ دان ۔
مزوّر ۔ فریبی ۔ دغاباز ۔ مکّار
مزیّب ۔ زینت دیا گیا ۔
مزیّت ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔
مزید ۔ زیادتی ۔ افزونی ۔
مزیدن ۔ چُوسنا ۔
مزیّل ۔ دور کرنے والا ۔
مُزیّن ۔ زینت دیا گیا ۔
مژدہ ۔ خوشخبری ۔
مزدک ۔ ایک شخص کا نام جس نے ایک نیا مذہب جاری کیا تھا
مژدگانی ۔ خوشخبری لانے والے کا انعام ۔
مژگاں ۔ آنکھ کی پلکیں ۔
مژہ ۔ آنکھ کی پلک ۔
مَس ۔ چھُونا ۔ جماع کرنا ۔
مَسا ۔ شام کا وقت ۔
مسابعنہ ۔ گالی گلوچ کرنا ۔
مسابقت ۔ باہم سبقت لیجانا ۔
مسا بلہ ۔ کسی کے پیچھے چلنا ۔
مساجد ۔ جمع مسجد
مساجرت ۔ باہم دوستی کرنا ۔
مسّاح ۔ پیمائش کرنے والا ۔
مَساحت ۔ پیمائش کرنا ۔
مساحت کن ۔ سروے کرنیوالا ۔
مسارعت ۔ باہم سرعت کرنا ۔ تعجیل
مسارقت ۔ باہم چوری کرنا
مساس ۔ ہاتھ ملنا ۔ ہاتھ پھیرنا جماع کرنا ۔
مساعد ۔ مددگار ۔
مساعدت ۔ مدد کرنا ۔
مساعی ۔ جمع سعی ۔ کوششیں ۔
مسافات ۔ جمع مسافت ۔ دُوریاں
مسافرت عروسی ۔ ماہ زفاف ۔ ہنی مون ۔
مساک اللہ بالخیر ۔ گڈ نائٹ ۔
مساکن ۔ جمع مسکن ۔ مکان ۔ جائے رہائش ۔
مساکین ۔ جمع مسکین مفلس لوگ
مسالت ۔ درخواست کرنا استفسار
مسالک ۔ جمع مسلک ۔ راہیں طریقے

مسّام - بدن کے باریک باریک سوراخ -
مسامحت - چشم پوشی کرنا اغماض - جوانمردی -
مسامرہ - افسانہ کہنا -
مسامع - جمع سمع - کان - گوش -
مساوات - یکساں ہونا -
مساوی - برابر - یکساں -
مساہرہ - بیداری - ہوشیاری
مساہلت - تساہل کرنا سستی کرنا
مساہم - حصہ دار - شریک -
مساہمت - شرکت -
مسائل - جمع مسئلہ - پوچھی ہوئی باتیں -
مسبح - تسبیح کرنے والا -
مسبحہ - شہادت کی انگلی -
مُسبع - سات مصرعوں کے بند والی نظم
مسبوق - سابقہ - گذشتہ -
مسدت - متوالا -
مُسبت - غم واندوہ -
مستاجر - ٹھیکہ دار -
مستاصل - جڑ سے اکھیڑنیوالا - نابود کرنے والا -
مستاصَل - جڑ سے اکھڑا ہوا
مستانس - عادی - خوگر - محبت رکھنے والا -
مستانِف - اپیل کرنے والا -
مستانفہ - ابتدا کرنے والا - مجازاً علیحدہ -
مستاہل - اہل - لائق - سزاوار -
مستبد - وہ شخص جو اکیلا ہی کسی کام پر مستعد ہو -
مستبشر - خوشخبری چاہنے والا -
مُستبصر - بینائی کا خواہشمند - صاف دل -
مُستبعد - دشوار - بعید - دور کیا گیا -
مستبیت - فقیر - شب باشی کے لئے جگہ کا جویاں -
مُستبین - ظاہر -
مستثنیٰ - علیحدہ - بری - استثنا کیا گیا -

مستثنیٰ منہ - جس سے نکالا جاوے
مستجاب - قبول کیا گیا - جواب دیا گیا -
مُستجاب الدعوات - جس کی دعا مقبول ہو -
مُستجمع - جمع کرنے والا -
مُستجیب - دعا کرنے والا - قبول کرنے والا -
مُستجیع - گرسنہ - بھوکا - ظاہر کرنے والا -
مُستحب - دوست رکھنا عبادت کا وہ فعل جس کا ثواب رسول مقبول نے ارشاد فرمایا ہو - اور جس کے کرنے سے ثواب ملے اور نہ کرنے سے عذاب یا گناہ ہو
مستحدث - نئی چیز پیدا کرنیوالا
مستحسن - پسندیدہ - نیک کیا گیا
مُستحکم - مضبوط -
مستحفظ - ڈاکخانہ یا جیل کا سنتری
مستخرج - باہر نکالا ہوا - مطلب نکلا ہوا -
مستخلص - رہا کیا گیا - خلاص کیا گیا -
مُستخمر - شرابی -
مستخیف - خوف کھانیوالا - ڈرنے والا -
مستدام - ہمیشہ -
مستدعی - درخواست کرنیوالا
مستدل - دلیل مانگنے والا -
مستدیر - مدوّر - گول -
مستبذل - ذلیل کیا گیا -
مُستذنب - پیروی کرنیوالا -
مُستراح - آرام آسائش کا مقام
مُسترَد - رد کیا گیا -
مسترشد - مرید - ہدائت کا طالب
مُسترق - چھپ کر بات سننے والا
مسترَق - وہ مال جو چوری جاوے
مستزاد - وہ نظم جس کے ہر مصرعہ میں چند الفاظ زاید ہوں -
مُستسعد - نیکی کا خواہاں - یاری کا طالب - سعادت کا جویاں

مُستسقی - پیاسا - سیرابی کا طالب استسقا کی بیماری -
مستشار - وہ شخص جس سے مشورہ کریں -
مستشعر - نیچے کا کپڑا پہنے ہوئے - شعور طلب کرنے والا -
مستشفی - ہسپتال - شفاخانہ -
مستشہد - گواہی چاہنے والا -
مستصحب - صحبت رکھنے والا
مستطاب - موافق - خوش - بامزہ
مستطاع - فرمانبردار - تابعدار
مستطرف - جو سبزہ ابھی غلاف میں ہو - بے خانماں آدمی
مستطیع - صاحب قدرت -
مستظہر - پشت پناہ طلب کرنیوالا - قوی پشت ہونیوالا -
مستعار - قرض - مانگا ہوا -
مستعان - مدد کا طالب -
مستعجل - جلد باز - شتابی کا طالب -
مُستعذب - شیریں میٹھا کیا گیا
مستعمرات - نوآبادیات -
مستعمل - عمل میں لایا ہوا - رائج
مستعین - مدد چاہنے والا - اعانت کا طالب -
مستغاث - دادرس -
مستغاثی - فریادرس -
مستغرق - ڈوبا ہوا -
مُستغفر - استغفار کرنے والا - گناہوں کی معافی کا طالب
مستغنی - بے پرواہ - غنی -
مستغیث - فریادی - دادخواہ
مُستفاد - جو بطور فائدے کے حاصل کیا گیا ہو -
مستفتح - بُرا - زشت - زبون
مستقبل - آئندہ - آنیوالا زمانہ
مستقر - ٹھہرنے کی جگہ -
مستقصی - کسی چیز کی انتہا کو پہنچنے والا -
مستقیم - سیدھا -
متکبر - مغرور - سرکش -
مستکرہ - مکروہ جاننے والا - بُرا سمجھنے والا -

مستکرم - بخشش کرنے والا - خواہش
مستکفی - کفایت کرنیوالا -
مستلذات - لذتیں - لذت دار چیزیں
مستلزم - لازم پکڑنے والا -
ضروری جاننے والا -
مُستمال - رجوع کیا گیا - مائل -
مستمر - ہمیشہ - پیوستہ - دائم -
استوار - مضبوط -
مستمری - پنشن -
مستمسک - چنگل مارنے والا
مستمطر - مینہ کا طالب -
مستملکات - نوآبادیات
مستملح - نمکین - ملیح -
مستمع - سننے والا -
مستمند - اندوہگین - محتاج -
مستنمیت - موت کا طالب
جانباز - بہادر -
مستنبط - علم یا پانی باہر نکالنے والا
مستنبَط - باہر نکالا گیا -
مُستنَد - کسی چیز پر پیٹھ لگا کر بیٹھنے
والا - پناہ ڈھونڈنے والا

مستند - سند یافتہ - معتبر -
مستثنا - راہ کے میلوں کی علامتیں
مستنکر - بدزشت - کینہ - بُرا -
مُستنیر - نور ڈھونڈنے والا -
مستوثق - مضبوطی پکڑنے والا
مستوجب - لائق -
مستوحش - وحشت ڈھونڈنے
والا - وحشی -
مستودع - امانت نگاہ رکھنے والا
مستور - چھپا ہوا - چھپانیوالا -
مستورہ - چھپی ہوئی چیز -
مستوسع - فراخ - کشادہ - کھلا
مستوفی - پورا لینے والا - ہیڈ کلرک
ر آڈیٹر - محاسب -
مستوفیٰ - تمام و کمال کیا ہوا
مستوقد - آگ بھڑکانے والا -
مستولی - غالب آنیوالا - زبردست
مستوہب - ہبہ کی طلب کرنے
والا بخشش کا خواہاں -
مستوی - ہموار -
مستہام - حیران - سرگشتہ -

مُستہان - لوگوں کی نظر میں خوار و ذلیل -
مُستہجن - مکروہ - بُرا - عیب دار -
مُستہزی - مسخرا - دِلگی باز -
مُستہِل - نیا چاند دیکھنے والا - زور سے برسنے والا بادل -
مُستہلِل - ہلاک ہونے والا -
مستیقظ - نگہبانی کرنے والا پہرہ دار -
مسجد اقصےٰ - مسجد بیت المقدس جو ملک شام میں ہے -
مُسجّع - قافیہ بند -
مُستجل - جائز و مباح چیز -
مُسجّل - مُہر کیا ہُوا نامہ -
مَسجورح - کنارہ - پیدائش - درشت -
مَسجُوم - آنسو -
مَسجُون - قیدی -
مسح - ہاتھ ملنا - ہاتھ پھیرنا - جماع کرنا -
مِسحات - لوہے کی کستی یا بیلچہ وغیرہ جس سے زمین کھودتے ہیں -

مَسحُوق - رگڑا ہُوا - پسا ہُوا -
مَسخ - ایک صورت سے دوسری صورت میں بدل دینا (جو پہلے سے بدتر ہو)
مسخّر - تسخیر کیا گیا -
مسخرہ کردن - مذاق کرنا -
مَسخنا ننا - وہ اشیا جن سے گرمی حاصل ہو -
مَسخُوط - خفا - غصّہ کیا گیا -
مسدّس - شش پہلو - ایک قسم کی نظم جس میں چھ مصرعوں کا بند ہوتا ہے -
مَسدُود - بند کیا گیا -
مُسرّج - وہ گھوڑا جس پر کاٹھی ڈالی گئی ہو -
مُسرِع - شتابی کرنے والا -
مُسرِف - فضول خرچ -
مَسرُوق - چوری کیا گیا -
مسطح - بچھا ہُوا - سطح کیا ہُوا -
مسطور - سطر بندی کیا گیا - تحریر کیا گیا -

مَسْعود - خوش نصیب - پرہیزگار نیک بخت -
مَسْعُور - حریص - لالچی - پیٹو - باوجود پیٹ بھرے ہوئے کے بھی کھانے کا حریص -
مَسْعُوف - وہ لڑکا جس کے خون میں جوش پیدا ہوا ہو -
مَسْقُط الرّاس - جائے تولد جائے پیدائش -
مَسْقو - ماسکو - دارالخلافہ روس -
مَسْفی - تیز آندھی - سخن چین - ستھرا - تمام کمال -
مُسْکِر - نشہ دار چیز -
مُسْکِرات - جمع مُسکر - شراب افیون وغیرہ -
مَسْکَن - رہنے کی جگہ -
مُسَکِّن - تسکین دینے والا -
مَسْکَنَت - بے سروسامانی - محتاجی -
مَسْکوب - بہا ہوا -
مَسْکوب - ماسکو - روس کا دارالخلافہ
مَسْکہ - مکھن -
مسلح - ہتھیار بند -
مسلخ - کھال کھینچنے کی جگہ -
مُسَلْسَل - زنجیر بند کیا گیا - لگاتار -
مُسَلّط - غالب - زبردست -
مَسْلَک - راستہ - طریقہ - راہ -
مسلّم - تسلیم کیا گیا -
مسلِم - تسلیم کرنے والا -
مسلمان } مذہب اسلام کا
مُسلم } پیرو -
مُسلمین - جمع مسلم -
مَسْلوک - سلوک کیا گیا - آمدورفت کیا گیا -
مَسْلُول - کھینچا گیا -
مِسمار - لوہے کی میخ -
مِسمائی - جس بکری کے گوشت کو ذبح کر کے زمین میں دفن کر دیا جاتا ہے -
مَسْموع - سُنا گیا -

مَسمُوم - زہر دیا گیا -
مُسمّیٰ - نام کیا گیا -
مُسِن - دیرینہ سال - بوڑھا -
مَسنَد - تکیہ گاہ -
مُسنَد - وہ چیز جس سے دوسرے کو آرام لگائی ہو - مسند آیا فاعل کو مسند الیہ اور خبر یا مفعول مسند کہتے ہیں -
منہ بولا بیٹا -
مسنّد - بلند کیا گیا -
مسند آرا - گدی نشین -
مسنون - روشن - وہ چیز جس کا کرنا شرع میں سنت ہو -
مسودہ - سرسری لکھا ہوا -
مُسہل - جلاب -
مِسّی - تانبے کا -
مسیح - مسح کیا گیا - اغماض کرنے والا - حضرت عیسیٰؑ -
مسیحا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب -
مسیر - سیر کی جگہ - سیر کرنا -

مسلو - مسٹر -
مسئول - سوال کیا گیا -
مسئلہ - پوچھی ہوئی بات -
مشابہ - مانند - مثل -
مشاتمت - ایک دوسرے کو گالیاں دینا -
مشار - اشارہ کیا گیا -
مشارٌ الیہ - جس چیز کی طرف اشارہ کیا گیا ہو -
مشارب - جمع مشرب - پانی پینے کی جگہ -
مشاربت - باہم مل کر پینا -
مشارع - راستے - راہیں - جمع شرع -
مشارک - شریک ہونے والا -
مشاطہ - دلہن کو کنگھی کرنیوالی عورت - مجازاً نائن -
مشاع - غیر تقسیم شدہ - مشترک - فاش کیا گیا -
مشاعر - حاجیوں کے عبادت کے مقامات -

مشاعرہ - شاعروں کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔
مشاعل - جمع مشعل
مشافہہ - روبرو ہو کر گفتگو کرنا۔
مُشاق - جمع مشقت سختیاں۔
مَشّاق - بہت مشق کرنے والا۔ ڈرل ماسٹر۔
مشاکل - ہمشکل ہونیوالا علم عروض میں ایک بحر کا نام۔
مشاکلت - ہمشکل ہونا۔
مشام - قوتِ شامہ کا محل۔ دماغ
مشامنہ - ایک دوسرے کو سونگھنا
مشان - اچھے ترمے کی ایک قسم۔
مشاورت - باہم مشورہ کرنا۔
مشاہد - دیکھنے والا۔
مشاہرہ - ماہواری۔ تنخواہ۔
مشاہیر - جمع مشہور لوگ۔ نامور۔
مشائخ - جمع شیخ صوفی لوگ۔
مشایحنہ - سعی کرنا۔ پرہیز کرنا۔
مشایع - پیروی کرنے والا۔
مشایعت - پیروی کرنا۔

مشائن - عیوب - برائیاں۔
مشائین - جمع مشائی - دلیل چلانیوالا - حکما کا ایک گروہ۔
مشبع - آسودہ - سیر شکم - پیٹ بھرا ہوا۔
مُشبک - جالی دار - سوراخوں والی چیز۔
مُشت - مٹھی - گھونسہ۔
مشترت - گاڑھا شوربا۔
مشتاق - جس کو اشتیاق ہو - شوق رکھنے والا۔
مشتبہ - مشکوک۔
مشتت - پراگندہ۔
مشترک - دو میں حصہ دار۔
مشتری - خریدار۔
مشتعل - بھڑکنے والا - غصہ میں آیا ہوا۔
مشتغل - مشغول ہونیوالا - بیزار
مشتق - ایک لفظ جو کسی دوسرے سے بنایا ہو۔
مُشتمال - ملنا دلنا - میل چھڑانا۔

مشتمل - شامل ہونے والا -
مشغول کردن - علق لگاتا -
مشتہر - مشہور کیا گیا -
مشتہی - مرغوب - پسندیدہ
مشتہی - رغبت کنندہ -
مشتہ - چمار کا موگرا -
مشتہیات - جمع مشتہی مرغوب
مشتے - بہت تھوڑی چیز -
مشجر - وہ کپڑا جس پر درختوں کی شکلیں بیل بوٹے وغیرہ بنے ہوں -
مشحون - بھرا ہوا - پُر -
مشخص - تشخیص کیا گیا تجویز کیا گیا -
مشخص کردن - ثابت کرنا -
مشخص شدن - معلوم کرنا -
مشدد - تشدید سے پڑھا گیا - باندھا گیا -
مشرب - پانی پینے کا چشمہ مجازاً مذہب -
مشرح - کھول کر بیان کرنا -

مشراط - نشتر -
مشرع - راہ - راستہ -
مشرف - بلند ہونے والا - صدر میر محرر - خبردار -
مُشَرَّف - بزرگی بنایا گیا -
مشرک - شریک کرنیوالا - وہ شخص جو خدا وحدہٗ لا شریک کا قائل نہ ہو -
مشروب - پیا گیا -
مشروح - شرح کیا گیا کھول کر بیان کیا گیا -
مشروط - شرط کیا گیا -
مشروع - جائز - مطابق شرع -
مِشط - کنگھی - شانہ -
مشطب - وہ تلوار جس کی باڑھ پر خطوط ظاہر ہوں -
مشطنہ - وہ زمین جس پر بیلوں کے گذرنے کے خطوط پڑ گئے ہوں -
مشنظ - کانٹے کا ہاتھ میں چبھنا -
مشظنہ - پوشیدہ چیزیں -

مشع - اچک لینا -
مشعب - راہ - طریقہ -
مشعبد - شعبدہ باز - بہروپیا -
بازیگر -
مشعر - خبر دہندہ
مُشعر - مکہ معظمہ میں وہ جگہ جہاں
ایام حج میں قربانی کرتے
ہیں -
مشعشع - جگمگاتا ہُوا - شراب -
مشعلچی - مشعل دکھلانیوالا -
مشعوف - عاشق -
مشغوف - جس کے دل کے
پردہ میں کچھ پہنچ گیا ہو -
مُشفق - مہربان -
مشق دادن - ڈرل کرانا -
مشقی - لکھنے کی وصلی -
مُشک - کستوری -
مُشک زدن - دودھ سے مکھن
نکالنا -
مشکوک - شک کیا گیا -
مشکوٰۃ - چراغدان -

مشکوی - بُت خانہ - حرم سرا -
مشلول - شل - بے حس ہاتھ
پاؤں والا -
مِشمِش - خوبانی -
مشورت خانہ - کونسل
مشمُول - شامل کیا گیا - گھبرا گیا -
مشمُوم - سونگھی ہوئی - مُعطّر -
مشمومات - عطریات -
مشوب - ملا ہُوا -
مشوش - تشویش پیدا کرنے والا
پریشان کرنے والا -
مُشوَش - عاشق -
مشوق - منحوس -
مشہد - حاضر ہونا - شہیدوں کا
قبرستان - شہر طوس -
مشہود - حاضر کیا گیا -
مشی - پاؤں سے چلنا -
مشیّت - مرضی -
مشیّد - مضبوط - استوار -
گچ کیا ہُوا -
مشید - مستحکم - مضبوط -

مشیر - اشارہ کرنے والا - مشورہ دینے والا -
مشیلہ - سمندر میں ملی ہوئی دلدلی زمین -
مشیمہ - بچہ دان - رحم -
مصاب - آفت رسیدہ -
مصابرت - باہم صبر کرنا -
مصابیح - بہت سے چراغ - حدیث شریف کی ایک کتاب -
مصاحف - جمع صحف - کتابیں رسالے
مصادر - جمع مصدر -
مصادرت - تاوان لینا -
مصادقت - دلی محبت سچی دوستی
مصادمت - صدمہ پہنچانا -
مصارعت - کشتی لڑنا -
مصارف - جمع مصرف - اخراجات
مصاعب - دشواریاں -
مصاعد - بلند جگہیں -
مصاعرۃ - غرور سے منہ پھیر لینا
مصاف - لڑائی کا میدان -
مصافات - دوستی -
مصافنت - صف بندی -
مصافقہ - پہلو پر لٹنا - دو کپڑوں کو برابر کرنا -
مصالح - جمع مصلحت - بھلائیاں - بہتریاں -
مصالتہ - ایکدوسرے پر حملہ کرنا
مصاہرت - خسر کرنا - داماد بنانا
مصائب - جمع مصیبت -
مصباح - چراغ -
مصبغ - رنگا ہوا -
مصحح - صحیح کرنیوالا -
مصحف - جمع صحیفہ - قرآن شریف آسمانی کتابیں -
مصحوب - ساتھ دیا گیا -
مصداق - وہ شے جس پر کوئی معنی بولے جا سکیں - گواہ - مثل -
مصدع - درد سر پیدا کرنیوالے -
مصدور - صادر کیا گیا -
مصدوق - صادق کیا گیا -
مصر - شہر - ایک شہر اور ایک ملک کا نام -

مُصِر - اصرار کرنے والا -
مصراع - } کواڑ - شعر کا ایک
مصرع - } حصّہ -
مصرع - اکھاڑا -
مصرع برجستہ - عمدہ اور بہتر مصرعہ -
مصرف - خرچ اور خرچ کرنے کی جگہ
مُصرف - فضول خرچ -
مَصرُوع - پچھاڑا ہُوا -
مصطبہ - شراب خانہ - بلند چبوترا
مصطفےٰ - برگزیدہ - بُری خصلتوں سے پاک کیا گیا - حضرت محمد صلعم کا لقب مبارک -
مصطگی - ایک زرد رنگ کی گوند جو بطور دوائی کے استعمال ہوتی ہے -
مصعد - چڑھنے کی جگہ -
مصعوف - بخار میں مبتلا -
مصف - صف باندھنے کی جگہ
مصقول - صقیل کیا گیا - بُری خصلتوں سے پاک -

مُصلح - درست کرنے والا -
مصلحت - بھلائی -
مصلحتہ - محکمہ -
مصلحتہ البوسطہ - ڈاکخانہ کا محکمہ -
مصلوب - سُولی دیا گیا -
مصلا } جائے نماز -
مصلیٰ }
مصمت - خاموش -
مصمم - استوار - مضبوط -
مصنع - کاریگری کیا گیا
مصنع - قلعہ - ندی -
مصنف - کتاب تصنیف کرنیوالا -
مصنف - کتاب - رسالہ تصنیف کیا ہُوا -
مصنوع - کاریگری کی ہوئی شے
مُصوّت - آواز کرنیوالا -
مصوّرہ - ایک قوت کا نام جو عورت کے رحم میں بچہ کی شکل بناتی ہے -
مصوص - مُرغ بریاں -

مصئون - محفوظ -
مصیبت - درست پہنچنے والا صواب پایا ہوا۔
مصیدہ - شکاری کا جال -
مصیر - رجوع کرنا جائے بازگشت
مصیطر - رکھوالا نگہبان محافظ
مضاجع - خواب گاہیں -
مضاجعت - ہم بستری -
مضادت - باہم ضد ہونا -
مضار - جمع مضرت گزند تکلیف
مضارب - جمع ضرب -
مضارع - شریک - وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں مفہوم ہوں -
مضاعف - دوگنا - دوچند
مضاف - منسوب - متعلق -
مضاف الیہ - وہ اسم جس کی طرف کسی شے کو لگا دیں -
مضامیر - مضمار - وہ جگہ جہاں گھوڑا دوڑاویں -
مضائق جمع مضیق - تنگ جگہیں
مضبطہ - عرضداشت میموریل
مضجع - خوابگاہ
مضحک - ہنسی کی جگہ -
مضحکات - ہنسی والے لطائف یا چیزیں -
مضر - ضرر پہنچانے والا -
مضر - عرب کے ایک شخص کا نام
مضر - تکلیف کی جگہ -
مضراب - ستار بجانے کا آلہ -
مضرا - ضرر رسیدہ -
مضروب - ستار کا تار - جس پر مار پڑی ہو -
مضعوف - دوچند کیا گیا -
مضغ - خائیدن - چبانا -
مضغہ - لقمہ - گوشت -
مضل - گمراہ کرنے والا -
مضمار - گھڑ دوڑ کا میدان -
مضمحل - محو ہونے والا سست
مضمر - پنہاں - پوشیدہ کیا گیا
مضمر - چابک سوار -
مضمضہ - کلی کرنا -

مضموم - پیش کیا گیا پیوستہ کیا گیا -
مضے یا مضلے - گذشت آنچہ گذشت - گذرا جو کچھ گزرا -
مضئی - روشن کرنیوالا یا ہونیوالا -
مضیع - ضائع کرنے والا -
مضیف - مہمان کرنے والا -
مضیق - تنگی کی جگہ - جائے تنگ
مضیم - وہ آدمی جس پر حق رسانی میں ظلم کیا گیا ہو -
مَطَا - پیٹھ - پشت -
مطالبہ - علاج دوا کرنا -
مطار - اڑنا -
مطارح - ڈالنے کی جگہیں تھیلیاں - کیسے -
مُطارحہ - مشورہ کرنا - خوشامد
مطارحہ ملغاری - لکڑی کی ہونٹیاں جس پر پھڑا چڑھا ہوا ہو
مطاردہ - باہم حملہ کرنا کیا
مُطاع - مخدوم - اطاعت کیا
مطاعم - کھانے -

مطاعمۃ - کبوتروں کا چارہ بدلنا
مطاعن - طعنے -
مطاف - طواف کرنے کی جگہ -
مطالب - جمع مطلب -
مطالبہ - واپس مانگنا طلب کرنا
مطامع - جمع طمع -
مطاوعت - تابعداری کرنا -
مطاوی - جمع مطوی پیچیدگیاں شکنیں -
مطایا - سواری کے کام آنے والے چوپائے - اونٹ - گھوڑا
مطایبات - خوش طبعیاں ہنسی -
مطائبہ - خوش طبع -
مطربہ - تماشا خانہ -
مطبخ - باورچی خانہ -
مطبخی - باورچی -
مطبوخ - پکی ہوئی چیز -
مطبوع - پسندیدہ - چھپا ہوا
مطر - بارش -
مطرائب - بہت خوش آدمی -
مطرات - جمع مطر - بارش -

مطرب - گویّا - کلاونت -
مطرح - پھیلا - کبیسر -
مطرّد - ایک ونیزہ پرہونیوالا
مطرد - چھوٹا نیزہ -
مطرز - زینت دیا گیا -
مطرّف - مزیّن -
مطرقہ - لوہاروں کا بڑا ہتھوڑا
مطرود - مردود -
مطروف العین - ہرطرف دیکھنے والا آدمی -
مطروقہ - بدکار عورت جو خاوند کے علاوہ دوسرے آدمیوں کو دیکھے
مَطعِم - بہت کھانے والا -
مُطعِم - کھلانے والا -
مُطعَم - کھانے کی چیزیں -
مطعوان - نیزہ مارا گیا معیوب
مطفی - بجھانے والا -
مُطلّا - طلا کیا گیا سونا چڑھایا گیا
مطلاق - طلاق دینے والا -
مطلیب تلیت مضاعفہ نہیں -
مُطلب - رسول صلعم کے دادا کا نام -

مَطلَع - طلوع ہونے کی جگہ - غزل یا قصیدہ کا پہلا بیت -
مُطلِع - اطلاع دینے والا -
مطلَع - اطلاع دیا گیا -
مطلقہ - طلاق دی ہوئی عورت
مطلق العنان - آزاد -
مطلوب - طلب کیا گیا -
مطمح - نظر پڑنے کی جگہ -
مطبوع - طبع دیا گیا -
مطنجن - ہانڈی توے میں بھنا ہوا گوشت -
مطبوعہ - وہ لوگ جن پر جہاد واجب نہ ہو - لیکن اپنی خوشی سے جہاد کریں چھپی ہوئی کتاب -
مطوق - طوق پہنا ہوا -
مطوّی - لپیٹا ہوا -
مطہر - طہارت کی جگہ -
مطہر - پاک کرنے والا -
مطہرہ - آفتابہ - وضو کرنے کا لوٹا
مُطیّب - خوشبو کیا گیا - پاک کیا گیا -

مَطَر - برسنے والا - بارش -
مطر - شرمندہ -
مطی - سواریاں -
مطیتہ - سواری -
مظالم - بے انصافیاں - عدالتیں جہاں ظالموں کو سزا ملتی ہے -
مظاہر - پشتی دینے والا - مدد دینے والا
مظاہر - ظاہر ہونیکی جگہیں -
مظاہرت - اپنی زوجہ کو یہ کہنا کہ تو مجھ پر مثل ماں کے ہے -
مظروف - برتن میں رکھی ہوئی چیز -
مظفر - فتحمندی -
مظلم - اندھیرا - تاریک -
مظلمہ - بے انصافی - داد خواہی کرنا
مِظَلّہ - سائبان -
مظلہ - چھتری -
مظلما - بہت پیاسا -
مظمظہ - لہلہانا -
مظنون - ظن کیا گیا - گمان کیا گیا -
مَظنہ - گمان کے جانے کی جگہ -

مُظہر - جائے ظہور -
مُظہر - ظاہر کرنے والا -
مِعا - آنت - انتڑی -
مَعاً - فوراً - ساتھ -
معاب - عیب -
معابتہ - عیب - بُرائی -
معابد - جمع معبد - عبادتگاہیں -
معابر - عبور کرنیکی جگہیں - پل -
معاتب - عتاب کرنے والا -
معاتبت - غصہ کرنا -
مُعاث - وسیع - کھلا - راہ -
معاد - جائے بازگشت - قیامت
معادل - مساوی - برابری -
معادلت - انصاف - مساوات
معادن - جمع معدن - کانیں
معاذ - پناہ دینا -
معاذ اللہ - میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں -
معاذیر - جمع معذرت - بہانے
معارج - جمع معراج - سیڑھیاں - منازل - مراتب -

معارض - معترض -
معارضہ - جھگڑا -
معارف - شناسائی - اہل علم وفضل -
معارف - تعلیمات - علوم
معارک - جمع معرکہ - لڑائیاں لڑائی کے میدان -
معارکہ - لڑائی -
معاش - زندگانی بسر کرنا پنشن
مُعاشر - ساتھی -
معاشرت - دوستوں کے گروہ
معاشرت - آپس میں مل جُل کر زندگی بسر کرنا -
معاشرت بازگرفتن - بائیکاٹ کرنا - حقہ پانی بند کرنا -
مُعاصر - ہم عصر - ہم زمانہ -
معاصی - جمع معصیت - گناہ -
معاضد - مددگار -
معاضدت - مدد دینا -
معاطفت - مہربانی کرنا -

معافی - بخشش - عفو کیا گیا
معافی - معاف کرنے والا -
معاقب - عقوبت کرنے والا - عذاب کرنے والا -
معاقبت - عذاب کرنا -
معاقد - جمع معقد - گرہ باندھنے اور عہد کرنے کی جگہ -
معاقدت - باہم عہد کرنا نکاح کرنا
معالج - علاج کرنے والا - طبیب
معالجہ - علاج کرنا -
مِعالم - جمع معلم - جہاں -
معالی - بلندیاں -
معامع - لڑائیاں -
معاملہ بولی - روپے کا لین دین کرنا
معامی - غیر آباد زمینیں -
معان - مدد -
معانتہ - باہم اعتراض کرنا -
معاند - عناد رکھنے والا - دشمن
معاندت - دشمنی -
معانش - پنشن -
معانق - گلے ملنے والا -

معانقہ - گلے ملنا -

معانی - ایک علم کا نام یعنی مرادیں مطالب -

معاوِد - پھر کر آنے والا -

معاودت - لوٹ کر آنا -

معاوضت - عوض کرنا -

معاہد - عہد کرنے والا -

معاہدہ - باہم عہد کرنا -

معایب - جمع عیب - بُرائیاں -

معایش - جمع معیشت - زندگی کے اسباب -

معائنہ - آنکھ سے دیکھنا مجازاً امتحان کرنا -

معابد - جمع معبد - عبادتگاہیں

معبد - عبادت گاہ -

مَعبَر - دریا کو عبور کرنیکی جگہ - پُل

مِعبر - کشتی -

معبّر - خواب کی تعبیر بیان کرنے والا -

معبُود - عبادت کیا گیا - پوجا گیا

معبود حقیقی - اللہ تعالےٰ -

معتاد - عادت کیا گیا - بمقدار روزانہ جتنی عادت ہو -

معتدی - حد سے گذرنے والا -

معتدبہ - معتبر - گِنا ہُوا -

معتذر - عذر کرنے والا -

معترض - اعتراض کرنے والا -

معترف - اقرار کرنے والا -

معتزل - گوشہ نشین -

معتسر - مفلس - قلاش -

معتصم - چنگل مارنے والا - مدد لینے والا -

مُعتضد - مدد کا خواہاں -

معتقد - اعتقاد رکھنے والا

مُعتکف - گوشہ نشین - اعتکاف میں بیٹھنے والا -

معتمد - اعتبار کیا گیا -

معتوب - عتاب کیا گیا -

معجب - تعجب میں ڈالنے والا

مُعجَب - غرور -

مِعجر - عورت کا دوپٹہ -

معجّر - قبر یا باغ کے گرد کا جنگلہ ٹٹی

معجزہ - عاجز کیا گیا - وُہ بات
جس کے کرنے پر انسان قادر
نہ ہو - انبیاء و اولیاء کا وُہ
کام کر دکھانا جو انسانی طاقت
سے باہر ہو -
معجزات - جمع معجزہ - کرامات
معجس - کمان کی مٹھیا -
معجّل - جلدی کرنے والا -
مُعجمہ - بے نقطہ حرف -
معدّ - آمادہ -
مَعدود - شمار کیا گیا -
معدل النہار - ایک فرضی دائرہ
آسمان کے بیچوں بیچ پورب
سے پچھم تک جب سورج
اُس دائرے پر ہوتا ہے تو
دن رات برابر ہوتے ہیں -
معدلت - عدل کرنا -
معدِم - معدوم کرنے والا -
نیست کرنے والا -
معدن - کان - سونے چاندی
لوہے وغیرہ کی کان -

معدن چی - کان کھودنے والا -
معدود - گنا گیا -
معدودات - ایام تشریق کے
تین دن جو دسویں ذوالحجہ کے
بعد ہوتے ہیں -
معدوم - نیست کیا گیا مٹایا گیا
معذّب - عذاب کیا گیا -
معذّج - غیرت والا آدمی -
معذر - عذر یا حیلہ کرنیوالا آدمی
معذلج - پانی سے بھری مشک
معذول - ملامت کیا گیا -
معرّا - ننگا - برہنہ -
معراج - سیڑھی کا ڈنڈا -
معراص - تیر گز -
معرّب - وہ لفظ جس کو کسی
دوسری زبان سے عربی بنا
لیا گیا ہو -
معربد - جنگ جُو -
معرّۃ - گناہ - تاوان - غم - رنج
معرج - سیڑھی -
معرس - آخر شب کی منزل -

**مَعرِض** - ظاہر ہونیکی جگہ - جائے عرض
**مُعرِض** - منہ پھیرنے والا -
**معرف** - تعریف کرنے والا -
شناسائی کرنے والا -
**معرفت** - پہچان - شناخت
لغوی معنی گھوڑے کے ایال -
**معرفی کردن** - تعارف کرنا -
**معرّق** - پسینہ لانیوالی چیز -
**معرکہ** - میدانِ جنگ -
**معرکہ کردن** - دوا فروشی کے
لئے یا کسی کھیل تماشہ وغیرہ
کیلئے لوگوں کا اکٹھا کرنا -
**معروض** - پیش کیا گیا عرض کرنیوالا
**معروف** - واقف مشہور -
**معرسی** - عورتوں کے جسم کا جو
حصہ کھلا رہتا ہے مثلاً
ہاتھ پاؤں وغیرہ -
**معزہ** بکری -
**معزز** - عزت دیا گیا -
**معزّز** - عزت دار -
**معزول** - علیحدہ کیا گیا -

**معزل** - علیحدہ -
**مُعزِم** - عزیمت خواں - جادوگر -
**معسّر** - قلاش - مفلس -
**معسکر** - چھاؤنی - لشکر اُترنے کی جگہ
**مُعَشّر** - رشتہ دار لوگ -
**مُعَشِّر** - دس گوشوں یا دس
ضلعوں والی -
**معصر** } نچوڑنے کا اوزار -
**معصرہ** } تیلی کا کولھو -
**معصفر** - پھول کا زیرہ - کسنبہ -
**معصوم** - پاک -
**معصیت** - گناہ -
**معضل** - دشوار - مشکل -
**مُعطّر** - خوشبودار -
**معطش** - پیاس لگانیوالی چیز -
**معطّل** - بیکار -
**معطّل** - منتظر -
**معطل کردن** - دیر لگانا -
**معطوف** - لپیٹا ہوا -
**مُعطی** - بخشا ہوا -
**معظم** - بزرگ -

معفو۔ معاف کیا گیا۔
معقد۔ گرہ کی جگہ۔ باندھنے کی جگہ
معقود۔ گرہ لگایا گیا۔ باندھا گیا۔
مَعَکَ۔ تیرے ساتھ۔
معکوس۔ اُلٹا۔ واژگوں۔
معلےٰ۔ بلند کیا گیا۔
مِعلاق۔ کوئی چیز لٹکانے کی کھونٹی
معلف۔ چوپایوں کے گھاس کھانے کی جگہ۔ استھان
معلق۔ لٹکا ہوا۔
معلقات۔ جمع معلق۔
معلق زن۔ بازیگر۔ رقاص
مِعلم۔ راہ کا نشان۔ علامت
مُعَلَم۔ نقشدار۔
مُعَلَّم۔ سکھلایا گیا۔
مُعَلِّم۔ تعلیم دینے والا۔
معلم اول۔ ارسطو۔
معلم ثانی۔ ابونصر فارابی۔
معلم ثالث۔ بوعلی سینا۔
معلم الملکوت۔ ابلیس شیطان

معلم الشی۔ کسی شے کے نشان
معلوب۔ کشادہ راہ۔
معلوق۔ جس کے حلق میں جونک چپٹی ہو۔
معلول۔ وہ جس کا کوئی باعث ہو۔ علت کیا گیا۔
معم۔ بہت چچوں والا۔
معما۔ اندھا کیا گیا۔ پہیلی۔ بجھارت۔ چیستان۔
معمد۔ بیمار عشق۔
معمعان۔ گرمی۔ شدت سختی
معمل۔ کارخانہ۔ لباریٹری۔
معمور۔ بھرا ہوا۔ آباد۔
معمورہ۔ شہر۔ بستی۔
معموری۔ آبادی۔
معمول۔ جو بات روزمرہ کی جادے۔ عمل کیا گیا۔
معنبر۔ عنبر کیا گیا۔ عنبر ملا ہوا۔
معنون۔ عنوان کیا گیا۔ دیباچہ کیا گیا۔

معوج - ٹیڑھا - کج - خم -
معوضت - عوض -
معوق - منع کیا گیا - باز رکھا گیا - دشوار -
معول - اعتماد کیا گیا -
معول - بسولا - تیشا -
معول - جائے اعتماد - معتبر -
معونت - مدد -
معہذا - باوجود اس کے -
معہود - مقرر - عہد کیا گیا -
معیار - کسوٹی - ترازو -
معیت - ہمراہی -
معید اعادہ کرنے والا -
معیر - عاریت دینے والا - بطور قرضہ دینے والا -
معیشت - زندگی عیش سے بسر کرنا
معیل - عیالدار آدمی -
معین - مقرر کیا گیا -
معین - مددگار -
معیوب - عیب دار -
مغ - عمق - گہراؤ -

مغاورت - بے وفائی کرنا -
مغار } غارت کرنے کی جگہ -
مغارہ } کھنڈر - غار -
مغازہ - گودام -
مغاک - گڑھا -
مغال - شیرخوار بچہ -
مغالطہ - غلطی میں ڈالنا -
مغامدہ - مہنگا خریدنا -
مغان - جمع مغ - آتش پرست لوگ
مغایرہ - باہم غیر ہونا - مخالفت
مغایظہ - پریشان کن کلام -
مغایظہ - باہم غیظ وغضب ہونا
مغایرت - باہم غیر ہونا -
مغبون - نقصان رسیدہ -
مغتذی - غذا پانے والا -
مغتنم - غنیمت سمجھا گیا -
مغرا - تعجب انگیز -
مغربی - اشرفی - یورپین اور افریقن لوگ -
مغرس - تھالے میں درخت لگانے والے -

مغرّق - چمکدار - روشن -
مغروق - ڈوبا ہوا - غرق کیا گیا
مغز تر کردن - باتیں کرنا -
مغز در سر کردن - چپ رہنا
مغز قلم - نلی کی ہڈی -
مغسول - غسل دیا گیا -
نہلایا گیا -
مغشوش - خیانت کیا گیا -
غیر خالص - کھوٹا -
مغشی - بیہوش -
مغص بیچش - مروڑ کا مرض
مغضب - غصہ والا غصہ
دلانے والا -
مغضوب - جس پر غصہ کیا گیا ہو
مغفر - خود آہنی - لوہے کی
ٹوپی جو لڑائی کیوقت پہنتے ہیں
مغفرت - گناہوں کی بخشش -
مغفور - بخشا گیا -
مغلاق - قفل - دروازہ کی زنجیر
مغلطہ - وہ مقام جہاں شک و
شبہ اور غلطی میں پڑیں -

مغلق } مشکل - سمجھ میں نہ آنے
مغلقہ } والا - بند دروازہ -
مغلوق - بند کیا ہوا دروازہ
مغلول - گردن میں طوق
ڈالا ہوا -
مغمّد - پوشیدہ کیا گیا -
مغموم - رنجیدہ -
مغناج - ناز و ادا کرنیوالی عورت
مغنی - گویا - گانے والا -
مغنیہ - گانے والی عورت - ڈومنی
مغواۃ - راہ بھول جانیکی جگہ -
مغواز - بہت لوٹنے والا -
مغیار - بہت غیرت والا آدمی -
مغیث - فریادرس -
مغیلاں - کیکر کا درخت - ببول -
مفاتح - خزائن و گنج -
مفاتیح - جمع مفتاح - کنجیاں -
مفاجات } اچانک - ناگہاں ہونا
مفاجا }
مفاخر - فخر کرنے والا -
مفارع - خوفناک -

مفارِق - فرق کرنے والا -
مفارِق - جمع مفرق - سر کی چوٹی - بالوں کی مانگ -
مفازہ - بیابان - صحرا - جنگل -
مفاسِد - جمع مفسد - برائیاں - فساد کرنے والے -
مفاصل - جمع مفصل - جوڑ جیسے ہاتھ پاؤں کے بند -
مفاصلہ - فرق - باہم جدا ہونا
مفاوضت - بھید کہنا مشورہ کرنا
مفاوضہ - سونپنا - شرکت کرنا
مفاوضات - خطوط جو چھوٹے یا اپنے ہم پلہ کو لکھیں -
مفتاح - کنجی - کلید - چابی -
مفتاح - پرندے کے بازو -
مفتون - فتنہ کیا گیا - فریفتہ -
مفتش - پولیس انسپکٹر -
مفتح - فتح کی جگہ - کھولنے کی جگہ
مفتخر - فخر کرنے والا -
مفتخر - فخر کیا گیا -
مفترق - فرق کرنے والا -

مفتری - تہمت لگانے والا
مفتقر - محتاج - مفلس - غریب
مفتکی - مفت -
مفتل - بٹا ہوا - ڈورا بٹا ہوا -
مفتوح - فتح کیا گیا - کھولا گیا -
مفتول - پیچیدہ - بٹا ہوا -
مفتول - گوٹہ جہاز کا رستہ شہتیر
مفتون - فتنہ میں ڈالا گیا - شیفتہ
مفتی - فتویٰ دینے والا -
مفخر - فخر کیا گیا - بزرگ -
مفخم - بہت عزت کیا گیا - بزرگ -
مفر - جائے فرار -
مفرج - غم کا دور کرنے والا -
مفرح - راحت دینے والا -
مفرس - جائے خوشی -
مفرد - غیر مرکب - اکیلا -
مفرش - صندوق - بستر - فرش
مفرط - حد سے زیادہ گذرنے والا - بہت زیادہ -
مفرع - شاخ کیا گیا -
مفرغ - گلا ہوا لوہا

مفرّق - پریشان -
مفروش - بچھونا -
مفروق - فرق کیا گیا -
مُفسِد - فساد کرنے والا -
مُفسدہ - فساد - بُرائی - بدی - دنگا
مفسّر - تفصیل کے ساتھ معنی بیان کرنے والا -
مفسوخ - فسخ کیا گیا - عہد توڑا گیا - شکل بدلائی گئی -
مَفسول - بے حمیت - کمینہ -
مفشغ - وہ شخص جس سے خیر و برکت کم ظاہر ہو -
مغشوش - جھوٹا - کاذب - کم عقل - بے ہودہ -
مفصح - اچھا دن -
مُقصِد - قصد کرنے کی جگہ -
مفصّل - تفصیل سے ساتھ بیان کیا گیا
مَفصِل - بدن کے جوڑ - اعضا
مفصل - زبان -
مفضال - بہت سخاوت کرنے والا - سخی
مفضّل - فوقیت دینے والا -

مُفضِل - نیکی کرنے والا -
مفضول - فضیلت دیا گیا -
مُفطِر - روزہ افطار کرنے والا
مفطِن - سمجھانے والا -
مَفطور - پیدا کیا گیا - چیرا پھاڑا گیا -
مفظع - ٹوٹنا کم اور زشت امر
مفقاۃ - وہ زمین جس میں سیاہ ناگ بہت ہوں -
مُفقِر - فقیر کرنے والا -
مفقود - گم شدہ -
مَفکوک - چھڑایا گیا - جدا کیا گیا
مِفلاک - بے سروسامان - فقیر -
مفلس - بے سروسامان - فقیر - کنوارا
مفلوج - مرض فالج کا بیمار -
مفلوک - فلاکت زدہ - تباہ حال - بے سروسامان -
مفوض - سپرد کیا گیا -
مفہوم - مطلب سمجھا گیا -
مفیض - فیض پہنچایا گیا -
مفیق - ہوش میں لانے والا

مقابر - جمع مقبرہ - قبریں -
مقابح - قباحتیں برائیاں
مقاتل - باہم لڑ کر قتل کرنیوالا
مقاتلہ - باہم قتل کرنا -
مقادیر - جمع مقدار - اندازے -
مقاربت - قربت - قریبی رشتہ داری
مقارنت - قرین ہونا - نزدیک ہونا -
مقاریض - جمع مقراض - قینچیاں
مقاسات - دُکھ اٹھانا -
مقاسمہ - آپس میں تقسیم کرنا -
مقاصد - جمع مقصد -
مقاطر - ٹپکانے والا -
مقاطع - قطع کرنے والا -
مقاطیع - جمع مقطع - قطع کرنیکی جگہ
مقاعد - جمع مقعد - پاخانہ کرنے کی جگہیں - جائے نشست -
مقال - گفتگو -
مقالتہ - گفتگو کرنا -
مقالہ - قول - کہی ہوئی بات -
مقالہ - اخبار کا آرٹیکل -

مقالید - چابیاں - کنجیاں -
مقامات - جمع مقام - مراتب قواعد - حکایات -
مقام محمود - نیکیوں کا اعلےٰ درجہ - اس مقام کا نام ہے جہاں آنحضرت رسول صلعم شب معراج کو پہنچے تھے -
مقامر - جواری - قمار باز -
مقامرت - جوا کھیلنا -
مقامسہ - غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا
مقاوم - برابری کرنے والا -
مقاومت - برابری کرنا -
مُقبَل - عزت دار - منہ چڑھا - قبول کیا گیا -
مُقبِل - احکام الٰہی کا قبول کرنے والا - صاحب اقبال -
مقبوض - قبضہ کیا گیا - پکڑا گیا -
مقبول - قبول کیا گیا -
مَقت - دشمنی -
مقتہ - دوستی -

مقتبس - روشنی لینے والا -
مقتدا } وہ شخص جس کی
مقتدی } لوگ پیروی کریں -
مقتدر - اقتدار رکھنے والا -
طاقتور -
مقتدی - پیرو -
مقتر - مفلس - محتاج -
مقتصد - میانہ رو -
مقتصِر - مختصر کرنے والا - تھوڑے
پر قناعت کرنے والا -
مقتضا } چاہا گیا - مُراد -
مقتضی }
مقتضب - قطع کیا گیا -
مقتفی - پیرو -
مقتل - قتل کرنے کی جگہ -
مقتنی - پونجی والا -
مقتول - قتل کیا گیا -
مقدام - دلاور - جنگجو - بہادر -
مقدّر - تقدیر -
مَقدَر - وہ چیز جو قبضہ میں ہو
جو عبارت تحریر میں
چھوڑی گئی ہو - اور اس
کے معنی لکھے جاویں -
مقدرت - قدرت - طاقت
مُقدَم - قدم رکھنے کی جگہ کسی
سفر سے پھر کر آنا -
مُقدّم - پیش کیا گیا - نمبردار -
چودھری -
مقدّم - آگے جانے والا - آنکھ
کا ناک کی طرف کا کونہ -
مقدمۃ الجیش - پیش خیمہ لشکر
کے آگے آگے جانیوالی تھوڑی سی
فوج جو اُترنے کی جگہ تجویز
کرتی ہے -
مقدّمہ - دیباچہ - کچھ عبارت
جو مضمون کے شروع کرنے سے
پہلے لکھی جائے -
مقدمہ چیدن - تمہید کرنا -
مقر - جائے قرار - ٹھہرنے کی جگہ -
مقرب - قریبی - بزرگ - خاص دوست
مقرض - قینچی سے کترا ہوا -
مقرعہ - گھوڑا مارنے کی لکڑی -

مقروض - قرضدار -
مقرون - نزدیک کیا گیا -
مُقرنس - کلہ کوہ - مخروطی
شکل کی عمارت -
مُقری - قرآن مجید پڑھانے والا
مقسم - جائے تقسیم -
مقسوم - تقسیم کیا ہوا -
مقشر - چھیلا ہوا - چھلکا اتارا گیا
مقصد - قصد کرنے کی جگہ -
غرض - ارادہ -
مُقصِد - بیمار جو جلدی مرے
مُقصِر - قصور کرنے والا -
کوتاہی کرنے والا -
مقصر - کم کیا گیا -
مقصود - قصد کیا گیا - ارادہ
مقصور - کم کیا گیا -
مقصورہ - حجرہ - مسجد کا محراب
مقضی - تمام کیا گیا - ادا کیا گیا
مقط - قط گیر -
مقطر - قطرہ قطرہ کرکے ڈالا گیا - فلٹر کیا گیا
مقطع - کاٹا ہوا - چھوٹے قد کا آدمی

مَقطَع - جائے قطع - غزل یا
قصیدہ کا آخری بیت -
مقطفنہ - پست قد -
مقطل - پکایا ہوا -
مقطور - وہ زمین جس پر
مینہ برس گیا ہو -
مقطوع - ٹکڑے ٹکڑے کیا
گیا - وہ شخص جو کسی
سبب سے قافلہ سے
پیچھے رہ جاوے -
مقعد - دُبر - جائے پاخانہ -
مقعر - گڑھا -
مقفیٰ - قافیہ کیا ہوا -
مَقل - گفتگو - سخن چیں -
مَقل - گوگل -
مقلاد - چابی - کنجی - کلید -
مقلاع - گوپھن -
مقلاق - بے چین -
مقلد - پیرو - بغیر دلیل کے کسی
بات پر عمل کرنیوالا -
مقلیس - بازیگر -

مقلقل - شراب مضطرب بیقرار
مقلقلہ - شراب اونڈیلنے پر صراحی کی آواز -
مقلوب - پلٹا گیا - الٹا گیا -
مقلم - قلم تراش -
مقلہ - کاسۂ چشم معہ سیاہی وسفیدی
مقلید - کنجی -
مقناطیس - ایک قسم کا پتھر جو عام لوہے کو کھینچ لیتا ہے -
مقنب - شیر کی چنگال - شکاری کا توشہ دان - گھوڑوں کا گلہ -
مقنطرہ - بھرا ہوا - بیل کی کھال پُر زر -
مقنع - مصنوعی چاند بنانیوالے ایک آدمی کا نام -
مقنعہ - باریک چادر -
مقنن - قانون بنانیوالا -
مقننہ - لیجسلیٹو کونسل -
مقوال - فصیح اللسان آدمی - باتونی
مقود - دھاگہ - دوڑ - رسی -

مقوس - گھوڑوں کی رسی -
مُقوِس - قوس دار چیز -
مقول - زبان -
مقوم - سیدھا رکھنے والا - قیمت کرنے والا -
مقوہ کردن - تصویر کو پٹھے پر چڑھانا -
مقہور - قہر کیا گیا -
مقیاس - اندازہ - اندازہ کرنے کی چیز -
مقیت - طاقتور - حاضر -
مقید - قید کیا گیا -
مقیش - وہ چیز جس پر چاندی سونے کے تار لپٹے ہوں -
مقی - قے لانے والی چیز -
مک - چسکی - گھونٹ - حقہ کا کش -
مکابر - غلبہ کرنے والا - جنگ کرنے والا -
مکابرہ کردن - کسی کو سامنے سے جواب دینا -

مکاتب ۔ وہ غلام جو حسب مرضی مالک محنت مزدوری کرکے اپنی قیمت ادا کرکے آزاد ہو جائے

مکاتبت } باہم خط و کتابت
مکاتبہ } کرنا ۔ خط ۔ نامہ ۔

مکارم ۔ جمع مکرمت ۔ بزرگیاں ۔

مکارہ ۔ رنج سختیاں ۔ مکروہات

مکارہ ۔ فریب کرنیوالی عورت ۔

مکاری ۔ مکان یا گھوڑا وغیرہ کرایہ پر دینے والا ۔

مکاس ۔ توقف کرنا تساہل کرنا ۔

مکاسب ۔ جمع کسب ۔ پیشے ۔

مکاشفہ ۔ اولیاء اللہ پر امورات غیبی کا ظاہر ہونا ۔

مکاعمتہ ۔ بوسہ دینا ۔

مکافات ۔ عوض ۔ بدلہ ۔

مکافی ۔ مساوی ۔

مکامن ۔ گھات کی جگہیں ۔

مکانت ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔

مکانفت ۔ باہم مدد کرنا ۔

مکانیک ۔ مشین ۔ کل ۔

مکاوات ۔ باہم گالیاں دینا

مکاوحت ۔ گالی دینا ۔ کوشش کرنا

مکاوست ۔ زمین پر پچھاڑنا ۔

مکاہات ۔ باہم ناز کرنا ۔

مکاہنت ۔ غیب کی خبر بتانا ۔ بخشش کرنا ۔ باہم مدد کرنا ۔

مکاید ۔ دھوکا فریب ۔ بداندیشی ۔ دشمنی ۔

مکایلہ ۔ باہم مل کر پیمانہ سے ناپنا

مکاییل ۔ جمع مکیال ۔ پیمانے ۔

مُکَبَّب ۔ اوندھے منہ گرنے والا ۔ سرنگوں ۔

مکتب ۔ مدرسہ ۔

مکتتم ۔ پوشیدہ ۔ باطن ۔ پنہاں ۔

مکتری ۔ کرایہ لینے والا ۔

مکتسب ۔ کسب کرنے والا ۔

مکتسب ۔ سعی و کوشش سے حاصل کی ہوئی چیز ۔

مکتفی ۔ کافی ۔ کفایت کرنیوالا ۔

مکتنف ۔ پناہ ڈھونڈھنے والا

مکتوب - لکھا ہوا -
مکتوب الیہ - جس کو خط لکھا جاوے -
مکتوم - راز - پوشیدہ - پنہاں -
مکث - دیر کرنا - انتظار کرنا -
مکثار - باتونی -
مکتحل - سرمہ لگا ہوا -
مُکحَل - سُرمہ دان -
مِکحل - سُرمہ لگانے کی سلائی -
مکدّر - گندلا - میلا کچیلا -
مُکدِر - کدورت میں ڈالنے والا
مکران - سندھ میں ایک شہر -
مکرّر - دوبارہ -
مکرّم - عزت دیا گیا - بزرگ - مہربانی کرنے والا -
مکس کردن - تامل کرنا -
مکسور - ٹوٹا ہوا - شکستہ - زیر کی حرکت والا حرف -
مکعب - چارگوشہ کیا گیا -
مکفّر - کفارہ دینے والا -
مکفر - لوگوں کو کافر بنانے والا

مکفوف - اندھا - باز رکھا گیا
مُکفی - کفایت دینے والا -
مُکلّل - سر پر تاج رکھا گیا - روشن چمکتا ہوا - لالچی -
مکمح - بلند حوصلہ -
مکمن - گھات کی جگہ -
مکمود - غمناک - اندوہگین -
مکمورۃ - جماع کی ہوئی عورت -
مکمون - پوشیدہ -
مکناس - جھاڑو -
مکنت - تونگری - مرتبہ - طاقت
مکنوز - پنہاں کیا گیا - خزانہ کیا گیا -
مکنون - پوشیدہ رکھا گیا -
مکنونات - صندوق یا الماری کے اندر کا سامان -
مکیال - ناپنے کا برتن - پیمانہ -
مکیدت - مکر - فریب -
مکیدن - چوسنا -
مگس - مکھی -
مگس رال - موم چھل - چوری -

مگس پراں - چھڑا جو گھوڑوں یا گدھوں کی آنکھوں پر لگاتے ہیں - پنجابی کھوپے -
مُل - امرود - انگوری شراب -
مَلا - محفل - ظاہر - پُر ہونا -
مَلا - شریفوں کا گروہ -
مُلا - بڑا عالم -
مِلاء الاعلےٰ - فرشتوں کا گروہ -
ملابِس - پوشاک -
ملابست - ہمشکل ہونا - باہم مشابہ ہونا -
مُلا - زندہ چڑیا جو باز کا چارہ بنائی جاوے -
ملاحت - سانولا رنگ - نمکین -
ملاحدہ - بے دین لوگ - زہریے
ملاحظہ - گوشۂ چشم سے دیکھنا -
ملاخ - ایک جزیرے اور ایک شہر کا نام -
ملاذ - پناہ کی جگہ -
ملازم - پیوستہ - نوکر -
ملاصِق - چسپیدہ -

مِلاط - اینٹیں جوڑنے کا گارا یا چونا
مُلاطِف - مہربان -
ملاطفت - مہربانی کرنا -
ملاطفہ - مجازاً خط - مراسلہ -
ملاطیہ - روم کا ایک شہر -
ملاعب - کھیل کود -
ملاعبت - کھیل کرنا -
ملاعنہ یا ملاعِین - جمع ملعُون - بُرے لوگ -
ملافہ - وہ چادر جو گدھے پر بچھائی جاتی ہے -
ملاقہ - ڈوئی -
ملاقی - ملنے والا -
ملاک - اصل - قدرت -
ملال - رنجیدگی -
مُلال - بخار کی حرارت -
ملالت - ملامت کرنا -
ملامت - جھڑکنا -
مَلامست - جماع کرنا -
ملان - بھرا ہوا -
ملاہی - جمع لہو - کھیل - تماشہ -

ملائک - جمع ملک - فرشتے -
ملائم - مناسب - موافق - نرم
اکٹھا ہونیوالا -
ملائمت - مناسبت -
مُلبس - پوشاک پہنے ہوئے -
ملبس - پوشاک -
ملبوس - لباس پہنے ہوئے -
مِلت - دین - مذہب -
مُلتبس - پنہاں - پوشیدہ
ملتثم - بوسہ لینے والا -
ملتجا - پناہ لینا -
ملتجی - التجا کرنے والا -
ملتحد - امن و آسائش کی جگہ -
مُلتحم - بھرا ہوا زخم -
ملتحی - جس کی ڈاڑھی نکل آئی ہو
ملتزم - لازم کرنے والا -
ملتزم - کعبۃ اللہ کے سامنے ایک
مقام جہاں دعا منظور ہوجاتی ہے
ملتزمین - نوکر چاکر -
مُلتصق - ملا ہوا -
مُلتفت - توجہ کرنے والا -

مُلتقص - حقیقت آموز کھوج ڈھونڈنے
والا -
مُلتقط - رفو کرنے والا چننے والا -
ملتقم - لقمہ کھانے والا -
ملتقی - مقام ملاقات -
ملتمس - التماس کرنے والا - ملتجی
ملتوی - دیر کرنے والا - مجازاً کسی
اور وقت پر ٹال دینا -
مُلتہب - بھڑکنے والا -
ملثم یا ملثوم - بوسہ لیا گیا -
مَلجا - پناہ کی جگہ -
ملجن - غلیل سے پھینکنے کا غلیلہ -
مِلح - نمک -
مُلح - مبالغہ کرنے والا - گڑگڑانے
والا -
مَلحُ - پرندوں کا دونو بازوؤں
سے اُڑنا -
مُلحد - بے دین - مُرتد -
ملحق - ملنے والا - پہنچانے والا -
مُلحق - ملا ہوا -
ملحوظ - لحاظ کیا گیا -

مَلَخ - ٹڈی -
مُلَخَّص - خلاصہ کیا گیا - مختصر - خالص - پاک -
مُلَذِّذ - لذیذ - مزیدار -
ملخش ملخش کردن - جنگ جنگ کرنا -
مُلزِم - الزام لگایا گیا - لازم کرنے والا -
ملزوم - لازم کیا گیا -
مَلسَق - متبنّیٰ -
ملسوع - مار گزیدہ - بچھو کا کاٹا ہوا
مُلحق - لگایا گیا - قریب -
مُلصِق - چپکنے والا -
ملطار - چوٹی - سر کی چوٹی -
مَلظاظ - بہت اصرار کرنیوالا - خوشامدی -
ملعون - لعنت کیا گیا -
مُلعقہ - چمچہ - ڈوئی -
ملغم - پارے اور دوسری دھاتوں کا مرکب -
ملفوف - لفافہ کیا گیا -

مُلِق - دوست رکھنا -
ملقّب - لقب کیا گیا -
مُلقَّن - تلقین کیا گیا -
مُلقِّن - تلقین کرنے والا -
ملقوحتہ - حملدار عورت -
مَلَک - فرشتہ -
مِلک - ملکیت - جاگیر -
مَلِک - بادشاہ -
ملک الشعرا - سب سے بڑا شاعر -
ملکات - جمع ملکہ - عادتیں -
ملک الموت - عزرائیل -
ملکوت - عالم ارواح - فرشتوں کا عالم - نصرت -
ملکہ - مہارت - بادشاہ کی بیوی
مَلَل - آلام - غم -
مِلَل - جمع ملّت - مذاہب -
ملمُوح - دیکھا گیا -
ملوث - آلودہ -
ملوک - جمع ملک - بادشاہ لوگ
ملول - رنجیدہ -
مَلوم - ملامت کیا گیا -

مُلَوّن - رنگ برنگ -
مُلہِم - الہام کرنیوالا - اللہ تعالیٰ
مُلہَم - الہام کیا گیا -
مَلہوب - بھڑکائی ہوئی آگ
مَلہوف - مغموم - رنجیدہ -
مُلہی - کھیل میں لگانے والا -
غافل کنندہ -
مُلے - دولتمند - بھرا ہوا -
ملیح - سانولا رنگ - نمکین -
ملین - نرمی کرنے والا -
ملیون - دس لاکھ -
ممّا - اس چیز سے -
ممات - مرنا -
مماثل - مثل - نظیر - مانند -
ممارات - گذرے ہوئے ماجرے
ممارات - کسی کے ساتھ جانا -
ممارست - مشق کرنا - تحریر کرنا
ممارجت - ربط بڑھانا -
مماس - گھسنے والا - گھسا ہوا
رگڑنے کی جگہ -
ممالک - جمع مملکت -

ممالیک - جمع مملوک - غلام لوگ
ممانعت - منع رکھنا -
ممانزت - تمیز کرنا -
مُمتاز - عزت دیا گیا - تمیز دیا گیا -
مُمتحِن - امتحان کرنے والا -
مُمتحَن - آزمایا گیا - امتحان کیا گیا
ممتد - کشیدہ -
ممتلی - بھرا ہوا -
ممتنع - منع کیا گیا -
ممثل - مانند کیا گیا - مثل بنایا گیا
ممجّد - بزرگ -
مُمِد - معاون -
ممدّد - ایک مرض کا نام جس سے
پٹھے کھینچ جاتے ہیں -
ممدوح - تعریف کیا گیا -
ممدود - پھیلایا گیا -
ممذل - عورتوں کو مردوں کے
پاس لے جانے والا -
ممذوق - پانی ملا ہوا دودھ
مَمَر - سبب - راہگذر -
مُمرہ - قسم -

**ممراض** - وہ شخص جو سخت بیمار رہا ہو -
**ممزوج** - ملایا گیا - عرق ملا ہوا شراب -
**ممسک** - کنجوس مکھی چوس مارنیوالا -
**ممسوح** - مسح کیا گیا -
**ممشوط** - کنگھی کی گئی -
**ممشق** - سُرخ رنگ رنگا ہوا کپڑا -
**ممشوقہ** - دراز قد حسین لڑکی -
**ممضوغ** - چبایا گیا -
**ممطر** - برسنے والا -
**ممقوت** - دشمن بنایا گیا -
**مملو** - بھرا ہوا -
**مملوک** - کنیز - غلام - زرخرید چیز
**ممنوع** - منع کیا گیا -
**ممنون** - احسان کیا گیا -
**ممہ** - پستان -
**ممہد** - فرش بچھانے والا -
**ممہد** - تمہید کیا گیا -
**ممہوک** - جس کے کلام میں بہت سی غلطیاں ہوا کریں -

**ممیز** - تمیز کرنیوالا -
**ممیز** - تمیز کیا گیا -
**منّ** - دنیا کی نعمت - شیرخشت - وہ رطوبت جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت پر برسی تھی -
**مِن** - اوپر سے - میں -
**من اجل** - سبب -
**مناب** - نائب - کھڑا ہونیکی جگہ -
**منابر** - جمع منبر -
**منابع** - چشمے -
**منات** - ایک بُت کا نام جس کی عربی لوگ اسلام سے پہلے پوجا کرتے تھے -
**مناجات** - کان میں بات کرنا - خدا کی درگاہ میں اس طرح دعا کرنا جس طرح حاضر سے باتیں کی جاتی ہیں -
**مَنَاخ** - آسودگی اور خواب کی جگہ
**مناخیر** - نتھنے -
**مناخیردر** - گواڑ کی بینی -

منادستہ - ساتھ ساتھ چلنا نیزہ بازی کرنا -
منادغتہ - باہم عشق بازی کرنا -
منادمت - ہم نشینی -
منادیٰ - پکارا گیا -
منادی - پکارنے والا -
منادیل - جمع مندیل - پگڑی رومال وغیرہ -
منازع - جھگڑنے والا -
منازعت - باہم جھگڑا کرنا -
منازل - جمع منزل -
مناسب - نسبت رکھنے والا - موزون
مناسبت - باہم نسبت رکھنا
مناسک - حاجیوں کی عبادت کی جگہیں - طواف و قربانی وغیرہ
مناشیر - جمع منشور - بادشاہی فرمان
مناص - بھاگنا -
مناصاۃ - باہم پیشانی کے بال پکڑنا - مراد لڑنا -
مناصب - جمع منصب - رتبہ عہدہ
مناصرت - باہم مدد دینا -
مناط - ملنا - مقصد -
مناطقتہ - باہم گفتگو کرنا -
مناظر - جمع منظر - نظارہ کی جگہیں -
مناظرہ - باہم نظر کرنا - بحث کرنا
مناع - بہت روکنے والا -
مناعت - مضبوطی - استواری -
مناعم - جمع نعمت -
مناعمت - مضبوط کرنا - نعمت میں پالنا
مناغات - نزدیک ہونا -
منافٍ - نفی کرنے والا - ضد -
منافات - ایک دوسرے کو نیست کرنا - نفی کرنا -
منافذ - جاری ہونے کی جگہیں - جمع منفذ -
منافر - نفرت کرنے والا -
منافرت - باہم نفرت کرنا - حسب و نسب کی ثبوتی کیلئے حاکم کے پاس جانا -
منافسہ - باہم رشک کرنا - ہم نفسی کرنا
منافع - فائدے - جمع منفعت -

منافع - مفید - نفع دینے والا -
منافق - نفاق رکھنے والا - باطن کے خلاف ظاہر کرنے والا -
منافی - نیست کرنے والا - نفی کرنے والا - ضد -
مناقب - اچھے اوصاف -
مناقشہ - جھگڑا کرنا -
مناقض - توڑنے والا -
مناقضہ - اعتراض - جھگڑا
مناکب - کاندھے - دوش -
مناکحہ - باہم نکاح کرنا -
مناکیب - جمع منکوب - بدحال لوگ -
مناکیر - بُری اور قبیح باتیں -
منال - کسی شے کے حاصل ہونے کی جگہ - جاگیر - باغ وغیرہ
منام - نیند - سونے کی جگہ -
منامات - جمع منام خوابگاہیں
منان - بہت احسان کنندہ - ایزد منان اللہ تعالیٰ کا نام -
مناہج - سیدھی اور کشادہ راہیں

منابذت - باہم لڑائی کا قصد کرنا - فال کے واسطے پانسہ ڈالنا
مناہل - چشمے -
مناہی - منع کی ہوئی - ناجائز - غیر مشروع -
منایا - موتیں -
منبت - اُگنے کی جگہ -
منبت - اُگایا گیا - اُبھرے ہوئے نقشوں والی چیز مثلاً سکہ وغیرہ -
منبر - مسجد میں امام کے خطبہ پڑھنے کی جگہ - جہاں وہ کھڑا ہو کر وعظ کرتا ہے -
منبسط - پھیلنے والا - مسرور
منبع - نکلنے کی جگہ
منبعث - بھڑکایا گیا - برانگیختہ کیا گیا۔
من بعد - اس کے پیچھے - بعد ازاں -
منبہ - تنبیہ کیا گیا - خبردار کیا گیا
منبہ - تنبیہ کرنے والا -
منبی - اطلاع کرنیوالا - خبر کرنیوالا -
منت - نکوئی - احسان -

منتبہ - خبردار - واقف - آگاہ
منتج - نتیجہ خیز -
منتجع - نکوکار - جائے آب وگیاہ
منتخب - انتخاب کیا گیا - چنا گیا - پسند - خلاصہ -
منتدح - فراخ زمین -
منتدی - ہر روزہ مجلس -
منتزع - کھینچ کر نکالنے والا -
منتسب - نسبت رکھنے والا
منتسج - بُنا ہوا -
منتسخ - نسخہ لیا گیا - منسوخ کیا گیا
منتسم - نسیم چلانے والا - خوشبو حاصل کنندہ -
منتشر - بکھرنے والا - پراگندہ
منتصب - عہدہ پانے والا -
منتصف - پیمانہ -
منتظم - انتظام کرنے والا -
منتفع - مفید -
منتفی - نفی ہونے والا - نابود ہونے والا -
منتقد - پرکھا گیا - صاف -

منتقح - تر کیا ہوا - نمدار -
منتقل - انتقال کرنے والا - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانیوالا
منتقم - انتقام لینے والا - بدلہ لینے والا -
منتقی - برگزیدہ - منتخب -
منتکث - حقیر - کمزور -
منتن - گندہ - گلی - سڑی بدبودار چیز -
منتہج - راستہ اختیار کرنے والا
منتہز - حرکت دہندہ - فرصت پانے والا -
منتہی - اخیر -
منتہی - اخیر کو پہنچنے والا -
منثر - باتونی -
منثور - نثر عبارت - ناسفتہ موتی - بکھرا ہوا - پراگندہ
منجد - آزمایا ہوا -
منجر - کھینچا گیا -
منجس - آلودہ کیا گیا - ناپاک کیا گیا - ملوث -

مَنجلاب - حوض جس میں فضول پانی جمع ہوتا رہے -

مُنجلی - روشن -

منجّم - علم نجوم جاننے والا - جوتشی - نجومی -

مُنجمد - جما ہوا - وہ سیال چیز جو سردی سے جم گئی ہو -

مَنجنیق - فلاخن - گھمانی - ایک پتھر پھینکنے کا جنگی آلہ -

منجوق یا منجوش - ماہیچہ علَم - جھنڈے پر لگانے کی چاند کی شکل کی ایک چیز -

منجا - ٹیلہ -

مِنجات - رندہ - لکڑی صاف کرنے کا آلہ -

مَنحار - اونٹوں کا بہت ذبح کرنے والا -

مَنحدر - اترنے والا -

منحر - سینہ کا اگلا حصہ -

منحرف - باغی - پھرا ہوا - خم کھایا ہوا

منحنی - بے ڈول - خمیدہ -

منحوت - تراشا گیا -

مَنخر - نتھنا - ناک کی سوراخ -

منخرط - چھیلی ہوئی چیز - آراستہ -

منخرق - پھٹنے والا -

مُنخرم - چھدے ہوئے کانوں والا

منخرین - نتھنے -

مِنخل - آٹا چھاننے کی چھلنی -

مندبور - تھکا ہوا - ماندہ -

مندرخ - فراخ جگہ -

مندرج - درج کیا گیا -

مندرس - پرانا - کہنہ -

مُندف - آلات ندافی - دھنکنے کی چیزیں -

مندفع - دفع ہونے والا -

مُندفہ - گالا - دھنکی ہوئی روئی

مندل - ڈھولک کی طرح کا ایک باجہ - دائرہ جو منتر پڑھتے وقت اپنے گرداگرد کھینچ لیتے ہیں -

مندمج - گھسا ہوا -

مُندمل - زخم جو انگور لا چکا ہو -

مندوب - ماتم کیا گیا -
مندیل - پگڑی - پٹکا وغیرہ -
منذر - ڈرانے والا - انبیاء کا ایک نام -
مُنزجر - باز رہنے والا -
منزل - اترنے کی جگہ - گھر -
مُنزَل - اتارا گیا -
مِنزِل - اترنے والا -
منزل چاتمہ - چھرّے کی مار
منزلت - درجہ - مرتبہ - زینہ
منزوع - نکالا گیا -
منزوف - بہت خون نکل جانے کی وجہ سے بے ہوش ہو جانا
مُنزوی - گوشہ نشین -
منزہ - پاک - بے عیب -
مِنساء - عصا - لاٹھی -
منستر - خانقاہ - گرجا -
منسج - بافندہ - جُلاہا -
منسد - انسداد کیا گیا - روکا گیا
منسرح - آسان کیا گیا عروض کی ایک بحر کا نام -

منسک - حاجیوں کی قربانی کرنے کی جگہ - عبادتگاہ -
منسلخ - مہینہ کا اخیر -
منسلک - لڑی میں پرویا گیا
منسم - علامت - اونٹ کا سُم -
منسوب - نسبت کیا گیا -
منسوج - بُنا گیا - زربفت -
منسوجات وطنی - سودیشی کپڑے
منسوخ - مٹایا گیا -
منسی - بھلایا گیا -
منش - طبیعت - مزاج -
منشا - پیدا ہونے کی جگہ - مجازاً سبب - مطلب -
منشات - مسودے - عبارتیں
منشار - لکڑی چیرنے کا آرہ -
منشد - شعر پڑھنے والا -
منشرح - کھلا ہوا: ظاہر ہوا
مُنشِط - خوشی میں لانے والا -
منشعب - شاخ در شاخ ہونیوالا
منشف - تولیہ -
مُنشق - شق کیا گیا ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا

نُشور - لطف اور عنایت کا شاہی
فرمان - سند - پراگندہ -
مُنشی - انشا پرداز -
مُنشی - نشہ پیدا کرنے والی چیز
مَنصب - مرتبہ - عہدہ -
مُنصبغ - رنگین ہونے والا -
مُنصرف - ایک حال سے دوسرے
حال میں لوٹنے والا -
منصل - تلوار -
منصوب - نصب کیا گیا -
زبر کی حرکت دیا گیا -
منصوبہ - تدبیر - چال - شطرنج
کی بازی -
منصور - فتحمند - ایک فقیر کا لقب
جسکو منصور حلاج کہتے ہیں -
منصوص - تحقیق کو پہنچا -
منصہ - دلہن کو بٹھا کر کھلانے کی چھپر کھٹ
منصلج - کباب بھوننے کی سیخ -
منضج - پکانے والا - خلط فاسد
کا پکانے والا مادہ -
منضلہ - باہم خفا ہونا - تہ پرتہ

منضم - ملایا گیا -
منطبع - چھاپا گیا -
منطبق - برابر - موافق -
منطقی - سمجھنے یا بجھانے والا -
منطق - ایک علم - گفتگو -
مُنطق - کلام کرنے والا -
منطقہ - کمربند -
منطقہ - حصہ - دائرہ - جیسے
منطقہ حارہ - باردہ وغیرہ -
منطقۃ البروج - وہ بڑا دائرہ
جسپر بارہ برج واقع ہیں -
مُنطمس - نیچے بیٹھ جانے والی چیز
منطوق / منطوقہ } کلام - مضمون -
منطوی - لپٹا ہوا -
منطیق - خوش گو - فصیح -
منظرہ - جائے نظارہ - چہرہ - دریچہ
منظوم - نظم کیا گیا - پرویا گیا -
منظومہ - نظم کیا ہوا - رسالہ -
منعام - بہت نعمت دینے والا -
منعدم - نابود ہونا - محو ہونے والا

منعطف - خم کھانیوالا مڑنیوالا
منعفق - پانی سے نفرت کرنیوالا
منعقد - بستہ ہونے والا -
منعکس - عکس قبول کرنے والا
الٹ کر آئی ہوئی شعاع -
منعّل - گھوڑے کے نعل
کے مشابہ چیز -
منعم - مالدار نعمت دینے والا
منعم حقیقی - اللہ تعالیٰ
منعوت - نعت کیا گیا - سراہا گیا
منغص - مکدر - رنجیدہ -
منغمس - ڈوبا ہوا -
منفاق - بہت خرچ کرنیوالا
منفتح - فتح کیا گیا - کشادہ
منفجر - پھٹا ہوا - شگاف شدہ
منفسق - چرا ہوا -
منفخ - لوہاروں کی دھونکنی -
منفذ - گھس جانے کی جگہ - گذرگاہ
منفرت - حاملہ عورت جس کو
متلی آتی ہو -
منفرج - فراخ - کشادہ -

منفرح - شاداں - خوش وخرم
منفرد - اکیلا -
منفسخ - خراب - فاسد
منفصل - جدا -
منفصم - پورا کیا گیا - ختم کیا
گیا - شکستہ -
منفطر - چرا ہوا - شگاف دار
منفعت - نفع -
منفعل - شرمندہ - اثر پذیر
منفق - خرچ دینے والا -
منفق - نفقہ دیا گیا - روزی دیا گیا
منفک - علیحدہ کیا گیا -
منفل - سوراخدار چیز -
منفور - نفرت کیا گیا - مقہور
مغلوب -
منفی - نفی - انکار کیا گیا -
منقاد - فرمانبردار -
منقار - چونچ - بڑھئی کا برما -
منقاش - ناخن گیر - حجام کا موچنا
منقیٰ - صاف کیا گیا -
مویز منقی - منقہ بیجوں سے پاک کیا ہوا

منقب ۔ پہاڑ کی راہ ۔ سوراخ
منقبت ۔ ثنا ۔ تعریف ۔ اصحاب کرام اور حضرت علی کی تعریف
منقبض ۔ سمٹا ہُوا ۔ تنگ ۔
منقح ۔ پاک و صاف کیا گیا ۔ بےلوث
منقرض ۔ کترا ہُوا ۔ گذرا ہُوا
منقسم ۔ تقسیم کیا گیا ۔
منقش ۔ نقش کیا گیا ۔
مُنقشر ۔ چھلکا اتارا ہُوا ۔
منقصت ۔ نقصان ۔ خسارہ
منقصفت ۔ شکستہ ہونا ۔
منقضی ۔ گذرا ہُوا ۔
منقطع ۔ کٹا ہُوا ۔
مِنقل ۔ انگیٹھی ۔
منقلا ۔ ہراول ۔ فوج کے آگے چلنے
مُنقلِب ۔ انقلاب یافتہ گردش کھانے والا ۔
منقلَب ۔ جائے انقلاب ۔ الٹا
منقلع ۔ اُکھڑنے والا ۔
منقوب ۔ نقب لگایا گیا ۔

منقوش ۔ نقش دار ۔
منقوص ۔ ناقص ۔
منقول ۔ نقل کیا گیا ۔ ذکر کیا گیا
منقی ۔ صاف کرنے والا
منکب ۔ مونڈھا ۔
منکبہ ۔ پھٹا ۔
منکر ۔ خلاف شرع ۔ ایک فرشتہ کا نام ۔
منکر ۔ انکار کرنے والا ۔
مُنکسر ۔ شکستہ ۔
منکشف ۔ کھلا ہُوا ۔
منکوب ۔ بدحال ۔ مصیبت زدہ
منکوحہ ۔ بیوی ۔ نکاح کی ہوئی عورت
منکوس ۔ سرنگوں ۔
منگال ۔ درانتی ۔
منگستان ۔ ایک پھل دار درخت
منگنہ ۔ شکنجہ ۔ بیلن ۔
منگولہ ۔ پھندنا ۔
منگیدن ۔ بڑبڑانا ۔ زیر لب بات کرنا
منہتم ۔ مترا ۔ سخن چیں ۔
منن ۔ جمع منت ۔ احسانات ۔

منوار - جنگی جہاز
منوال - وہ لکڑی جس پر جلاہا کپڑا لپیٹتا ہے - پنجابی نُڑ -
منوال - طور - طریقہ -
منوب - نیابت کیا گیا - نائب
منوب عنہ - جسکا کوئی نائب ہو
منوچہر - بہشت رُو - خوبصورت فریدوں کے بیٹے ایرج کا نواسہ جو فریدوں کے بعد ایران کے تخت پر بیٹھا -
منوچہر - منچوریا کا ملک -
منور - روشن -
منور کردن - جہاز یا سپاہ کی جگہ بدلنا -
منوط - لٹکایا گیا - وابستہ -
منوع - منع کرنے والا -
منوق - اونٹ جو مطیع کیا گیا ہو
منون - موت کا زمانہ - بہت احسان کرنے والا -
منوّن - تنوین کیا گیا - یعنی دو پیش یا دو زیر یا زبر دیا گیا -

منوی - نیت دیا گیا - مراد - مقصد
منہاج
منہج - } سیدھا راستہ - فراخ سڑک
منہال - بڑا سخی - ڈھلوان نشیب
منہت - غرندہ شیر -
مُنتہک - رسوا ہونے والا - ذلیل و خوار -
منہدم - مٹنے والا - ویران - افتادہ عمارت -
منہزم - ہزیمت یافتہ - لڑائی سے بھاگنے والا -
منہضم - ہضم کیا گیا -
مَنہل - وہ چشمہ جو چراگاہ میں واقع ہو -
منہمک - کسی کام میں بہت کوشش کرنے والا - محو و مشغول -
منہوم - بھوکا - لالچی - کنجوس -
منہی - منع شدہ - خلاف شرع - زبون -
منہیاں - جمع منہی - خبر دینے والا
منی - خودی - غرور -

منی - آبِ پشت -
منیٰ - مکہ معظمہ میں قربانی کرنے کا
ایک مقام
منیب - حق کی طرف پلٹنے والا - تائب
مُنیت - خواہش - مقصد - طلب
منیتہ - موت -
منیر - روشن -
من یزید - نیلام کی بولی یعنی
زیادہ کر -
منیژہ - پیژن ایرانی پہلوان
کی معشوقہ جو افراسیاب
شاہ توران کی بیٹی تھی -
منیع - باز رکھنے والا - مضبوط -
محکم -
منیف - بلند - بزرگ -
مُو - بال -
مو - انگور -
موات - موت -
موات - بے جان شے - بے آب
و گیاہ زمین -
مواثیق - وثیقہ - عہد و اقرار

موانی - دشمنی کرنے والا - عداوت
رکھنے والا -
مواجب - مقرر کیا گیا یا ہواری تنخواہ
مواجہہ - باہم روبرو ہونا -
مواجید - جمع وجد - وہ حالتیں
جو صوفیوں پر راگ سننے سے
طاری ہو جاتی ہیں -
مواخات - آپس میں برادری رکھنا
مواخذ - اخذ کرنے والا - گرفت
کرنے والا -
مواخذہ - گرفت کرنا - جواب
طلب کرنا -
مواد - ہر چیز کی اصل -
موادعت - وداع کرنا -
موارات - فریب دینا - پوشیدہ کرنا
موارد - جمع مورد - چشمے - وارد
ہونے کی جگہیں -
مواریث - جمع میراث - ترکہ -
مردہ کی جائداد اس کے رشتہ
داروں کو ملنا -
موازات - مقابلہ -

**موازنہ** - وزن کرنا - ہموزن ہونا مقابلہ -
**موازی** - برابر - مقابل - یہ لفظ آنوں کی گنتی سے پہلے آتا ہے -
**موازین** - جمع میزان -
**مواسا** - } مدد دینا - رعایت کرنا
**مواسات** }
**مواشی** - جمع مویشی - چوپائے - بارکش چوپائے -
**مواصر** - پڑوسی - ہمسائے -
**مواصلت** - ملاقات کرنا -
**مواضعت** - باہم شریک ہونا -
**مواطات** - موافقت کرنا -
**مواطن** - جمع وطن -
**مواظبت** - کسی کام پر ہمیشگی کرنا
**مواعدت** - باہم وعدہ و اقرار کرنا
**مواعظ** - جمع موعظت - نصیحتیں -
**مواعید** - جمع میعاد - وعدہ کی جگہیں - وعدہ کے زمانے -
**موافق** - موافقت کرنیوالا - مطابق
**موافقت** - میل جول - دوستی

**مواقع** - جمع موقع -
**مواقف** - وقت کی جگہیں - ٹھیرنے کی جگہیں -
**مواکب** - رسالے - لشکر سواروں کے گروہ -
**موالات** - پے در پے کام رکھنا - دوستی -
**موالفت** - باہم الفت رکھنا - عادی ہونا -
**موالی** - مددگار لوگ -
**موالید** - جمع مولود - بچے -
**موالید ثلاثہ** - مخلوقات - یعنی حیوانات - نباتات - جمادات -
**موانست** - باہم دوستی کرنا -
**موانع** - منع کرنے والے -
**مواہب** - جمع موہبت - نصیحتیں -
**مواہبت** - بخشش کرنا -
**مواہنت** - دانگ سستی کرنا -
**موائد** - جمع مائدہ - کھانوں سے بھرے ہوئے دسترخوان -

موبد - عقلمند - دانا - حکیم - مجوسیوں کا پیشوا -
مؤبّد - ابدی - ہمیشگی کیا گیا -
موبق - ہلاکت کی جگہ -
موتی - جمع میت - مُردے -
مُو پاک کُن - بال صاف کرنے کا بُرش -
مُوتراش - اُسترہ -
موتفک - الٹ دینے والا
موتفکات - وہ شہر جو اُلٹ دئے گئے ہوں -
مؤتلف - الفت کیا گیا - خُوگر
موتمر - صلاح کار - مشیر - مطیع
مؤتمن - امین - امانت دار
موثر - اثر کرنے والا -
موثر - ایثار کرنے والا - سخی مرد
مُوثق - محکم - استوار -
موثم - گناہگار -
مُوجب - واجب کرنیوالا - باعث - سبب
مُوجد - ایجاد کرنیوالا - نئی چیز پیدا کرنیوالا - بلند کنندہ -

موجذہ - قوی پُشت اونٹنی -
موجز - مختصر -
مُوجع - دردمند -
مؤجل - مہلت دیا گیا - ایک مقررہ وقت پر ٹالا گیا -
موجُودات - موجودہ چیزیں مخلوقات
مُوجّہ - جس کی طرف منہ کیا جائے - پسندیدہ -
موچینہ - موچنا - بال اُکھاڑنے کا اوزار -
موحّد - خداوند کریم کو ایک ماننے والا -
موحش - وحشت و خوف میں ڈالنے والا -
موحّش - غمگین کرنے والا -
مؤخر - آخری - پچھلا -
مؤدَّب - ادب دیا گیا -
مؤدِّب - ادب دینے والا -
مؤدت - دوستی کرنا - محبت
مودم - دانا - تجربہ کار -
مودع - وداع کرنے والا -

مُودَع - وداع کیا گیا - رخصت کیا گیا -

مُودَعہ - سپرد کی ہوئی چیز -

مَودود - دوست رکھا گیا - عزیز

مُؤدّیٰ - ادا کیا گیا - مضمون -

مُؤدّی - ادا کرنیوالا پہنچانیوالا

مُؤذّن - آذان دینے والا -

موذیٰ - اذیت دہ دُکھ پہنچایا گیا

مُوذی - اذیت دہندہ -

مُور - چیونٹی -

موراؤ - شہر کا مجسٹریٹ -

مُورِث - وارث کرنے والا - ترکہ چھوڑ کر مرنے والا -

مورچال یا مورچل } مورچے - قلعہ یا لشکر کے چاروں طرف گڑھے کھود دیتے ہیں -

مُورچانہ - لوہے کا زنگ -

مُورچہ - زنگ - چھوٹی چیونٹی -

مورچل - مورچہ -

مورچہ پے - خسخسی ڈاڑھی -

مورمور کردن - پاؤں کا سو جانا

مؤرّخ - تاریخ لکھنے والا -

مُورِد - وارد ہونے کی جگہ - پانی پینے کا چشمہ -

مُوَرَّد - گلاب کی مانند - گلگوں -

مُورد - آس کا درخت -

مُوَرُّث - وراثت کیا گیا -

موروثی - باپ دادا کی چیز جو ورثہ میں ملے -

مورود - اشیا رورالد -

موریانہ - لوہے کا زنگ -

مُوز - کیلا کا درخت -

مُوزِع - تقسیم کنندہ - بکھیرنے والا

موزہ - عجائب خانہ -

موزون - وزن کیا گیا - مناسب

موزیک - بینڈ -

موزیک زدن - باجہ بجانا -

موزیکان - باجہ - بینڈ -

موزیکاچی - باجے والا -

موستان - پھلوں کا باغ -

موسِر - مالدار - غنی -

مؤسِّس - تاسیس فرمانیوالا بنیاد ڈالنے والا -

مؤسم ۔ نام رکھا گیا ۔
موسوارہ ۔ نیولے کی قسم کا ایک جانور
موسوم ۔ نام کیا گیا ۔ داغدار
موسیٰ ۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ہے جن کا لقب کلیم اللہ ہے ۔
موسیچہ ۔ ممولا ۔
موسیقار ۔ ایک باجہ ۔ ایک پرندہ جس کی چونچ کے مختلف سوراخوں سے مختلف قسم کے راگ نکلتے ہیں ۔
موسیقی ۔ علم راگ کا نام ہے ۔
موسی یا موسیو ۔ مسٹر ۔
موش ۔ چوہا ۔
مُوشّح ۔ توشیع کی صنعت رکھنے والا ۔ زیور سے آراستہ ۔
مُوش خور ۔ اُلو ۔ چیل ۔ گدھ
موش خرما ۔ گلہری ۔
موش دشتی ۔ جنگلی چوہا ۔
موش کور ۔ موشک کور ۔ چھچھوندر
موشک دوانی ۔ آتش بازی کی چھچھوندر ۔

موصیٰ ۔ موصیّ ۔ وصیت کیا گیا
موصی الیہ ۔ جسکو وصیت کیگئی ہو
موصی بہ ۔ وہ چیز جس کے دینے کی وصیت کی گئی ہو ۔
مُوصِل ۔ نام ۔ ملاقات کا مقام
مُوصِّل ۔ ہرکارہ ۔ پہنچانیوالا ۔
مُوَصّل ۔ ملایا گیا ۔ وصل کیا گیا ایک صنعت کا نام
موصوف ۔ وصف کیا گیا ۔ سراہا گیا ۔
موصول ۔ ملا ہُوا ۔ حاصل شدہ
مُوصی ۔ وصیت کرنے والا ۔
موضع ۔ جگہ ۔ گاؤں ۔
موضوع ۔ رکھا گیا ۔ جس کا ذکر کیا جائے ۔ وہ شے جس کا اس علم میں ذکر ہو ۔
مُوطن ۔ وطن کی جگہ ۔ دیش
موطی ۔ پاؤں رکھنے کی جگہ ۔
مُوظِف ۔ ایک کو ہمیشہ کرنے والا ۔ وظیفہ دینے والا ۔
موظف ۔ وظیفہ دیا گیا ۔
موعۃ الشباب ۔ جوانی کا آغاز ۔

**موعث** - دشوار گذار راستہ -
**موعد** - وقت یا جائے وعدہ -
**موعدت** - عہد و پیمان -
**موعظت** - پند - نصیحت کرنا
**موعوث** - بد اصل - نالائق
**موعود** - وعدہ کیا گیا -
**مُوفِر** - زیادہ کرنے والا -
**موفِّق** - توفیق دینے والا -
**موَفَّق** - توفیق دیا گیا -
**موفور** - زیادتی کیا گیا -
**موَفّٰی** - وفا کیا گیا - مجازاً کمال
**موقّت** - کسی وقت پر ٹھہرایا گیا
**موقتاً** - عارضی طور پر -
**موقّر** - توقیر دیا گیا عزت دیا گیا حلیم
**موقع** - واقع ہونے کی جگہ -
**موقف** - وقت کی جگہ - کھڑا ہونے کی جگہ - مکہ معظمہ میں ایک مقام عرفات
**موقِن** - یقین کرنے والا -
**موقوف** - ٹھہرایا گیا - برخاست کیا گیا -

**مُوق** - گوشۂ چشم -
**مُوک** - کسی کیڑے کا ڈنگ -
**موکب** - امیر یا بادشاہ کی سواری کے آگے چلنے والا سواروں کا دستہ - سواروں کا لشکر -
**مُوکِد** - تاکید کرنے والا -
**مُوکَّد** - تاکید کیا گیا -
**موکل** - اپنا کام کسی دوسرے کے سپرد کرنیوالا - وکیل کرنیوالا
**مُوَل** - معشوقہ - حرامزادہ -
**مُول** - کچے پھل -
**مولا** - مولیٰ - مالک - مدد - خداوند -
**مولتہ** - ٹڈی - مکڑی -
**مولِد** - جائے ولادت - اصلی وطن
**مولّد** - پیدا کرنے والا -
**مولع** - لالچی -
**مؤلف** - تالیف کرنیوالا جمع کنندہ -
**مؤلفات** - تالیف کی ہوئی کتابیں
**مؤلم** - الم دینے والا - درد پہنچانیوالا
**مولود** - پیدا کیا گیا - بچہ -

مولوی - منسوب بہ مولا - سرداری دیا گیا
مُولَہ - عاشق - دیوانہ - فریفتہ -
مُؤمِّر - امر کرنے والا - حکم دینے والا
مُؤَمِّل - امیدوار -
مومن - ایمان لانے والا -
مومی - اشارہ کیا گیا -
مومی الیہ - مشاراً الیہ -
مومیا - مومیائی - ایک سیاہ رنگ
کی دوائی - چربی شدہ -
مُؤنّث - رنج کھینچنا - نان و نفقہ
موئنت مرت - آتشبازی کا قلعہ -
مونث - مادہ - عورت -
مُونِس - اُنس رکھنے والا - انیس
غمخوار - ہمدم -
مُوہِب - ہبہ کرنے والا بخشندہ
موہبت - بخشش -
موہّم - وہم میں ڈالنے والا -
موہوب - ہبہ کی گئی چیز - عطا
کی گئی -
موہُوم - وہم کیا گیا - خیالی -
موہون - سست کیا گیا -

موئے بر لستن - تیار ہونا -
مویاں - لانے والا -
موئے بینی } وہ شخص جو مکروہ
موئے دماغ } اور خلل انداز ہو
موئے دامی - جانوروں کے
نوزائیدہ بچوں کے بال -
موید - مدد دیا گیا -
مویز - منقی - خشک انگور -
مُوئیدن - رونا - نوحہ کرنا -
مویشہ - بالوں کا پکڑا -
مویہ - نوحہ -
مِہ - سردار - بزرگ -
مَہ - چاند -
مہ - کہر -
مہاب - ہیبت ناک -
مہابت - خوف -
مہاجاۃ - باہم ہجو کرنا -
مہاجر - رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کے ساتھ ہجرت کرنیوالے اصلی
جگہ چھوڑ کر چلا جانے والا -
مہاجزۃ - باہم بھید کہنا -

مہاراۃ - دو آدمیوں کے درمیان اُن کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر چلنا -
مہارنت - باہم صلح کرنا -
مہار - اونٹ کی نکیل -
مہار کردن - ناک میں ڈوری ڈالنا -
مہاراۃ - آپس میں مذاق کرنا -
مہارب - بھاگنے کی جگہیں - گریز گاہیں -
مہارت - لیاقت - اُستادی
مہازل - قحط سالیاں -
مہاذلتہ - بیہودہ بازی -
مہافاۃ - کسی کو اپنی دوستی پر آمادہ کرنا -
مہاکاۃ - کسی کو بیوقوف سمجھنا -
مہالک - ہلاک ہونے کی جگہیں
مہام - جمع مہم مصیبتیں - سخت کام
مہان - اہانت کیا گیا - بے عزت
مہبّ - ہوا کے چلنے کی جگہ -
مہبّط - اترنے کی جگہ -
مہبل - عورت کی شرمگاہ کا مُنہ -

ماہتاب - چاند - چاندنی -
مہتدی - ہدایت کرنے والا -
مہتدیٰ - ہدایت کیا گیا -
مہتر - سردار - سائیس -
مُہَج - روح - جان -
مہچہ - چاند کی شکل کا پرچم -
مہجع - خوابگاہ -
مہجُو - ہجو کیا گیا -
مہجُور - جدائی کیا گیا - ہجر میں چھوڑا گیا -
مہد - گہوارہ -
مہدیٰ - ہدایت کیا گیا -
مہدی - ہدائت کرنے والا -
مہدیتہ - مہذب - دلہن - سنوارا گیا -
مَہر - کابین - وہ مقررہ رقم جو آدمی نکاح کے عوض عورت کو دیتا ہے - یا دینے کا وعدہ کرتا ہے -
مِہر - محبت - آفتاب -
مہرجاں - مہرگاں - وہ مہینہ جس میں سورج بُرج میزان میں ہوتا ہے

مُہرزدن
مُہرکردن } مُہر لگانا۔
مُہربستن
مُہرکن - مہرساز -
مہرگرم کردن - بڑی الفت و محبت کرنا
مہرگیا - سورج مکھی -
مُہرموم موم کا نقش -
مہ رُو - خوبصورت -
مُہرہ - گائے کا بچھڑا -
مُہرہ - زیرک - دانا - سنکھ - گھونگا - ناقوس -
مَہرہ - استاد لوگ - جمع ماہر -
مہرہ در ششدر شدن عاجز آنا -
مہرہ سفید - ناقوس سنکھ -
مہرہ نماز - خاک شفاسے بنائی ہوئی سجدہ گاہ -
مہر یاشہ - مہر -
مہزدل - کمزور - لاغر -
مہزوم - ہزیمت یافتہ شکست خوردہ -
مہضم - باریک میان -
مہضوم - ہضم کیا گیا -
مہح - بوجہ کثرت مصائب چہرہ کا رنگ بدلنا -
مہفک - کام کو بگاڑنے والا
مہل - آہستگی - زمانہ -
مُہل - گلایا ہوُا تانبہ -
مَہلک - ہلاک کرنے کی جگہ -
مُہلک - ہلاک کرنے والا -
مُہلّل - گلہ گو - تہلیل کرنے والا
مہم - مصیبت - اندوہ - دشوار کام
مُہَم - مصیبت میں ڈالنے والا
مہماامکن - جہانتک ممکن ہوسکے
مہمّات - جمع مہم - ضروری کام - دشوار کام -
مہمار - باتونی - سخت بیہودہ گو
مَہماز - لوہے کا کانٹا ، جو سوار گھوڑے کو چلانے کے لیئے ایڑی سے لگاتے ہیں - جہمیز -
مہمان - بزرگوار - مجازاً وہ شخص جو کسی دوسرے کے گھر جائے -

مہمان خانہ - ہوٹل -
مہمانسرا - مسافروں کے اترنے کی جگہ - لنگر - ہوٹل -
مہمر - بہت گویا - بکواسی - سخت بیہودہ گو -
مہمل - بے معنی لفظ - چھوڑا ہوا
مہملہ - وہ لفظ جس پر نقطہ نہ ہو
مہموز - وہ کلمہ جس کے الفاظ میں ہمزہ ہو - معیوب -
مہموسہ - نرم آواز سے ادا ہونے والے حروف تہجی -
مہموم - غمگین
مہمیز - لوہے کا کانٹا جو سوار گھوڑے کو چلانے کے لئے جوتوں سے لگاتے ہیں -
مہنّا - خوشگوار - ہاضم -
مہند - ہندوستان کی بنی ہوئی شمشیر - ہندی تلوار -
مہندس - علم ہندسہ جاننے والا -
مہندس - انجینئر -
مہوش - حسین - خوبصورت -
مہول - ہولناک - خوفزدہ
مہی - بہتری - سرداری - بزرگی - شرافت -
مہیب - خوفناک - ہیبت ناک
مہیل - خوف کی جگہ -
مہیمن - سچا گواہ - نگہبان - اللہ تعالیٰ
مہین - بہت بڑا - بزرگ ترین
مہین - حقیر - کمزور - سست
مے - شراب -
مے - مئی کا مہینہ -
میادین - جمع میدان -
میامین - جمع میمون - بابرکت
میانجی - ایلچی - سفیر -
میانداری - دلالی -
میان دادن - اجازت دینا -
میانہ روی - اعتدال - بیچ کی راہ پر چلنا -
میانہ افتادن - بیچ میں پڑنا -
میاہ - جمع ماء - پانی -
میتونہ - می تو الد کا مخفف -
میتہ - جانور کی لاش -

میثاق - وعدہ - عہد و اقرار -
استواری -
میخ - کیل -
میخ دوز - اپاہج -
میخک - پھول - چھوٹی کیل -
میخک - لونگ -
میخکی - لونگ کے رنگ کا -
مے خوش - کھٹ مٹھا - میٹھا
قدرے ترش -
میدنہ - اذان کہنے کی جگہ -
میدہ - مخفف مائدہ - کھانے کا
دسترخوان - باریک اور سفید آٹا
میر - مخفف امیر -
میر آب - باغبان - داروغہ
کشتی بان -
میر آتش - داروغہ توپ خانہ
میراث - ورثہ - ترکہ - مردہ کا
مال جو وارثوں کو ملے -
میر آخور - داروغہ اصطبل -
میر آلائی - کرنیل -
میر بحر - داروغہ تقسیم تنخواہ

میر بخشی - داروغہ تقسیم تنخواہ
میرۃ - تجارت کے لئے غلہ
جا بجا لے جانا -
میر حاج - حاجیوں کا سردار
میرداد - چیف جج -
میرزا - امیرزادہ -
میر شبگیر - شہر کا کوتوال -
میر شکار - شکاری جانوروں
کی حفاظت کرنے والوں کا افسر -
میر غضب - جلاد -
میری - مے ردی -
میزاب - پرنالہ -
میزان - ترازو -
میزان - بندوق کی پچھلی نظر -
میزان الحرارت - تھرمامیٹر -
میزان باراں - بارش ناپنے کا آلہ
میزان ہوا - بیرومیٹر -
میزبان - صاحب خانہ جس
کے کوئی مہمان آیا ہوا -
میزر - پاجامہ - تہ بند -
میزک - تمسخر -

میزہ - کاٹھی پر بیٹھنے کی جگہ
میساق - پرندوں کا اترتے وقت ایکدوسرے کو پکارنا
میسان - خواب آلود -
مَیسَرہ - دست چپ - بوقت جنگ فوج کے بائیں ہاتھ رہ کر لڑنے والا دستہ - تونگری - آسودگی
میش - بھیڑ -
میش مُرغ - شتر مُرغ کی قسم کا ایک جانور -
میعاد - وعدہ کا وقت یا جگہ - مقررہ زمانہ -
میعاد گاہ - جمع ہونیکا مقام
میغ - بادل - ابر - گھٹا -
میق - روتا ہوُا - موباں وگریاں
میقات - وعدہ کی جگہ - کام کا وقت - وہ پانچ مقام جہاں حج کا احرام باندھتے ہیں
میکال یا میکائیل - ایک مقرب الٰہی فرشتہ کا نام جس کے ذمہ رزق رسانی ہے -

مے کدہ - شراب خانہ -
مے گوں - شراب کے رنگ کا - سُرخی مائل -
میگو - جھینگا مچھلی -
میل - سلائی - فرسنگ کی علامت - چار ہزار قدم کی مسافت -
مَیل - خواہش - توجہ -
میل - گرجا کا مینار -
میل بازی کردن - مگدر ہلانا
میل چراغ - لالٹین کا کھمبا -
میل زور خانہ - مگدر - مونگری -
میل کشیدن - اندھا کرنا -
میل کبریت - دیا سلائی -
میلاد - ولادت کا وقت - وقت پیدائش -
میلان - خواہش - مائل ہونا -
میلک - ایک قسم کا کپڑا جو شہر نوشاد میں تیار ہوتا ہے -
میل ورزش - مگدر -
میم کاتب } اندھا -

میم مطوق - الف کوفی - ذکر آلت -
میمنت - برکت -
میمند - غزنی کے قریب ایک قصبہ
میمنہ - وہ فوج جو جنگ کے وقت داہنی طرف ہو - فوج کا دایاں حصہ
میمون - مبارک - بابرکت -
میمون - بندر -
میمونہ - کشتی کے ایک پیچ کا نام -
مینا - شراب کا شیشہ - صراحی -
مینار - چاندی سونے پر نقش ونگار کا کام کرنیوالا - بلند گول عمارت
مینو - بہشت - آسمان - عرش - زمرد - آبگینہ -

# باب النون

نا - حرف نفی -
نا اُخت - مناسب -
ناب - خالص - پاک -
نا بایستہ - نازیبا
نابدان - بدررو - نالی - نہر -
نا برادر - سوتیلا بھائی -
نا نبض - نبض کا حرکت کرنا - غصہ - افسوس -
نا بکار - نالائق - جو کام کا نہ ہو -
نا بُود - نیست شدہ - جو مٹ جائے
نا بہرہ - بے نصیب - کمینہ -
نا بینا - اندھا -
ناپائدار - غیر مضبوط - جو پائدار نہ ہو - فنا ہونے والا -
ناپدر - سوتیلا باپ -
ناپدید - جو ظاہر نہ ہو - جو دکھائی نہ دے -
ناپسر - سوتیلا بیٹا -
ناپول - نیپلز -
ناتراش - کم ظرف - کمینہ - جاہل
ناتراشیدہ - غیر مقشر - جو چھیلا ہوا نہ ہو - بے ادب - کمینہ -
ناتواں - کمزور -
ناتی - بلند -
ناثر - نثر بولنے یا لکھنے والا -

ناجد - بے وقوف - کم عقل -
ناجود - بڑا پیالہ -
ناجی - آزاد - نجات پایا ہوا -
ناجیہ - تیز رفتار اونٹنی -
ناچاق - رنجیدہ - دُبلا - کمزور -
ناچاقی - رنجیدگی -
ناچخ - چھوٹا نیزہ -
ناحِس - قحط سالی -
ناحی - کنارہ - زاویہ - کونا -
ناحیہ - کنارہ - ملک کا حصہ - ضلع یا تحصیل -
ناخ - ناف -
ناخدا - ملاّح -
ناخِس - سوئی کی طرح چبھنے والا -
ناخضرہ - ملاّح -
ناخلف - نالائق بیٹا جو باپ سے سرکش ہو -
ناخنہ - آنکھ کی بیماری -
ناخواست - بے مانگے - بے اختیار - بے تلاش -
ناخوش - بیمار -
ناخوشی - بیماری - آتشک
ناخون - ناخن
ناخون زدن - دو آدمیوں کا لڑوانا -
نادار - مفلس - بے سروسامان -
ناداری - مفلسی -
ناداشت - محتاج - مفلس -
نادانستہ - نہ جانتے ہوئے - بھول کر
نادر - تحفہ - کمتر - نایاب -
نادرہ - عجیب - تحفہ -
نادم - شرمندہ -
نادی - پکارنے والا - منادی کرنے والا - مصیبت -
نادیات - ابتدا - شروع - ہر شے کا آغاز -
نادیدہ - جو دیکھا ہوا نہ ہو -
نار - مشہور میوہ انار -
نار - آگ - آتش -
نار افشاندن - رونا -
ناربُن - انار کا درخت -

نارجیل - ناریل گری کا درخت
نار وان - ترش انار کا دانہ
نار وانک - انار کا پانی -
نارس - نارسیدہ - کچا - خام پھل
نارسائی - پہنچ نہ ہونا -
نارکند - انار کا باغ -
نارنج - نارنگی -
نارنجک - توپ یا بم کا گولا -
نارنجک باراندن - گولے برسانا
نارو - رشتہ کی بیماری -
نار وا - ناجائز - ناواجب -
نارون - ایک قسم کا انار کا درخت
ناری - آتشی - جن - پری -
ناریہ - آتش بازی -
ناز - سرو - صنوبر کا درخت - لاڈ پیار -
نازا - بانجھ عورت -
نازبالش - نرم تکیہ -
نازدانہ - ناز پروردہ -
نازک خیالاں - گہری فکر والے عارف لوگ -

نازل - اترنے والا -
نازل منزلہ - قائم مقام -
نازلہ - مصیبت - دکھ - حادثہ
نازندہ - ناز کرنے والا -
نازو ناز - لاڈلا -
ناژو - چنار کا درخت -
ناس - آدمی - انس کی جمع -
ناساز - ناموافق -
ناسپاس - ناشکرا - نمک حرام
ناسج - کپڑے بننے والا -
ناسخ - لکھنے والا - نیست و نابود کرنے والا -
ناسرہ - جو خالص نہ ہو - کھوٹا -
ناسزا - نازیبا -
ناسع - اونچا -
ناسفتہ - جو پرویا ہوا نہ ہو -
ناسق - نسق کرنے والا - بندو بست کرنے والا - منتظم -
ناسک - قربانی کرنیوالا - عارف - عابد
ناسم - قریب المرگ -
ناسوت - جسموں کا عالم - دنیا

ناسور } ہمیشہ بہنے والا زخم۔
ناصور }
ناسی۔ بھولنے والا۔
ناشاد۔ رنجیدہ۔
ناشائستہ۔ ناتربیت یافتہ۔
نامناسب۔
ناشتہ۔ صبح کا کھانا۔ فاقہ
میں رہنا۔
ناشُدنی۔ انہونی بات۔
ناشر۔ نشر کرنے والا۔ پھیلانے
والا۔ خوشبودار۔
ناشرات۔ سخت آندھیاں۔
ناشز۔ بالانشیں۔
ناشط۔ مجست۔ شاداں خنداں
ناشطات۔ خوشی کرنے والی جماعتیں
سیارے۔
ناشکیبائی۔ بے حوصلگی بے صبری
ناشی۔ نوجوان۔
ناشی۔ ناواقف۔
ناشینہ۔ نشوونما پانا۔ بڑھنا
آغاز۔

ناصب۔ نصب کرنے والا۔
ناصح۔ نصیحت کرنے والا۔
ناصر۔ معین و مددگار۔
ناصع۔ خالص۔
ناصف۔ تنصیف کرنیوالا نصف
نصف کرنے والا
ناصواب۔ غلط۔ ناٹھیک
ناصیہ۔ پیشانی۔
ناضیج۔ پکا ہوا گوشت۔
ناضح۔ وہ اُونٹ جس پر کھال
کی پکھال ڈالی جائے۔
ناضر۔ تروتازہ۔
ناطح۔ چوپایہ جو سینگ مارتا ہو۔
ناطر۔ انگوروں کا باغ۔
ناطق۔ بولنے والا۔ زیرک۔
ناظر۔ کلرکوں کا سردار۔ دیکھنے
والا۔ داروغہ جاسوس۔
ناظر۔ خانساماں۔
ناظر تعلیمات۔ انسپکٹر آف سکولز۔
ناظر تعلیمات ملوکیہ۔ ڈسٹرکٹ
انسپکٹر آف سکولز۔

ناظر رسومات ۔ مہتمم ٹیکس ۔
ناظم ۔ شعر کہنے والا ۔ پرونے والا منتظم ۔
ناظور ۔ نگہبان ۔ نظر کیا گیا ۔
ناظورہ ۔ معشوقہ ۔
ناعس ۔ اونگھنے والا ۔
ناعم ۔ نازک ۔ نعمتوں میں پلا ہوُا ۔
ناعمہ ۔ نازک بدن عورت ۔
ناغافل ۔ اچانک ۔ دفعتہً ۔
ناغول ۔ سیڑھی ۔
ناف پیچ ۔ پیچش کا درد ۔
ناف زمین ۔ مکہ معظمہ ۔
ناف شب ۔ آدھی رات ۔
نافحہ ۔ خوشبودار ۔
نافخ ۔ پھونکنے والا ۔
نافذ ۔ جاری ہونیوالا ۔
نافر ۔ نفرت کرنے والا ۔ گریز کرنے والا ۔
نافرانجام ۔ بدانجام ۔
نافع ۔ نفع دینے والا ۔

نافلہ ۔ نفلوں کی عبادت، وہ عبادت جو فرض نہ ہو ۔ بلکہ محض ثواب کیلئے ہو ۔
نافہ ۔ کستوری ۔ مُشک ۔
نافی ۔ نفی کرنیوالا ۔ نابود کرنیوالا
ناقد ۔ پرکھنے والا ۔ سونا چاندی پرکھنے والا ۔ صراف ۔
ناقر ۔ چونچ مارنے والا
ناقع زہر قاتل ۔
ناقل ۔ نقل کرنے والا ۔ روائت کرنیوالا ۔ بیان کرنے والا ۔
ناقلا ۔ شریر لڑکا ۔ بے ایمان نوکر
ناقور ۔ ناقوس ۔ سنکھ ۔
ناقوس ۔ سنکھ ۔
ناقہ ۔ اُونٹنی ۔
ناقہ ۔ کمزور ۔ جو تندرست ہوجانے کے بعد ابھی کمزور ہو ۔
ناک ۔ مالک ۔ صاحب ۔ جیسے الم ناک ۔
ناکام ۔ بے مراد ۔
ناکب ۔ اوندھا گرانے والا ۔

ناکتخدا۔ ناکدخدا۔ اَن شادی شدہ۔ کنوارا۔ بن بیاہا۔
ناکح ۔ نکاح کرنے والا مرد یا عورت۔
ناکَس ۔ کمینہ ۔
ناکِس ۔ سرنگوں ۔ اُوندھا۔
ناگاہ ۔ ناگاہ ۔ اچانک ۔ یکایک
ناگہاں۔ دفعتہً ۔ اچانک۔
ناگزیر۔ ناگزاری ۔ لاعلاج۔ ناچار۔ لازمی ۔
ناگوار۔ بدذائقہ ۔ نہ ہضم ہونے والا ۔ ناخوش۔
نال ۔ گنّا۔ بانسری ۔ نَے۔
نالاں ۔ روتا ہُوا۔
نالبکی } پرچ ۔ طشتری ۔
نعلبکی }
نالش ۔ انصاف چاہنا ۔ فریاد کرنا ۔
نالہ ۔ چھوٹی ندی ۔ بآواز بلند فریاد ۔
نالیدن ۔ رونا ۔ شور کرنا ۔

نامبارک ۔ منحوس ۔
نام بردار ۔ نامور ۔
نام بردہ ۔ ذکر کیا گیا ۔
نامتناہی ۔ لاانتہا ۔
نامجو ۔ شہرت ڈھونڈنے والا ۔ ناموری کا خواہاں ۔
نامحدود ۔ بے انتہا ۔
نام خدا ۔ خدا کی قسم ۔ خدا کے فضل سے ۔
نامدار ۔ مشہور ۔ نامور ۔
نامربوط ۔ لغو ۔ بیہودہ ۔
نامردم ۔ ناکس ۔
نامردی ۔ ہیجڑا ہونا ۔ کم ہمتی ۔
نامزد ۔ مشہور ۔ منگیتر ۔
نامساعد ۔ ناموافق ۔
ناملائم ۔ دُرشت ۔
ناملہ ۔ بہت چلتا ہُوا راستہ ۔
نامور ۔ مشہور و معروف آدمی ۔
ناموری ۔ شہرت ۔
ناموُس ۔ عصمت ۔ شریعت ۔ شرم وحیا ۔ نیک نامی ۔ احکام الٰہی ۔ جبریل ۔ قاعدہ ۔

ناموس اکبر - حضرت جبریل علیہ السلام کا لقب - شریعت -
ناموسہ - شیر کی خوابگاہ -
نامہ - خط - کارڈ - لفافہ -
نامہ سفید - پرہیزگار آدمی -
نامی - نامور - بڑھنے والا -
نامیدن - نام رکھنا -
نامیہ - نشوونما بڑھانیکی قوت -
نان با - نانوا - روٹی بنانے والا -
نان برشتہ - توش -
نان بیات - باسی روٹی -
نان خورش - سالن -
نان پختن - روٹی پکانا -
نان ریاجا - لنگر یا خانقاہ کی روٹی -
نان زریں - سورج - آفتاب -
نان ساجی - } روٹی جو پتھر پر
نان سنگک } پکائی جائے -
نان فرنگی - بسکٹ -
نان وقف - خدا کے نام کی روٹی
نان سیمیں - چاند -

نان گور - حریص - کمینہ -
نان خوار - اہل وعیال -
نانس - سفیر -
ناؤ - کشتی -
ناؤدان - پرنالہ - بدررو -
ناورد - جنگ - لڑائی -
ناوک - چھوٹا تیر -
ناولوش - بانسری سننا - عیش وعشرت کرنا - شراب پینا -
ناوہ - پرنالہ -
ناہار - جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو -
ناہج - مسافر - کشادہ راہ پیدا کرنے والا -
ناہد - وہ لڑکی جس کی کچھ مدت سے چھاتیاں اٹھتی ہوں -
ناہض - پر کھول کر اڑنے کی تیاری کرنے والا پرند -
ناہضۃ الرجل - آدمی کے عزیز واقارب -
ناہق - نر گدھا -

ناہل - چشمہ سے پانی پینے والا
پیاسا -
ناہمتا - بے مثل - خداوندکریم -
ناہموار - نشیب و فراز - مجازاً
بے ادب -
ناہنجار - بداصل -
ناہی - مانع - روکنے والا -
ناہید - رقاصۂ فلک - ستارۂ زہرہ
نائے - بانسری - کوچہ - حلق -
نائی - نے بجانے والا -
نایاب - نادر - معدوم -
نائب - ماتحت - قائم مقام -
نائب آجودان - ایڈی کانگ
نائب چاپار - ڈاک کے گھوڑوں
کا مالک -
نائبہ - حادثہ -
نائے ترکی - قرنا - بوق -
نائچہ - حقہ کا نیچہ -
نائچہ - گریہ وزاری مصیبت
نائرہ - شعلہ -
نائزہ - لوٹے کی ٹوٹی -

نائک - جماع کرنے والا -
نائیل - پہنچنے یا پانیوالا -
نائم - سونے والا - سوتا ہوا -
نائیدن - شیخی مارنا -
نبا - خبر -
نبات - مصری - ترکاری - سبزہ
نباتی - گھاس پھوس کی قسم کی چیز
نباح - کتے کا رونا -
نباش - کفن چور -
نباض - نبض پہچاننے والا حکیم -
طبیب -
نبالت - اوستادی - بزرگواری
نبائر - پوتے - جمع نبیرہ -
نبائل - بڑے کام - بزرگ لوگ
نبت - روئیدگی -
نبذ - تھوڑا حصہ - ٹکڑا -
نبر - بلند کرنا - اٹھانا -
نبراس - چراغ - شمع -
نبرد - لڑائی -
نبردگاہ - میدان جنگ -
نبردہ - جنگجو - بہادر -

تبز - عیب لگانا - اشارہ کرنا -
نبس - جمع نواسہ - لڑکی کے بیٹے
نبسہ - پوتے - نواسے -
نبش - مردہ کا کفن چرانا -
نبشتن - لکھنا -
نبض - رگ کی حرکت - کمان کی آواز - بجلی کی چمک -
نبضان - نبض کا حرکت کرنا
نبط - کنویں سے پانی نکالنا -
نبع - پانی کا چشمہ وغیرہ سے باہر نکلنا -
نبق - ایک مشہور پھل بیر - لکھنا
نبل - بزرگ یا خرد -
نبل - تیر -
نبکہ - استنجا کرنے کا ڈھیلا -
نبوّت - پیغمبری -
[illegible]ع - پانی کا [illegible]ین سے پھوٹنا فوارے کی طرح چشمہ سے پانی نکلنا -
نبہ - تنبیہ کرنا - آگاہ کرنا -
نبی - پیغمبر - ہدائت کرنیوالا -

نبیذ - جو کی شراب -
نبیرہ - پسرزادہ - پوتا -
نبیلہ - دُخترزادہ - نواسہ -
نبیلی یا نبیلہ - بزرگ - زیرک - خوبصورت -
نبیہ - خبردار - آگاہ -
نتاج - بچہ جننا -
نتائج - جمع نتیجہ - مطالب - اولاد
نتش - بال اکھاڑنا - کانٹے کا موچنے سے نکالنا -
نتف - بال اکھیڑنا -
نتن - بدبو -
نتو - ابھار - ارتفاع -
نتیکی - دھوکہ - فریب -
نث - نمائش کرنا - پھیلانا - مشہور کرنا -
نثا - خبر - اطلاع -
نثار - صدقہ - قربانی -
نثار - تصدق کرنا - نچھاور کرنا - بکھیرنا -
نثر - جو نظم نہ ہو - بکھیرنا -

نشرہ - چوپایہ کا چھینکنا - برج اسد کے دو ستاروں کا نام
نجابت - اصیل ہونا - شرافت -
نجات - رہائی - چھٹکارا - مخلصی
نجاح - حاجت روائی - فتح مندی - مخلصی -
نجاحتہ - صبر و شکیب -
نجاد - تلوار کا پرتلہ -
نجّار - بڑھئی -
نجار - جڑ - ذات -
نجارت - تیشہ - بڑھئی کا ایک اوزار
نجارہ - لکڑی کا چھیلن -
نجاست - پلیدی -
نجائب } جمع نجیب - اصیل -
نجباء } بزرگ - برگزیدہ
نجح - حاجت روائی - کامیابی -
نجد - بلند زمین - ملک عرب کے ایک علاقہ کا نام -
نجدت - شجاعت - بہادری -
نجس - پلید ہونا -
نجس - پلید -

نجف - ایک شہر کا نام جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار مبارک ہے -
نجل - اولاد - نسل -
نجم - ستارہ - بیل مثلاً خربوزہ وغیرہ کی -
نجوی - کانا پھوسی - سرگوشی -
نجوم - جمع نجم - ستارے -
نجیف - بزرگ اور اصیل لوگ - عمدہ اونٹ -
نجید - بہادر -
نجیف - چوڑے سر کا تیر -
نچالنگ - ڈپٹی کمشنر کے برابر عہدہ
نحاریر - جمع نحریر - دانا - بزرگ -
نحاس - اصل - ذات - سرشت -
نحاس - تانبا -
نحافت - کمزوری - لاغری -
نحب - موت - شرط لگانا - ضرورت
نحت - چھیل کر صاف کرنا -
نحر - سینہ پر زخم مارنا - اونٹ کی قربانی کرنا -

نحر النہار - اول روز -
نحر الشہر - اول ماہ -
نحریر - دانا - زیرک عقلمند -
نحس - نامبارک -
نحل - شہد کی مکھی - باطل مذاہب -
نحلی / نحلہ } عطیہ - بخشش -
نحل - عورت کا مہر -
نحلت - عورت کا مہر ادا کرنا -
نحن - ہم لوگ -
نحو - جملوں کا علم - راستہ - ارادہ
نحوست - نامبارکی -
نحول - کمزوری - لاغری -
نحیب - آہ وزاری -
نحیف - کمزور - ناتواں - دُبلا -
نخ - ریشم کا تاگہ - فوج کی ایک صف -
نخّاس - بردہ فروشی کا بازار -
نخاعہ - بلغم جو حلق سے نکلے -
نخالہ - بھوسی - آٹے کا بھوسہ -

نخب - چُننا - انتخاب کرنا - خارج کرنا -
نخ پیچ - ریل -
نخچیر - شکارگاہ - شکار -
نخچیری - شکاری -
نخست / نخستیں / نخستین } پہلا - اول -
نخشب - ترکستان کا ایک شہر ہے - جہاں حکیم عطا نے ایک کنوئیں سے عکسی چاند نکالا تھا
نخع - آب بینی - سنک - ناک کے راستے بہنے والا مادہ -
نخل - درخت - کھجور کا درخت -
نخلبند - باغبان -
نخل تابوت / نخل ماتم } وہ آرائش جو مُردوں کے تابوت پر کیا کرتے تھے -
نخل طور - طور پہاڑ کے قریب ایک درخت جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی حاصل ہوئی تھی -

**نخل مریم** - وہ خرما کا خشک درخت جس کے نیچے حضرت عیسٰے علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تھی - اور اُن کی برکت سے وہ ہرا بھرا ہو گیا تھا -

**نخلہ** - درخت خرما -

**نخوت** - غرور -

**نخود** - ایک غلہ - چنا -

**نخود بریز** - بھڑبھونجا -

**نخود فرنگی** - مٹر -

**نخیر** - ناک کی آواز -

**نخیل** - خرمے کے درخت -

**ند** - افراط - ترقی - مثل -

**ندا** - پکارنا -

**ندیٰ** - بخشش - آزادی -

**ندّاف** - رُوئی دُھنکنے والا -

**ندامت** - شرمندگی -

**ندَب** - جوا - شرط -

**ندب** / **ندبت** } رونا - مردہ پر لکاڈ بین کرنا -

**ندبہ** - نوحہ -

**نُدرت** - نادر ہونا - کم یابی - نخفگی -

**نُدف** - روئی دُھنکنا -

**ندم** - شرمندہ ہونا -

**ندمان** - پشیمان - شرمندہ

**ندمائے** / **ندائم** } جمع ندیم - وزراء - مصاحب لوگ -

**ندیر** - اکیلا -

**ندیم** - ہم نشین - مصاحب -

**نذارت** - ڈر - خوف -

**نذر** - اپنے پر کوئی چیز واجب کر لینا - عہد و پیمان کرنا -

**نُذر** - خوف -

**نذیر** - ڈرانے والا مخصوص پیغمبروں کے واسطے -

**نرد** - چوسر کی گوٹ -

**نردبان** - سیڑھی -

**نرکو گردن** - سسکیاں بھرنا

**نرگاؤ** - بیل -

**نرگس** - ایک زرد رنگ کی آنکھ کی شکل کا پھول مجازاً آنکھ

نرگسی - ایک قسم کا پلاؤ - آنکھ سے اشارہ کرنا - طعنہ دینا - زرد رنگ کی چیز -
نرمادہ - عورت مرد - کواڑ وغیرہ کا پیچ -
نرمایہ - مخنث - ہیجڑا -
نرمہ گوش - کان کی لو -
نرمیش - مینڈھا -
نرہ دیو - دیو نرھیب شکل -
نری - بکری کا چمڑا -
نرمان - گھوڑا جو آختہ نہ ہو -
نریمان - رُستم کے دادا سام کا باپ - یعنی رستم کا پردادا -
نزار - کمزور - لاغر -
نزاع - جھگڑا - آرزومند ہونا
نزاع داخلیہ - خانہ جنگی -
نزاکت - نازک پن -
نزاہت - بدی سے دور ہونا - پاک ہونا -

نزح - کنواں کا کُل پانی نکل جانا -
نزد - قریب -
نزع - جان کندن کا وقت -
نزف - کنویں کا تمام پانی کھینچ لینا -
نزق - قریب جگہ -
نزل - مہمانی - رسد - وہ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھیں -
نَزلہ - آب منی مَرد - پانی کا اترنا - ایک دوامی بیماری -
نزدان - فتنہ انگیزی -
نزور - کم لڑکوں والی عورت
نزول - اترنا -
نزولی - لشکر کا پڑاؤ -
نزوہت - پاکیزگی - خوشحالی
نزیدن - باہر نکالنا -
نزیع - مفلس - وہ آدمی جسکی ماں لونڈی ہو -

**نزیف** - پیاس سے خشک زبان - زیادہ خون نکلا ہُوا بے ہوش - تپ زدہ -

**نزیل** - مسافر جو کسی سرائے میں فرودکش ہو -

**نژاد** - خاندان - اصل - نسب -

**نژادہ** - نجیب - شریف -

**نژغارہ** - فریاد - نعرہ -

**نژم** - کہر - دھند -

**نژند** - اوندھا - نگوں سر - غمگین

**نژیدن** - کھینچنا -

**نس** - سایہ -

**نِساء** - عورتیں -

**نساج** - بافندہ - جولاہا -

**نسائم** - جمع نسیم - خوشبودار اور ٹھنڈی ہوائیں -

**نسب** - خاندان -

**نسبت** - علاقہ - لگاؤ -

**نستر** / **نسترہ** } گل نسرین - سیوتی -

**نستعلیق** - عمدہ خوشخط - ایک خط جو نسخ اور تعلیق سے بنا ہے

**نستوہ** - غیر مطیع -

**نسیج** - کپڑا بُننا -

**نسخ** - لکھنا - منسوخ کرنا - ایک عربی خط کا نام -

**نُسخ** - جمع نسخہ - کتابیں تصانیف

**نسر** - گدھ - کرگس -

**نسر طائر** / **نسر واقع** } یہ دو ستارے ہیں جن کی شکل اڑتے ہوئے عقاب یا گدھ سے ملتی جلتی ہے - نسر طائر قطب شمالی کی طرف اور نسر واقع قطب جنوبی کی طرف ہے

**نسرین** - نسر طائر اور نسر واقع دونوں ستاروں کا نام ہے۔ ایک خوشنما پھول -

**نسغ** - دودھ میں پانی ملانا - شہروں میں پھرنا -

**نسف** - کسی عمارت کو منہدم کرنا - کھلیان کو ہوا میں اڑانا -

**نِسفان** - لبریز برتن -

**نسق** - ترتیب دینا - استوار

نسقچی - جلاّد - شہر اور لشکر کے لوگوں کا منتظم -
نُسُک - ایک مشہور غلہ مسور
نُسُک - قربانی - عبادت -
نُسُک - قربانیاں -
نسل - اولاد -
نسُم - دم - ہوا کا لطیف اور خوشبودار ہونا -
نسم - آدمی - انسان -
نسمت - روح - جان -
نسمات - خوشبوئیں -
نسناس - بن مانس - ایک بندر کی طرح کا جانور جو بالکل انسان کی شکل سے ملتا جلتا ہے -
نسوان } عورتیں -
نسوہ }
نسوۃ - اپنے کام کو چھوڑ دینا -
نسود - نازک - نرم -
نسی - وہ شخص جسکو قوم میں شمار نہ کریں - نسیان کی بیماری والا

نسیان - بھولنا - فراموش کر دینا
نسیًا و منسیًا - بالکل بھول جانا -
نسیب - عالی نسب آدمی -
نسیج - بُنا ہُوا کپڑا - زرباف -
نسیق - منظم - آراستہ کیا گیا -
نسیم - خوشبودار اور ٹھنڈی ہوا -
نسیہ - قرض - ادھار -
نش - سایہ کی جگہ -
نش - برابر -
نشا - پیدا کرنا یا ہونا - مجازاً دُنیا -
نشاب - تیر بنانے والا -
نشأت - زمین سے سیدھا اُگنا شروع کرنا - نیا پیدا ہونا -
نشاتین - دنیا اور آخرت -
نشاستہ زدن - کلف دینا -
نشاط - شادی - خوشی -
نشاف - جذب کرنے والا -
نشان - فوج کا جھنڈا - فرمان شاہی - اثر -

**نشان** - تمغہ -

**نشان ژار تز** - حکومت انگلستان کا تمغہ -

**نشان تمثال** - بادشاہ کی تصویر کا تمغہ -

**نشاندن** - بٹھانا -

**نشانیدن** - بٹھلانا -

**نشب** - مال و دولت - جائداد ملکیت -

**نشتر نیشتر** - فصد کھولنے کا اوزار

**نشتر بخوبی شدن** - فصد کامیاب ہونا -

**نشخوار** / **نشوار** } چوپائے کا جگالی کرنا -

**نشدت** - گم شدہ چیز تلاش کرنا جستجو -

**نشر** - پھیلانا - پراگندہ کرنا

**نشر** - خوشبو -

**نشر نشرہ** - پھیلانا - خشک گھاس کا دوبارہ ہرا بھرا ہونا - لکڑی چیرنا - زندگی

**نشرہ** - مدرسہ کے طالبعلموں کے لکھنے کی تختی یا کاغذ -

**نشرہ** - تعویز - گنڈا -

**نشستن** - بیٹھنا -

**نشط** - سانپ یا دیگر زہریلے جانوروں کا کاٹنا - پانی کھینچنا - باہر آنا -

**نشف** - کھینچنا - کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا -

**نشف کردن** - کاغذ پر سیاہی کا پھیل جانا -

**نشکاں گرفتن** - چٹکی لینا -

**نشکنج گرفتن** - چٹکی لینا -

**نشکردہ** - چمڑا کاٹنے کا اوزار رانپی

**نشو** - بڑھنا - اُگنا -

**نشوان** - نشہ میں مست -

**نشوہ** - مستی ظاہر ہونا -

**نشور** - قیامت کے دن دوبارہ زندہ ہونا -

**نشوز** - عورت کی شوہر سے ناموافقت -

**نشوط** - روئیدگی کا نکلنے سے پہلے زمین کو پھاڑنا -
**نشوق** - ناک میں ٹپکانے کی سیال دوائی -
**نشو و نما** - بڑھنا - پرورش پانا
**نشیب** - پستی -
**نشید** - وہ شعر جو کسی شعر کے جواب میں پڑھا جائے - بلندی آواز
**نشیط** - خوش و خرم -
**نشیم** - نشیمن - گھونسلا - آشیانہ آرام کی جگہ -
**نص** - ظاہر - بلند کرنا - قرآن مجید کی آیت -
**نصاب** - سرمایہ - اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو - کورس
**نصاریٰ** - عیسائی -
**نصال** - نیزوں کی پیکان -
**نصاح** - جمع ناصح - نصیحت کرنے والے لوگ -
**نصاح** - رشتہ - دھاگہ -
**نصائح** - جمع نصیحت -
**نَصب** - برپا رکھنا - گاڑنا -
**نُصب** - خداوند کریم کے سوا باقی جو چیزیں معبود بنائی جائیں -
**نصب کن** - نامزد کرنے والا -
**نصح** - صلح دینا - کپڑا سینا - جمع ناصح - نصیحت کرنیوالے لوگ
**نُصح** - نصیحت کرنا -
**نصر** - مدد -
**نصرانی** - عیسائی -
**نصرت** - مدد کرنا -
**نصفت** - انصاف -
**نصل** - نیزہ یا تیر کی بھال - پیکان
**نصُوح** - خالص - استوار - ایک پکی توبہ کرنیوالے شخص کا نام -
**نصیح** - نصیحت کرنے والا -
**نصیر** - معین - مددگار -
**نصیری** - ایک فرشتہ کا نام - جاں نثار -
**نضار** - خالص سونا -
**نضج** - پختہ ہونا - میوہ کا پک جانا -
**نضح** - پانی چھڑکنا - تیر پھینکنا -

نغضد - اسباب کو ترتیب دینا -
نضر - ترو تازگی - بشاشت -
نضرت - تازگی -
نضو - پانی کا جذب ہو جانا - خضاب کا اُڑ جانا -
نضو - کپڑے اُتار کر برہنہ کرنا -
نضیر - آبدار سونا -
نطاۃ - خیبر کے ایک قلعہ کا نام -
نطاق - کمر بند -
نطح - سینگ مارنا -
نطع - چمڑے کا فرش - فقیروں کے پہننے کی کھال -
نطعی - چمڑے کا جانگھیا -
نطف - پُشت کا زخم - بُرائی - بربادی -
نطف - جمع نطفہ - قطرۂ منی -
نطفہ - مرد کی منی -
نطق - بولنا -
نطق - کمر بند -
نطق - سپاسنامہ - ایڈریس -
نطق دادن - ایڈریس دینا -

نطق کن - لیکچرار -
نطل - شراب کا پس ماندہ حصہ -
نطلاہ - رنج و الم - مصیبت -
نطنط - دُور کا سفر کرنا -
نطو - خاموشی - بعد - دُوری -
نطول - پانی کا ترڑا دینا -
نطیح - منحوس آدمی -
نُظّار - دیکھنے والے - تماشائی
نظار - خالص - بے لوث - سونا -
نظارت - نظر کرنا - دیکھنا -
نظّارگی - دیکھنے والا -
نظارہ مقربہ - دوربین -
نظارہ مکبرہ - خوردبین -
نظافت - پاکیزگی -
نظام - موتیوں کی تسبیح کا دھاگہ - انتظام - سلسلہ -
نظّام - انتظام کرنیوالے - جمع ناظم - شاعر لوگ -
نظام دادن - فوجی سلام کرنا -
نظام نامہ - فوجی ضوابط -
نظامیہ - مدرسہ نظامیہ بغداد - ایک مقام کا نام -

**نظامی** - فوجی -
**نظایر** - مثالیں - جمع نظیر -
**نظر باز** - دیکھنے کا لطف اٹھانیوالا - نگران -
**نظر باز** - جھروکہ -
**نظر تنگ** - کنجوس -
**نظر غلط انداز** - معشوق کی نگاہ جو عاشق کو دھوکہ میں ڈال دے
**نظری** - علمی - بینا -
**نظم** - موتیوں کو دھاگہ میں پرونا - اشعار
**نظم و نسق** - بندوبست - انتظام
**نظور کردن** - خبرگیری کرنا -
**نظیر** - مثل -
**نظیف** - جائز - پاک - خالص حلال -
**نعاب** - کوے کا بچہ -
**نعاج** - بھیڑیں -
**نعاس** - اونگھنا -
**نعال** - جمع نعل -
**نعّال** - نعلبند -
**نعامہ** - شتر مرغ -
**نعامی** - جنوب کی ہوا -
**نعایم** - جمع نعامہ - شتر مرغ -
**نعت** - تعریف حضرت محمدؐ کی صفت و ثناء -
**نعج** - خالص سفیدی -
**نعجہ** - بھیڑ -
**نعری** - فریاد و زاری کرنیوالی عورت -
**نعس** - سستی - نرمی -
**نعش** - میت - مردہ -
**نعق** - کوے کی آواز -
**نعل** - مگدر کی مانند وزن دار لکڑی جس کو پہلوان ہلاتے ہیں - جوتا - ایڑی کو بلند رکھنے کی چیز -
**نعل بند** - نعل باندھنے والا -
**نعل بہا** - خراج - آمدنی کا کچھ حصہ جو راجے اور بادشاہ بڑے شاہنشاہ کو بھیجتے ہیں -
**نعل در آتش نہادن** - کسی کو اپنی محبت و عشق میں بیقرار بنانا -

نعلین - دونوں پاؤں کے جوتے
نعلین چوبی - کھڑاؤں -
نِعَم - جمع نعمت -
نَعَم - چوپایہ - ہاں -
نِعْمَ - اچھا - بہتر -
نِعِمّا - نعمت -
نعمان - حضرت امام ابوحنیفہ کا نام - نعمان بن منذر عرب کے بادشاہ کا نام -
نعمان - ایک نہر کا نام -
نعم البدل - اچھا بدلہ - نیک جزا -
نعمتہ - خوشحال اور فراخ زندگی -
نعمتہ - وہ چیز جس کی زیارت سے فرحت حاصل ہو -
نُعمیٰ - آسائش پسندی - تن آسانی
نعناع - نعنع - پودینہ -
نعوت - جمع نعت -
نعوذ - پناہ مانگنا -
نعوذ باللہ - ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں

نعور - گرما میں سرد اور سرما میں گرم ہوا اچانک چلنا -
نَعُوس - شیر دار اونٹنی -
نعوظ - آلہ تناسل کی استادگی
نعوف - کان کا لٹکنا -
نعومت - نزاکت - نرمی -
نعی - موت کی خبر - کسی کی برائی مشہور کرنا -
نَعی - موت کی خبر دینے والا -
نعیب - نعیق - کوّے کی آواز -
نَعیم - نعمت - جنت -
نغز - پاکیزہ - خوب -
نغزک - پاکیزگی - خوب شے - اصطلاح میں آم -
نغل - حرامی -
نغم - جمع نغمہ - گیت -
نغمات - شیریں اور لطیف آوازیں
نغمہ - راگ -
نغنغہ - راگ - خوشگوار آواز - نغمہ
نُغول - سیڑھی -
نغول - گہرا - پیچیدہ - کامل

نغولہ - سر کے بالوں کا جوڑا - معشوق کی زلف -
نفاح - خوشبودار - خوشبو پھیلانے والا -
نفاخ - نفخ پیدا کرنے والا - پیٹ کو پھلانے والا -
نفاخۃ - بلبلہ -
نفاذ - نفوذ کرنا - گذرنا - بے سرمایہ ہونا - نیست ہونا -
نفاذ - حکم یا نامہ جاری ہونا
نفار - بڑا نفرت کرنے والا -
نفاس - وہ خون جو عورت کو بچہ جننے کے بعد کچھ دنوں تک آتا رہتا ہے -
نفاست - عورت کا زچہ ہونا - نفیس ہونا - لطافت -
نفاع - بڑا نفع پہنچانیوالا -
نفاع - جمع نافع - مفید چیزیں -
نفاغ - بڑا پیالہ -
نفائح - خوشبوئیں -
نفائس - ج نفیس - عمدہ چیزیں

نفت - ایک سیاہ رنگ کا روغن - آتش گیر چیز -
نفت } نفط } مٹی کا تیل -
نفح - ہوا چلنا - خوشبو دینا -
نفحات - خوشبوئیں -
نفحہ - خوشبو -
نفخ - ہوا سے بھرنا -
نفخہ - ایک بار پھونکنا -
نفذ - جاری ہونا -
نفر - غلام - بندہ - واحد لفظ - ایک سے دس تک آدمیوں کا گروہ
نفر تک - ایک آدمی -
نفرہ - ایک بار نفرت کرنا -
نفریں - پھٹکار -
نفس - سانس -
نفس - جان - ہستی -
نفس الامر - کسی چیز کی اصلیت یا حقیقت
نفس امارہ - بہت حکم دینے والا نفس جو دنیاوی خواہشات کیطرف انسان کو مائل کرتا ہے

نفس زدن - بولنا -

نفس سوختن - دم پھولنا -

نفس کسے بہ کسے خوردن - جھانسا میں آنا -

نفس کشیدن - سانس لینا -

نفسانی - نفس کا یا منسوب بہ نفس

نفسانیت - خود غرضی -

نفس بہیمی - چوپایہ کی جان نفس امارہ -

نفس لوامہ - اپنے آپ کو ملامت کرنے والا - گناہوں سے بچانیوالا نفس -

نفس مطمئنہ - بُری خواہشات سے پاک نفس -

نفس ناطقہ - رُوح -

نفس نباتی - روئیدگی اور درختوں کی رُوح -

نفس واپسیں - آخری سانس مرتے وقت کی ہچکی -

نفسی - نفس کا - نفسانی -

نفش - رُوئی وغیرہ کا دھنکنا -

نفط - باروت - آبلہ -

نفط سیاہ - تارکول -

نفق - سرنگ وغیرہ کا سوراخ - پانی کا جاری ہونا - تمام خرچ ہونا -

نفقہ - اہل وعیال کے اخراجات -

نفل - وُہ عبادت جو فرض نہ ہو - بلکہ ثواب کیلئے کی جائے -

نفوہ - مردود - نکالا ہُوا -

نفوخ - نسوار جو ناک میں چڑھاتے ہیں -

نفوذ - گذرنا - تیر کا نشانہ کو چیر کر نکل جانا - حکم جاری ہونا -

نفور - نفرت کرنے والا -

نفوس - جمع نفس -

نفوس قدسیہ - فرشتے - پرہیزگار لوگ -

نفوض - بہت اولاد والی عورت

نفوہ - دلیری کے بعد بزدل ہوجانا

نفہ - درماندہ - عاجز -

نفیٔ - کھانے کا دستر خوان -

**نَفی** - شہر بدر کرنا - دور کرنا -
**نَفیر** - نفرت کرنیوالا - بانسری بجانے والا -
**نَفیسہ** - مرغوب - پسندیدہ -
**نُقا** - صفائی - پاکیزگی -
**نِقاب** - برقعہ -
**نَقّاب** - نقب لگانے والا - سرنگ کھودنے والا -
**نَقابت** - سراہنا -
**نَقّاد** - صرّاف - دانا - زرگر
**نِقار** - عداوت - دشمنی -
**نَقّارچی** - نقارہ بجانیوالا -
**نَقّاش** - نقش کنندہ -
**نَقّاشی** - نقش کھینچنا -
**نِقاط** - جمع نقطہ -
**نَقّال** - نقل کرنے والا -
**نَقاوت** - صفائی - پاکیزگی -
**نَقاوہ** - خلاصہ منتخب - برگزیدہ
**نَقاہت** - کمزوری -
**نَقائص** - جمع نقص - عیوب -
**نُقَبا** - جمع نقیب - سردار -

**نُقبہ** - خارش -
**نَقدیہ** - نقدی -
**نَقداً** - فی الفور -
**نَقر** - پرندہ کا دانہ چگنا - کوٹنا
**نَقرس** - ایک بیماری - وُہ درد جو پاؤں کی انگلیوں سے اٹھتا ہے -
**نُقرہ** - چاندی - انسان کی گردن کا گڑھا -
**نُقرہ خام** - خالص چاندی - پارہ
**نُقرہ باہن رسیدن** - نیکی کے بدلے بُرائی حاصل ہونا -
**نُقرئی** - چاندی کا -
**نَقش** - راگ - بازی نرد - داغ - دھبہ -
**نقش بند** نقش کرنیوالا - کاریگر -
**نَقشہ** - کسی چیز کا نمونہ -
**نَقض** - عہد وغیرہ کا توڑنا -
**نُقط** - جمع نقطہ -
**نقطہ سہو** - وہ نقطہ جو غلطی سے لگایا جائے -

